Explanation:- In this section "livestock" includes horses, cows, buffallows, bullocks, camels, goats, sheep and any other animal which may be specified by the Government by notification in the Jarida.

*Substituted by Act No. XXXVIII of 1950.

(Translation)

THE HYDERABAD CHILDREN PROTECTION ACT.

No. IX 1343 F.

CONTENTS.

Sections.

Preamble.

1. Short title.
2. Extent.
3. Commencement.
4. Definitions.
5. Provisions as to keeping of children for purposes of maintenance.
6. Provisions for employing children as domestic servants.
7. Provisions for giving report of children of less than twelve years of age and birth of illegitimate children.

قانون حفاظت اطفال سرکار عالی

نشان (۹) سنہ ۱۳۴۳ ف

دفعہ -

تمہید -

۱- مختصر نام -

۲- وسعت مقامی -

۳- تاریخ نفاذ -

۴- تعریفات -

۵- اطفال کو پرورش کی غرض سے رکھنے کے متعلق احکام -

۶- اطفال کو ملازم خانگی رکھنے کے متعلق احکام -

۷- بارہ سال سے کم عمر کے طفل اور ناجائز اولاد کی ولادت کی اطلاع دینے کے

متعلق احکام ۔

8. Entry in register.

۸ ۔ رجسٹر میں اندراج ۔

9. Production of child for inspection.

۹ ۔ طفل کا بغرض معائنہ پیش کیا جانا ۔

10. Appointment of Inspector and Assistant Inspector.

۱۰ ۔ انسپکٹر و مددگار انسپکٹر کا تقرر ۔

11. Inspection of Children.

۱۱ ۔ اطفال کا معائنہ ۔

12. Action by Inspector.

۱۲ ۔ انسپکٹر کی کارروائی ۔

13. Transfer of children.

۱۳ ۔ اطفال کی منتقلی ۔

14. Report of child's marriage, death etc., shall be made.

۱۴ ۔ طفل کی شادی ۔ وفات وغیرہ کی اطلاع دی جائے گی ۔

15. Power of District Officer regarding transfer of certain children to institutions.

۱۵ ۔ عہدہ دار ضلع کا اختیار بعض اطفال کو اداروں میں منتقل کرنے کے متعلق ۔

16. Provisions of this Act shall not apply to orphanage, school etc.

۱۶ ۔ یتیم خانہ ۔ مدرسہ وغیرہ سے احکام قانون ہذا متعلق نہ ہوں گے ۔

17. Punishment for certain offences.

۱۷ ۔ بعض جرائم کی سزا ۔

18. (a) Punishment for torture.

۱۸ ۔ (الف) اذیت ظالمانہ پہونچانے کی سزا ۔

(Translation)

(b) Punishment for not caring etc., in manner compatible with status of parents etc.

(ب) والدین وغیرہ کے مرتبہ کے موافق نگہداشت وغیرہ نہ کرنے کی سزاء۔

(c) punishment for taking part in commission of offence.

(ج) ارتکاب جرم میں حصہ لینے کی سزا۔

19. Procedure when a person claims a registered child.

۱۹۔ طریقہ کارروائی جب کہ کوئی شخص کسی رجسٹری شدہ طفل کا دعویدار ہو۔

20. Power of Government to make rules.

۲۰۔ اختیار سرکار عالی نسبت ترتیب قواعد۔

(Translation)

THE HYDERABAD CHILDREN PROTECTION ACT.

No. IX of 1343 F.

(Received the assent of H. E. H. the Nizam on 23rd Shehrewar 1343 F.)

قانون حفاظت اطفال سرکار عالی

نشان (۹) سنہ ۱۳۴۳ف

(جو پیشگاہ اعلیحضرت مدظلہم سے بتاریخ ۲۳ شہریور سنہ ۱۳۴۳ف منظور ہوا۔

WHEREAS it is expedient to protect and to save from ill-treatment such children as are illegitimate or, are orphans and waifs or, are handed over by their parents or relations to other persons to be brought up ;

Preamble.

It is hereby enacted as follows :—

تمہید - ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ ایسے اطفال کی حفاظت کی جائے اور اُن کو بدسلوکی سے محفوظ رکھا جائے جو غیر صحیح النسب ہوں یا جو یتیم اور لاوارث یا جن کو ان کے والدین یا رشتہ داروں نے پرورش کی غرض سے دوسرے اشخاص کے حوالہ کیا ہو لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے :-

1. This Act may be called The Hyderabad Children Protection Act.

Short title.

مختصر نام - دفعہ ۱ - یہ قانون بنام "قانون حفاظت اطفال سرکار عالی" موسوم ہوسکے گا۔

(Translation)

2. This Act shall come into force inside and outside the City of Hyderabad and may come into force in the cities with a population of not less than five thousand to which Government may, by notification, extend it from time to time.

Extent.

3. This Act shall come into force from such date as may be notified by Government in the Jarida.

Commencement.

4. Definitions.

†['District Officer' means the Collector of the District or in the case of the Cities of Hyderabad and Secunderabad such officer as may be appointed by Government in this behalf.]

†Substituted by Act No. XXXVII of 1952.

دفعہ ۲۔ یہ قانون اندرون و بیرون بلدہ حیدرآباد میں نافذ ہوگا اور ایسے شہروں میں نافذ ہوسکے گا جن کی مردم شماری پانچہزار سے کم نہ ہو اور جن سے وقتاً فوقتاً سرکار عالی بذریعہ اعلان اسکو متعلق کرے۔

وسعت مقامی۔

دفعہ ۳۔ قانون ہذا اس تاریخ سے نافذ ہوگا جس کو اعلان سرکار عالی جریدہ اعلامیہ کرے۔

تاریخ نفاذ۔

دفعہ ۴

تعریفات

(Translation)

" Superintendent of Police " shall include for the City of Hyderabad, the Commissioner, City Police.

تانون حفاظت اطفال سرکار عالی۔ نشان (۹) ۱۳۴۳ف

" مہتمم کوتوالی" میں بلدہ حیدرآباد کے لئے کوتوال بلدہ داخل ہوگا۔

" head of a household " means the occupier of a house and of the land and buildings appertaining thereto.

" صاحب خانہ سے مراد کسی مکان اور اس کی متعلقہ زمین وعمارات کا قابض ہے۔

" house " includes the land and the buildings appertaining thereto.

" مکان" میں اس کی متعلقہ زمین وعمارات داخل ہیں۔

" near legitimate relation " means in the case of the head of a household, his legitimate direct descendant or of his father or mother or paternal grandfather or paternal grandmother, and in the case of a servant of a head of a household his legitimate direct descendant or of his father or mother.

" قریبی رشتہ دار جائز" سے صاحب خانہ کی صورت میں اس کی یا اس کے باپ یا ماں یا دادا یا دادی کی اور صاحب خانہ کے ملازم کی صورت میں خود اس کی یا اس کے باپ یا ماں کی وہ جائز اولاد مراد ہے جو سلسلہ مستقیم میں ہو۔

" orphan " means a child whose legitimate or illegitimate parents or grand parents are not alive.

" یتیم" سے مراد ایسا طفل ہے جس کے جائز یا ناجائز والدین یا اجداد زندہ نہ ہوں۔

" waif " mean a child under the age of 16 years, whose parents or grand-parents are not known or not

" لاوارث" سے مراد ایسا طفل ہے جس کی عمر (۱۶) سال سے کم ہو اور جس کے والدین یا

found and whose other relative does not accept the responsibility for its maintenance.

احباد معلوم نہ ہوں یا لاپتہ ہوں اور جس کا کوئی دوسرا رشتہ دار اس کی پرورش کی ذمہ داری قبول نہ کرے۔

"registered child" means a child registered under section 6 or 8.

"طفل رجسٹری شدہ" سے مراد ایسا طفل ہے جس کی رجسٹری حسب دفعہ ۶ یا ۸ ہوئی ہو۔

"Inspector" means an Inspector or inspectress appointed under section 10.

"انسپکٹر" سے مراد ایسا مرد یا عورت انسپکٹر ہے جس کا تقرر تحت دفعہ (۱۰) عمل میں آیا ہو۔

"Assistant Inspector" means a person appointed under section 10 to assist an Inspector or Inspectress.

"مددگار انسپکٹر" سے مراد ایسا شخص ہے جو کسی مرد یا عورت انسپکٹر کی امداد کے لئے تحت دفعہ (۱۰) مقرر کیا گیا ہو۔

Provisions as to keeping of children for purposes of maintenance.

5. (1) Except as provided in this Act, no head of a household shall keep or allow to keep or shall maintain or allow to maintain in his house, for any purpose whatsoever, any child under the age of 12 years who is not a near legitimate relation of himself or his servant, unless it has been adopted by himself or by a

اطفال کو پرورش کی غرض سے رکھنے کے متعلق احکام۔

دفعہ ۵۔ (۱) بجز ان اشکال کے جن کا ذکر قانون ہذا میں کیا گیا ہے۔ کوئی صاحب خانہ کسی ایسے طفل کو جس کی عمر ۱۲ سال سے کم ہو اور جو اس کا یا اس کے ملازم کا قریبی رشتہ دار جائز نہ ہو کسی غرض سے بھی اپنے مکان میں نہ رکھ سکیگا۔

(Translation)

member of his family or by any of his servants in accordance with the tenets of his religion or any custom to which he is legally subject, so that it has become a son of the adopter in the eye of law and is treated in all respects as a legitimate son is or should be treated, or is intended in good faith to be adopted.

(2) In any other case, if the head of a household intends to keep or maintain a child under the age of 12 years in his house, except as specified in section 6, he shall inform the District Officer of his intention and the District Officer shall register the child under the Act, unless for reasons

اور نہ رکھے جانے کی اجازت دے سکے گا نہ پرورش کر سکے گا اور نہ پرورش کرنے کی اجازت دے سکے گا بجز اس صورت کے کہ اُس نے یا اُس کے خاندان کے کسی رکن نے یا اس کے کسی ملازم نے اپنے مذہب کے احکام یا ایسے رواج کے مطابق جس کا وہ قانوناً پابند ہو اس کو متبنیٰ لیا ہو اور قانون کی نظر میں وہ متبنیٰ گیرندہ کا فرزند ہو گیا ہو اور یا اس کے ساتھ ہر لحاظ سے اسی طرح برتاؤ کیا جاتا ہو جیسا کہ ایک جائز فرزند کے ساتھ کیا جاتا ہے یا کیا جانا چاہئے۔ یا جس کو وہ نیک نیتی سے متبنیٰ لینے کا ارادہ رکھتا ہو۔

(۲) دوسری کسی صورت میں اگر صاحب خانہ کسی ایسے طفل کو جس کی عمر بارہ سال سے کم ہو بجز اس طریقہ کے جس کی صراحت دفعہ (۶) میں کی گئی ہے۔ اپنے مکان میں رکھنا چاہے یا پرورش کرنا چاہے تو اس پر لازم ہوگا کہ وہ اپنے ارادہ کی اطلاع عہدہ دار ضلع کو کرے اور عہدہ دار ضلع قانون کے تحت اس طفل کی رجسٹری کرے گا بجز اس کے کہ وہ اُن وجوہ کے لحاظ سے جو قلمبند کئے جائینگے رجسٹری کرنا

(Translation)

to be recorded, he thinks that the registration is unnecessary:

Provided that a head of a household may maintain a student or keep him in his house, who is actually receiving instruction in a recognised school whether he be his relative or not.

Provisions for employing children as domestic servants.

6. From the commencement of this Act, a head of a household who employs a child under 12 but not less than 7 years of age as a bona-fide domestic servant shall, if the child resides in his house, within two weeks report the fact in the prescribed manner to the District Officer and the District Officer shall cause the name of such child and the terms of employment to be entered in a register in the prescribed form. The head of the household shall, upon termination of the child's employment, also make a report in the same manner. The employment as a domestic servant of any child who has not reached the age of 7 shall, in no circumstances, be permitted.

Provisions for giving report of children of less than 12 years of age

7. (a) Any head of a household in whose house, on the commencement of this Act, there be any child of less than 12 years of age, and who is not a near legitimate

غیر ضروری خیال کرے۔

مگر شرط یہ ہے کہ کوئی صاحب خانہ کسی ایسے طالب علم کی خواہ اس کا رشتہ دار ہو یا نہ ہو پرورش کر سکے گا یا اُسکو اپنے مکان میں رکھ سکے گا جو درحقیقت کسی معروف مدرسہ میں تعلیم حاصل کر رہا ہو۔

اطفال کو ملازم خانگی رکھنے کے متعلق احکام۔

دفعہ ۶۔ تاریخ نفاذ قانون ہذا سے ہر صاحب خانہ پر جو کسی ایسے طفل کو جس کی عمر بارہ سال سے کم لیکن (۷) سال سے کم نہ ہو بطور واقعی ملازم خانگی رکھے اور وہ طفل اسکے مکان میں سکونت رکھتا ہو تو لازم ہوگا کہ دو ہفتہ کے اندر طریقہ مقررہ کے بموجب اس کی اطلاع عہدہ دار ضلع کو دے اور عہدہ دار ضلع نمونہ مقررہ کے بموجب رجسٹر میں طفل مذکور کا نام اور ملازمت کے شرائط درج کرائے گا۔ صاحب خانہ طفل مذکور کی ملازمت کا سلسلہ ختم ہونے پر بھی اسی طرح اطلاع دیگا کسی ایسے طفل کو خانگی ملازم رکھنے کی کسی صورت میں بھی اجازت نہ دیجائیگی جسکی عمر سات سال کی نہ ہوئی ہو۔

بارہ سال سے کم عمر کے طفل اور نا جائز اولاد کی ولادت کی اطلاع دینے کے متعلق احکام۔

دفعہ ۷۔ (الف) ہر صاحب خانہ پر جسکے مکان میں تاریخ نفاذ قانون ہذا پر (۱۲) سال سے کم عمر کا ایسا کوئی طفل ہو جو خود اس کا یا اس کے مکان میں

(*Translation*)

and of birth of illegitimate children.

relation of himself or of any relation of his, residing in his house or of any servant of his, or has not been adopted or is not in good faith intended to be adopted under section 5 ; or

رہنے والے کسی رشتہ دار کا یا اُس کے کسی ملازم کا قریبی رشتہ دار جائز نہ ہو یا جو حسب دفعہ (۵) متبنیٰ نہ لیا گیا ہو یا جس کو نیک نیتی سے متبنیٰ لینے کا ارادہ نہ ہو۔ یا

(b) any head of a household in whose house any illegitimate child may, after the commencement of this Act, be born to his knowledge to any maid servant or wife of any servant or to any female registered under this Act, shall forthwith report the fact or cause it to be reported to the District Officer in the prescribed manner. But such report shall not state the name of the reputed father of the child :

(ب) ہر ایسے صاحب خانہ پر جس کے مکان میں قانون ہذا نافذ ہونے کے بعد کسی ملازمہ یا کسی ملازم کی زوجہ یا کسی عورت کے جس کی رجسٹری حسب قانون ہذا عمل میں آئی ہو کوئی ناجائز اولاد پیدا ہو اور جس کا علم اُس کو ہو لازم ہوگا کہ وہ طریقہ مقررہ کے بموجب اُس کی اطلاع بلا تاخیر عہدہ دار ضلع کو دے یا دلائے۔ لیکن ایسی اطلاع میں اُس شخص کا نام ظاہر نہیں کیا جائے گا جس کے متعلق یہ شہرت ہو کہ وہ اُس طفل کا باپ ہے۔

Provided that no report need be made if a child be born to a regular concubine of the head of a household or of his near legitimate relation except where such concubine is a female registered under this Act

لیکن شرط یہ ہے کہ اگر صاحب خانہ یا اُس کے قریبی رشتہ دار جائز کی مستقل داشتہ کی کوئی اولاد پیدا ہو تو اُس کی اطلاع دینے کی ضرورت نہ ہوگی بجز اُس

either at the time of such birth or within a period of four years preceding it.

8. The District Officer shall cause the names of the children mentioned in section 7. to be entered in a register maintained in the prescribed form.

Entry in register.

9. The head of a household shall, on receipt of a notice from the District Officer or from any other person authorised by the District Officer, produce a registered child for inspection once in three months at his own house.

Production of child for inspection.

10. For purposes of this Act Government may appoint Inspectors or Inspectresses for any district or part of

Appointment of Inspector

قانون حفاظت اطفال سرکار عالی۔ نشان (۹) سنہ ۱۳۴۳ ف

صورت کے کہ دہ شتہ مذکور ایسی عورت ہو جس کی ایسی ولادت کے وقت یا اُس کے قبل چار سال کی مدت کے اندر رجسٹری قانون ہذا کے تحت عمل میں آئی ہو۔

رجسٹر میں اندراج | **دفعہ ۸**۔ عہدہ دار ضلع اطفال مذکورہ دفعہ (۷) کے نام نمونہ مقررہ کے بموجب قائم کئے ہوئے رجسٹر میں درج کرائے گا۔

طفل کا بغرض معائنہ پیش کیا جانا | **دفعہ ۹**۔ ہر طفل رجسٹری شدہ کو ہر سہ ماہی میں ایک مرتبہ عہدہ دار ضلع یا کسی ایسے شخص کے پاس سے نوٹس وصول ہونے پر جس کو عہدہ دار ضلع نے مجاز کیا ہو صاحب خانہ اپنے ہی مکان پر بغرض معائنہ پیش کرے گا۔

انسپکٹر و مددگار انسپکٹر کا تقرر | **دفعہ ۱۰**۔ قانون ہذا کے اغراض کے لئے سرکار عالی کسی ایسے ضلع یا حصہ ضلع کے واسطے جس سے

and Assistant Inspector.

a district to which this Act may be extended and may also appoint Assistant Inspectors or Assistant Inspectresses. Such Assistant Inspectors or Assistant Inspectresses shall work under the control of Inspectors or Inspectresses appointed for the same district and shall exercise the same powers as are vested in Inspectors or Inspectresses under this Act.

قانون ہذا متعلق کیا جائے مرد یا عورت انسپکٹروں کا تقرر کر سکے گی۔ اور وہ مرد یا عورت مددگار انسپکٹروں کو بھی مقرر کر سکے گی۔ یہ مرد یا عورت مددگار انسپکٹر ان مرد یا عورت انسپکٹروں کی نگرانی میں کام کریں گے جو اس ضلع کے لئے مقرر ہوئے ہوں اور وہی اختیارات استعمال میں لائیں گے جو قانون ہذا کے تحت مرد یا عورت انسپکٹر کو حاصل ہیں۔

Inspection of children.

11. It shall be the duty of the Inspector, once in every three months, to inspect all children residing in his district or part of the district whose names are entered in the prescribed register to satisfy that there is suitable arrangement for the care and maintenance of every child and it is generally treated with justice and humanity. To achieve this purpose, the Inspector may question the child or children produced by the head of a household and may put questions and receve information volunteered

اطفال کا معائنہ | **دفعہ ۱۱**۔ انسپکٹر کا فرض ہوگا کہ وہ ہر سہ ماہی میں ایک مرتبہ اُن تمام اطفال کا معائنہ کرے جو اس کے ضلع یا حصہ ضلع میں رہتے ہوں اور جن کے نام رجسٹر مقررہ میں درج ہوں تاکہ اس امر کا اطمینان ہو سکے کہ ہر طفل کی نگہداشت و پرورش کا مناسب انتظام ہے اور عام طور پر اس کے ساتھ انصاف اور انسانیت کا برتاؤ کیا جاتا ہے۔ اس غرض حاصل کرنے کے لئے انسپکٹر مجاز ہوگا کہ خود اس طفل سے یا اطفال سے جو صاحب خانہ پیش کرے سوالات کرے

(*Translation*)

from any source ; but shall not, unless desired by the head of a household, enter or search his house or question any other person.

اور ایسی اطلاع حاصل کرے جو کسی ذریعہ سے بطور خود بہم پہونچائی جاسکے۔ لیکن وہ مجاز نہ ہوگا کہ تاوقتیکہ صاحب خانہ خواہش نہ کرے اُس کے مکان میں داخل ہو یا اُس کی تلاشی لے یا کسی دوسرے شخص سے کوئی سوالات کرے۔

12. (1) Should it appear to an Inspector that there is a reasonable ground for suspicion that there is no suitable arrangement for the care and maintenance of a child or that it is not being treated with justice and humanity, he shall make a report thereof to the District Officer.

Action by Inspector.

انسپکٹر کی کارروائی | دفعہ ۱۲ (۱) اگر کسی انسپکٹر پر یہ ظاہر ہو کہ یہ شبہ کرنے کی معقول وجہ موجود ہے کہ کسی طفل کی نگہداشت و پرورش کا مناسب انتظام نہیں ہے یا اُس کے ساتھ انصفت اور انسانیت کا برتاؤ نہیں کیا جاتا ہے تو وہ اس کی اطلاع عہدہ دار ضلع کو دیگا۔

(2) On receipt of such report or on receiving information from any other source that there is no suitable arrangement for the care and maintenance of a registered child or that it is not being treated with justice and humanity or that any child has been received into, or is being maintained in any house in contravention of the provisions of section 5 or 6 or without making a report under section 7, the District Officer, after making such

(۲) ایسی اطلاع ملنے پر یا کسی اور ذریعہ سے اطلاع وصول ہونے پر کہ کسی طفل رجسٹری شدہ کی نگہداشت و پرورش کا مناسب انتظام نہیں ہے یا اس کے ساتھ انصفت اور انسانیت کا برتاؤ نہیں کیا جاتا ہے یا کسی مکان میں دفعہ ۵ یا ۶ کے احکام کے خلاف کوئی طفل لیا گیا ہے

(Translation)

enquiry from the head of a household as he may consider fit, or, if he thinks fit, without making any such enquiry, may direct the Inspector to make a preliminary investigation in the matter.

(3) It shall be incumbent on every Police officer, if he receives information that any child is being treated with injustice or inhumanity to make a report thereof to the District Officer through his superior officer.

(4) The Inspector shall, on receipt of such information, proceed to the house of the head of a household and shall investigate the facts and during such investigation may exercise all the powers of a Police station officer vested under Chapter XIII of the Hyderabad Code of Criminal Procedure in respect of entry into and search of a house, and recording of statements: Provided

قانون حفاظت اطفال سرکار عالی۔ نشان (۹) ۱۳۴۳ف

یا زیر پرورش ہے یا دفعہ ۷ کے بموجب اطلاع دئے بغیر پرورش کیا جارہا ہے تو عہدہ دار ضلع صاحب خانہ سے ایسی دریافت کرنے کے بعد جس کو وہ مناسب خیال کرے یا اگر وہ مناسب خیال کرے تو بلا کسی دریافت کے انسپکٹر کو حکم دے سکے گا کہ وہ اس کے متعلق ابتدائی دریافت عمل میں لائے۔

(۳) ہر عہدہ دار کو توالی پر لازم ہوگا کہ اگر اس کو یہ اطلاع ملے کہ کسی طفل کے ساتھ غیر منصفانہ یا بعید از انسانیت برتاؤ کیا جارہا ہے تو وہ اس کی اطلاع بذریعہ اپنے بالادست عہدہ دار کے عہدہ دار ضلع کو دے۔

(۴) انسپکٹر ایسی اطلاع وصول ہونے پر صاحب خانہ کے مکان پر جائے گا اور واقعات کی دریافت کرے گا اور ایسی دریافت میں وہ ان تمام اختیارات کو استعمال کرسکے گا جو عہدہ دار منتظم تھانہ کو حسب باب (۱۳) مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی

that if the child is a female or if the evidence of any female in the house is required to be taken, the District Officer shall, as far as possible, direct an Inspectress or an Inspector and an Inspectress to make a joint investigation;

(5) On receipt of the report of the Inspector, the District Officer—

(a) may close the case by stating the reasons therefor; or

(b) may direct the Superintendent of Police that after making further necessary investigation either the accused be prosecuted in a Court of law or a further report be made to him on production of such report the District officer may, after stating the reasons therefor, direct the Superintendent of Police to file a prosecution against the accused in a Court of law.

(Translation).

(6) If an order has been made under clause (a) of sub-section (5) *[Government] may, if it thinks fit, direct further investigation to be made or direct the Superintendent of Police to file the case in a Court of law.

(۶) اگر کوئی حکم حسب ضمن (۵) فقرہ (الف) دیا گیا ہو تو سرکار عالی کو اختیار ہوگا کہ وہ اگر مناسب خیال کرے تو مزید دریافت کا حکم دے یا مہتمم کو توالی کو ہدایت کرے کہ مقدمہ عدالت میں پیش کر دیا جائے۔

Explanation :– When, the Superintendent of Police is directed to make an investigation under this section, he may either make the investigation himself or direct such subordinate officer not below the rank of a Police Inspector (Sader Ameen) as he may think fit.

توضیح۔ جبکہ دفعہ ہذا کے تحت دریافت کا حکم مہتمم کو توالی کو دیا جائے تو وہ خود ایسی دریافت کرے گا یا کسی ایسے ماتحت عہدہ دار کو اس کا حکم دے سکے گا جس کو وہ مناسب خیال کرے اور جس کا درجہ انسپکٹر کوتوالی (صدر امین) سے کم نہ ہو۔

Transfer of children.

13. No child registered under section 8 of this Act shall be sent or transferred to any other house without informing the District officer in writing; and such information shall be given previously at least two weeks from the date of the transfer

اطفال کی منتقلی | **دفعہ ۱۳**۔ کوئی طفل جس کی رجسٹری حسب دفعہ ۸ قانون ہذا ہوئی ہو عہدہ دار ضلع کو تحریری اطلاع دئے بغیر کسی دوسرے مکان میں نہ بھیجا جا سکے گا اور نہ منتقل کیا جا سکے گا۔ اور ایسی اطلاع تاریخ منتقلی سے کم از کم دو ہفتہ قبل دی جائے گی اور

*As amended by Act No. III of 1308 F.

ے ترمیم بموجب دفعہ ۲ ضمن (۹) قانون نشان (۳) ۱۳۰۸ف مندرجہ جریدہ مورخہ ۲۸ اسفندار ۱۳۰۸ف

(*Translation*)

and the District officer may prohibit such transfer after stating the reasons therefor.

14. The head of a household shall report to the District officer the marriage, death, disappearance, serious illness of or injury to any child registered under sections 6 and 8 of this Act.

Report of child's marriage, death etc., shall be made.

15. (1) If any waif or orphan child under the age of 15 years is found and produced before the District officer or if, the District Officer is, in respect of a registered child or a child required to be registered under this Act, of the opinion (which shall be expressed in writing) that it is not desirable that it remains in the house of the head of a household

Power of District officer regarding transfer of certain children to institutions.

قانون حفاظت اطفال سرکار عالی۔ نشان (۹) ۱۳۴۳ف

عہدہ دار ضلع بصراحت وجوہ ایسی منتقلی کو منع کر سکے گا۔

طفل کی شادی۔ وفات وغیرہ کی اطلاع دی جائے گی۔

دفعہ ۱۴۔ صاحب خانہ پر لازم ہوگا کہ عہدہ دار ضلع کو ایسے طفل کی شادی۔ وفات اس کے غائب ہونے۔ سخت بیمار پڑنے یا مضروب ہونے کی اطلاع دے جس کی رجسٹری زیر دفعات ۶ و ۸ قانون ہذا ہوئی ہو۔

عہدہ دار ضلع کا اختیار بعض اطفال کو اداروں منتقل کرنے کے متعلق

دفعہ ۱۵۔ (۱) اگر کوئی لاوارث یا یتیم طفل جس کی عمر (۱۵) سال سے کم ہو دستیاب ہوا اور عہدہ دار ضلع کے سامنے لایا جائے۔ یا اگر عہدہ دار ضلع کی کسی طفل رجسٹری شدہ کے متعلق یا ایسے طفل کے متعلق جس کی رجسٹری تحت قانون ہذا لازمی تھی یہ رائے ہو (جس کا تحریراً اظہار کرنا لازم ہوگا) کہ اس کا کسی ایسے صاحب خانہ کے مکان میں رہنا مناسب نہیں ہے جس نے

(*Translation*)

who got it registered or who was required to get it registered, he shall, after such enquiry as he may deem fit, direct that the child be transferred to any institution established or rceognized by *[Government]. An appeal shall lie from any order passed by the District Officer under this section to such officer as may be appointed by Government under this Act to hear appeals.

(2) For the purposes of this section, *[Government] may cause any institution to be established by any municipality or Local Fund Board; such an institution shall be deemed to be a instisution recognised by *[Govern ment].

16. (1) No section of this Act shall apply to any orphanage, school, hostel or any other similar institution which is recognized by Government for the purposes of this Act; Provided that the religion

Provisions of this Act shall not apply to orphanage, school etc.

* As amended by Act No. III of 1308 F.

قانون حفاظت اطفال سرکار عالی نشان (۹) سنہ ۱۳۴۳ ف

اس کی رجسٹری کرائی تھی یا جس کو اس کی رجسٹری کرانی لازمی تھی تو وہ اس قدر دریافت کے بعد جو مناسب خیال کرے یہ ہدایت کر سکیگا کہ وہ طفل کسی ایسے ادارہ میں منتقل کر دیا جائے جو [سرکار عالی] نے مقرر کیا ہو۔ [سرکار عالی] کا مسلمہ ہو۔ اس دفعہ کے تحت عہدہ دار ضلع جو حکم صادر کرے گا اس کا مرافعہ اس عہدہ دار کے پاس ہو سکے گا جس کو قانون ہذا کے تحت [سرکار عالی] مرافعوں کی سماعت کیلئے مقرر کرے

(۲) [سرکار عالی] کو اختیار ہوگا کہ اغراض دفعہ ہذا کے لئے کسی بلدیہ یا مجلس لوکلفنڈ سے کوئی ادارہ قایم کرائے۔ ایسا ادارہ [سرکار عالی] کا مسلمہ ادارہ متصور ہوگا۔

یتیم خانہ۔ مدرسہ وغیرہ سے احکام قانون ہذا متعلق نہ ہوں گے

دفعہ ۱۶۔ (۱) قانون ہذا کی کوئی دفعہ کسی ایسے یتیم خانہ۔ مدرسہ۔ دارالاقامہ یا ایسی قسم کے کسی دوسرے ادارہ سے متعلق نہ ہوں گی جس کو قانون ہذا کے اغراض کیلئے سرکار عالی نے تسلیم کر لیا ہو لیکن شرط یہ ہے کہ

[سرکار عالی] ترمیم بموجب دفعہ ۲ ضمن (۹) قانون نشان (۳) سنہ ۱۳۰۸ ف مندرجہ ۲ بیدم ۲۸ / اسفندار سنہ ۱۳۰۸ ف

(Translation)

(if known) of any orphan or waif admitted to such institution shall not be changed until he reaches the age of 16 years.

(2) An Inspetcor appointed under this Act shall be competent to inspect any institution recognized by Government for the purposes of this Act.

Explanation: For the purposes of this section, the religion of the parents of a child shall be deemed to be the religion of the child. Where there is difference in the religion of the parents, the religion of its father shall, unless it appears to the contrary, be considered to be its religion.

17. (a) Any head of a household contravening sections 5, 6, 7, 9, 13 or 14 shall for the offence, be liable to a fine which may extend to

Punishment for certain offences.

قانون حفاظت اطفال سرکار عالی۔ نشان (۹) سنہ ۱۳۴۳ف

کسی ایسے یتیم یا لاوارث طفل کا مذہب (اگر اس کا علم ہو چکا ہو) جو ایسے ادارہ میں داخل ہوا ہو تبدیل نہ کیا جا سکے گا تاوقتیکہ اس کی عمر (۱۶) سال کی نہ ہو جائے۔

(۲) انسپکٹر جس کا تقرر قانون ہذا کے تحت کیا جائے مجاز ہوگا کہ کسی ایسے ادارہ کا معائنہ کرے جس کو سرکار عالی نے قانون ہذا کے اغراض کے لئے تسلیم کیا ہو۔

توضیح :۔ اس دفعہ کے اغراض کے لئے کسی طفل کے والدین کا مذہب اس طفل کا مذہب سمجھا جائے گا۔ والدین کے مذہب میں اختلاف ہونے کی صورت میں تاوقتیکہ اس کے خلاف ظاہر نہ ہو اس کے والد کا مذہب اس کا مذہب سمجھا جائے گا۔

بعض جرائم کی سزاء | دفعہ ۱۷۔ (الف) جو صاحب خانہ دفعات

one thousand rupees or in default of payment of fine shall be punished with simple imprisonment for a term which may extend to three months and if such offence is repeated the term of such simple imprisonment may extend to one year.

(b) If any head of a household pleads ignorance of the fact that a child has been kept or maintained in his house in contravention of section 5 or that a child is being maintained in his house without a report being made under Section 7, the burden of proving plea shall lie on him.

(c) Where any head of a household proves his ignorance under sub-section (b), the person who has kept or maintained the child in the house without the knowledge the head of the household shall, be similarly liable to the same penalties as if he himself were the head of the household.

۵-۶-۷-۹-۱۳ یا ۱۴ کی خلاف ورزی کریگا وہ جرم کے متعلق جرمانہ کا مستوجب ہوگا۔ جس کی تعداد ایک ہزار روپیہ تک ہوسکے گی اور عدم ادائی جرمانہ کی صورت میں اس کو قید بلا مشقت دی جائے گی جس کی میعاد (۳) ماہ تک ہوسکے گی اور اگر ایسے جرم کا اعادہ کیا جائے تو ایسی قید بلا مشقت کی میعاد ایک سال تک ہوسکے گی۔

(ب) اگر کوئی صاحب خانہ یہ عذر کرے کہ اس کو اس امر کی اطلاع نہ تھی کہ کوئی طفل اس کے مکان میں خلاف دفعہ ۵ رکھا گیا یا پرورش کیا گیا ہے یا کوئی طفل زیر دفعہ ۷ اطلاع دئے بغیر اس کے مکان میں پرورش کیا جارہا ہے تو اس عذر کا باثبوت خود اس کی ذات پر ہوگا۔

(ج) اگر کوئی صاحب خانہ حسب ضمن (ب) اپنی عدم واقفیت ثابت کردے تو وہ شخص جس نے بلا اطلاع صاحب خانہ اس طفل کو مکان میں رکھا یا پرورش کیا ہے۔ ان سزاؤں کا اسی طرح مستوجب ہوگا گویا وہ خود صاحب خانہ ہے۔

Punishment for torture.

18. (a) If any child under the age of 16 years is tortured or cruelly treated in any house, the head of the household shall be punishable with rigorous imprisonment for a term which may extend to 5 years unless he proves :—

اذیت ظالمانہ پہونچانے کی سزا۔ دفعہ ۱۸۔ (الف) اگر کسی (۱۶) سال سے کم عمر طفل کو کسی مکان میں اذیت ظالمانہ پہونچائی جائے یا اس کے ساتھ بیرحمی کا برتاؤ کیا جائے تو صاحب خانہ کو سزائے قید بامشقت دی جاسکے گی جس کی میعاد (۵) سال تک ہوسکے گی۔ تاوقتیکہ وہ خود یہ نہ ثابت کرے کہ۔

(i) that he had no sufficient ground for suspicion that the child was being tortured or cruelly treated; or

(۱) اس کو اس شبہ کی وجہ کافی نہ تھی کہ اس طفل کو اذیت ظالمانہ پہونچائی جارہی ہے یا اس کے ساتھ بیرحمی کا برتاؤ کیا جارہا ہے۔ یا

(ii) that as soon as the facts had come to his knowledge, he had forthwith informed the District Officer or the nearest police station.

(۲) واقعات کے معلوم ہوتے ہی اس نے اس کی اطلاع عہدہ دار ضلع یا قریب ترتھانہ کو توالی کو فوراً کردی ہے۔

Punishment for not caring etc. in manner compatible with status of parents etc.

(b) If the arrangement for the care, maintainence and medical treatment of a child such as is not compatible with the status of its parents and relations, the head of the household shall be punished with fine which

والدین وغیرہ کے مرتبہ کے موافق نگہداشت وغیرہ نہ کرنے کی سزا۔ (ب) اگر طفل کی نگہداشت و پرورش اور علاج کا انتظام ایسا نہ ہو جو اس کے والدین اور رشتہ داروں کے مرتبہ کے موافق

may extend to one thousand rupees and in default of payment of fine with simple imprisonment which may extend to 3 months.

(c) Every person of the house who takes part in torturing or cruelly treating the child shall be similarly liable to the punishment as if he himself were the head of the household.

Punishment for taking part in commission of offence.

19. (a) If a person claims that any registered child or any child placed any institution by order of the District Officer is his legitimate or illegitimate child he may apply to the District Officer that the child be delivered into his charge.

Procedure when person Claims registered child.

ہو تو صاحب خانہ کو جرمانہ کی سزا دی جائیگی جس کی تعداد ایک ہزار روپیہ تک ہو سکے گی اور عدم ادائی جرمانہ کی صورت میں قید بلا مشقت کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد (۳) ماہ تک ہو سکے گی۔

ارتکاب جرم میں حصہ لینے کی سزا۔ (ج) اس مکان کا ہر وہ شخص جو اس طفل کو اذیت ظالمانہ پہونچانے میں یا اس کے ساتھ بے رحمی کا برتاؤ کرنے میں حصہ لے گا وہ اسی طرح مستوجب سزا ہوگا گویا وہ خود صاحب خانہ تھا۔

طریقہ کارروائی جبکہ کوئی شخص کسی رجسٹری شدہ طفل کا دعویدار ہو۔ دفعہ ۱۹۔ (الف) اگر کوئی شخص دعویدار ہو کہ کوئی طفل رجسٹری شدہ یا کوئی ایسا طفل جو عہدہ دار ضلع کے حکم سے کسی ادارہ میں رکھا گیا ہو اس کی جائز یا ناجائز اولاد ہے تو وہ عہدہ دار ضلع کے پاس یہ درخواست کر سکے گا کہ وہ طفل اس کے قبضہ میں دیا جائے۔

(*Translation*)

(b) The District Officer shall, on receipt of such application, give notice to the institution or the head of the household concerned to produce the child before the District Officer and he shall be given an opportunity to show cause against such application. If the applicant shall prove his claim and the District Officer is satisfied with his good conduct and with the fact that he can maintain the child in a satisfactory manner, he shall direct that the child be delivered to the applicant. An appeal shall lie from the order passed by the District Officer under this section to such officer as may be appointed by Government under this Act for the hearing of such appeals.

20. (a) Government may make rules for purposes of this Act.

Power of Government to make rules

(b) Without prejudice to the

(ب) ایسی درخواست وصول ہونے پر عہدہ دار ضلع ادارہ یا صاحب خانہ متعلقہ کو اطلاع دے گا کہ وہ اس طفل کو عہدہ دار ضلع کے پاس پیش کرے اور اُس کو اس درخواست کے خلاف وجہ ظاہر کرنے کا موقع دیا جائے گا۔ اگر درخواست گذار اپنا دعویٰ ثابت کردے اور عہدہ دار ضلع اس کے چال چلن سے اور اس امر سے مطمئن ہو جائے کہ وہ اس طفل کی قابل اطمینان طریقہ پر پرورش کرسکے گا تو وہ حکم دے گا کہ وہ طفل درخواست گذار کے حوالے کردیا جائے ۔ اس دفعہ کے تحت عہدہ دار ضلع جو حکم صادر کرے گا اس کا مرافعہ ایسے عہدہ دار کے پاس ہوسکے گا جس کو سرکار عالی ایسے مرافعوں کی سماعت کے لئے تحت قانون ہذا مقرر کرے ۔

اختیار سرکار عالی نسبت ترتیب قواعد۔

دفعہ ۲۰ ۔ (الف) سرکار عالی کو اختیار ہوگا کہ قانون ہذا کے اغراض کے لئے قواعد مرتب کرے۔

(ب) عام اختیارات کو متاثر کئے بغیر یہ

(Translation)

generality of the powers, these rules may relate to the following matters :

(1) the manner of determining the dispute or uncertain age of a child.

(2) prescribing the qualifications and the duties of Inspectors appointed under this Act ;

(3) the form and manner of maintaining the registers prescribed under this Act ;

(4) the method of indentification of children registered under this Act ;

(5) the appointment of an advisory committee or committees (which shall have one female) to assist the District Officer in the administration of this Act and determining the powers and duties of such committee or committees.

قانون حفاظت اطفال سرکار عالی۔ نشان (۹) ۱۳۴۳ ف

قواعد امور ذیل سے متعلق ہوسکیں گے۔

(۱) کسی طفل کی عمر کا جو زیر بحث ہو یا جس کے متعلق اطمینان نہ ہوتا ہو تعین کرنے کا طریقہ۔

(۲) قانون ہذا کے تحت جن انسپکٹروں کا تقرر ہو اُن کی قابلیت کا معیار اور فرائض کا تعین۔

(۳) قانون ہذا کے تحت جو رجسٹرات مقرر ہیں اُن کا نمونہ اور ان کی تکمیل کا طریقہ۔

(۴) قانون ہذا کے تحت جو اطفال درج رجسٹر کئے جائیں ان کی شناخت کا طریقہ۔

(۵) قانون ہذا کی تعمیل میں عہدہ دار ضلع کو مدد دینے کی غرض سے مشورہ دینے والی کمیٹی (جس میں ایک عورت کا ہونا لازمی ہے) یا کمیٹیوں کا تقرر اور اس کمیٹی یا کمیٹیوں کے اختیارات و فرائض کا تعین۔

(*Translation*)

THE HINDU GAINS OF LEARNING ACT.

No. V. of 1344 Fasli.

CONTENTS.

Preamble.

Sections.

1. Short title, commencement and extent.

2. Definitions.

3. Acquirer's property not to be held not exclusive merely for certain reasons.

4. Savings.

قانون حاصلات علم بہ تعلق اہل ہنود

نشان (۵) سنہ ۱۳۴۴ ف

وقعہ

۱- نام وتاریخ نفاذ ووسعت مقامی۔

۲- تعریفات۔

۳ محض چند وجوہ کی بنا پر یہ قرار نہ دیا جائے گا کہ حاصل کنندہ کی جائداد غیر مشترکہ نہیں ہے۔

۴- مستثنیات۔

قانون حاصلات علم بہ تعلق اہل ہند و نشان (۵) سنہ ۱۳۴۴ء

(*Translation*)

THE HINDU GAINS OF LEARNING ACT.

No. V of 1344 Fasli.

(*Received the assent of H. E. H. the Nizam on 16th Aban 1344 Fasli*)

Whereas it is expedient to remove doubt as to the acquirements of the members of a joint Hindu family, made by means of their learning and to provide a uniform rule as to the rights of such members in such acquirements; It is hereby enacted as follows :—

Preamble.

1. This Act may be called the

قانون

حاصلات علم بہ تعلق اہل ہنود

نشان (۵) ۱۳۴۴ف

(جو پیشگاہ اعلیحضرت مدظلہم العالی سے بتاریخ ۱۶ ابر آبان ۱۳۴۴ف منظور ہوا)

تمہید۔ | ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ ارکان ہندو خاندان مشترکہ کے مکسوبات کی نسبت جو وہ اپنے علم سے پیدا کریں شبہ رفع کیا جائے اور ایک عام قاعدہ مقررہ کردیا جائے کہ ان پر ایسے اراکین کو کیا حقوق حاصل ہیں۔ لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے :—

نام و تاریخ نفاذ و وسعت مقامی۔ | دفعہ ۱۔ یہ قانون

قانون حاصلات علم یہ تعلق اہل ہنود نشان ۵ سنہ ۱۳۴۴ف

(*Translation*)

Short title, commencement and extent.

Hindu Gains of Learning Act and it shall come into force in the whole of H. E. H. the Nizam's Dominions from the *date of its publication in the Jarida.

نام "قانون حاصلات علم یہ تعلق اہل ہنود" موسوم ہوسکے گا اور تاریخ اشاعت جریدہ سے کل ممالک محروسہ سرکار عالی میں نافذ ہوگا۔

Definitions.

2. In this Act unless there is anything repugnant in the subject or context—

تعریفات۔ دفعہ ۲۔ اس قانون میں بجز اس کے کہ مضمون یا سیاق عبارت اس کے خلاف ہو۔

(a) "acquirer" means a member of a joint Hindu family who acquires gains of learning;

(الف) "حاصل کنندہ" سے مراد ہندو خاندان مشترکہ کا ایسا رکن ہے جو "حاصلات علم" کرے۔

(b) "gains of learning" means such property as may be acquired substantially by means of learning whether it be acquired before or after the commencement of this Act and whether such acquirements be the ordinary or the extraordinary results of such learning;

(ب) "حاصلات علم" سے مراد ایسی جائداد ہے جو در اصل علم کے ذریعہ پیدا کی جائے خواہ وہ اس قانون کے نفاذ کے قبل پیدا کی گئی ہو یا بعد اور خواہ یہ مکسوبات ایسے علم کے معمولی نتائج ہوں یا غیر معمولی۔

(c) "learning" means every education whether elementary, technical, scientific, special or general and every training by which a person

(ج) "علم" سے مراد ہر تعلیم ہے خواہ وہ ابتدائی ہو فنی ہو سائنٹفک ہو۔ خاص ہو یا عام اور ہر ایسی تربیت جس سے معمولاً کوئی انسان

*Published in the Jarida dated 1st Azur 1345 F.

*جریدہ اعلامیہ مورخہ یکم آذر ۱۳۴۵ف میں شائع ہوا۔

(Translation)

usually becomes capable to pursue any trade, industry, profession or avocation.

قانون حاصلات علم بہ تعلق اہل ہنود نسان ۵ ۱۳۴۴ف

کسی تجارت، صنعت، پیشہ یا روزگار اختیار کرنے کے اہل ہو جاتا ہو۔

Acquirer's property not to be held not exclusive merely for certain reasons

3. Notwithstanding any custom, rule or interpretation of the provisions of Dharma Shashtra to the contrary, gains of learning shall not be held not to be the personal and exclusive property of the acquirer merely by reason of—

دفعہ ۳۔ باوجود اس کے کہ رواج یا کوئی قاعدہ یا تعبیر احکام دھرم شاستر اس کے خلاف ہو حاصلات علم کی نسبت یہ قرار نہ دیا جائے گا کہ حاصل کنندہ کی ذاتی اور غیر مشترکہ جائداد نہیں ہے۔ محض اس لئے کہ :—

محض چند وجوہ کی بنا پر یہ قرار نہ دیا جائے گا کہ حاصل کنندہ کی جائداد غیر مشترکہ نہیں ہے۔

(a) the acquirer's learning having been, in whole or in part, imparted by the support of any member, whether living or dead, of his family or with the aid of the funds of his family or with the aid of the funds of any member thereof; or

(الف)۔ حاصل کنندہ کو علم جزاً یا کلاً اس کے خاندان کے کسی رکن کی توجہ سے خواہ وہ رکن زندہ ہو یا فوت ہو چکا ہو یا اس کے خاندان کے یا کسی رکن خاندان کے سرمایہ کی امداد سے حاصل ہو۔ یا

(b) himself or his family having, while he was acquiring learning, been maintained or supported partly or wholly by the joint funds of his

(ب)۔ خود کی یا اس کے خاندان کی بسر بر دیا پرورش جزاً یا کلاً بزمانہ حصول علم اُس کے خاندان کے مشترک سرمایہ سے یا کسی

(*Translation*)

family or by the funds of any member thereof.

4. This Act shall not affect — Savings.

(a) the terms or incidents of such transfers as may have been made or affected before the commencement of this Act ;

(b) the validity or invalidity, effect or consequences of anything already suffered or done before the commencement of this Act ;

(c) the right or liability, arising from a partition or agreement for partition of joint family property where partition has already been effected or agreement for partition has come to exist before the commencement of this Act ;

(d) the remedy or proceeding in respect of the aforesaid right or liability; nor anything done in the course of any judicial proceeding

خاندان حاصلات علم بعلق اہل ہنود نشان ۵ سنہ ۱۳۴۴ ف

رکن کے سرمایہ سے ہوئی ہو۔

مستثنیات۔ دفعہ ۴۔ قانون ہذا کا

حسب ذیل امور پر اثر نہ پڑے گا:۔

(الف)۔ ایسے انتقالات کے شرائط یا ضمنی نتائج پر جو قانون ہذا کے نفاذ کے پیشتر کئے گئے ہوں یا عمل پذیر ہو چکے ہوں۔

(ب)۔ کسی ایسے امر کی جوازی یا ناجوازی۔ تاثیر۔ یا نتائج پر جو قانون ہذا کے نفاذ کے پیشتر برداشت کیا جا چکا ہو یا تکمیل پا چکا ہو۔

(ج)۔ ایسے حق یا ذمہ داری پر جو مشترکہ خاندان کی تقسیم یا تقسیم کے اقرار سے پیدا ہوتی ہو جب کہ قانون ہذا کے نفاذ کے پیشتر تقسیم ہو چکی ہو۔ یا اقرار تقسیم معرض وجود میں آ چکا ہو۔ یا

(د)۔ مذکور الصدر حق یا ذمہ داری کے متعلق کسی چارہ کار یا کارروائی پر اور نہ

(*Translation*)

pending at the commencement of this Act shall be invalidated or affected by such commencement ; and every such remedy and proceeding specified above, as may be required, may be enforced, commenced or continued as if this Act had not come into force.

قانون حاصلات علم بہ تعلق اہل ہنود نشان ۵ سنہ ۱۳۴۴ ف

قانون ہذا کے نفاذ سے کوئی امر ناجائز یا متاثر ہوگا جو کسی ایسی عدالتی کارروائی میں کیا گیا ہو جو بہ وقت نفاذ قانون ہذا زیر دوران ہو ہر ایسا چارہ کار و کارروائی مصرحہ صدر جس کی ضرورت ہو اسی طرح نافذ ہو سکے گی آغاز کی جا سکے گی یا جاری رکھے جا سکے گی کہ گویا قانون ہذا نافذ نہیں ہوا۔

قانون ازدواج هندو بیوگان نشان ۱۳۴۴ ش

(Translation)

THE HINDU WIDOWS' MARRIAGE ACT.

No. I of 1347 Fasli.

CONTENTS.

Preamble.

Sections.

1. Short title, Commencement and extent.

2. Re-marriage of Hindu Widow and her issue's rights of inheritance.

3. Performance of ceremonies, etc., for re-marriage of widow.

4. Widow under sixteen years of age not to re-marry.

قانون ازدواج ہندو بیوگان

نشان (۱) سنہ ۱۳۴۷ف

دفعہ

۱۔ مختصر نام۔ تاریخ نفاذ و وسعت مقامی۔

۲۔ ہندو بیوہ کا ازدواج مکرر اور اس کی اولاد کے حقوق توریث۔

۳۔ بیوہ کے ازدواج مکرر کے لئے مراسم وغیرہ کی تکمیل۔

۴۔ سولہ سال سے کم عمر کی بیوہ ازدواج مکرر نہ کرسکے گی۔

(Translation)

5. Extinction of rights of widow in property of deceased husband.

6. Saving of rights of widow in other property.

قانون ازدواج ہندو بیوگان نشان (۱) ۱۳۴۷ف

دفعہ

۵۔ شوہر متوفی کی جائداد میں بیوہ کے حقوق کا داخل ہونا۔

۶۔ دوسری جائداد میں بیوہ کے حقوق کی حفاظت۔

(Translation)

THE HINDU WIDOWS' MARRIAGE ACT

No. I of 1347 Fasli.

(Received the assent of His Exalted Highness the Nizam on 12th Azur, 1347 F.)

WEAREAS it is expedient to enact a law validating the re-marriage of Hindu widows; It is hereby enacted as follows :—

Short title, commencement and extent.

1. This Act may be called "the Hindu Widows' Marriage Act"; and it shall come into force in the whole of H. E. H. the Nizam's Dominions from the *date of its publication in the Jarida.

*Published in the jarida dated 17th Bhaman, 1347 F.

قانون

ازدواج ہندو بیوگان

نشان (۱) ۱۳۴۷ف

(پیشگاہ اعلیحضرت مدظلہم سے بتاریخ ۱۲ آذر ۱۳۴۷ف منظور ہوا)

ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ ہندو بیوگان کے ازدواج مکرر کے جواز کا قانون نافذ کیا جائے لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے :—

مختصر نام۔ تاریخ نفاذ و وسعت مقامی

۱ فعا۔ یہ قانون "قانون ازدواج ہندو بیوگان" موسوم ہوسکے گا اور تاریخ اشاعت جریدہ سے کل ممالک محروسہ سرکار عالی

۵ جریدہ اعلامیہ مورخہ ۱۷ بہمن ۱۳۴۷ف میں شائع ہوا۔

(Translation)

Re-marriage of Hiudu widow and her issue's rights of inheritance.

2. Notwithstanding an interpretation of the Hindu Law or the existence of any custom to the contrary, every Hindu widow, may re-marry any Hindu whom she could have married in accordance with the provisions of the Hindu Law if that were her first marriage. Such re-marriage shall not be deemed invalid and the issues born of her shall have the same rights of inheritance as could be enjoyed by the Punar Bhava Putra under the Hindu Law.

Performance of ceremonies, etc., for re-marriage of widow.

3. The words used, ceremonies performed or stipulations made which are considered sufficient to constitute a valid marriage of an unmarried Hindu woman shall also be considered sufficient to constitute a marriage of a Hindu widow; and no such marriage shall be declared invalid on the ground that

ہیں نافذ ہوگا۔

دفعہ ۲۔ ہندو بیوہ کا ازدواج مکرر اور اس کی اولاد کے حقوق توریث۔ باوجود اس کے کہ دھرم شاستر کی تعبیر اس کے خلاف کی گئی ہو یا کوئی رواج مخالف ہو ہر ہندو بیوہ مجاز ہوگی کہ ایسے ہندو سے ازدواج مکرر کرے جس کے ساتھ وہ بروئے احکام دھرم شاستر شادی کر سکتی اگر یہ اس کا ازدواج اول ہوتا۔ ایسا ازدواج مکرر ناجائز متصور نہ ہوگا اور اس سے پیدا شدہ اولاد کو وہی حقوق توریث حاصل ہوں گے جو بروئے دھرم شاستر پونر بھو پوتر کو حاصل ہو سکتے ہیں۔

دفعہ ۳۔ بیوہ کے ازدواج مکرر کے لئے مراسم وغیرہ کی تکمیل۔ جن الفاظ کا استعمال مراسم کی تکمیل یا شرائط کا قیام کسی غیر شادی شدہ ہندو عورت کی شادی کی تکمیل کے لئے کافی متصور ہوتا ہے اُن ہی الفاظ کا استعمال۔ مراسم کی تکمیل یا شرائط کا قیام کسی ہندو بیوہ کے ازدواج کی تکمیل کیلئے بھی کافی ہوگا اور ایسا کوئی ازدواج اس بناء پر ناجائز نہ قرار دیا جائے گا کہ ایسے

(Translation)

such words, ceremonies or stipulations do not apply to a widow.

الفاظ۔ مراسم یا شرائط بیوہ سے متعلق نہیں ہیں۔

But in a sect where such marriage is, according to custom, deemed to be consummated in any other manner the provisions of this section shall have no effect on such custom.

لیکن اگر کسی فرقہ میں بہ لحاظ رواج کسی اور طریقہ پر ایسا ازدواج مکمل متصور ہوتا ہو تو ایسے رواج پر دفعہ ہذا کے احکام کا کوئی اثر نہ ہوگا۔

Widow under sixteen years of age not to re-marry.

4. Notwithstanding anything contained in this Act, no widow under sixteen years of age shall re-marry, nor shall her guardian, if any, cause her to marry.

سولہ سال سے کم عمر کی بیوہ ازدواج مکرر نہ کرسکے گی۔

دفعہ ۴۔ باوجود کسی حکم مندرجہ قانون ہذا کے کوئی بیوہ جو سولہ سال سے کم عمر کی ہو ازدواج مکرر نہ کرسکے گی اور نہ اس کا ولی (اگر کوئی ہو) اس کا ازدواج کرا دینے کا مجاز ہوگا۔

Explanation:- For purposes of this section a widow who has completed the sixteenth year of her age shall be deemed to be a major.

توضیح۔ باغراض دفعہ ہذا بیوہ جس کی عمر کا سولہواں سال ختم ہوا ہو بالغ متصور ہوگی۔

Extinction of rights of widow in property of deceased husband.

5. The re-marriage of a widow shall have the effect of extinguishing all the rights enjoyed by her in the property of the deceased husband as a widow under the provisions of the Hindu Law,

شوہر متوفی کی جائداد میں بیوہ کے حقوق کا زائل ہونا۔

دفعہ ۵۔ بیوہ کے ازدواج مکرر کا یہ اثر ہوگا کہ اس کے تمام حقوق جو اس کو شوہر متوفی کی جائداد میں بہ لحاظ احکام دھرم

and the other legal heirs shall inherit the property of her deceased husband as if she were dead; but this shall have no effect where according to the custom of a sect the rights of a widow are not extinguished on re-marriage.

6. Except as is specified in Section 5, no widow shall on account of re-marriage be deprived of any such property or lose any of her rights as may otherwise be vested in her; and every widow who re-marries shall have the same rights as regards inheritance in the property of her second husband as she would have had, if that were her first marriage.

Saving of rights of widow in other property.

شاستر یکیت بیوہ حاصل ہوئے ہوں زائل ہو جائیں گے اور دوسرے ورثا شاستری اس کے شوہر متوفی کی جائداد کے وارث اسی طرح ہو جائیں گے کہ گویا بیوہ فوت ہو چکی۔ مگر یہ اثر اس صورت میں نہ پڑے گا جب کسی فرقہ کے رواج کے لحاظ سے بیوہ کے حقوق از دواج مکرر سے زائل نہ ہوتے ہوں۔

دوسری جائداد میں بیوہ کے حقوق کی حفاظت۔

دفعہ ۶۔ بجز اس صورت کے جس کی دفعہ ۵ میں صراحت کی گئی ہے کوئی بیوہ از دواج مکرر کرنے کی وجہ سے کسی ایسی جائداد سے محروم نہ کی جائے گی اور نہ اس کا ایسا کوئی حق زائل ہو جائے گا جو اس کو اور طور پر حاصل ہوا ہو اور ہر بیوہ کو جو از دواج مکرر کرے شوہر ثانی کی جائداد کی وراثت کے متعلق وہی حقوق حاصل ہوں گے جو اس صورت میں حاصل ہوتے جب وہ اس کی پہلی شادی ہوتی۔

(Translation)

THE MEDICAL REGISTRATION ACT.

No. 1 of 1348 F.

CONTENTS.

Preamble.

Sections.

1. Short title, extent and commencement.
2. Definitions.
3. Privileges of registered practitioners.
4. Constitution of Hyderabad State Medical Council.
5. Qualifications of members.
6. Term of office.
7. Cessation of membership.
8. Filling up of vacancy.

قانون میڈیکل رجسٹریشن

نشان (۱) سنہ ۱۳۴۸ ف

دفعہ

تمہید ۔

۱ ۔ مختصر نام و وسعت مقامی و تاریخ نفاذ ۔

۲ ۔ تعریفات ۔

۳ ۔ حقوق رجسٹر شدہ پریکٹشنرز

۴ ۔ حیدرآباد اسٹیٹ میڈیکل کونسل کی تشکیل ۔

۵ ۔ ارکان کی قابلیت ۔

۶ ۔ رکنیت کی میعاد ۔

۷ ۔ رکنیت سے علیحدگی ۔

۸ ۔ انتظام رکنیت خالی شدہ ۔

(Translation)

9. Registrar and other officers.

۹ ۔ رجسٹرار و دیگر عہدداران ۔

10. Medical register.

۱۰ ۔ میڈیکل رجسٹر ۔

11. Meetings of Hyderabad State Medical Council.

۱۱ ۔ حیدرآباد اسٹیٹ میڈیکل کونسل کے اجلاس ۔

12. Persons who may be registered.

۱۲ ۔ کن اشخاص کے نام درج رجسٹر ہوسکتے ہیں ۔

13. Registration fee.

۱۳ ۔ اندراج نام کی فیس ۔

14. Appeal against order of Registrar.

۱۴ ۔ مرافعہ بنا راضی حکم رجسٹرار ۔

15. Removal of names from Register.

۱۵ ۔ اخراج اسماء از رجسٹر ۔

16. Appointment of special Committee.

۱۶ ۔ تقرر کمیٹی خاص ۔

17. Appeal against decision of Hyderabad State Medical Council shall lie to Government.

۱۷ ۔ فیصلہ حیدرآباد اسٹیٹ میڈیکل کونسل کا مرافعہ سرکار عالی میں ہوگا ۔

18. Bar of suit for anything done under this Act.

۱۸ ۔ کسی فعل تحت قانون ہذا کی بابت دعویٰ نہ ہوسکے گا ۔

19. Power to alter schedule.

۱۹ ۔ ضمیمہ میں تبدیلی کا اختیار ۔

20. Power of Hyderabad State Medical Council to call for information and to attend examinations.

۲۰ ۔ طلبی مواد اور امتحان میں موجودگی کے متعلق حیدرآباد اسٹیٹ میڈیکل کونسل کا اختیار ۔

21. Power of Government.

22. Penalty.

23. Powers to make rules.

Schedule.

۲۱ ۔ سرکار عالی کا اختیار ۔

۲۲ ۔ سزا ۔

۲۳ ۔ قواعد مرتب کرنے کا اختیار ۔

ضمیمہ ۔

(*Translation*)

THE MEDICAL REGISTRATION ACT

قانون ڈاکٹری رجسٹریشن

No. 1 of 1348 F.

(*Received the assent of H. E. H. the Nizam on 5th Isfandar, 1348 F.*)

نشان (۱) بابتہ ۱۳۴۸ف

(پیشگاہ اعلیحضرت مدظلہم العالی سے بتاریخ ۵ اسفندار ۱۳۴۸ف منظور ہوا۔)

Preamble.

WHEREAS it is expedient to provide for the registration, in H. E. H. the Nizam's Dominions, of medical practitioners in western medical science; It is hereby enacted as follows:—

تمہید۔ ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ ممالک محروسہ سرکار عالی کے ڈاکٹری پراکٹشنرز بطریقہ مغربی کے نام درج رجسٹر کرنے کے لئے قانون مدون کیا جائے۔ لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے:۔

Short title, extent and commencement.

1. (1) This Act may be called "The Medical Registration Act" and the provisions of Act No. 1 of 1312 F, so far as they are repugnant to this Act, shall be deemed to have been repealed.

دفعہ ۱۔(۱) یہ قانون بنام "قانون ڈاکٹری رجسٹریشن" موسوم ہوسکے گا اور جس حد تک احکام قانون نشان (۱) بابتہ ۱۳۱۲ف قانون ہذا کے تقیض ہوں منسوخ متصور ہوں گے۔

(Translation)

(2) This Act shall come into force in the whole of H. E. H. the Nizam's Dominions from the *date of its publication in the Jarida.

2. In this Act unless there is anything repugnant in the subject or context—

Definitions.

(a) "Hyderabad State Medical Council" shall mean the Medical Council established by this Act;

(b) "hospitals", "asylums", "infirmaries", "dispensaries", and "maternity homes" shall mean the institutions where in the methods of treatment carried on are those which are approved by the Hyderabad State Medcial Council established under this Act;

(c) "prescribed" means prescribed by rules and regulations made under this Act;

(d) "registered practitioner" means any person who has been registered under this Act.

*Published in the Jarida dated 29th Ardibhist 1348 F.

قانون میڈیکل رجسٹریشن۔ نشان (۱) ۱۳۴۸ف

(۲) قانون ہذا کل ممالک محروسہ سرکار عالی میں تاریخ اشاعت جریدہ سے نافذ ہوگا۔

تعریفات۔ دفعہ ۲۔ قانون ہذا میں بجز اس کے کہ مضمون یا سیاق عبارت اس کے خلاف ہو:۔

(الف) "حیدرآباد اسٹیٹ میڈیکل کونسل" سے وہ مجلس طبابت مراد ہوگی جو قانون ہذا کی رو سے قائم کی جائے۔

(ب) "شفاخانہ جات" "دارالعافیت" "دارالصحت" "دواخانہ جات" "زچگی خانہ جات" سے ایسے ادارہ جات مراد ہوں گے جن میں علاج کے وہ طریقے مروج ہوں جنھیں حیدرآباد اسٹیٹ میڈیکل کونسل جو قانون ہذا کے تحت قائم ہو منظور کرے۔

(ج) "مقررہ" سے ایسا مقرر کیا ہوا مراد ہے جو قواعد و ضوابط قانون ہذا کی رو سے مقرر کیا جائے۔

(د) "رجسٹر شدہ پراکٹشنرز" سے ہر ایسا شخص مراد ہے جس کا نام قانون ہذا کے تحت رجسٹر کیا گیا ہو

(Translation)

قانون میڈیکل رجسٹریشن۔ نشان (۱) ۱۳۴۸ف

حقوق رجسٹر شدہ پراکٹشنرز۔

3. Notwithstanding anything to the contrary in any Act, rule, regulation or any other provision of law—

(الف) کسی شخص کی نقل و حرکت یا احوال سے جو بلدہ حیدرآباد میں سکون ہو کسی کی جان و مال کو کوئی خوف۔ خطرہ یا نقصان پہنچ رہا ہے یا پہونچنے کا احتمال ہے یا یہ باور کرنے کے کافی وجوہ موجود ہیں کہ اب شخص کسی ایسے جرم کے ارتکاب میں جسکے لئے جبر یا تشدد کے استعمال کی ضرورت ہے یا کوئی ایسے جرم کے ارتکاب میں جو تحت باب ۷، ۱۵ یا ۱۶ تعزیرات آصفیہ قابل سزا ہے مصروف ہے یا مصروف ہونے والا ہے یا ایسے جرائم کی اعانت کرنے والا ہے اور جب کوتوال بلدہ کی رائے میں کوئی گواہ اس شخص کے خلاف علانیہ شہادت دینے کے لئے اس خوف سے کہ

(*Translation*)

by reason of apprehension of harm to his life and property; or

(b) that an outbreak of an epidemic disease is likely to result from the continued residence of an immigrant; he may, by order in writing to be served on such person or by beat of drum or otherwise as the Commissioner of Police thinks fit, direct such person or immigrant to conduct himself in such manner as shall be necessary to prevent violence and alarm or the outbreak or spread of such disease or shall require such person to remove himself to such place or places and by such route or routes and within such time as the Commissioner of Police may prescribe.

(2) The Commissioner of Police may direct any person who has been twice convicted under section, 69 of this Act or any person who has been thrice convicted within a period of 3 years under section 4 or section 13 of the Gambling Act, 1319 Fasli as ammended, to remove as aforesaid.

کہیں اس کی جان و مال کو نقصان نہ پہونچے آمادہ نہیں ہے۔ یا

(ب) کسی نووارد کی مسلسل سکونت سے کسی مرض متعدی کے پھیلنے کا اندیشہ ہے تو بذریعہ حکم تحریری جس کی اس شخص پر تعمیل کی جائے گی یا بضرب دہل یا کسی اور طریقہ سے جس کو کوتوال بلدہ مناسب سمجھے ایسے شخص یا نووارد کو اپنا طرز عمل ایسا رکھنے کی ہدایت دے سکے گا۔ جو تشدد اور خطرہ یا ایسے مرض کی ابتدا یا اشاعت کو روکنے کے لئے ضروری ہو یا ایسے شخص کو ایسے مقام یا مقامات پر اس راستہ یا راستوں سے اس مدت میں جو کوتوال بلدہ مقرر کرے منتقل ہونے کا حکم دیگا۔

(۲) کوتوال بلدہ کو اختیار رہوگا کہ کسی ایسے شخص کو جو تحت دفعہ ۶۹ قانون ہذا دو مرتبہ سزا پایا ہو یا کسی ایسے شخص کو جو تین سال کے اندر تحت دفعات ۴ یا ۱۳ مرحمہ قانون قمار بازی بابتہ ۱۳۱۹ف تین مرتبہ سزا پایا ہو حسب صراحت متذکرہ صدر منتقل ہو جانے کا حکم دے۔

(Translation)

(3) The Commissioner of Police may also direct any person who not having been born within the City Police limits, has been more than twice convicted of offences under Chapters VII, XV or XVI of the Hyderabad Penal Code to remove himself in like manner from the City of Hyderabad or not the enter the City Police, limits.

A copy of such order shall be sent to the Chief City Magistrate.

(4) For the purposes of sub-section (2) the decision of the Commissioner of Police that a person has or has not been born within the City Police limits shall be final.

(5) (firstly)—The Government may, if satisfied that peace or public safety in the City of Hyderabad or in any part thereof is disturbed or is likely to be disturbed on account of a conflict between different communities or groups or sections or gangs, thereof, declare by a proclamation (hereinafter referred to as the proclamation of emergency) that an emergency exists.

قانون کوتوالی بلدہ حیدرآباد۔ نشان (۹) ۱۳۴۸ف

(۳) کوتوال بلدہ کو یہ بھی اختیار رہوگا کہ کسی ایسے شخص کو جو حدود کوتوالی بلدہ میں پیدا نہ ہوا ہو اور جو جرائم مندرجہ باب ۷۔ ۱۵ یا ۱۶ تعزیرات آصفیہ کی خلاف ورزی کی علت میں دو سے زائد مرتبہ سزایاب ہو بلدہ حیدرآباد سے اسی طرح منتقل ہونے یا حدود کوتوالی بلدہ میں داخل نہ ہونے کا حکم دے۔

ایسے حکم کی ایک نقل ناظم اول فوجداری بلدہ کے پاس بھیجدی جائے گی۔

(۴)۔ اغراض ضمن (۲) کے لئے کوتوال بلدہ کا تصفیہ کہ کوئی شخص حدود کوتوالی بلدہ میں پیدا ہوا یا نہیں ہوا ہے قطعی ہوگا۔

(۵) (اول)۔ اگر سرکار عالی کو یہ اطمینان ہو جائے کہ بلدہ حیدرآباد یا اس کے کسی حصہ میں مختلف فرقوں یا ان کی جماعتوں یا دستوں یا ٹکڑیوں کے باہمی جھگڑے کی وجہ سے امن یا عافیت عامہ میں خلل واقع ہوا ہے یا واقع ہونے کا اندیشہ ہے تو بذریعہ اعلان (جسے آئندہ اعلان واقعہ ناگہانی کے نام سے موسوم کیا گیا ہے) یہ مشتہر کیا جاسکے گا

(secondly)—Such proclamation of emergency—

(a) may be revoked by any other subsequent proclamation.

(b) shall, in any case, be deemed to be cancelled after one month unless before the expiration of such period it has been renewed.

(thirdly)—After a proclamation of emergency has been issued by the Government under clause first whenever it appears to the Commissioner of Police that the presence, movements or acts of any person in the city is or are causing or likely to cause danger or alarm or that a reasonable suspicion exists that such person has a design to disturb public peace and tranquillity, he may, by order in writing to be served on such person or by beat of drum or otherwise as he thinks fit, direct such person to conduct himself in such manner as in the opinion of the Commissioner of Police may be reasonable for public safety or may direct such person to remove himself to such place or places and by such route or routes and within such time as the Commissioner of Police may prescribe.

قانون کوتوالی بلدہ حیدرآباد۔ نشان (۹) ۱۳۴۸ف

کہ ایسے واقعہ ناگہانی کا وجود ہے۔

(دوم)۔ ایسا اعلان واقعہ ناگہانی۔

(الف)۔ کسی اور اعلان مابعد کے ذریعہ منسوخ کیا جاسکتا ہے۔ اور

(ب)۔ ہر حالت میں ایک ماہ کے بعد منسوخ سمجھا جائے گا بجز اس کے کہ ایسی مدت کے ختم ہونے سے پہلے اس کی تجدید نہ کی گئی ہو۔

(سوم)۔ جب منجانب سرکار عالی تحت فقرہ (اول) اعلان واقعہ ناگہانی اجرا ہو چکا ہو تو کوتوال بلدہ کو جب کبھی یہ معلوم ہو کہ بلدہ میں کسی شخص کی موجودگی۔ نقل و حرکت یا افعال سے خطرہ یا خوف پیدا ہو رہا ہے یا پیدا ہونے کا احتمال ہے یا اس کا معقول شبہ ہے کہ ایسا شخص امن و عافیت عامہ میں خلل ڈالنے کا ارادہ رکھتا ہے تو کوتوال بلدہ بذریعہ حکم تحریری جسکی اس شخص پر تعمیل کیجائیگی یا بضرب دہل یا کسی اور طریقے پر جسکو وہ مناسب سمجھے ایسے شخص کو حکم دیگا کہ وہ اپنا طرز عمل ایسا رکھے جو تحفظ امن عامہ کیلئے کوتوال بلدہ کی رائے میں مناسب معلوم ہو یا اس شخص کو ایسے مقام یا مقامات پر ایسے راستہ یا راستوں سے اور اس مدت کے اندر جو کوتوال بلدہ

(fourthly)—Any person aggrieved by an order of the Commissioner of Police made under clause third may appeal to the Government within ten days from the date when such order is made.

(چہارم)۔ کوئی شخص کوتوال بلدہ کے حکم مجریہ تحت ضمن (سوم) سے ناراض ہو تو ایسے حکم کی تاریخ صدور سے دس دن کے اندر سرکار عالی کے پاس مرافعہ دائر کر سکے گا۔

(fifthly)—An order passed by the Commissioner of Police under clause third shall, subject to an appeal mentioned referred to in clause fourth be deemed to be final.

(پنجم) کوتوال بلدہ کا حکم مجریہ تحت فقرہ سوم باتباع مرافعہ مندرجہ فقرہ (چہارم) قطعی متصور ہوگا۔

(sixthly)—Nothing contained in this section shall require any Police officer to disclose to the person against whom an order is made under clause third or to a Court the sources of his information or any fact the communication of which may, in the opinion of the Commissioner of Police reveal the name or identity of person giving information.

(ششم) اس دفعہ کی عبارت کی رو سے کسی عہدہ دار کو توالی پر یہ لازم نہیں کہ کسی ایسے شخص کو جس کے خلاف تحت فقرہ (سوم) کوئی حکم جاری کیا گیا یا عدالت کو اپنے ذرائع معلومات یا کسی ایسے واقع کی اطلاع دے جس کے اظہار سے کوتوال بلدہ کی رائے میں اطلاع دہندہ کا نام یا اس کی شخصیت کا افشا ہوتا ہو۔

(seventhly)—Any order made by the Commissioner of Police under clause third or by the Government under clause fourth shall not be deemed to be operative at the expiration of proclamation of emergency.

(ہفتم)۔ کوئی حکم جو کوتوال بلدہ کی جانب سے تحت فقرہ (سوم) یا سرکار عالی کی جانب سے تحت فقرہ (چہارم) جاری کیا گیا ہو اعلان واقعہ ناگہانی کے نفاذ کے اختتام کے بعد موثر نہیں سمجھا جائے گا۔

(6) If the person who has been ordered under sub-section (1), (2), (3) or 5 fails to refuse to remove himself outside the City of Hyderabad or enters the City of Hyderabad within the prescribed period, the Commissioner of Police shall cause him to be arrested and removed in Police custody to such place outside the City of Hyderabad as may be suitable in his opinion.

(۶)۔ اگر وہ شخص جس کو تحت ضمن (۱)۔(۲)، (۳) یا (۵) ایسا حکم دیا گیا ہو بلدہ حیدرآباد کے باہر منتقل نہ ہو یا منتقل ہونے سے انکار کرے یا بلدہ حیدرآباد میں اندرون مدت مقررہ داخل ہو تو کوتوال بلدہ اس کو گرفتار کرائے گا اور حراست کوتوالی میں بلدہ حیدرآباد کے باہر کسی ایسے مقام پر جو اس کی رائے میں مناسب ہو منتقل کرے گا۔

(7) Before an order under sub-section (1), (2) or (3) is passed against any person, the Commissioner of Police or any officer authorised by him not below the rank of an Assistant Commissioner of Police, shall inform such person in writing of the general nature of the allegations against him and give him sufficient opportunity of explaining those allegations.

(۷) کسی شخص کے خلاف تحت ضمن (۱)۔(۲) یا (۳) حکم جاری کرنے سے قبل کوتوال بلدہ یا کوئی عہدہ دار جس کو کوتوال بلدہ نے مجاز کیا ہو جس کا درجہ صدوگار سے کم نہ ہوگا۔ ایسے شخص کو ان الزامات کی عام نوعیت کی تحریری اطلاع دے گا جو اس سے منسوب کئے گئے ہوں اور جواب دہی کے لئے اس کو کافی موقع دے گا۔

If such person makes an application for the examination of any witness produced by him, the Commissioner of Police or such officer shall grant such application and examine such witness unless for reasons to be recorded in writing he is of the opinion that such application is made merely for the purpose of vexation or delay. Any written statement put in by such person shall be filed with the relevant

اگر ایسا شخص اپنے کسی پیش کردہ گواہ کا بیان قلمبند کرنے کی درخواست کرے تو کوتوال بلدہ یا ایسا عہدہ دار ایسی درخواست منظور کریگا اور ایسے گواہ کا بیان قلمبند کرے گا بجز اس کے کہ ان وجوہ کی بنا پر جنھیں تحریر کیا جائے گا اس کی رائے میں ایسی درخواست محض تاخیر یا ایذا رسانی کی غرض سے

(*Translation*)

record. Such person shall be entitled to appear before the Commissioner of Police or the said officer by a pleader or attorney for the purpose of explaining the alligations against him and for the purpose of examination of witnesses produced by him.

(8) The Commissioner of Police or the officer authorised under sub-section (7). may, for securing the attendance of any person against whom an order is proposed to be made under sub-section (1), (2) or (3), exercise all or any of the powers of a Court under sections 63, 65, 66 and 67 of the Hyderabad Code of Criminal procedure. When such person is brought before the Commissioner of Police, the Commissioner of Police may- release him on bail with or without sureties or may, from time to time, detain him in custody for such period as he thinks fit; but such period shall, not exceed fifteen days at a time.

قانون کوتوالی بلدہ حیدرآباد۔ نشان (۹) ۱۳۴۸ف

پیش کی گئی ہے۔ ایسے شخص کی جانب سے کوئی تحریری بیان پیش ہو تو شریک مثل کارروائی متعلقہ کیا جائے گا۔ ایسے شخص کو حق حاصل ہوگا کہ کوتوال بلدہ یا عہدہ دار مذکور کے روبرو ان الزامات کی جوابدہی کے لئے جو اس سے منسوب کئے گئے ہیں اور ان گواہوں کے بیانات کی قلمبندی کی غرض سے جو اس کی جانب سے پیش ہوئے ہوں بذریعہ وکیل یا مختار پیش ہو۔

(۸) ۔ کوتوال بلدہ یا وہ عہدہ دار جو تحت ضمن (۷) مجاز کیا گیا ہو ایسے شخص کی حاضری کے لئے جس کے خلاف تحت ضمن (۱)۔(۲)۔(۳) حکم جاری کرنا مقصود ہے۔ ضابطہ فوجداری کسٹر عالی کی دفعات ۶۳۔۶۵۔۶۶ اور ۶۷ کے مندرجہ جملہ یا بعض اختیارات عدالتی کو استعمال میں لاسکے گا۔ جب ایسا شخص کوتوال بلدہ کے روبرو حاضر کیا جائے تو کوتوال بلدہ اس کو مچلکہ پر رہا کرسکیگا معہ یا بلا ضمانت یا وقتاً فوقتاً اس کو ایسی مدت کے لئے حراست میں رکھ سکے گا جس کو وہ مناسب سمجھے۔ لیکن یہ مدت بہ یک وقت پندرہ دن سے زائد نہ ہوگی۔

(Translation)

(9) Any person aggrieved by an order made by the Commissioner of Police under sub-section (1), (2) or (3) may appeal to the Government within thirty days from the date when such order is made.

قانون کوتوالی بلدہ حیدرآباد۔ نشان (۹) ۱۳۴۸ف

(۹)۔ کوئی شخص جو کوتوال بلدہ کے حکم مجریہ تحت ضمن (۱)۔ (۲) یا (۳) سے ناراض ہو تو ایسے حکم کی تاریخ صدور سے (۳۰) دن کے اندر سرکار عالی میں مرافعہ دائر کر سکے گا۔

(10) Any order passed by the Commissioner of Police under sub-section (1), (2), or (3) or by the Government under sub-section (9) shall not be called in question in any Court unless the Commissioner of Police or the officer mentioned in sub-section (7) had not followed the procedure laid down in the said sub-section or there was no material before the Commissioner of Police upon which he could have based such order or the Commissioner of Police was not of opinion that witnesses were unwilling to give evidence in the public against the person in respect of whom an order was made under sub-section (1).

(۱۰)۔ کوئی حکم تحت ضمن (۱)۔ (۲) یا (۳) مجریہ کوتوال بلدہ یا کوئی حکم تحت ضمن (۹) مجریہ سرکار عالی کسی عدالت میں زیر بحث نہ آسکے گا۔ بجز اسکے کہ کوتوال بلدہ یا عہدہ دار متذکرہ ضمن (۷) نے ضابطہ مندرجہ ضمن مذکور کی پابندی نہ کی ہو۔ یا کوتوال بلدہ کے پاس ایسا کوئی مواد موجود نہ تھا جس کی بنا پر وہ حکم دے سکتا یا کوتوال بلدہ کی یہ رائے نہ تھی کہ گواہ اس شخص کے خلاف علانیہ شہادت دینے کو آمادہ نہ تھے جس کے متعلق تحت ضمن (۱) کوئی حکم دیا گیا ہو۔

(11) Nothing contained in this section shall require any Police officer to disclose to the person against whom an order is made under sub-section (1), (2) or (3) or to a Court the sources of his information or any fact the Communication of which may, in the opinion of the Commissioner of Police,

(۱۱)۔ اس دفعہ کی عبارت کی رو سے کسی عہدہ دار کوتوالی پر لازم نہیں کہ کسی ایسے شخص کو جسکے خلاف تحت ضمن (۱)۔ (۲) یا (۳) کوئی حکم جاری کیا گیا ہو یا عدالت کو اپنے ذرائع معلومات یا کسی ایسے واقعہ کی اطلاع دے جس کے اظہار سے کوتوالی

reveal the name or identity of the person giving information.

Destruction of stray dogs.

27. (1) The Commissioner of Police may from time to time by notification proclaim that any stray dog found, during such time as may be specified in the notification, wandering in any street or in any public place shall be destroyed and every such dog found in any street or public place during the hours mentioned in the notification, shall be destroyed.

Muzzling or seixure of dogs.

(2) The Commissioner of Police may by public notice, require that every such dog as may be in any street or public place and not led by some person, shall be muzzled in such a manner as to prevent it from biting, while not causing inconvenience to it in eating or breathing and every Police officer may, so long as such notice remains in force, destroy, or take possession of and detain any dog not so muzzled and

قانون کوتوالی بلدہ حیدرآباد۔ نشان (۹) ۱۳۴۸ف

بلدہ کی رائے میں اطلاع دہندہ کا نام یا اس کی شخصیت کا افشا ہوتا ہو۔

آوارہ کتوں کی ہلاکت۔ | دفعہ ۲۷۔ (۱) کوتوال بلدہ کو اختیار ہوگا کہ وقتاً فوقتاً بذریعہ اعلان مشتہر کرائے کہ ان اوقات میں جن کی صراحت اس اعلان میں ہوگی اگر کوئی آوارہ کتا کسی شارع عام یا مقام عام میں پھرتا ہوا پایا جائے تو وہ ہلاک کر دیا جائے گا اور ہر ایسا کتا جو باوقات مندرجہ اعلان شارع عام یا مقام میں پایا جائے ہلاک کر دیا جائے گا۔

کتوں کے منہ کو چھیکا لگانا یا ان کو پکڑ لینا۔ | (۲)۔ کوتوال بلدہ ذریعہ اعلان عام یہ حکم دے سکے گا کہ ہر ایسے کتے کے منہ کو جو کسی شارع عام یا مقام عام پر ہو اور جس کے ساتھ کوئی نگہبان نہ ہو چھیکا اس طرح لگایا جائے کہ اس کو کھانے یا سانس لینے میں کسی قسم کی تکلیف نہ ہو اور کسی کو کاٹ نہ سکے جب تک ایسا اعلان نافذ رہے اس وقت تک ہر عہدہ دار کوتوالی مجاز ہوگا کہ ہر ایسے کتے کو جس کو اس طرح چھیکا نہ لگا ہو اور جو

found astray beyond the premises of the owner :

Saving as to dogs wearing collars.

Provided that any dog so found, with a collar bearing the name or address of its owner, shall not, unless it is rabid, be forthwith destroyed; but it shall be detained and information thereof be given by post or otherwise to its owner.

Destruction or sale of dogs.

(3) Any dog which has been, detained under sub-section (2) remains without the owner providing with a muzzle for 3 clear days and paying all expenses for such detention may be sold or destoryed with the sanction and under the order of Commissioner of Police.

Proceeds of sale how disposed of.

(4) The proceed of the sale of any dog under sub-section (3) shall be applied as far as may be towards the expenses for it detention;

قانون کوتوالی بلدہ حیدرآباد۔ نشان (۹) ۱۳۴۸ف

مالک کے احاطہ کے باہر آوارہ پایا جائے اس کو ہلاک کرے یا اپنے قبضہ میں لے کر روک رکھے۔

جن کتوں کے گلے میں پٹے ہوں ان احکام سے مستثنےٰ رہیں گے۔

بشرطیکہ کوئی کتا جو اس طرح پایا جائے اور جس کے گلے کے پٹہ پر اس کے مالک کا نام یا پتہ درج ہو اگر وہ دیوانہ نہ ہو تو فوراً ہلاک نہ کیا جائے گا بلکہ اس کو روک رکھ کر اس کی اطلاع اس کے مالک کو ذریعہ ٹپہ یا اور طور پر دی جائے گی۔

کتوں کی ہلاکت یا فروخت۔

(۳)۔ اگر کسی ایسے کتے کو جو بموجب ضمن (۲) روک رکھا گیا ہو مالک کا مل (۳) یوم تک چھیکا لگانے کا انتظام نہ کرے اور اس طرح روک رکھنے کی بابتہ تمام اخراجات داخل نہ کرے تو وہ کتا بعد منظوری و بحکم کوتوال بلدہ فروخت یا ہلاک کیا جاسکے گا۔

آمدنی فروخت کس طرح خرچ کی جائے گی۔

(۴)۔ زرثمن جو کسی کتے کی فروخت سے حسب ضمن (۳) وصول ہو حتی الامکان اس کتے کے روک رکھنے کے مصارف میں صرف کیا جائے گا اور

an the Government shall be entitled to appropriate the balance if any.

قانون کوتوالی بلدہ حیدرآباد۔ نشان (۹) ۱۳۴۸ف۔
اگر کچھ رقم بچ رہے تو اس کے تصرف کا حق سرکار عالی کو حاصل رہے گا۔

Mode of recovery of expenses.

(5) Any expenses incurred for the detention or destruction of any such dog shall, subject to the provisions of sub-section (4) of this section, be recoverable upon a warrant by the Commissioner of Police as fine under section 316 of the Code of Criminal Procedure No. IV of 1313 F.

حصول اخراجات کا طریقہ۔ (۵)۔ ایسے کسی کتے کے روک رکھنے یا ہلاک کرنے میں جو صرفہ عاید ہو بمتابعت احکام مندرجہ ضمن (۴) دفعہ ہذا بربنا رحکمنامہ مجریہ کوتوال بلدہ بطور جرمانہ حسب دفعہ ۳۱۶ ضابطہ فوجداری نشان (۴) ۱۳۱۳ف وصول کیا جاسکے گا۔

Destruction of suffering and unfit animals.

28. (1) Any Police officer who in any street or place other other than a place of worship finds any animal other than a cow or a bull so diseased, or so severely wounded and in such a physical condition that in his opinion it cannot without cruelty be removed therefrom, shall, if the owner of the animal is absent or does not content to the destruction of the animal, at once summon the Veterinary officer of the area in which the animal is found and if the Veterinary officer certifies that the animal is so mortally wounded or severely diseased or in such a physical condition that it is cruel to keep it alive, the said Police officer may, without the permission of the

بیمار اور ناقابل کار جانوروں کی ہلاکت۔

دفعہ ۲۸۔ (۱) کوئی عہدہ دار کوتوالی باستثنائے مقام عبادت گاہ کسی شارع عام یا مقام پر بجز گائے یا سانڈ کے کسی اور جانور کو اس قدر مریض یا اس قدر شدید زخمی اور ایسی جسمانی حالت میں پائے کہ جس کا وہاں سے ہٹانا اسکی رائے میں بے رحمی سے خالی نہ ہو تو اس کو لازم ہوگا کہ اگر مالک جانور غیر حاضر ہو یا

owner, destroy the animal or cause it to be destroyed. But if the Veterinary Practitioner is of opinion that the animal can be removed from the place were it is found without causing it great suffering, and if the owner or person incharge of the animal, or in his absence any other person present on the spot, is willing or offers to remove the animal to the nearest veterinary hospital within such time as the Veterinary Practitioner considers reasonable, the Veterinary Practitioner shall allow the animal to be so removed. If the owner or person incharge of the animal or any other person does not consent or fails so to remove the animal, the Veterinary Practitioner may direct the Police officer to remove the animal before it is destroyed to such place as he may think fit :

Provided that when any animal is destroyed in any street or public place

قانون کوتوالی بلدہ حیدرآباد۔ نشان (۹) ۱۳۴۸ف

اس جانور کی ہلاکت پر راضی نہ ہو تو وہ فوراً اس حلقہ کے عہدہ دار سررشتہ علاج حیوانات کو طلب کرے جہاں وہ جانور موجود ہو اور اگر عہدہ دار سررشتہ علاج حیوانات اس امر کی تصدیق کرے کہ وہ جانور اس طرح مہلک طریقہ سے زخمی یا مریض ہے یا ایسی جسمانی حالت میں ہے کہ اس کو زندہ رہنے دینا باعث بے رحمی ہے تو عہدہ دار کوتوالی مذکور کو اختیار رہے گا کہ بلا اجازت مالک جانور کو ہلاک کرے یا ہلاک کرائے لیکن اگر معالج حیوانات کی رائے یہ ہو کہ اس جانور کو سخت تکلیف و درد دیئے بغیر اس مقام سے جہاں وہ ہے ہٹایا جاسکتا ہے اور اگر مالک یا نگہ انکار جانور یا اس کے غیاب میں کوئی اور شخص جو اس مقام پر موجود ہو اس امر پر راضی ہو یا قبول کرے کہ وہ اس جانور کو قریب تر دواخانہ علاج حیوانات میں ایسی مدت کے اندر لے جائے گا جو وہ معالج حیوانات مناسب سمجھے تو معالج

(Translation)

it shall, as far as possible be screened from the public gaze while it is being destroyed.

حیوانات کو لازم ہوگا کہ اس جانور کو اس طرح منتقل کرنے کی اجازت دے اگر مالک یا نگران کار جانور یا کوئی اور شخص اس طرح راضی نہ ہو یا اس طرح منتقل کرنے میں قاصر رہے تو معالج سررشتہ حیوانات کو اختیار ہوگا کہ اس عہدہ دار کوتوالی کو یہ حکم دے کہ قبل از ہلاکت اس جانور کو کسی ایسے مقام پر منتقل کیا جائے جو وہ مناسب سمجھے مگر شرط یہ ہے کہ اگر کوئی جانور کسی شارع عام یا مقام عام پر ہلاک کیا جائے تو حتی الامکان اس کو بوقت ہلاکت عوام کی نظر سے پوشیدہ رکھا جائے۔

Explanation :—For the purposes of this section the word "bull" shall not be deemed to include "bullock".

توضیح ۔ اس دفعہ کی اغراض کے لئے لفظ سانڈ میں آختہ بیل شامل نہیں سمجھا جائے گا۔

(2) The Government may appoint such persons as it thinks fit for veterinary treatment to be Veterinary Practitioners for the purposes of this section and determine the areas of which they shall be incharge for the purposes of this section.

(۲) ۔ سرکار عالی کو اختیار ہوگا کہ جن اشخاص کو وہ علاج حیوانات کا اہل سمجھے ان کو دفعہ ہذا کے اغراض کے لئے معالج حیوانات مقرر کرے اور ان رقبہ جات کا تعین کرے جو دفعہ ہذا کے اغراض کے لئے ان کی نگرانی میں دیئے جائیں۔

CHAPTER IV.

Executive Powers and duties of Police.

Duties of Police Officers.

29. It shall be duty of every Police officer—

Duties of Police officers.

(a) promptly to serve every summons and execute every warrant or other order lawfully issued to him by any competent authority and to endeavour by every lawful means to give effect to the lawful commands of his superior;

(b) as far as possible to obtain intelligence concerning the commission of cognizable offences, or designs

باب چہارم

انتظامی اقتدارات وفرائض کوتوالی

عہدہ داران کوتوالی کے فرائض

عہدہ داران کوتوالی کے فرائض - دفعہ ۲۹ - ہر عہدہ دار کوتوالی کا فرض ہوگا کہ

(الف) ہر طلب نامہ اور حکمنامہ یا کوئی اور حکم جو کوئی حاکم مجاز اس کے نام جائز طور پر جاری کرے اس پر بلا تاخیر عمل کرے یا تعمیل کرائے اور ہر جائز طریقہ پر اس امر کا کوشاں رہے کہ اپنے مالاتر عہدہ داروں کے جائز احکام کو نافذ کرائے۔

(ب) ۔ حتی الامکان جرائم قابل دست اندازی

to commit such offences, and to bring such information to the notice of his superior officers; and to take such action consistent with law and with the orders of his superiors, as shall be calculated to punish the offenders under law or to prevent the commission of cognizable, and within his view, of non-cognizable, offences ;

(c) to prevent as far as possible the commission of public nuisance ;

(d) to apprehend persons whom he is legally authorised to apprehend and for whose apprehension there is sufficient reason ;

(e) to aid other Police officers when called on by them or if necessary in the discharge of their duties, in such manner as would be lawful and reasonable ;

(f) to discharge every duty imposed upon him by any law for the time being in force ;

(و) - ہر ایسے فرض کو انجام دے جو کسی قانون نافذ الوقت کی رو سے اس پر عائد کیا گیا ہو -

(g) to render every possible assistance within his power to any disabled or helpless person in the street, and to take charge of persons who being intoxicated or lunatics are, in his opinion, dangerous or incapable of protecting themselves ;

(ز) اپنی حتی المقدور شارع عام پر کے معذور یا بے بس شخص کو ہر ممکنہ امداد دے اور ایسے اشخاص کو اپنی نگرانی میں لے جو نشہ میں ہونے یا مجنون ہونے کی وجہ اس کی رائے میں خطرناک یا اپنی حفاظت آپ کرنے کے ناقابل ہوں -

(h) to take prompt measures to procure necessary help for any person under arrest, or in custody who is wounded or sick, and whilst conducting or guarding the said person, to have due regard to his condition ;

(ح) - ہر ایسے مجروح یا مریض کے جو گرفتار شدہ یا زیر حراست ہو ضروری امداد کی تدابیر بلا تاخیر عمل میں لائے اور شخص مذکور کے نقل و حرکت یا محافظت کے اثنا میں اس کی حالت کا مناسب لحاظ رکھے -

(i) to make proper arrangement for the sustenance and shelter of every person who is under arrest or in custody ;

(ط) - ہر شخص محروس یا گرفتار شدہ کے خورد و نوش و رہائش کا مناسب انتظام کرے -

(j) in the course of search to refrain from needless rudeness or annoyance ;

(ی) - اثنائے تلاش میں غیر ضروری بداخلاقی یا ایذا رسانی سے باز رہے -

(k) in dealing with women and children to have full regard to decency and act with gentleness ;

(ک) ۔ عورتوں اور بچوں کے متعلق کوئی کارروائی کرتے وقت تہذیب کا پورا لحاظ رکھے اور نرمی کے ساتھ پیش آئے ۔

(l) to make all efforts in connection with the following matters :—

(1) prevention of damage or loss by fire, and

(2) protection of the public against any accident or danger ;

(ل) ۔ امور ذیل کے متعلق ہر ممکنہ جدوجہد کرے ۔

(۱) ۔ انسداد مضرت یا نقصان بوجہ آتشزدگی اور

(۲) ۔ کسی حادثہ یا خطرہ سے عوام کی حفاظت ۔

(m) to regulate the public traffic in the street, to prevent obstructions therein, and as far as possible, to prevent the infraction of any rule or order made under this Act or under any other law for the time being in force for observance by the public in or near a street ;

(م) ۔ شارع عام پر عبور و مرور کے لئے مناسب انتظام رکھے اور اس میں کوئی مزاحمت نہ ہونے دے حتی الامکان کسی قاعدہ یا حکم کی جو تحت قانون ہذا یا کسی اور قانون نافذ الوقت صادر ہوا ہو ۔ اور جو شارع عام اور اس قریب و جوار میں عوام پر واجب التعمیل ہو خلاف ورزی نہ ہونے دے ۔

(n) to keep order in the street, or at such places of worship, passage, landing places and places of Urus or Jatra or other public places where public throng and in the vicinity of places of worship during the time of worship ;

(ن) ۔ شارع عام یا ایسے معابد ۔ گزرگاہ یا گھاٹ اور مقامات اعراس یا جاترا یا دیگر ایسے مقامات عام میں جہاں عوام جمع ہوتے ہوں اور بوقت عبادت عام عبادت گاہوں کے قرب و جوار میں امن قائم رکھے ۔

(o) to make suitable arrangements for the use of places of worship

(س) ۔ ایسے معابد اور نہانے دھونے کے

and bathing and washing places set apart for public and to prevent overcrowding there at and to prevent the infraction of any rule or order lawfully made for observance at such places ;

(p) to perform all duties imposed on him by the rules for the time being in force under sections 13 and 21 of this Act in the manner and subject to the conditions therein prescribed.

(2) Every person shall be bound to conform to every reasonable direction of a Police officer given by him in the discharge of the aforesaid duties.

(3) A Police officer may remove or detain any person who fails to conform to or refuses to comply with or assists the aforesaid directions.

(Translation)

POWERS OF POLICE OFFICERS TO ARREST WITHOUT WARRANT.

When Police may arrest any person without warrant.

30. Any Police officer may without an order from a Magistrate and without a warrant arrest any person —

(a) who has been concerned in any cognizable offence before him under section 38 of the Hyderabad Code of Criminal Procedure;

(b) who is liable to be punished for an offence before him under Sections 59, 61, 63, 64, 65 and subsections (e), (g) and (i) of section 66 and sections 67, 69, 70, 71 and subsection (a) of section 73, section 75 and clauses first and second of section 76 and section 77 or who contravenes the *[rules made under clauses (b) and

*Substituted by Act No. XXIV of 1952.

(gg) of sub-section (1)] and sub-sections (4) and (5) or fails to conform to the prohibitory directions given under clause (b) of sub-section (1) and clauses (a) and (b) of sub-section (2) of section 22 or sections 3, 4 and 5 of the Prevention of Cruelty to Animals Act No. I of 1313 Fasli ;

(c) who has been concerned in an offence punishable under section 60 of this Act or against whom a complaint has been made on reasonable grounds or about whom credible information has been received or reasonable suspicion exists for believing that he is so concerned.

31. (1) Any police officer empowered in this behalf by the Commissioner of Police may arrest without warrant any person for an offence specified in section 68 of this Act.

Other powers of arrest to Police Officers.

وفقرات (۴ و ۵) کی خلاف ورزی کرے یا ہدایات امتناعی مصدرہ تحت دفعہ ۲۲ ضمن (۱) حرف (ب) وضمن (۲) حرف (الف) و (ب) یا دفعات ۳ و ۴ و ۵ قانون انسداد بیرحمی بر جانوران نشان (۱) ۱۳۱۳ف کی تعمیل نہ کرے ۔

(ج) ۔ جس کا کسی ایسے جرم سے تعلق ہو جو تحت دفعہ ۶۰ قانون ہذا مستلزم سزا ہو یا جس کے خلاف بوجوہ معقول ایسی شکایت کی گئی ہو یا جس کے بارے میں ایسی معتبر اطلاع وصول ہوئی ہو یا یہ باور کرنے کا معقول شبہ ہو کہ اس کا اس طرح تعلق ہے ۔

عہدہ دار کوتوالی کے دیگر اقتدارات گرفتاری ۔

دفعہ ۳۱ ۔ (۱) ہر عہدہ دار کوتوالی کو جس کو کوتوال بلدہ نے اس بارے میں مجاز قرار دیا ہو اختیار ہوگا کہ کسی شخص کو جرم مستذکرہ دفعہ ۶۸ قانون ہذا کی علت میں بلا حکنامہ گرفتاری گرفتار کرے ۔

(2) Any Police officer may, on the information of any person in possession of charge of any dwelling house, private building or land or ground attached thereto, arrest without warrant any person alleged to have committed therein or thereon an offence punishable under section 59 of this Act.

(۲) ۔ کسی ایسے شخص کی اطلاع پر جس کے قبضہ یا نگرانی میں کوئی مکان سکونتی عمارت خانگی یا اراضی یا زمین ملحقہ ہو ہر عہدہ دار کوتوالی کو اختیار ہوگا کہ ایسے شخص کو بلا حکمنامہ گرفتاری گرفتار کرے جس کا ان مقامات میں یا ان مقامات پر جرم قابل سزا تحت دفعہ ۵۹ قانون ہذا کا مرتکب ہونا ظاہر کیا جائے ۔

Enforcement of orders issued under sections 22, 23, 24.

32. When a notification, or order in writing or public notice has been issued under sub-section (2), (3) or (4) of section 22 of this Act, or an order has been made under section 23 or 24, any Magistrate or Police officer may require any person who contravenes or is about to contravene the same, to desist or to abstain from so doing and in case of refusal or disobedience may arrest such person. Any such Magistrate or Police officer may also seize any object or article used or about to be used in contravention of the aforesaid notification, order or notice and the object or articles seized shall be

احکام تحریر تحت دفعات ۲۲-۲۳ ۲۴ کی نسبت عملی کارروائی ۔

دفعہ ۳۲ ۔ جب کوئی اشتہار یا حکم تحریری یا عام اعلان دفعہ ۲۲ قانون ہذا کے ضمن ہائے (۲) ۔ (۳) ۔ (۴) کے بموجب جاری کیا گیا ہو یا کوئی حکم تحت دفعہ ۲۳ یا ۲۴ صادر کیا گیا ہو تو ہر ناظم فوجداری یا عہدہ دار کوتوالی مجاز ہوگا کہ کسی شخص کو جو اس کی خلاف ورزی کرے یا کرنے والا ہو اس کو اس سے باز رہنے یا اجتناب کرنے کے متعلق حکم دے اور بصورت انکار یا عدول حکمی ایسے شخص کو گرفتار کرے ۔ ہر ایسے ناظم فوجداری یا عہدہ دار کوتوالی کو یہ بھی اختیار ہوگا کہ کوئی شئے یا سامان جو اشتہار یا حکم یا اعلان متذکرۂ بالا کی خلاف ورزی میں مستعمل ہوا ہو یا ہونے والا ہو ضبط کرے اور شئے یا سامان منضبطہ

proceeded with according to the order of the Chief City Magistrate.

UNLAWFUL ASSEMBLY.

Requisitioning military aid to disperse assembly.

33. If on any emergency the available Police force is not sufficient to disperse an unlawful assembly or to quell a riot or any disturbance likely to disturb public peace, the Commissioner of Police, or Magistrate of the highest rank who is present at the time, may apply to the officer of highest rank of the Regular forces who may be on the spot for military aid for such purpose.

Duty of officer commanding military required to disperse assembly by Magistrate or

34. (1) When the Commissioner of Police or a Magistrate determines to disperse any unlawful assembly by military aid, he may require any commissioned or non-commissioned officer commanding a battalion of the Regular Forces,

(Translation)

Commissioner of Police.

or the volunteer corps, to disperse such assembly by military force and to arrest and confine such persons taking part in the said assembly as the Commisioner of Police or the Magistrate may direct, or as it may be necessary to arrest and confine for the purpose of dispersing the assembly or to have them punished according to law.

(2) Every such officer shall obey such requisition in such manner as he thinks fit, but in so doing shall use as little force, and do as little injury to the life and property of persons as may be possible and as may be consistent with dispersing the assembly and arresting and detaining the persons taking part in it.

قانون کوتوالی بلدہ حیدرآباد نشان ۹ سنہ ۱۳۴۸ف

منتشر کرانے پر آمادہ ہو جائے تو اس کو اختیار ہوگا کہ کسی کمیشنڈ یا غیر کمیشنڈ افسر کو جو سرکار عالی کے افواج باقاعدہ کے کسی حصہ کا (یا جمعیت والنٹیر کا) کمانڈنگ افسر ہو۔ یہ حکم دے کہ اس مجمع کو فوجی قوت سے منتشر کرادے اور ایسے شرکاء مجمع مذکور کو گرفتار و محروس کرے جن کی نسبت کوتوال بلدہ یا ناظم خود اپنی ایسا حکم دے یا جن کو مجمع کے منتشر کرنے یا سزا قانونی دلانے کی غرض سے گرفتار اور حراست میں رکھنا ضروری معلوم ہو۔

(۲) ہر ایسا عہدہ دار ایسے حکم کی تعمیل اس طرح کرے گا جیسا وہ مناسب سمجھے لیکن ایسا کرنے میں جس قدر کم تشدد کرنا اور اشخاص کے جان و مال کو جس قدر کم نقصان پہونچانا ممکن ہو اور جو مجمع کے منتشر کرنے اور شرکاء کی گرفتاری و حراست میں رکھنے کے لئے مناسب ہو عمل میں لائے گا۔

(Translation)

Power of Commissioned officer to disperse unlawful assembly.

35. When the public peace is manifestly endangered by any such assembly and when it is impracticable to take instructions from the Commissioner of Police or a Magistrate, any Commissioned officer may disperse such assembly by Military, and may arrest and confine any person or persons taking part in it in order to disperse the assembly or that they may be punished according to law; but if while he is acting under this section, it becomes practicable to inform the Commissioner of Police or a Magistrate, he shall do so and shall thence forward obey the instructions of the Commissioner of Police or Magistrate as to whether he shall or shall not continue such action.

Bar of prosecution for acts done under sections 33, 34, 35.

36. No prosecution against any person for any act done while acting under sections 33, 34 and 35 of this Act, or under section 27 of the Hyderabad Code of Criminal Procedure shall be instituted in any Criminal Court,

قانون کوتوالی بلدۂ حیدرآباد نشان ۱۳۴۸ ف

کمیشنڈ افسر کا اختیار مجمع خلاف قانون کو منتشر کرنے کی بابت۔

دفعہ ۳۵۔ جب کسی ایسے مجمع کی وجہ سے امن عامہ سریحاً خطرہ میں ہو اور اس وقت کوتوال بلدہ یا کسی ناظم فوجداری سے استمداد ناممکن ہو تو ہر کمیشنڈ افسر کو اختیار ہوگا کہ فوج کے ذریعہ ایسے مجمع کو منتشر کروائے اور بغرض انتشار مجمع یا حسب قانون سزا دلوانے کے لئے کسی شریک یا شرکاء مجمع کو گرفتار و محروس رکھے لیکن جب وہ اس دفعہ کے بموجب عمل کر رہا ہو اور کوتوال بلدہ یا ناظم فوجداری کو اطلاع دینا ممکن ہو جائے تو اس کو اطلاع دے گا اور اس کے بعد کوتوال بلدہ یا ناظم فوجداری کی ان ہدایات کی تعمیل کرے گا جو اس کے عمل کو جاری رکھنے یا نہ رکھنے کے بارے میں دی جائیں۔

ممانعت ارجاع استغاثہ ان امور کی بابت جو حسب دفعات ۳۳-۳۴-۳۵ کئے گئے ہوں۔

دفعہ ۳۶۔ کسی شخص کے خلاف کسی ایسے فعل کے متعلق جو دفعات ۳۳-۳۴-۳۵ کے تحت قانون ہذا یا دفعہ ۲۷ ضابطہ فوجداری

except with the sanction of the Government; and

قانون کوتوالی بلدہ حیدرآباد نشان ۹ سنہ ۱۳۴۸ف
سرکار عالی کے مطابق عمل کرنے میں سرزد ہوا ہو
کوئی استغاثہ کسی عدالت فوجداری میں بلا منظوری
سرکار عالی رجوع نہ ہو سکے گا اور نہ

(a) no Magistrate or Police officer acting in good faith,

(الف) ۔ کسی ناظم فوجداری یا
عہدہ دار کوتوالی کی نسبت جس نے نیک
نیتی سے عمل کیا ہو ۔

(b) no officer acting under section 35 in good faith,

(ب) ۔ کسی عہدہ دار کی نسبت
جس نے تحت دفعہ ۳۵ نیک نیتی سے کوئی عمل
کیا ہو ۔

(c) no person doing any act in good faith on being required under section 34 of this Act or under section 27 of the Hyderabad Code of Criminal Procedure,

(ج) ۔ کسی ایسے شخص کی نسبت جس
نے حسب دفعہ ۳۴ قانون ہذا یا حسب دفعہ
۲۷ ضابطہ فوجداری سرکار عالی طلب کئے جانے
پر نیک نیتی سے کوئی فعل کیا ہو ۔

(d) no inferior officer, soldier or volunteer doing any act in obedience to any order which he is bound to obey, shall be deemed to have thereby committed any offence.

(د) ۔ کسی ماتحت عہدہ دار ۔ سپاہی
یا والنٹیر کی نسبت جس نے کسی ایسے حکم کی تعمیل
میں جس کی تعمیل اس پر واجب ہے کوئی عمل

قانون کوتوالی بلدہ حیدرآباد نشان ۹ سنہ ۱۳۴۸ف

کیا ہو یہ سمجھا جائے گا کہ ایسے عمل سے اس نے

کسی جرم کا ارتکاب کیا ہے۔

Mode of recovery of compensation for injury caused by unlawful assembly.

37. (1) The Chief City Magistrate may, with the sanction and subject to the orders of the Government which may have been issued in this behalf, and after such enquiry as he thinks necessary—

طریقہ حصول معاوضہ اس نقصان کا جو مجمع خلاف قانون سے پہونچا ہو۔

دفعہ ۳۷۔ (۱) بعد حصول منظوری و تابعیت ان احکام سرکار عالی کے جو اس خصوص میں جاری کئے گئے ہوں ناظم اول عدالت فوجداری بلدہ کو اختیار ہوگا کہ بعد ایسی تحقیقات کے جو وہ ضروری سمجھے۔

(a) determine the amount of compensation which, in his opinion, becomes payable to any person or persons in respect of any loss or damage caused to any property by any act connected with the common object of the unlawful assembly or in respect of death or grievous hurt caused to any person or persons by such act; and

(الف)۔ اس معاوضہ کی رقم کا تعین کرے جو اس کی رائے میں کسی شخص یا اشخاص کو ایسے نقصان یا صدمہ کی بابت جو کسی جائداد کو مجمع خلاف قانون کی مشترک غرض کی تکمیل کے ضمن میں کسی فعل سے پہونچا ہو یا کسی شخص یا اشخاص کی ہلاکت یا ضرر شدید کی بابت جس کا فعل مذکور باعث ہوا ہو قابل ادائی قرار پائے اور

(b) require the Municipal Commissioner to recover such amounts by an addition to the genaral tax which shall be imposed and levied in those municipal wards or sub-wards or sections.

(ب) ۔ ناظم بلدیہ کے نام حکم دے کہ ایسی رقوم کو ان عام محصولات میں اضافہ کرکے وصول کیا جائے جو ان رقبہ جات صفائی یا دیگر رقبہ جات یا حصہ جات پر عائد اور ان سے وصول کی جاتی ہیں ۔

(2) On the recommendation of the Chief City Magistrate the Government may, by order, exempt any person or persons from the payment of a portion of such compensation.

Exemption from payment of compensation.

ادائی معاوضہ سے استثناء ۔ (۲) ۔ ناظم اول عدالت فوجداری بلدہ کی تحریک پر سرکار عالی مجاز ہوگی کہ کسی شخص یا اشخاص کو ایسے معاوضہ کے جزو کی ادائی سے ذریعہ حکم مستثنیٰ قرار دے ۔

(3) No compensation shall be awarded under this section unless a claim therefor is made within one month from the date of the loss or damage or death or grievous hurt and unless the Chief City Magistrate is satisfied that the person claiming, or where such claim is in respect of the death of any per-

(۳) ۔ دفعہ ہذا کے تحت کوئی معاوضہ نہیں دیا جائے گا بجز اس کے کہ نقصان یا صدمہ یا ہلاکت یا ضرر شدید کے وقوع سے ایک ماہ کے اندر ایسا مطالبہ پیش کیا جائے اور تاوقتیکہ ناظم اول عدالت فوجداری بلدہ کو اس امر کا اطمینان نہ ہوجائے کہ خود مطالبہ کنندہ یا جبکہ مطالبہ کسی شخص کی موت کی بابت ہو خود وہ شخص بھی ان واقعات

قانون کوتوالی بلدہ حیدرآباد نشان ۹ سنہ ۱۳۴۸ ف

son; that person also had been free from blame in connection with the occurances which lead to the aforesaid loss, damage, death or grievous hurt.

سے متعلق کسی الزام سے مبرّا ہے۔ جو مذکورہ بالا نقصان یا صدمہ یا ہلاکت یا ضرر شدید کا باعث ہوئے۔

(4) No suit shall be instituted in any Civil Court in respect of any loss or damage for which compensation has been awarded under this section.

(۴)۔ کسی ایسے ہرجہ یا نقصان کے متعلق جس کا معاوضہ تحت دفعہ ہذا تجویز کیا گیا ہو عدالت دیوانی میں کوئی نالش دائر نہ ہوسکے گی۔

Recovery of amount through Municipal Commissioner.

38. (1) The addition in the general tax imposed under the proceeding section shall be recovered by the Municipal Commissioner from the persons liable therefor in the same manner as the general taxes are recovered.

وصول رقم ذریعہ ناظم بلدیہ۔ دفعہ ۳۸۔ (۱) عام محصولات پر حسب دفعہ مذکورہ بالا جو اضافہ عائد کیا جائے اس کو ناظم بلدیہ اشخاص مستوجب ادائی سے اسی طرح وصول کرے گا جس طرح سے کہ عام محصولات مقامی وصول کئے جاتے ہوں۔

(2) The provision of section III of the Municipal Corporation Act shall apply to any such addition as if it were part of the general tax levied under the said Act.

(۲) ۔ احکام مندرجہ دفعہ ۱۱۱ قانون بلدیہ بابتہ سنہ ۱۳۴۲ ف ایسے اضافہ سے اس طرح متعلق ہوں گے کہ گویا ایسا اضافہ جزو عام محصولات عائد کردہ تحت قانون مذکور ہے۔

(*Translation*)

UNCLAIMED PROPERTY

جائداد غیر متدعویہ

39. (1) The Police shall take temporary charge of the following property :—

Police to take charge of unclaimed property.

دفعہ ۳۹۔ (۱)۔ جائداد غیر متدعویہ کو توالی کی تحویل میں لینے کی نسبت۔ کوتوالی کو لازم ہوگا کہ متذکرۂ ذیل جائداد کو عارضی طور پر بتحویل میں لے :۔

(a) all unclaimed property found by or made over to them ; and

(الف)۔ کل جائداد غیر متدعویہ جو اُس کو ملے یا جو اُس کے حوالہ کی جائے۔

اور

(b) all property found lying in any street, if the owner or person in charge of such property, on being directed, refuses or fails to remove the same from the street;

(ب)۔ کل وہ جائداد جو کسی شارع عام پر پڑی ہوئی نظر آئے۔ اگر مالک یا قابض جس کے تحویل میں وہ جائداد ہو حکم دینے پر اس شارع عام پر سے نکالنے سے انکار کرے یا قاصر رہے۔

(2) Every property of which the Police have taken charge under sub-section (1) shall be produced before the Commissioner of Police.

(۲) ہر جائداد جس کو کوتوالی حسب ضمن (۱) اپنی تحویل میں لے اسی کو کوتوال بلدہ کے پاس پیش کیا جائے گا۔

(Translation)

40. (1) The Commissioner of Police shall issue a proclamation with the particulars of the property requiring any person who may have a claim in respect of such property to appear before the Commissioner of Police or any other officer whom he appoints for the purpose within six months fron the date of the proclamation and submit his claim.

Commissioner of Police to issue proclamation.

(2) If such property or any part thereof is subject to speedy decay or consists of live-stock and animals or if the value of such property is less than five rupees, it may be forthwith sold by auction under the orders of the Commissioner of Police and the proceeds of sale shall be dealt within the same manner as is hereinafter provided for the disposal of the said property.

Immediate sale of perishable property.

41. (1) If the Commissioner of

قانون کوتوالی بلدۂ حیدرآباد نشان ۹ سنہ ۱۳۴۸ ف۔

کوتوال بلدہ اشتہار جاری کریگا۔ | دفعہ ۴۰۔ (۱) کوتوال بلدہ کو لازم ہوگا کہ ایک اشتہار مع تفصیل جائداد اس مضمون کا جاری کرے کہ اگر کسی شخص کو اس جائداد کی نسبت کوئی دعویٰ ہو تو اشتہار کی تاریخ سے چھ مہینے کے اندر حاضر ہوکر کوتوال بلدہ یا اور کسی عہدہ دار کے روبرو جس کو کوتوال بلدہ اس کام کے لئے مقرر کرے عذرداری پیش کرے۔

جلد خراب ہونے والی جائداد کا فوری نیلام۔ | (۲) اگر جائداد مذکور یا اُس کا کوئی جزو جلد خراب ہونے والا ہے یا خانگی مویشیوں اور حیوانات سے متعلق ہے یا اگر جائداد مذکورہ پانچ روپیہ سے کم مالیت کی ہے تو وہ حسب احکام کوتوال بلدہ فوراً بذریعہ نیلام فروخت کی جاسکے گی اور زر نیلام کی نسبت اسی طرح کارروائی عمل میں آئے گی جیسے کہ جائداد مذکورہ کے تصرف کے بارے میں مابعد احکام دیئے گئے ہیں۔

شخص مستحق کو جائداد حوالہ کی جائیگی۔ | دفعہ ۴۱۔ (۱) اگر

Property to be delivered to person entitled.

Police is of opinion that the claimant of any seized property is entitled to the said property, he shall order the same to be delivered to him after deducting or payment of the expenses incurred in the seizure and detention thereof.

قانون کوتوالی بلدۂ حیدرآباد نشان ۹ سنہ ۱۳۴۸ ف

کوتوال بلدہ کی یہ رائے ہو کہ مال منضبطہ کا عذردار جائداد مذکورہ کا مستحق ہے تو کوتوال بلدہ حکم دیگا کہ اخراجات جو جائداد مذکورہ کے قبضہ میں لے نے اور رکھنے سے عائد ہوئے ہوں ان کی منہائی یا ادائی کے بعد یقینہ رقم یا جائداد عذر دار کے حوالہ کر دی جائے۔

Power to take security

(2) The Commissioner of Police may, at his discretion, before the issue of an order under sub-section (1) demand reasonable security from the person to whom the said property is to be delivered, and the foregoing provisions shall not affect the right of any person to recover the whole property or any part thereof, from the person to whom such property has been delivered pursuant to such order.

ضمانت لے نے کا اختیار۔ (۲) کوتوال بلدہ قبل اجرائی حکم حسب ضمن (۱) اپنی صوابدید سے ایسے شخص سے جس کو جائداد مذکورہ حوالہ کی جانے والی ہو مناسب ضمانت طلب کرسکتا ہے۔ نیز احکام ماقبل کسی شخص کے اس حق پر موثر نہ ہوں گے کہ وہ کل جائداد یا اس کا کوئی جزو ایسے شخص سے حاصل کرے جس کو بہ تعمیل حکم مذکور ایسی جائداد حوالہ کی گئی ہو۔

Property to be at the disposal of Government in case no claim or

(3) If no person establishes his right within the prescribed time, such property shall be at the disposal of the Government and the said property or part thereof which has not

(۳) اگر کوئی شخص میعاد مقررہ کے اندر اپنا حق ثابت دعوئی عذر داری پیش نہ ہونے کی صورت میں جائداد مذکور عامل کے تصرف میں آجائے گی۔

objection is filed.

been sold under sub-section (2) of section 40 may be sold by auction under the orders of the Commissioner of Police.

CATTLE POUNDS.

Power to establish pounds for cattle and to appoint keeper.

42. (1) The Commissioner of Police shall from time to time appoint such places as he thinks fit to be cattle pounds, and a Police officer of such rank shall be appointed as pound keeper as the Government may approve.

(2) Every pound-keeper so appointed shall discharge his duties subject to the orders of the Commissioner of Police.

قانون کوتوالی بلدۂ حیدرآباد نشان ۹ سنہ ۱۳۴۸ ف

نہ کرنے تو وہ جائداد لائق تصرف سرکار عالی ہوگی اور جائداد مذکورہ یا اس کا جزو جو دفعہ ۴۰ ضمن (۲) کے تحت فروخت کیا گیا ہو حسب احکام کوتوال بلدہ بذریعہ نیلام فروخت کیا جاسکے گا۔

کٹگر جانوران چکاری

جانوران چکاری کے لئے کٹگر کی تیاری اور نگران کار کے تقرر کا اختیار۔

دفعہ ۴۲۔ (۱)۔ کوتوال بلدہ وقتاً فوقتاً ایسے مقامات کو جو وہ مناسب سمجھے بطور کٹگر مویشی مقرر کریگا اور ایسے درجہ کا عہدہ دار کو توالی بطور نگرانکار کٹگر مقرر کیا جائے گا جس کو سرکار عالی نے منظور کیا ہو۔

(۲) ہر ایسا نگرانکار کٹگر جو اس طرح مقرر کیا جائے اپنے فرائض منصبی کو متابعت احکام کوتوال بلدہ انجام دے گا۔

(Translation)

43. It shall be the duty of every Police officer, and shall be lawful for any other person, to seize and impound in any Government pound any cattle found straying in any street or tresspassing upon any private or Government property within the Hyderabad City Police limits.

Impounding of cattle.

قانون کوتوالی بلدۂ حیدرآباد نیشان ۹ سنہ ۱۳۴۸ف

مویشی کو کنگر میں داخل کرنا ۔ | دفعہ ۴۳ ۔ ہر عہدہ دار کو توالی کا یہ فرض ہوگا نیز شخص غیر بھی اس امر کا مجاز ہوگا کہ کسی ایسے مویشی کو جو شارع عام میں آوارہ پایا جائے یا حدود کوتوالی بلدہ حیدرآباد میں کسی خانگی یا سرکاری جائداد میں بیجا طور پر داخل ہوتا ہوا پایا جائے تو اس کو پکڑے اور کسی کنگر سرکاری میں داخل کرے ۔

44. (1) If the owner of the impounded cattle or his agent appears and claims delivery of such cattle, the pound-keeper shall deliver the said cattle to him on payment of the pound fees and the actual expenses in respect of such cattle fixed under sub-section (4).

Delivery of cattle.

واپسی جانوران حجکاری ۔ | دفعہ ۴۴ ۔ (۱) اگر مالک مویشی داخل شدہ کنگر یا اس کا کارندہ حاضر ہوکر ایسے مویشی کا مطالبہ کرے تو نگران کنگر کو لازم ہوگا کہ اس شخص سے اخراجات حقیقی خرچ کنگر متعلقہ مویشی مذکور جو حسب ضمن (۴) مقرر کیا گیا ہے ادا کئے جانے پر مویشی مذکور اس کے حوالہ کرے ۔

(2) If, within ten days from the date of impounding any animal, no

(۲) ۔ اگر کسی جانور کو کنگر میں داخل

(*Translation*)

person who is the owner of such animal appears and pays the fees and expenses specified in sub-section (4), such cattle shall be forthwith sold by auction, and the surplus remaining after deducting the fees and expenses aforesaid from the proceeds of the sale, shall be paid to any person who, within fifteen days from the date of sale, appears before the officer appointed by the Commissioner of Police for this purpose and proves to his satisfaction that he is the owner of the said animal. In other cases such proceeds of sale shall be appropriated by the Government.

کرنے کی تاریخ سے دس یوم کے اندر کوئی شخص جو ایسے جانور کا مالک ہو حاضر ہوکر جرمانہ و اخراجات مصرحہ ضمن (۴) ادا نہ کرے تو ایسا مویشی بلا تاخیر نیلام کیا جائے گا اور زرثمن سے بعد وضع جرمانہ و اخراجات مصرحہ بالا بقیہ زرثمن ایسے شخص کو ادا کیا جائے گا جو تاریخ نیلام سے پندرہ یوم کے اندر اس عہدہ دار کے روبرو جو اس غرض کے لئے کوتوال بلدہ نے مقرر کیا ہو حاضر ہوکر قابل اطمینان طریقہ پر اپنے کو جانور مذکور کا مالک ثابت کرے۔ دوسری صورتوں میں ایسا زرثمن لائق تصرف سرکار عالی ہوگا۔

(3) No Police officer or pound-keeper shall directly or indirectly purchase any cattle at a sale under sub-section (2).

(۳) — کوئی عہدہ دار کوتوالی یا نگہ آنکار کنگر مجاز نہ ہوگا کہ کسی نیلام میں جو حسب ضمن (۲) کیا جارہا ہو کسی مویشی کو بواسطہ یا بلاواسطہ خرید سکے۔

*[(4) (a) Fines in respect of the following cattle impounded in accordance with the foregoing provisions shall be levied at the rates shown against each of them namely :—

Names of Cattle	Rate of fine per head
(1) Elephant and its young ...	Fifteen rupees.
(2) Camel and its young ...	Seven rupees, eight annas.
(3) Horse and its young ...	Three rupees.
(4) He-buffalo, she-buffalo and its young ...	Two rupees, eight annas.

*Substituted by Act No. VIII of 1956.

(5) Bullock, cow and the young of cow ... Two rupees.

(6) Pony, gelding or mule ... Two rupees.

(7) Ass, pig and their young... One rupee, eight annas.

(8) Goat, sheep, ram and their young ... One rupee.

Provided that the Government may, when satisfied that in any particular area cattle are allowed to go at large by their owners with intent to cause damage to the crops, by notification in the Official Gazette direct that in such area the fine shall be levied at double the rate specified above. Government may also, at any time, by a like notification modify or cancel the said notification.]

(b) The pound fees and expenses chargeable shall be at such rates for each day including any part of a day as may be fixed by the Commissioner of Police.

WEIGHTS AND MEASURES

45. (1) Any Police officer generally or specially deputed for the purpose by the Commissioner of Police may without warrant enter any shop or premises for the purpose of inspecting or searching for any weights or measures or instruments weighing and measuring used or kept in such shop or premises.

Powers to inspect and seize false weights and measures.

(2) If he finds in such shop or premises weights, measures or instruments for weighing or measuring which he has sufficient reason to believe to be false, he may seize the same and shall forthwith give information of

قانون کوتوالی بلدۂ حیدرآباد نشان ۹ سنہ ۱۳۴۸ ف

(ب) ۔ اخراجات کنکر جو عائد کئے جاسکتے ہوں حسب شرح مقررکردہ کوتوال بلدہ بحساب فی یوم جس میں دن کا کوئی حصہ بھی داخل ہوگا وصول کئے جاسکیں گے ۔

اوزان وپیمانہ جات

nated in the notice referred to in sub-section (1) of section 5 and if no one was so nominated, to the person under whose care the newly born child may be, and otherwise to the husband of the woman; and when there is no husband, to her eldest child provided the owner of the factory has knowledge thereof. In case he does not know and in the absence of the husband and also the children, the amount due shall be paid to the legal representative of the deceased determined in accordance with the rules made by the Government in this behalf.

مصارف زچگی اُس شخص کو ادا کرے گا جس کو اس عورت نے اطلاع محکومہ دفعہ ۵ ضمن (۱) میں نامزد کیا ہوا ور اس طرح کوئی نامزد نہ ہوا ہو تو ایسے شخص کو جس کے زیر پرورش نومولود ہو بہ صورت دیگر اُس عورت کے شوہر کو اور شوہر نہ ہو تو اسکی اولاد اکبر کو ادا کرے گا بشرطیکہ اس بارہ میں مالک کارخانہ واقفیت رکھتا ہو۔ واقف نہ ہونے پر اور شوہر نیز اولاد کی عدم موجودگی میں زر واجب الادا متوفی کے قائم مقام قانونی کو ادا ہوگی جس کا تعین ان قواعد کے مطابق ہوگا جو سرکار عالی اس بارہ میں نافذ کریں۔

*[6-A Appointment of Inspectors. (1) The Government may, by notification in the Jarida, appoint Inspectors for the purposes of this Act and may determine the local limits within which and the classes of factories in respect of which they shall exercise their functions.

(2) Every Inspector shall be deemed to be a public servant within the meaning of section 21 of the Indian Penal Code (XLV of 1860.)]

*Added by Act No. II of 1952.

قانون سربراہی مصارف زچگی۔ نشان (۷) ۱۳۴۹ف

Notice of dismissal to woman worker prohibited.

7. (1) When a woman worker absents herself on the grounds that she expects delivery or that her delivery has taken place, the owner of the factory liable for her maternity benefit shall not be authorised to dismiss her during such absence.

زن مزدور پیشہ کو برطرفی کا نوٹس دینے کی ممانعت۔

دفعہ ۷۔ (۱) زن مزدور پیشہ زچگی کی توقع پر یا زچگی ہو جانے کی وجہ سے غیر حاضر ہو جائے تو ایسا مالک کارخانہ جس پر اُس کے مصارف زچگی کا بار عائد ہوتا ہو مجاز نہ ہوگا کہ اس کو ایسی غیر حاضری کے زمانہ میں برطرف کرے۔

(2) The notice of dismissal given *[five months] before the delivery shall not have the effect of depriving woman worker of her right to receive her maternity benefit to which she would have been entitled in the absence of such notice or she would have been entitled on the date of her delivery under this Act.

(۲) زچگی سے [Five months]† قبل برطرفی کی اطلاع کا یہ اثر نہ ہوگا کہ زن مزدور پیشہ اپنے ایسے مصارف زچگی کے پانے سے محروم ہو جائے۔ جن کو پانے کی وہ اُس اطلاع کے نہ ہونے کی صورت میں مستحق ہوتی یا قانون ہذا کے تحت اپنی زچگی کی تاریخ پر مستحق قرار پاتی۔

(3) The dispute whether the notice of dismissal to a pregnant woman worker is or is not contrary to the intention of sub-section (2), sha llbe decided by the **[Inspectors] whose decision shall be final.

(۳) حاملہ زنِ مزدور پیشہ کی برطرفی کی اطلاع کی نسبت اس نزاع کا تصفیہ کہ وہ ضمن (۲) کے منشاء کے مغائر ہے یا نہیں [Inspector]* کرے گا۔ جس کا فیصلہ قطعی ہوگا۔

*Substituted by Act No. XXV of 1950.
**Substituted by Act No. II of 1952

†Substituted by Act No. XXV of 1950.
*Subttituted by Act No. II of 1952 F.

قانون سرپرا ہی مصارف زچگی۔ نشان (د) ۱۳۴۹ف

8. If a woman worker works, after giving notice to the owner of the factory and filing declaration under Section 5, her claim to receive maternity benefit shall forfeit.

Forfeiture of maternity benefit.

حق مصارف زچگی کا سقوط۔ | دفعہ ۸۔ تحت دفعہ ۵ مالک کارخانہ کو اطلاع دینے اور اقرار نامہ داخل کرنے کے بعد زن مزدور پیشہ مزدوری کرے تو اس کا مصارف زچگی پانے کا حق ساقط ہو جائے گا۔

9. If an owner of a factory contravenes the provisions of this Act he shall be liable to a fine which may extend to two hundred and fifty rupees.

Penalty to owner of factory in case of contravention.

خلاف ورزی کی صورت میں مالک کارخانہ کو سزا۔ | دفعہ ۹۔ قانون ہذا کے احکام کی خلاف ورزی کوئی مالک کارخانہ کرے تو وہ جرمانہ کا مستوجب ہوگا جس کی مقدار ڈھائی سو روپیہ تک ہوسکیگی۔

10.

Procedure in case of contravention.

خلاف ورزی کی صورت میں کارروائی۔ | دفعہ ۱۰۔

*[(1) No prosecution for the contravention of the provisions of this Act or of the rules thereunder shall be instituted except by an Inspector or with his written permission.]

(2) No court inferior to that of a Magistrate of the first Class shall try any case for the contravention of this Act or the rules thereunder.

(۲) ۔ کوئی عدالت جس کا درجہ ناظم فوجداری درجہ اول سے کم ہو قانون ہذا یا قواعد تحت قانون ہذا کی خلاف ورزی کی بابتہ کسی مقدمہ کی سماعت نہ کرسکے گی۔

*Substituted by Act No II of 1952.

(*Translation*)

11. No Court shall take cognizance of an offence under this Act unless complaint is made within six months of the date of commission of the offence. In computing this period, the time spent in obtaining the sanction under sub-section (1) of section 10 shall be treated as excluded.

Limitation for prosecution.

قانون سربراہی مصارف زچگی۔ نشان (۷)، ۱۳۴۹ف

استغاثہ کی میعاد۔ | دفعہ ۱۱۔ کوئی عدالت کسی جرم تحت قانون ہذا کی سماعت نہ کرے گی بجز اس کے کہ تاریخ ارتکاب جرم سے چھ ماہ کے اندر استغاثہ پیش کیا گیا ہو اس مدت کے شمار کرنے میں وہ زمانہ خارج متصور ہوگا جو تحت دفعہ ۱۰ ضمن (۱) منظوری حاصل کرنے میں صرف ہوا ہو۔

12. (1) The Government may make rules to carry out the purposes of this Act. The Government shall, without prejudice to the generality of this power, make such rules for the following matters:—

Rules.

قواعد۔ | دفعہ ۱۲۔ (۱) سرکار عالی قانون ہذا کے اغراض کی تکمیل کے لئے قواعد مرتب کرسکیں گے۔ اس اختیار کی عمومیت کو متاثر کئے بغیر حسب ذیل امور کے متعلق سرکار عالی قواعد مرتب کریں گے۔

(a) the preparation of a register for marking the attendance of a woman worker and the particulars to be entered therein;

(الف)۔ زن مزدور پیشہ کی حاضری کے اندراج کے لئے رجسٹر کی ترتیب اور ایسے رجسٹر کے اندراجات کی تفصیل۔

(b) the inspection of factories for the purposes of this Act by *[Inspectors];

(ب)۔ کارخانہ جات کا اغراض قانون ہذا کے لئے [Inspectors]* کے ذریعہ معائنہ۔

*Substituted by Act No. II of 1952.

*Substituted by Act No. of 1952.

(c) determination of powers and duties of *[Inspectors] and the manner for the performance and exercise there of;

(ج) *[Inspectors] کے فرائض اور اختیارات کا تعین اور ان کی ادائی اور استعمال کا طریقہ۔

(d) the manner of payment of maternity benefit.

(د) مصارف زچگی کی ادائی کا طریقہ۔

(2) The Government may provide in the rules made by them that a person who contravenes any rule shall be liable to a fine which may extend to fifty rupees.

(۲) سرکار عالی اپنے نافذ کردہ قواعد میں یہ حکم دے سکیں گے کہ کسی قاعدہ کی خلاف ورزی کرنے والا سزا بجرمانہ کا مستوجب ہوگا جس کی مقدار پچاس روپے تک ہوسکے گی۔

(3) The rules under this Section shall be made subject to the condition of previous publication.

(۳) قواعد تحت دفعہ ہذا بعد مشتہری سابقہ مرتب کئے جائیں گے۔

Abstract of Provisions of this Act and rules made thereunder to be exhibited at conspicuous place.

احکام قانون ہذا اور قواعد مرتبہ تحت قانون ہذا کا خلاصہ منظر عام پر آویزاں رکھا جانا۔

*[13. An abstract of the provisions of this Act and of the rules made thereunder shall be exhibited in the local vernaculars in a conspicuous place by the employer in every part of the factory in which women are employed.]

*Substituted by Act No. II of 1952.

*Substituted by Act. No. II of 1952.

THE PUBLIC SOCIETIES REGISTRATION ACT.

No. I of 1350 Fasli.

Preamble.

Sections.

1. Short title, commencement and extent.

2. Registration of societies.

3. Momorandum of society.

4. Registration and fees.

5. Annual list of managing body to be filed.

6. Property of society how vested.

7. Suits by and against society.

8. Recovery of penalty and arrears of subscription.

قانون
رجسٹری انجمن ہائے نفاہی

نشان (۱) سنہ ۱۳۵۰ ف

دفعہ -

۰ تمہید -

۱ - مختصر نام قانون - تاریخ نفاذ و وسعت مقامی -

۲ - انجمنوں کی رجسٹری -

۳ - یادداشت انجمن -

۴ - رجسٹری و فیس -

۵ - ادخال سالانہ فہرست ارکان -

۶ - انجمن کی جائداد پر کس کو حق حاصل ہوگا -

۷ - دعاوی منجانب و بخلاف انجمن -

۸ - وصول تاوان و بقایا چندہ -

9. Amendment, alteration etc., in the purposes of society.

10. Dissolution of society and adjustment of its affairs.

11. Dispute regarding management.

12. Appropriation of society's property.

13. "Member" defined.

14. "Managing Committee" defined.

15. Inspection of documents. Their copies.

۹۔ انجمن کے اغراض میں ترمیم۔ تبدیل وغیرہ

۱۰۔ برخاستگی انجمن و اہتمام۔

۱۱۔ نزاع دربارہ انتظام۔

۱۲۔ تصرف اثاثہ انجمن۔

۱۳۔ "رکن" کی تعریف۔

۱۴۔ "انتظامی کمیٹی" کی تعریف۔

۱۵۔ معائنہ دستاویزات اور ان کی نقول۔

(Translation)

THE PUBLIC SOCIETIES REGISTRATION ACT

No. 1 of 1350 F.

(Received the assent of His Exalted Highness the Nizam on the 8th Azur 1350 F.)

Preamble. Whereas it is expedient to make law for determining the legal status of societies established or which may be established in future. in H. E. H. the Nizam's Dominions for the diffusion of knowledge and arts or for the fulfilment of public or religious purposes; It is hereby enacted as follows :—

Short title, extent and commencement. 1. This Act may be called the Public Societies Registration Act and shall come into force in the whole of H. E. H. the Nizam's Dominions from the

قانون

رجسٹری انجمن ہائے رفاہی

نشان (۱) سنہ ۱۳۵۰ف

(پیشگاہ اعلیحضرت مدظلہم العالی سے بتاریخ ۸ رآذر سنہ ۱۳۵۰ف منظور ہوا۔)

تمہید۔ ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ ایسی انجمنوں کی قانونی حیثیت قرار دینے کی غرض سے قانون وضع کیا جائے جو علوم وفنون کی اشاعت کی غرض سے یا کارہائے رفاہی یا مذہبی کی تکمیل کے لئے ممالک محروسہ سرکار عالی میں قائم ہیں یا آئندہ قائم کی جائیں۔ لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے :۔

مختصر نام قانون۔ تاریخ نفاذ و وسعت مقامی۔ دفعہ ۱۔ یہ قانون بنام "قانون رجسٹری انجمنہائے رفاہی"

*date of its publication in the Jarida.

2. Any five or more persons forming a society for the diffusion of any knowledge or art or for the fulfilment of public or religious purposes, may get their society registered under this Act.

Registration of societies:

3. Such five or more persons shall file, with the Ragistrar of Joint-stock Companies, a memorandum under their signature which shall contain the name of the society, its objects and the names, addresses and occupations of the persons responsible under the rules of the society, to manage its affairs. Such memorandum shall be accompanied by a copy of the rules of the society, certified to be a correct copy by at least three members of the society.

Memorandum of society.

*Published in the Jarida dated 7th Dai 1350 F.

قانون رجسٹری انجمن ہائے رفاہی۔ نشان (۱) بابت ۱۳۵۰ف

موسوم ہو سکے گا اور تاریخ اشاعت جریدہ سے کل ممالک محروسہ سرکار عالی میں نافذ ہوگا۔

انجمنوں کی رجسٹری۔ | دفعہ ۲۔ پانچ یا زائد اشخاص جو کسی علم یا فن کی غرض سے یا رفاہی یا مذہبی اغراض کی تکمیل کے لئے کوئی انجمن قائم کریں قانون ہذا کے بموجب اپنی انجمن کی رجسٹری کرا سکیں گے۔

یادداشت انجمن۔ | دفعہ ۳۔ ایسے پانچ یا زائد اشخاص پر لازم ہوگا کہ ایک یادداشت اپنے دستخط سے رجسٹرار کمپنی ہائے سرمایہ مشترکہ سرکار عالی کے پاس پیش کریں جس میں انجمن کا نام۔ اغراض اور ایسے اشخاص کے نام مع سکونت و پیشہ درج کئے جائیں گے جو انجمن کے قواعد کے مطابق کاروبار چلانے کے ذمہ دار ہوں اور ایسی یادداشت کے ساتھ انجمن کے قواعد کی نقل منسلک کی جائے گی جس پر انجمن کے کم از کم تین ارکان تصدیق کریں گے کہ نقل صحیح ہے۔

*جریدہ انگلامیہ مورخہ ۷ ر دے ۱۳۵۰ف میں شائع ہوا۔

قانون رجسٹری انجمن ہائے رفاہی۔ نشان (۱) ۱۳۵۰ف

4. After such memorandum and certified copy have been filed, the Registrar of Joint-stock Companies, shall certify under his hand that the society is registered under this Act. There shall be paid for every such registration such fee as the Government may prescribe and which in no case shall exceed fifty rupees.

Registration and fees,

رجسٹری و فیس۔ | دفعہ ۴۔ ایسی یادداشت اور مصدقہ نقل داخل ہوجانے کے بعد رجسٹرار کمپنی ہائے سرمایہ مشترکہ اپنے دستخط سے اس امر کی تصدیق کریگا کہ اس انجمن کی قانون ہذا کے تحت رجسٹری کی گئی۔ ہر ایسی رجسٹری کے لئے اُس قدر فیس ادا کرنی ہوگی جو سرکار عالی مقرر کرے اور جو کسی صورت میں پچاس روپیہ سے زیادہ نہ ہوگی۔

5. Every year, within two weeks from the date on which, according to the rules of the society, the annual general meeting of the society is held, and if the rules do not provide for an annual general meeting, every year in the month of Azur, a list shall be filed with the Registrar of Joint-stock Companies which shall contain the names, addresses and occupations of the members of the managing committee and officers entrusted with the management of the affairs of the society.

Annual list of members to be filed.

ادخال سالانہ فہرست ارکان۔ | دفعہ ۵۔ ہر سال اُس تاریخ کے دو ہفتہ کے اندر جب کہ قواعد انجمن کے بموجب انجمن کا سالانہ جلسہ عام ہوتا ہو اور اگر سالانہ جلسہ عام کے لئے کوئی قاعدہ اُس انجمن کے قواعد میں موجود نہ ہو تو ہر سال ماہ آذر میں ایک فہرست رجسٹرار کمپنی ہائے سرمایہ مشترکہ کے پاس داخل کی جائے گی جس میں انتظامی کمیٹی کے ارکان و عہدہ داران ذمہ دار انتظام کے نام و سکونت و پیشہ درج ہوگا۔

6. The property, movable and immovable, belonging to such registered society, if not vested in trustees, shall vest in the managing committee of the society, and in all

Porperty of society how vested.

انجمن کی جائداد پر کس کو حق حاصل ہوگا۔ | دفعہ ۶۔ ایسی رجسٹری شدہ انجمن کی جملہ جائداد منقولہ و غیر منقولہ پر

judicial proceedings relating to such property, shall be deemed to be the property, of the managing committee.

قانون رجسٹری انجمن ہائے رفاہی۔ نشان (۱) ۱۳۵۰ف

حق اگر امناء کو حاصل نہ ہوا ہو تو انجمن کی انتظامی کمیٹی کو حاصل ہو جائے گا اور جملہ عدالتی کارروائیوں میں جو ایسی جائداد کے متعلق ہوں وہ انتظامی کمیٹی کی جائداد متصور ہوگی۔

Suits by and against society.

7. Any such registered society may sue or be sued in the name of the chairman, or secretary, or trustees, as shall be determined by the rules of the society, and if there are no rules in this behalf, in the name of such person as shall be nominated by the managing committee for this purpose:

دعاوی منجانب و بخلاف انجمن

دفعہ ۷۔ ہر ایسی انجمن رجسٹری شدہ کی جانب سے یا اُس کے خلاف دعویٰ اُس انجمن کے صدر نشین یا معتمد یا امناء کے نام سے رجوع ہو سکے گا جیسا کہ اُس انجمن کے قواعد کی رو سے قرار پائے اور اگر کوئی قواعد اس بارے میں موجود نہ ہوں تو اس شخص کی طرف سے یا اُس کے خلاف دعویٰ رجوع کیا جائے گا جس کو انتظامی کمیٹی اس غرض کے لئے نامزد کرے۔

Povided that when a suit is instituted against such society, the plaintiff shall apply to the managing committee of the society to nominate any person to be made the defendant, and if the managing committee fails to nominate any person within a month or if, in the circumstances, the matter cannot be deferred so long, the plaintiff may sue the society's chairman or secretary or trustees.

مگر شرط یہ ہے کہ جب کہ ایسی انجمن کے خلاف کوئی دعویٰ رجوع کیا جائے تو مدعی پر لازم ہوگا کہ وہ اس انجمن کی انتظامی کمیٹی سے درخواست کرے کہ انجمن کی جانب سے ایسا شخص نامزد کیا جائے جس کو مدعی علیہ قرار دیا جا سکے اور اگر انتظامی کمیٹی ایک ماہ کے اندر کسی

(Translation)

قانون رجسٹری انجمن ہائے رفاہی۔ نشان (۱) سنہ ۱۳۵۰ف

8. If the rules of the society provide, or if it is resolved by a majority of votes of two thirds of the members present at its general meeting, that a member shall have to pay a specific pecuniary penalty for the breach of any rule of the society, a suit may be instituted in a Civil Court for the recovery of such penalty when accrued and for the arrears of subscription.

Recovery of penalty and arrears of subscription.

وصول تاوان و بقایا چندہ۔ دفعہ ۸۔ اگر ایسی انجمن کے قواعد میں اس کی اجازت ہو یا اُس کے جلسہ عام میں دو ثلث ارکان حاضر کے غلبہ آراء سے یہ تصفیہ ہو کہ انجمن کے کسی قاعدہ کی خلاف ورزی کی صورت میں کسی رکن کو خاص رقمی تاوان ادا کرنا چاہیئے تو ایسی رقم کے دلا پانے کی نسبت جو واجب الادا ہو اور بقایا چندہ کی نسبت عدالت دیوانی میں دعویٰ ہو سکے گا۔

9. (1) No alteration, amendment or extension shall be made in the purposes of the society, nor shall it be amalgamated with any other society unless, it is voted by two-thirds of the members present at a special meeting convened for this purpose in accordance with the rules of the society, and confirmed by two-thirds of the members present at a second special meeting :

Amendment, alteration etc., in the purposes of soceity.

انجمن کے اغراض میں ترمیم۔ تبدیل وغیرہ۔ دفعہ ۹۔ (۱) انجمن کے اغراض میں تبدیل۔ ترمیم یا توسیع نہ کی جا سکے گی اور نہ وہ کسی دوسری انجمن میں ضم کی جا سکے گی جب تک کہ اس غرض کیلئے بہ متابعت قواعد انجمن جلسہ خاص طلب ہو کہ دو ثلث ارکان حاضر کی آراء اس کی تائید میں نہ ہوں اور دوسرے جلسہ خاص میں دو ثلث

(Translation)

Provided that a notice to hold such meeting shall be delivered or sent by post to every member at least ten days in advance.

(2) The alteration, amendment or extension made or amalgamation affected under sub-section (1), shall be reported to the Registrar of Joint-stock Companies.

10. No registered society shall be dissolved unless two-thirds of the members present at a meeting, convened for the purpose so determine, and at the same meeting the time when it is to be dissolved, and the method to be followed for the disposal and settlement of its property and debts shall also he determined :

Dissolution of society and adjustment of its affairs.

Provided that if the Government is a member of, or contributes or has contributed to, or otherwise insterested in, any society registered under this Act, such society shall not be dissolved without the consent of the Government.

قانون رجسٹری انجمن ہائے رفاہی۔ نشان (۱) ۱۳۵۰ف

ارکان حاضر اُس کی توثیق نہ کریں۔

مگر شرط یہ ہے کہ ایسے جلسہ کے انعقاد کی اطلاع کم از کم دس یوم قبل ہر رکن کو وصول ہو جائے یا بذریعہ ٹیپہ ارسال کر دی جائے۔

(۲) ضمن (۱) کے تحت جو تبدیل۔ ترمیم یا توسیع کی جائے یا جو انضمام عمل میں لایا جائے اُس کی اطلاع رجسٹرار کمپنی ہائے سرمایہ مشترکہ کو دی جائے گی۔

برخاستگی انجمن و اہتمام۔ | دفعہ ۱۰۔ کوئی رجسٹری شدہ انجمن اُس وقت تک برخاست نہ ہو سکے گی جب تک کہ دو ثلث ارکان حاضر ایسے جلسہ میں جو اسی غرض کے لئے طلب کیا گیا ہو ایسا تصفیہ نہ کریں اور اسی جلسہ میں یہ تصفیہ بھی کیا جائے گا کہ کب سے انجمن برخاست قرار دی جائے اور انجمن کے اثاثہ و دیون کے انتظام کے لئے کیا طریقہ اختیار کیا جائے۔

مگر شرط یہ ہے کہ اگر قانون ہذا کے تحت رجسٹری شدہ کسی انجمن کی سرکار عالی رکن ہو یا اُس کو رقمی امداد دی ہو یا دیتی ہو یا کسی اور طریقہ پہ اُس سے تعلق رکھتی ہو تو سرکار عالی کی رضامندی کے

بغیر درجہ انجمن برخاست نہ کی جا سکے گی۔

Dispute regarding manegement.

11. In the event of any dispute arising among the Managing Committee or the members of the society, in respect of any management or dissolution of the society, any member of the society may file an application in the District Court concerened, and the said Court shall, after necessary inquiry, pass such order as it shall deem fit.

نزاع دربارہ انتظام۔ | **دفعہ ۱۱**۔ اگر انتظامی کمیٹی یا ارکان انجمن میں کسی انتظام کی نسبت یا انجمن کی برخاستگی کی نسبت نزاع واقع ہو تو کوئی رکن عدالت ضلع متعلقہ میں درخواست پیش کر سکے گا اور عدالت مذکور ضروری تحقیقات کے بعد مناسب حکم صادر کر سکے گی۔

Explanation :— " District Court " shall mean, in the City of Hyderabad, First Judge of the City Civil Court.

توضیح۔ "عدالت ضلع" سے بلدہ میں ناظم اول عدالت دیوانی بلدہ مراد ہوگا۔

Appropriation of society's property.

12. If upon the dissolution of the society there shall remain after the satisfaction of all its debts any property the same shall not be paid to all or any of the members of the society, but shall be given to some other society to be determined by a majority of votes of the members present at a meeting convened to resolve the dissolution or if no such resolution is passed, by such Court as aforesaid:

تصرف اثاثہ انجمن۔ | **دفعہ ۱۲**۔ اگر انجمن کے برخاست ہونے اور اُس کے تمام دیون ادا کر دینے کے بعد کوئی اثاثہ باقی رہے تو وہ کسی ایک یا جملہ ارکان انجمن کو حاصل نہ ہو سکے گا بلکہ اُس کے پانے کے مستحق کوئی دوسری انجمن ہوگی اور اُس کا تصفیہ اس جلسہ میں ارکان حاضر بہ غلبہ آراء کریں گے جو برخاستگی کی تجویز کیلئے منعقد ہوا ہو۔ یا اگر ایسی کوئی تجویز نہ ہوئی ہو تو عدالت متذکرہ صدر سے تصفیہ کیا جائے گا۔

(*Translation*)

Provided that nothing contained in this section, shall apply to any body which has been established by the contributions of shareholders in the nature of a Joint-stock Company.

قانون رجسٹری انجمن ہائے رفاہی۔ نشان (۱) ۱۳۵۰ف

مگر شرط یہ ہے کہ دفعہ ہذا کا کوئی حکم کسی ایسی جماعت سے متعلق نہ ہوگا جو کمپنی سرمایہ مشترکہ کے طور پر شرکا کے روپیہ سے قائم ہوئی ہو۔

"Member" defined.

13. "Member" shall mean a person who, having been admitted in any society according to the rules thereof, has not resigned or has not been removed therefrom; but no member shall be entitled to vote whose subscription shall have been in arrear for a period exceeding three months.

"رکن" کی تعریف۔ | دفعہ ۱۳۔ "رکن" سے مراد ایسا شخص ہوگا جو انجمن کے قواعد کی رو سے انجمن میں شریک کیا گیا ہو اور مستعفی یا علیحدہ نہ ہوا ہو لیکن ایسے رکن کو رائے دینے کا حق حاصل نہ ہوگا جس کے ذمہ تین ماہ سے زیادہ بقایا چندہ واجب الادا ہو۔

"Managing Committee" defined.

14. "Managing Committee" means a committee to whom by the rules of the society, the management of its affairs is entrusted.

"انتظامی کمیٹی" کی تعریف۔ | دفعہ ۱۴۔ "انتظامی کمیٹی" سے مراد ایسی کمیٹی ہے جس کے سپرد انجمن کے قواعد کے بموجب اُس کا انتظام ہو۔

Inspection of documents. Their copies.

15. Any person may inspect documents, pertaining to a society registered under this Act, filed in the office of the Registrar of the Joint-stock Companies on payment of a fee of one rupee or obtain certified copies thereof on payment of the fee precribed by the said office. Such certified copy

معائنہ دستاویزات اور ان کی نقول۔ | دفعہ ۱۵۔ ہر شخص محکمہ رجسٹرار کمپنی ہائے سرمایہ مشترکہ میں قانون ہذا کے تحت رجسٹری شدہ انجمن سے متعلق مدخلہ دستاویزات کا ایک روپیہ فیس ادا

(*Translation*)

shall be prima facie evidence of the matters therein contained in all judicial proceedings.

قانون رجسٹری انجمن ہائے رفاہی۔ نشان (۱) ۱۳۵۰ف

کر کے معائنہ کر سکے گا یا محکمۂ مذکور کی
مقررہ فیس ادا کر کے اس کی مصدقہ نقول
حاصل کر سکے گا۔ ایسی مصدقہ نقل ہر قسم کی
عدالتی کارروائی میں ان امور کا بادی النظر
ثبوت ہوگی جو اس میں درج ہوں

(*Translation*)

THE HYDERABAD POWER ALCOHOL ACT.

No. XI of 1350 Fasli.

Sections.

Preamble.

1. Short title, extent and commencement.

2. Definitions.

3. Prohibition of use of Petroleum.

4. Power of Government to levy excise duty.

5. Penalty for contravention of section 3.

قانون
پاور الکحل ممالک محروسہ سرکار عالی

نشان (۱) سنہ ۱۳۵۰ ف

دفعہ

۰ ۔ تمہید ۔

۱ ۔ مختصر نام ۔ وسعت مقامی و تاریخ نفاذ ۔

۲ ۔ تعریفات ۔

۳ ۔ پٹرولیم کے استعمال کی ممانعت ۔

۴ ۔ سرکار عالی کو محصول عائد کرنے کا اختیار ۔

۵ ۔ دفعہ ۳ کی خلاف ورزی کی سزا ۔

6. Proceedings not to be instituted in court without permission of Taluqdar or Police Commissioner.

۶۔ عدالت میں کارروائی تعلقدار یا کوتوال بلدہ کی اجازت کے بغیر نہ ہوسکیگی۔

7. Jurisdiction in offences under the Act.

۷۔ اختیار سماعت جرم تحت قانون ہذا۔

8. Power to make rules.

۸۔ قواعد بنانے کا اختیار۔

9. Providing for penalty in the rules.

۹۔ قواعد میں سزا کا تعین۔

10. This Act not to apply to aircrafts etc.

۱۰۔ قانون ہذا طیاروں وغیرہ سے متعلق نہ ہوگا۔

(Translation)

THE HYDERABAD POWER ALCOHOL ACT.

No. XI of 1350 Fasli.

(Received the assent of H. E. H. the Nizam on 27th Thir 1350 Fasli.)

Preamble.

Whereas it is expedient for the development of the power alcohol industry in H. E. H. the Nizam's Dominions to require the compulsory use of petroleum mixed with power alcohol in petroleum-driven engines; It is hereby enacted as follows :—

Short title, extent and commencement.

1. This Act may be called The Hyderabad Power Alcohol Act, and shall come into force in such areas of H. E. H. the Nizam's Dominions and from such date as the Government may,

قانون

پاور الکحل ممالک محروسہ سرکار عالی

نشان (۱۱) بابتہ ۱۳۵۰ف

(جو پیشگاہ اعلیحضرت مدظلہم العالی سے بتاریخ ۲۷ تیر ۱۳۵۰ف منظور ہوا۔)

تمہید۔ ازبسکہ پیشگاہ قرین مصلحت ہے کہ ممالک محروسہ سرکار عالی میں پاور الکحل کے صنعت کی ترقی کے مدنظر پٹرولیم سے چلنے والے انجن میں پاور الکحل ملا ہوا پٹرولیم استعمال کرنا لازم قرار دیا جائے۔ لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے:۔

مختصر نام۔ وسعت مقامی و تاریخ نفاذ۔

دفعہ ۱۔ یہ قانون بنام "قانون پاور الکحل ممالک محروسہ سرکار عالی" موسوم ہوگا اور اس کا

from time to time specify, by notification in the Jarida. The Government may also by notification in the Jarida exclude any area in which this Act is in force from its operation.

تا نفاذ ممالک محروسہ سرکار عالی کے ایسے رقبہ جات میں ایسی تاریخ سے ہوگا جس کا تعین سرکار عالی وقتاً فوقتاً ذریعہ اعلان مندرجہ جریدہ کریں۔ نیز سرکار عالی کو اختیار ہوگا کہ کسی رقبہ کو جس میں قانون ہذا نافذ کیا گیا ہو اس کے اثر سے بذریعہ اعلان مندرجہ جریدہ خارج کریں

2. In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context —

Definitions.

تعریفات ۔ | دفعہ ۲ ۔ قانون ہذا میں بجز ان کے کہ مضمون یا سیاق عبارت اس کے خلاف ہو ۔

*[(a) "power alcohol" means alcohol the standard of purity of which is fixed by Government from time to time by notification in the Jarida ;]

(الف) ۔ "پاور الکحل" سے ایسا الکحل مراد ہوگا جس میں اس کے خالص ہونے کا معیار سرکار عالی ذریعہ اعلان مندرجہ جریدہ وقتاً فوقتاً مقرر کریں ۔

(b) "petroleum" means dangerous petroleum as defined in the Hyderabad Petroleum Act ;

(ب) ۔ "پٹرولیم" سے مراد ایسا خطرناک پٹرولیم ہے جس کی تعریف قانون پٹرولیم ممالک محروسہ سرکار عالی میں کی گئی ہے ۔

(c) "distillery" means any factory or premises wherein power alcohol is made.

(ج) ۔ "بھٹی" سے مراد ایسا کارخانہ

* Amended by Regulation No. 67 of 1352 F.

ے ۔ ترمیم بموجب دستور الحل نشان ۶۷ سنہ ۱۳۵۲ ف مندرجہ جریدہ مورخہ ۲ / مہر سنہ ۱۳۵۲ ف

(*Translation*)

3. (1) In areas where this Act is in force, no petroleum shall be sold or kept for sale or dishonestly used in any petroleum-driven engine unless it is mixed with power alcohol in the proportion fixed by Government from time to time by notification in the Jarida.

Prohibition of use of petroleum.

(2) For the purpose of mixing with petroleum power alcohol shall be obtained from a distillery established or recognized by Government. The Government, may, from time to time by notification in the Jarida, fix the price of such power alcohol.

(3) The Government may, by notification in the Jarida, prescribe the proportion in which power alcohol

یا مقام ہے جہاں پاور الکحل بنایا جائے ۔

پٹرولیم کے استعمال کی ممانعت ۔ | دفعہ ۳ ۔ (۱) ۔ ایسے رقبہ جات میں جہاں یہ قانون نافذ کیا جائے پٹرولیم فروخت نہ کیا جائے گا ۔ نہ بغرض فروخت رکھا جائے گا اور نہ کسی پٹرولیم سے چلنے والے انجن میں بدنیتی سے استعمال کیا جائے گا ۔ بجز اس کے کہ اس میں پاور الکحل اس تناسب سے شریک کیا گیا ہو جو سرکار عالی ذریعہ اعلان مندرجہ جریدہ وقتاً فوقتاً مقرر کریں ۔

(۲) ۔ پٹرولیم میں شریک کرنے کی غرض سے پاور الکحل ایسی بھٹی سے حاصل کیا جائے گا جسے سرکار عالی نے قائم کیا ہو یا جو سرکار عالی کی مسلمہ ہو ۔ سرکار عالی کو اختیار ہوگا کہ ایسے پاور الکحل کی قیمت کا تعین وقتاً فوقتاً ذریعہ اعلان مندرجہ جریدہ کریں ۔

(۳) ۔ سرکار عالی ذریعہ اعلان مندرجہ جریدہ اس امر کا کر سکیں گے کہ پٹرولیم میں

(*Translation*)

is to be mixed with petroleum and may, also, from time to time by notification in the Jarida, enhance or reduce such proportion.

قانون پاور الکحل۔ نشان (۱۱) سنہ ۱۳۵۰ ف

پاور الکحل کس تناسب سے شریک کیا جائے نیز ایسے تناسب میں وقتاً فوقتاً ذریعہ ذریعہ اعلان مندرجہ جریدہ کمی و بیشی کر سکیں گے

*[(4) If in any area in which this Act is for the time being in force such officer as Government may by notification in the Jarida authorise in this behalf is satisfied that power alcohol cannot conveniently be made available in a quantity sufficient to admit of the mixture with petroleum sold, kept for sale or used, of power alcohol in the proportion for the time being prescribed, he may, notwithstanding anything contained in sub-section (1), permit the sale, keeping for sale or use of petroleum not mixed with power alcohol or mixed therewith in such proportion lower than the prescribed proportion as he may specify in this behalf.]

*Substituted by Act No. XVII of 1950.

4. The Government may levy excise duty on power alcohol at the rate which shall be fixed by notification in the Jarida.

Power of Government to levy excise duty.

5. Whoever selling or keeping for sale petroleum contravenes the provisions of section 3 he shall be punished on a first contravention with fine which may extend to one thousand rupees and on contravention more than once shall, in addition to fine, be punished with imprisonment for a term which may extend to three months; and, if the person contravening dishonestly uses petroleum in petroleum-driven engines, he shall be punished with fine which may extend to two hundred and fifty rupees.

Penalty for contravention of section 3.

دفعہ ۴۔ سرکار عالی کو حصول عاید کرنے کا اختیار۔ سرکار عالی کو اختیار ہوگا کہ پاور الکحل پر محصول عائد کریں جس کی شرح کا تعین بذریعہ اعلان مندرجہ جریدہ کیا جائے گا۔

دفعہ ۵۔ کوئی شخص جو دفعہ ۳ کی خلاف ورزی کرے وہ پیٹرولیم فروخت کرتا ہو یا فروخت کے لئے رکھتا ہو تو پہلی خلاف ورزی پر اسے جرمانہ کی سزا دی جائے گی جس کی مقدار ایک ہزار روپیہ تک ہو سکے گی اور خلاف ورزی کا ارتکاب ایک سے زیادہ مرتبہ ہو تو اسے جرمانہ کی سزا کے علاوہ قید کی سزا دی جا سکے گی جس کی مدت ۳ ماہ تک ہو سکے گی اور خلاف ورزی کرنے والا پیٹرولیم کو پیٹرولیم سے چلنے والے انجن میں بدنیتی سے استعمال کرنے کی خلاف ورزی کا مرتکب ہو تو

اُسے جرمانہ کی سزا دی جائے گی جس کی مقدار دو سو پچاس روپیہ تک ہو سکے گی ۔

6. No proceedings under this Act shall be instituted in any Court without the permission of the Taluqdar in the districts and of the Commissioner of Police in the City of Hyderabad.

Proceedings not to be instituted in Court without permission of Taluqdar or Police Commissioner.

دفعہ ۶ ۔ اضلاع میں تعلقدار اور بلدہ میں کوتوال بلدہ کی اجازت بغیر اس قانون کے تحت کوئی کارروائی عدالت میں نہ ہوسکیگی ۔

عدالت میں کارروائی تعلقہ دار یا کوتوال بلدہ کی اجازت بغیر نہ ہوسکیگی ۔

7. Offences under this Act or the rules made thereunder, shall be bailable and shall not be tried by a Magistrate below the rank of a Magistrate of the First Class.

Jurisdiction in offences under this Act.

دفعہ ۷ ۔ جرائم تحت قانون ہذا یا قواعد تحت قانون ہذا قابل ضمانت ہوں گے اور ان کی سماعت ناظم فوجداری درجہ اول سے کم درجہ کا ناظم نہ کرسکے گا ۔

اختیار سماعت جرم تحت قانون ہذا ۔

8. The Government may make rules generally for carrying out the purposes of this Act and particularly for the following matters :—

Power to make Rules.

دفعہ ۸ ۔ سرکار عالی کو اختیار رہوگا کہ قانون ہذا کی اغراض کی تکمیل کے لئے عموماً اور حسب ذیل امور کے لئے خصوصاً قواعد وضع کریں ۔

قواعد بنانے کا اختیار ۔

(a) prescribing the standard of purity of power alcohol and the necessary experiments for testing it in order that power alcohol when admixed with petroleum, is suitable for use in petroleum-driven engines ;

(ا ف) ۔ پاور الکحل کے خالص ہونے کے معیار اور اس کے آزمایش کے لئے ضروری تجربات کا تعین اس لحاظ سے کہ پاور الکحل پٹرولیم میں شامل کر کے پٹرولیم سے چلنے والے انجن میں استعمال کے لئے موزون ہے ۔

(b) prescribing the conditions for the transport and storage of power alcohol manufactured for admixture with petroleum ;

(ب) ۔ ایسے پاور الکحل کے جو پٹرولیم میں شامل کرنے کے لئے بنا ہو حمل و نقل اور ذخیرہ کی نسبت شرائط کا تعین ۔

(c) prescribing the manner in which the mixture of petroleum and power alcohol shall be prepared ;

(ج) ۔ اس طریقہ کا تعین جس سے پٹرولیم اور الکحل کا مرکب تیار کیا جائے گا ۔

(d) prescribing the conditions subject to which power alcohol may be distributed for sale in H. E. H. the Nizam's Dominions ;

(د) ۔ ان شرائط کا تعین جن کے تابع ممالک محروسہ سرکار عالی میں پاور الکحل بغرض فروخت تقسیم کیا جائے ۔

(e) requiring the submission, by the owner of distillery and the importer and distributor of petroleum and power alcohol, of returns in the prescribed form ;

(ھ) ۔ بھٹی کے مالک نیز پٹرولیم اور پاور الکحل کے درآمد اور تقسیم

(Translation)

(f) mode of sale and use of petroleum and the powers of the authority supervising these matters ;

(g) determining the persons who shall discharge functions under this Act and their powers;

*(h) prescribing any substance to be mixed with power alcohol so as not to **[change] its properties.

9. The Government may for any contravention of the rules made under this Act provide for punishment which in case of fine shall

Providing for penalty in the rules

*Amended by Regulation No. 67 of 1352 F.

**Amended by Notification No. (26) of the Commerce & Industries Department published in Jarida dated 16th Ardibehisht, 1353 F.

قانون پاور الکحل ۔ نشان (۱۱) ۱۳۵۰ف

(و) ۔ پٹرولیم کے فروخت اور استعمال کا طریقہ اور ان امور کی تنقیح کرنے والے کے اختیارات ۔

(ز) ۔ اشخاص کا تعین جو قانون ہذا کے تحت فرائض انجام دینگے اور ان کے اختیارات ۔

(ح) ۔ پاور الکحل کے ساتھ شریک کرنے کے لئے کسی ایسی شئے کا تعین جو اس کی ماہیت کو تبدیل کر سکے ۔

قواعد میں سزا کا تعین ۔ دفعہ ۹ ۔ قواعد تحت قانون ہذا کی خلاف ورزی کی نسبت

ے ۔ ترمیم بموجب دستور الحکم نشان (۶۷) ۱۳۵۲ف مندرجہ جریدہ مورخہ ۲ر مہر ۱۳۵۲ف ۔

ے ے ۔ ترمیم بموجب اعلان نشان (۲۶) معتمدی صنعت و حرفت مندرجہ جریدہ اعلامیہ مورخہ ۱۶ر اردی بہشت ۱۳۵۳ف

not exceed one thousand rupees and in case of imprisonment shall not exceed simple imprisonment for three months.

قانون پاور الکحل ۔ نشان ۱۱ ، ۱۳۵۰ف

سرکار عالی ایسی سزا کا تعین کر سکیں گے جو بصورت جرمانہ ایک ہزار روپیہ سے زاید اور قید کی صورت میں تین ماہ سے زائد قید سادہ نہ ہو سکے گی ۔

10. Nothing herein contained shall apply to petroleum used solely for aircrafts or for military requirements.

This Act not to apply to aircrafts etc.

دفعہ ۱۰ ۔ قانون ہذا طیاروں وغیرہ سے متعلق نہ ہوگا ۔

قانون ہذا کا کوئی حکم ایسے پٹرولیم سے متعلق نہ ہوگا جو محض طیاروں کیلئے استعمال ہوتا ہو یا جس سے فوجی ضرورت کی تکمیل ہوتی ہو ۔

(*Translation*)

THE HYDERABAD COURT OF WARDS ACT.

No. XII of 1350 Fasli.

Sections.

Preamble.

CHAPTER I.

Preliminary.

1. Short title, commencement and extent.

2. Repeal, amendment and effect of repeal.

3. Definitions.

Ward.

Owner.

Minor.

Taluqdar.

قانون کورٹ آف وارڈز ممالک محروسہ سرکار عالی

نشان (۱۲) سنہ ۱۳۵۰ف

دفعہ

۔ تمہید۔

باب اول

مراتب ابتدائی

۱ مختصر نام۔ تاریخ نفاذ و وسعت مقامی۔

۲ تنسیخ و ترمیم اور تنسیخ کا اثر۔

۳ تعریفات۔

" وارڈ۔

" مالک۔

" نابالغ۔

" تعلقدار

(Translation)

Court.

دفعہ

۳ کورٹ ۔

CHAPTER II.

باب دوم

Constitution of the Court.

کورٹ کی ترکیب

4. Director-General of Revenue to be Court.

۴ ڈائرکٹر جنرل مال کورٹ متصور ہوگا ۔

5. Powers of Government.

۵ سرکار عالی کے اختیارات ۔

6. Mode of exercise, and delegation of Courts powers.

۶ طریقہ استعمال و تفویض اختیارات کورٹ ۔

CHAPTER III.

باب سوم

Assumption of Superintendence of person and property.

ذات اور جائداد کو زیر اہتمام لینا

7. When may owners be deemed to be disqualified.

۷ مالک کن حالات میں ناقابل متصور ہوں گے ۔

8. Protection of person and property of successor on death or disappearence of owner.

۸ مالک کے وفات یا مفقود الخبر ہونے پر وارث کی ذات اور جائداد کی حفاظت ۔

9. Recovery of expenses be incurred for the protection of property.

۹ حفاظت جائداد کے مصارف کی وصولی ۔

دفعہ

10. Inquiry into circumstances of owner by order of Court.

۱۰ کورٹ کی ہدایت پر کسی مالک کے حالات کی تحقیقات۔

11. Interim orders for protection of heirs and property in certain cases.

۱۱ بعض حالات میں وارثان اور جائداد کی حفاظت سے متعلق عارضی احکام۔

12. Order for assumption of superintendence by Court and notifying it.

۱۲ کورٹ کے زیر اہتمام لینے کا حکم اور اس کا اعلان۔

13. Superintendence of Court on application of owner.

۱۳ مالک کی درخواست پر کورٹ کا اہتمام

14. Superintendence to extend to whole of ward's property. Orders as to commencement of superintendence to be notified.

۱۴ انتظام وارڈ کی جملہ جائداد سے متعلق ہوگا۔ آغاز انتظام کے احکام شائع کئے جائیں گے۔

15. Bar of suits against Court.

۱۵ کورٹ کے خلاف دعوی کی ممانعت

CHAPTER IV.

باب چہارم

Management and Guardianship.

انتظام و محافظت

16. Taluqdar to take charge of ward's property.

۱۶ وارڈ کی جائداد کو تعلقدار اپنے قبضہ میں لے گا۔

17. Powers of Taluqdar.

۱۷ تعلقدار کے اختیارات۔

18.	Allowance for ward and his family.	۱۸ وارڈ اور اس کے خاندان کیلئے گزارہ
19.	Custody, education and residence of ward.	۱۹ وارڈ کی نگہبانی۔ تعلیم اور رہائش۔
20.	Court to appoint manager etc.	۲۰ کورٹ منتظم وغیرہ کا تقرر کرسکے گا۔
21.	Taluqdar to act in absence of guardian or manager.	۲۱ محافظ یا منتظم کی غیر موجودگی میں تعلقدار کا عمل۔
22.	Who may appoint guardian.	۲۲ محافظ کون مقرر کرسکے گا۔
23.	Duties of guardian.	۲۳ محافظ کے فرائض۔
24.	Powers of manager.	۲۴ منتظم کے اختیارات۔
25.	Duties of manager.	۲۵ منتظم کے فرائض۔
26.	Employees of Court to be deemed Government servants.	۲۶ کورٹ کے ملازمین سرکاری ملازم متصور ہوں گے۔
27.	Regulation of expenditure.	۲۷ تقسیم اخراجات۔
28.	Application of surplus.	۲۸ فاضلات کا مصرف۔

29. Acts which Ward cannot do.

۲۹ امور جو وارڈ نہ کر سکے گا۔

30. Powers of Court as to property under superintendence.

۳۰ اختیارات کورٹ متعلق جائداد زیر اہتمام۔

31. Expenses for superintendence.

۳۱ نگرانی اور انتظام کے اخراجات۔

32. Eviction of person from possession of ward's property.

۳۲ کسی شخص کو وارڈ کی جائداد کے قبضہ سے بیدخل کرنا۔

33. Rent, profits and other sums recoverable as land revenue.

۳۳ کرایہ و منافع و دیگر رقوم مثل زر مالگزاری قابل وصول ہوں گے۔

34. Immovable property under Court's superintendence not to be sold for payment of land revenue.

۳۴ جائداد غیر منقولہ جو کورٹ کے زیر اہتمام ہو بغرض ادائی بقایا زر مالگزاری بیع نہ کی جا سکے گی۔

CHAPTER V.

باب پنجم

Ascertainment of Debts.

تحقیق قرضہ جات

35. Notice for filing claims.

۳۵ مطالبات پیش کرنے کے لئے اعلان۔

36. Claims to be submitted with full particulars.

۳۶ مطالبات مکمل تفصیلات کے ساتھ پیش ہوں گے

37. Government claims etc. not to be affected.

۳۷ مطالبہ سرکاری وغیرہ پر کوئی اثر نہ پڑیگا

38. Effect of subsequent transaction.

۳۸ معاملۂ مابعد پر اثر۔

39. Claims admitted or disallowed.

۳۹ مطالبات کا قابل لحاظ یا ناقابل قبول قرار پانا۔

40. Execution of decree to be stayed till certificate is produced.

۴۰ تصدیق پیش کرنے تک تعمیل ڈگری کا التواء

41. Inadmissibility in evidence of documents not produced under section 36.

۴۱ جو دستاویز حسب منشا دفعہ ۳۶ پیش نہ کی گئی ہو وہ شہادت میں قبول نہ کی جائے گی۔

42. Stay of execution against the property of ward.

۴۲ وارڈ کی جائداد کے خلاف تعمیل ڈگری کی کارروائی کا التواء۔

43. Notice of withdrawal of superintendence and its effects.

۴۳ اہتمام کے برخاست ہونے کا اعلان۔

44. Provision regarding leases with inadequate consideration.

۴۴ جن اجارہ جات کا مناسب بدل نہ ہو ان کے متعلق احکام

CHAPTER VI.

Suits.

باب ششم

دعاوی

45. Civil Court not to entertain suits regarding exercise of discretion.

۴۵ عدالت دیوانی استعمال اختیار تمیزی

دفعہ

سے متعلق دعاوی کی سماعت نہ کرسکے گی۔

46. Suit not to be instituted without written notice to Taluqdar.

۴۶ تعلقدار کو تحریری اطلاع دینے کے بغیر کوئی دعوی نہ ہوسکے گا۔

47. Suit or proceeding by or against ward.

۴۷ دعوی یا کارروائی وارڈ کے نام سے ہوگی۔

48. Costs of suits to be charged to ward's property.

۴۸ دعاوی کے اخراجات کا بار وارڈ کی جائداد پر عائد ہوگا۔

49. Suits not to be instituted on behalf of ward without leave of Court.

۴۹ وارڈ کی جانب سے مقدمات بغیر اجازت کورٹ دائر نہ کئے جائیں گے۔

50. Settlement of disputes between two or more wards.

۵۰ دو یا زائد وارڈ کے مابین تنازعات کا تصفیہ۔

51. Procedure for arbitration in suits between wards.

۵۱ مقدمات مابین وارڈ میں ثالثی کا طریقہ۔

52. Court not liable for expenses.

۵۲ کورٹ پر خرچہ کی ذمہ داری عائد نہ ہوگی۔

CHAPTER VII.

باب ہفتم

Withdrawal of superintendence of person and property.

ذات اور جائداد پر سے اہتمام برخاست ہونا

53. Withdrawal of superintendence.

۵۳ برخاست اہتمام۔

54. Withdrawal of superintendence when debts cannot be liquidated within reasonable period.

۵۴ مناسب مدت میں قرضہ ادا نہ ہوسکتا ہو تو جائداد پر سے اہتمام برخاست کیا جائیگا۔

55. Withdrawal of superintendence of estate taken over under section 13.

۵۵ جو جائداد تحت دفعہ ۱۳ زیر اہتمام لی گئی اس پر سے اہتمام کا برخاست ہونا۔

56. Circumstances in which superintendence may continue.

۵۶ حالات جن میں اہتمام قائم رکھا جاسکے گا

57. Disqualifications of owner.

۵۷ مالک کی ناقابلیتیں۔

58. Appointment of guardian before release.

۵۸ واگذاشت سے قبل محافظ کا تقرر۔

59. Recovery of expenses after release of estate.

۵۹ جائداد واگذاشت ہونے کے بعد مصارف کی وصولیابی۔

60. Procedure where succession is disputed.

۶۰ کارروائی جب کہ وراثت متنازعہ ہو۔

(Translation)

دفعہ

61. Retention of superintendence when there are more owners than one.

۶۱ اگر ایک سے زائد مالک ہوں تو اہتمام کا جاری رکھنا۔

62. Powers in respect of property the superintendence of which is retained.

۶۲ اختیارات ان جائدادوں سے متعلق جن پر اہتمام برقرار رکھا گیا ہو۔

63. Delivery of documents and accounts on withdrawal of superintendence.

۶۳ اہتمام کے برخاست ہونے پر دستاویز اور حسابات کا حوالہ کرنا۔

64. Notification for withdrawal of superintendence.

۶۴ اہتمام برخاست ہونے کا اشتہار۔

65. Withdrawal of superintendence without discharging liability.

۶۵ بلا ادائی واجبات جائداد پر سے اہتمام کا برخاست ہونا۔

CHAPTER VIII.

باب ہشتم

Miscellaneous.

متفرق

66. Power of Court in regard to religious endowments of which ward is hereditary Mutawalli or Manager.

۶۶ کورٹ کا اختیار ان مذہبی اوقاف سے متعلق جن کا موروثی متولی یا منتظم وارڈ ہو۔

67. Penalty for abetment in marriage.

۶۷ ازدواج میں اعانت کی سزا۔

68. Power to compel attendance of witnesses.

۶۸ گواہوں کو حاضر رہنے پر مجبور کرنے کا اختیار۔

69. Appeals.

۶۹ مرافعہ۔

70. Power to make rules.

۷۰ قواعد نافذ کرنے کا اختیار

(Translation)

THE HYDERABAD COURT OF WARDS ACT.

No. XII of 1350 Fasli.

(Received the assent of H.E.H. the Nizam on 27th Thir, 1350 Fasli.)

Whereas it is expedient to consolidate and amend the law relating to the Court of Wards in H.E.H. the Nizam's Dominions; It is hereby enacted as follows :—

Preamble.

CHAPTER I.

Preliminary.

1. This Act may be called, The Hyderabad Court of Wards Act and shall come into

Short title.

قانون

کورٹ آف وارڈز ممالک محروسہ سرکار عالی

نشان ۱۲ بابتہ ۱۳۵۰ف

(جو بتیگاہ اعلیحضرت ظلہم العالی سے بتاریخ ۲۷ تیر ۱۳۵۰ف منظور ہوا۔)

تمہید۔ ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ ممالک محروسہ سرکار عالی میں قانون کورٹ آف وارڈز کی تدوین از سر نو کی جائے لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے:۔

باب اول

مراتب ابتدائی

مختصر نام تاریخ نفاذ و وسعت مقامی۔

دفعہ ۱۔ یہ قانون بنام "قانون کورٹ وارڈز ممالک محروسہ سرکار عالی" موسوم

(Translation)

commencement and extent.

force in H.E.H. the Nizam's Dominions from the date of its *publication in the Jarida.

2. (1) On the commencement of this Act, the Hyderabad Court of Wards Act No. V of 1307 Fasli, hereinafter called the said Act, shall be repealed.

Repeal, amendment and effect of repeal.

(2) The person or property taken under superintendence, rules enforced, appointments made, notifications and orders issued, powers conferred and duties imposed, contracts, leases and pattas granted, rights acquired, liabilities incurred and acts done under the said Act or any enactment repealed thereby, shall, so far as they are not inconsistent with this Act, be deemed to have been taken under superintendence, enforced, made, issued, conferred, imposed, granted, acquired, incurred and done under this Act.

*Published in Jarida dated 25th Amardad 1350 F.

قانون کورٹ آف وارڈز نشان (۱۲) سنہ ۱۳۵۰ ف
ہوسکے گا اور تاریخ اشاعت جریدہ سے ممالک
محروسہ سرکار عالی میں نافذ ہوگا۔

تنسیخ و ترمیم اور تنسیخ کا اثر۔ | دفعہ ۲۔

(۱) قانون ہذا کے نفاذ سے قانون کورٹ
آف وارڈز سرکار عالی نشان (۵) باتیہ ۱۳۰۷ ف
جس کو آئندہ قانون ہذا میں قانون مذکور کہا جائیگا
منسوخ ہوگا۔

(۲) قانون مذکور کے تحت یا کسی ایسے قانون
کے تحت جو قانون مذکور کے ذریعہ منسوخ ہوچکا ہو جو
ذات یا جائداد زیر اہتمام و نگرانی لی گئی تھی قوا عد نافذ
کیے گئے۔ تقررات عمل میں آئے۔ اعلانات و احکام
جاری ہوئے۔ اختیارات دیئے اور فرائض عائد
کئے گئے۔ تعہدات۔ اجارہ جات اور پٹہ جات
منظور کئے گئے۔ حقوق حاصل ہوئے۔ ذمہ داریاں
عائد ہوئیں۔ اور افعال انجام پائے ہوں ان کل کے
متعلق جہاں تک کہ وہ قانون ہذا کے نقیض نہ ہوں
یہ تصور ہوگا کہ وہ تحت قانون ہذا زیر اہتمام و
نگرانی لی گئی۔ نافذ ہوئے۔ عمل میں آئے۔
جاری ہوئے۔ دیئے اور عائد کئے گئے۔ منظور کئے

۵۔ جریدہ اعلانیہ مورخہ ۲۵ ماہ امرداد سنہ ۱۳۵۰ ف میں شائع ہوا

(3) Any reference to or mention of the said Act is any law, instrument or voucher, shall be deemed to be a reference to, or mention of this Act or any portion thereof applicable to such law, instrument or voucher.

3. In this Act unless there is anything repugnant in the subject or context—

Definitions

(a) 'ward' means any person whose property or whose person and property has or under the custody and superintendence of the Court of Wards under this Act or by a Firman of H. E. H. the Nizam, or an owner whose property has been notified under section 13, to have been taken under the superintendence of the Court of Wards;

(b) 'owner' shall mean the following persons :—

(1) any person who owns land or has a life interest therein,

قانون کورٹ آف وارڈز تشانہ (۱۲) سنہ ۱۳۵۰ف
گئے۔ حاصل ہوئے۔ عائد ہوئیں اور انجام پائے۔

(۳) کسی قانون دستاویز یا وثیقہ میں قانون مذکور کا کوئی حوالہ یا ذکر ہو تو ایسا حوالہ یا ذکر قانون ہذا یا اس کے ایسے جزو کا حوالہ یا ذکر متصور ہوگا جو اس قانون دستاویز یا وثیقہ سے متعلق کیا جا سکتا ہو۔

تعریفات۔ | دفعہ ۳۔ بجز اس کے کہ مضمون یا سیاق عبارت اس کے خلاف ہو قانون ہذا میں

وارڈ۔ | (الف) "وارڈ" سے ہر ایسا شخص مراد ہے جس کی جائداد یا جس کی ذات اور جائداد دستخط قانون ہذا یا بربنا فرمان خسروی کورٹ آف وارڈ کے زیر صیانت۔ اہتمام نگرانی لی گئی ہو یا ایسا مالک مراد ہے کہ جس کی جائداد کو تحت دفعہ ۱۳ کورٹ آف وارڈز کے زیر اہتمام لئے جانے کا اعلان کیا گیا ہو۔

مالک۔ | (ب) "مالک" سے حسب ذیل اشخاص مراد ہوں گے:۔

(۱) ایسا شخص جس کو اراضی میں ملکیت یا اس میں کوئی عین حیاتی حقیت حاصل ہو۔

(2) jagirdar, hissedar and guzarayab of jagir.

Explanation:—Jagir means a jagir as defined in the Hyderabad Land Revenue Act No. VIII of 1317 Fasli.

(c) 'minor' means a person who has not attained the age of 21 years;

(d) 'Taluqdar' includes the Nazim, Court of Wards.

(e) 'Court' means the Court of Wards.

CHAPTER II.

Constitution of the Court.

Director General of Revenue to be Court.

4. The Director-General of Revenue or such officer as may, from time to time, be nominated by Government, shall be deemed to be the Court, and for the purposes of this Act, Subedars and Taluqdars shall be subject to his control.

قانون کورٹ آف وارڈز نمبر ۱۲ سنہ ۱۳۵۰ ف۔

(۲)۔ جاگیردار۔ حصہ دار جاگیر اور گزارہ یاب جاگیر۔

توضیح۔ جاگیر سے مراد وہ جاگیر ہے جس کی تعریف قانون مالگزاری اراضی ممالک محروسہ سرکار عالی نشان مجریہ ۱۳۱۷ ف میں کی گئی ہے۔

نابالغ۔ (ج) "نابالغ" سے وہ شخص مراد ہے جس کی عمر کا اکیسواں سال ختم نہ ہوا ہو۔

تعلقدار۔ (د) "تعلقدار" میں ناظم کورٹ آف وارڈز داخل ہوگا۔

کورٹ۔ (ہ) "کورٹ" سے مراد "کورٹ آف وارڈز" ہوگی۔

باب دوم

کورٹ کی ترکیب

ڈائرکٹر جنرل مال کورٹ متصور ہوگا۔ دفعہ ۴۔

ڈائرکٹر جنرل مال یا ایسا عہدہ دار جو بجانب سرکار عالی وقتاً فوقتاً نامزد کیا جائے کورٹ متصور ہوگا۔ اور قانون ہذا کے مقاصد کے لئے صوبہ دار اور تعلقدار اس کے احکام کے تابع ہوں گے۔

(*Translation*)

Powers of Government.

5. The Government may examine any order made or proceeding taken under this Act, and may modify, rescind or reverse it. The Court shall be subject to the control of the Government.

سرکار عالی کے اختیارات

دفعہ ۵۔ سرکار عالی مجاز ہوں گے کہ کسی ایسی تجویز یا کارروائی کا معائنہ کریں جو تحت قانون ہذا صادر کی گئی یا عمل میں آئی ہو اور اپنی صوابدید کے مطابق اس میں ترمیم کریں یا اس کو منسوخ کریں یا کوئی اور حکم صادر کریں۔ سرکار عالی کے حکم کا کورٹ تابع ہوگا۔

Mode of exercise, and delegation of Court's powers.

6. (1) The Court may exercise all or any of the powers conferred upon it by this Act either directly or through the Subedar or Taluqdar within the limits of whose jurisdiction any ward resides, or any part of the property of any ward is situate, or through any other person whom the Court may, in respect of the property of any ward or any part thereof or for any local limits, appoint for this purpose.

طریقہ استعمال و تفویض اختیارات کورٹ۔

دفعہ ۶۔ (۱) کورٹ مجاز ہوگا کہ کوئی اختیار یا جملہ اختیارات جو بروئے قانون ہذا اس کو حاصل ہوں بلا توسط یا بتوسط اس صوبہ دار یا تعلقدار کے استعمال میں لائے جس کے حدود ارضی میں کوئی وارڈ سکونت رکھتا ہو یا کسی وارڈ کی جائداد کا کوئی حصہ واقع ہو یا بتوسط ایسے شخص کے استعمال میں لائے جس کو کورٹ نے کسی وارڈ کی جائداد یا اس کے کسی جزو کے لئے یا کسی حدود ارضی کے لئے اس غرض سے مامور کیا ہو۔

(2) The Court may, with the sanction of the Government or under any rule made under this Act, delegate any of its powers to any Subedar, Taluqdar or any other person appointed under sub-section(1).

(۲) کورٹ مجاز ہوگا کہ سرکار عالی کی منظوری سے یا کسی ایسے قاعدہ کے مطابق جو تحت قانون ہذا نافذ ہو اپنے اختیارات میں سے کسی اختیار کو کسی صوبہ دار یا تعلقدار کے یا کسی ایسے شخص

(*Translation*)

کے تفویض کرے جو حسب ضمن ۱ ماموز کیا گیا ہو۔

CHAPTER III

باب سوم

Assumption of superintendence of person and property.

ذات اور جائداد کو زیر اہتمام لینا

7. (1) For the purposes of this Act an owner shall be deemed to be disqualified for the management or control of his property—

When may owners, be deemed to be disqualified.

دفعہ ۷۔ (۱) قانون ہذا کے اغراض کے لئے ایسا مالک اپنی جائداد کے انتظام یا نگرانی کے ناقابل متصور ہوگا۔

مالک کن حالات میں ناقابل متصور ہوں گے۔

(a) whose property or person and property has or have been taken under the custody and superintendence of the Court by a Firman of H. E. H. the Nizam ;

(الف) جس کی جائداد یا ذات اور جائداد کو کورٹ کے زیر صیانت۔ اہتمام و نگرانی بربنا فرمان خسروی لیا گیا ہو۔

(b) who is a minor ;

(ب) جو نابالغ ہو۔

(c) who has been adjudged by a competent Civil Court to be of unsound mind and incapable of managing his property ;

(ج) جس کو کسی مجاز عدالت دیوانی نے قاصر العقل اور جائداد کے انتظام کے ناقابل قرار دیا ہو۔

(d) who is a female and declared by the Government to be incapable of managing the property

(د) جو اناث میں سے ہو اور اس کو سرکار عالی نے جائداد کے انتظام کے ناقابل قرار دیا ہو۔

(e) who has been declared by the Government to be incapable of managing property on the following grounds :—

(ھ) جس کو سرکار عالی نے وجوہ ذیل کی بناء پر جائداد کا انتظام کرنے کے ناقابل قرار دیا ہو۔

(i) any physical or mental defect or infirmity, or

(۱) جسمانی یا دماغی نقص یا کمزوری میں مبتلا ہونا۔ یا

(ii) conviction for a non-bailable offence, his conduct or vice, or

۵۳ ۔ تنقیح سازوں کا تقرر ۔

54. Government auditors.

۵۴ ۔ سرکاری تنقیح ساز ۔

55. Powers, rights and duties of auditors.

۵۵ ۔ تنقیح سازوں کے اختیارات ۔ حقوق اور ان کے فرائض منصبی ۔

NOTICES.

اطلاعات۔

56. Method of delivering or sending notices.

۵۶ ۔ اطلاع پہونچانے یا بھیجنے کا طریقہ ۔

57. Effect of absence of address in Bank Register.

۵۷ ۔ بنک کے رجسٹر میں پتہ کے عدم موجودگی کا نتیجہ ۔

58. Sending notices to joint-share-holders.

۵۸ ۔ مشترک حصہ دار کے نام اطلاع نامہ کی ترسیل ۔

59. Presumption as to delivery of notice to legal representatives.

۵۹ ۔ قائم مقامان قانونی کو اطلاع نامہ پہونچنے کا تصور ۔

60. Service of notice on Bank.

۶۰ ۔ بنک پر اطلاع نامہ کی تعمیل ۔

SCHEDULE II.

ضمیمہ دوم

CHAPTER I.

باب اوّل

BUSINESS WHICH THE BANK SHALL BE AUTHORISED TO CARRY ON AND TRANSACT.

کاروبار جس کے انجام دینے اور جاری رکھنے کا بنک مجاز ہوگا۔

PART I.

حصۂ الف

GOVERNMENT BUSINESS.

سرکاری کاروبار۔

1. Government business and its transaction.

۱ف۔ سرکاری کاروبار اور اس کی انجام دہی۔

2. Public debt issued and issue of new loan.

۲ف۔ جاری شدہ قرضہ عامہ اور جدید قرضہ کی اجرائی۔

3. Issue of Government paper currency through coinage and paper currency Department.

۳ف۔ ضیغہ سکہ جات و قرطاس کے ذریعہ سرکار عالی کے سکہ قرطاس کی اجرائی کا کام۔

4. Income of paper currency assets shall be paid to Government.

۴ف سکہ قرطاس کے اثاثے کی آمدنی سرکار عالی کو دی جائے گی۔

5. Liabilities of Coinage and paper Currency Department.

۵ف ضیغہ سکہ جات و قرطاس کی واجبات۔

6. Commencement of responsibility for the assets and liabilities.

۶ف واصلات اور واجبات کی ذمہ داری کا آغاز۔

7. Power to reduce assets of Paper Currency and its effect.

۷ف سکہ قرطاس کے اثاثے میں کمی کا اختیار اور اس کا اثر۔

8. Issue of rupee coin and obligation of Bank in respect thereof.

۸ ۔ روپیہ جاری کرنا اور اس کی بابت بنک کی ذمہ داری ۔

9. Obligation to supply different coins.

۹ ۔ مختلف سکوں کی سربراہی کی ذمہ داری ۔

10. Obligation to sell Indian Government currency.

۱۰ ۔ سکہ کلدار فروخت کرنے کی ذمہ داری ۔

11. Obligation to buy Indian Government coins.

۱۱ ۔ سکہ کلدار خریدنے کی ذمہ داری ۔

12. Monthly statements of assets and liabilities of coinage and Paper Currency Department to be submitted to Government.

۱۲ ۔ صیغہ سکہ جات و قرطاس کے واصلات اور واجبات کے ماہانہ تخمینہ جات سرکار عالی کے پاس پیش ہوں گے ۔

PART B.

حصہ ب

OTHER BUSINESS.

دیگر کاروبار ۔

CHAPTER II.

باب دوم

BUSINESS WHICH THE BANK SHALL NOT CARRY ON AND TRANSACT.

کاروبار جس کو بنک جاری نہیں کرسکیگا اور نہ انجام دیسکیگا ۔

(Translation)

THE HYDERABAD STATE BANK ACT.

No. XIX of 1350 F.

(Received the assent of His Exalted Highness the Nizam on the 14th Mehir 1350 Fasli).

Where as it is expedient to constitute a State Bank for H. E. H. the Nizam's Dominions so as to regulate the circulation of the currency, to maintain in the fullest degree its stability ands ecurity, to facilitate the payment of money inside and outside H.E.H. the Nizam's Dominions, to provide credit for the economic requirements of the country and to support in a better manner, agriculture, trade, commerce and industry; it is hereby enacted as follows :—

Preamble.

قانون

حیدرآباد اسٹیٹ بنک

نشان ۱۹ سنہ ۱۳۵۰ف

(پیشگاہ اعلیحضرت مدظلہم العالی سے بتاریخ ۱۴ مہر سنہ ۱۳۵۰ف منظور ہوا)

تمہید — ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ ممالک محروسہ سرکار عالی کے لئے اسٹیٹ بنک کا قیام عمل میں لایا جائے تاکہ سکہ کی ترویج اور اس کے استحکام اور تحفظ کا انتظام بدرجہ اتم ہوسکے۔ اندرون و بیرون ممالک محروسہ سرکار عالی رقوم کی ادائی میں سہولت پیدا ہو نیز ملک کی معاشی ضروریات کے لئے قرضہ فراہم اور زراعت تجارت۔ صنعت و حرفت کی اعانت بہتر طریقہ پر کی جاسکے۔

لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے:—

CHAPTER I.

PRELIMINARY.

باب ۱

مراتب ابتدائی۔

Short title, extent and commencement.

1. This Act may be called the Hyderabad State Bank Act 1350 F., and shall come into force from the date of *publication in the Jarida.

مختصر نام۔ وسعت مقامی و تاریخ نفاذ۔ | دفعہ ۱۔ یہ قانون بنام "قانون حیدرآباد اسٹیٹ بنک" بابتہ سنہ ۱۳۵۰ف موسوم ہوسکے گا اور تاریخ اشاعت جریدہ سے نافذ ہوگا۔

Definitions.

2. In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context—

تعریفات۔ | دفعہ ۲۔ قانون ہذا میں بجز اس کے کہ مضمون یا سیاق عبارت اس کے خلاف ہو۔

(a) "Bank" means the Hyderabad State Bank as constituted under this Act and includes all its branches;

(الف) "بنک" سے "حیدرآباد اسٹیٹ بنک" مراد ہوگا جو قانون ہذا کے تحت قائم کیا گیا ہو اور اُس میں اُس بنک کی شاخیں داخل ہونگی۔

(b) "Board of Directors" means the Board of Directors of the Bank;

(ب)۔ "مجلس نظماء" سے بنک کے نظما کی مجلس مراد ہوگی۔

(c) "dividend" also includes bonus;

(ج) "منافعہ" میں بونس بھی داخل ہوگا۔

*Published in Jarida dated the 19th Mehir, 1350 Fasli.

* مندرجہ جریدہ اعلانیہ مورخہ ۱۹ مہر سنہ ۱۳۵۰ف

(d) " general meeting " means the annual meeting of the shareholders of the Bank ;

(د) ۔" جلسہ عام" سے بنک کے حصہ داروں کا سالانہ جلسہ مراد ہوگا ۔

(e) " goods " shall include gold and silver bullion, wares and merchandise ;

(ھ) ۔" مال" میں سونے چاندی کی سلاخیں ۔ سامان اور اشیاء تجارتی بھی داخل ہوں گے ۔

(f) " meeting " includes a postponed meeting ;

(و) ۔" جلسہ" میں ملتوی شدہ جلسہ داخل ہوگا ۔

(g) " prescribed " means all those matters and modes which may be prescribed or determined *by. the bye-laws made under this Act ;

(ز) ۔" مقررہ" سے وہ امور اور طریقے مراد ہوں گے جو بہ ذریعہ ذیلی قواعد تحت قانون ہذا مقرر یا معین کئے جائیں ۔

(h) " rupee " means, unless some other meaning is assigned to it to the contrary, the silver coin which has been declared legal tender under the Hyderabad Coinage Act No. III of 1321 F.

(ح) "روپیہ" سے چاندی کا وہ سکہ مراد ہوگا جو قانون سکہ جات سرکار عالی نشان ۳ بابتہ ۱۳۲۱ف کے تحت سکہ جائز بادائی دین قرار دیا گیا ہو بجز اس کے کہ اس کے خلاف کوئی اور معنی اس کو دیئے جائیں ۔

(i) " special meeting " shall mean a meeting of shareholders which is convened at any time for the purpose of such special business as may be specified in the notice convening the meeting.;

(ط) ۔" جلسہ خاص" سے حصہ داروں کا وہ جلسہ مراد ہوگا جو کسی وقت کسی ایسے خاص کام کی غرض سے طلب کیا جائے جس کی صراحت

*Amended by Act No. VI of 1353 Fasli.

ترمیم بہ موجب قانون نشان ۶ سنہ ۱۳۵۳ف

(j) "special resolution" shall mean the matter which is decided at any special meeting; and

اس جلسہ کی طلبی کی اطلاع میں درج ہو۔

(ی)۔ "قرارداد خاص" سے وہ امر مراد ہوگا جو کسی جلسہ خاص میں طے پائے اور

(k) "India" shall mean British India and all Indian States.

(ک)۔ "ہندوستان" سے برطانیہ ہند اور کل ہندوستانی ریاستیں مراد ہونگی۔

CHAPTER II.

ESTABLISHMENT AND CONSTITUTION OF THE HYDERABAD STATE BANK.

باب ۲

حیدرآباد اسٹیٹ بنک کا قیام اور اس کی ہیئت کذائی۔

Establishment of the Bank.

3. (1) The Hyderabad State Bank shall be established for the purposes of this Act and for carrying on business subject to the provisions of this Act.

بنک کا قیام۔ دفعہ ۳۔ (۱)۔ حیدرآباد اسٹیٹ بنک اغراض قانون ہذا کے لئے اور احکام قانون ہذا کے تابع کاروبار انجام دینے کے لئے قائم کیا جائے گا۔

(2) The Bank shall be a body corporate having a common seal and it shall have the power to institute and defend suits and other legal proceedings and to discharge all such duties as may be necessary for its purposes.

(۲)۔ بنک کی حیثیت جماعت متحدہ کی ہوگی جس کی ایک عام مہر ہوگی اور اس کو مقدمات اور دیگر قانونی کارروائی رجوع اور ان میں

4. Subject to the provisions of this Act the capital of the Bank shall be one and a half crores of rupees, of which seventy five lakhs rupees shares shall be issued in the beginning, each share being of the value of one hundred rupees, to be paid up in the following manner :—

Capital.

دفعہ ۴۔ (۱)۔ تابع احکام قانون ہذا بنک کا سرمایہ ڈیڑھ کروڑ روپیہ کا ہوگا جس کے منجملہ ابتداءً پچھتر لاکھ روپے کے حصص کی اجرائی ہوگی اور ہر حصہ سو روپیہ کا ہوگا جس کی ادائی حسب ذیل طریقہ پر ہوگی۔

سرمایہ۔

Twenty five rupees per share applied, along with the application, for the purchase of share and seventy-five rupees per share on the acceptance of application for the purchase of share and allotment of the share.

درخواست خریداری حصہ کے ساتھ ہر مطلوبہ حصہ کی بابت پچیس روپیہ۔ اور

درخواست خریداری کے منظور اور حصہ کے نامزد کئے جانے پر ہر حصہ کی بابت پچھتر روپیہ۔

CHAPTER III.

SHARES.

باب ۳

حصص۔

5. (1) The shares of the Bank shall be deemed movable property.

Nature of shares.

دفعہ ۵۔ (۱)۔ بنک کے حصص جائداد منقولہ متصور ہوں گے۔

حصص کی حیثیت۔

(Translation)

(2) Each share of the Bank shall be identified by the serial number thereof.

(۲) - بنک کے ہر حصہ کی شناخت اس کے نشان شمارہ سے ہوگی۔

6. Certificate of share bearing the common seal of the Bank and specifying the shares purchased or acquired by any share-holder shall be prima facie evidence of that title of the share-holder to the extent of such shares as may be specified therein.

Certificate of shares.

وثیقۂ حصص | دفعہ ۶ - حصہ کا وثیقہ جس پر بنک کی عام مہر ہو اور جس میں کسی حصہ دار کے خرید یا حاصل کردہ حصص کی صراحت درج ہو ان حصص کی حد تک حصہ دار کی حقیت کی بادی النظری شہادت ہوگا جن کی صراحت وثیقہ میں ہو۔

7. The Bank shall maintain a register of shareholders which may, as required, comprise more than one volume and the following particulars shall, as far as practicable, be entered therein :—

Register of Shareholders.

حصہ داروں کا رجسٹر۔ | دفعہ ۷ - بنک حصہ داروں کا ایک رجسٹر قائم کرے گا جو بہ لحاظ ضرورت ایک سے زائد جلدوں پر مشتمل ہوسکے گا اور اس میں حتی الوسع حسب ذیل تفصیلات کا اندراج ہوگا۔

(1) the name and address of the shareholder, name of the place whereof he is a permanent inhabitant and his occupation, if any, the number of shares purchased or acquired by the shareholder and the serial number of each share for identification thereof;

(۱) - حصہ دار کا نام - پتہ - اس مقام کا نام جہاں کا وہ مستقل باشندہ ہو اور اس کا پیشہ اگر کوئی ہو - حصہ دار کے خرید یا حاصل کردہ حصص کی تعداد اور ہر حصہ کا وہ نشان شمارہ جو اس حصہ کی شناخت کے لئے ہو۔

(2) the date on which a shareholder's name has been entered in the register as a shareholder; and

(۲) ۔ تاریخ جس پر حصہ دار کا نام بطور حصہ دار درج رجسٹر کیا گیا ہو ۔ اور

(3) the date on which any person ceases to be a shareholder.

(۳) ۔ تاریخ جس پر کسی شخص کی حیثیت حصہ داری ختم ہوئی ہو۔

Qualifications of shareholders.

8. (1) Any person may be registered as a shareholder provided he is—

حصہ داروں کی اہلیت ۔ | دفعہ ۸ ۔ (۱) ۔ کسی شخص کا نام بہ حیثیت حصہ دار درج رجسٹر کیا جاسکے گا بہ شرطیکہ وہ :۔

(a) a permanent inhabitant of H. E. H. the Nizam's Dominions or a subject of H. E. H. the Nizam;

(الف) ۔ ممالک محروسہ سرکار عالی کا مستقل باشندہ یا سرکار عالی کی رعایا ہو ۔

(b) a permanent resident of British India or of British Burma, and is an Indian or a Burmese, is a subject of His Majesty or of a State in India or Burma; or

(ب) ۔ برطانوی ہند یا برطانوی برما کا مستقل باشندہ ہو اور ایک ہندوستانی یا برمی کی حیثیت سے ملک معظم کی یا ہندوستان یا برما کے کسی ریاست کی رعایا ہو ۔ یا

(c) a British subject ordinarily resident in H. E. H. the Nizam's Dominions, India or British

(ج) برطانوی رعایا ہو ۔ معمولاً ممالک محروسہ سرکار عالی ہندوستان یا برطانوی برما

Burma and a permanent resident of Great Britain, or of any part of His Majesty's Kingdom ; or

میں سکونت پذیر ہو اور برطانیہ عظمیٰ یا ملک معظم کی مملکت کے کسی حصہ کا مستقل باشندہ ہو۔ یا

(d) a company or society registered under the Hyderabad Companies Act No. IV of 1320 F. or under any other law in force in H. E. H. the Nizam's Dominions, British India or in any State of India or British Burma relating to registration of companies or societies ; or

(د) ۔ ایسی کمپنی یا انجمن ہو۔ جس کی رجسٹری قانون کمپنی ممالک محروسہ سرکار عالی نشان بہ بابتہ ۱۳۲۰ف کے تحت یا کسی اور قانون کے تحت ہوئی ہو جو ممالک محروسہ سرکار عالی یا برطانوی ہند یا ہندوستان کی کسی ریاست یا برطانوی برما میں کمپنیوں یا انجمنوں کی رجسٹری کے تعلق سے نافذ ہو۔ یا

(e) a society registered under the Hyderabad Co-operative Credit Societies Act No. II of 1323 F. or under any other law in force in H. E. H. the Nizam's Dominions, British India or in British Burma relating to registration of such societies ; or

(ھ) ۔ کوئی انجمن ہو جس کی رجسٹری قانون انجمن ہائے امداد قرضہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۲ بابتہ ۱۳۲۳ف کے تحت یا کسی اور قانون کے تحت ہوئی ہو جو ممالک محروسہ سرکار عالی یا برطانوی ہند یا برطانوی برما میں ایسی انجمنوں کی رجسٹری کے تعلق سے نافذ ہو۔ یا

(f) a society registered under the Hyderabad Registration of Benefit Societies Act No. I of 1350 F., or under any other law in force in H. E. H. the Nizam's Dominions relating to registration of such societies ; or

(و) ۔ کوئی انجمن ہو جس کی رجسٹری قانون رجسٹری انجمن ہائے رفاہی نشان ۱ بابتہ ۱۳۵۰ف کے تحت یا کسی اور قانون کے تحت ہوئی ہو جو ممالک

محروسہ سرکار عالی میں ایسی انجمنوں کی رجسٹری
کے تعلق سے نافذ ہو۔ یا

(g) a corporation or any body corporate or a local body constituted under the orders of the Government or a corporation or any body corporate or company incorporated by or under any Act of Parliament of Great Britain or under any other law in force in any part of His Majesty's Kingdom relating thereto.

(ز) ۔ کوئی جماعت متحدہ یا سند یافتہ
یا مجلس مقامی ہو جس کی تشکیل احکام سرکار عالی
کے تحت ہوئی ہو یا کوئی جماعت متحدہ یا سند یافتہ
یا کمپنی ہو جس کی تشکیل برطانیہ عظمی کی پارلیمنٹ کے
کسی قانون کے ذریعہ یا اس کے تحت یا کسی اور
ایسے قانون کے تحت ہوئی ہو جو ملک معظم کی مملکت
کے کسی حصہ میں اس بارے میں نافذ ہو۔

(2) The name of a person who is not qualified as specified in sub-section (1) shall not be entered as a shareholder in the register of shareholders nor shall he be entitled to receive any dividend on any share; and no person who ceases to have any of the said qualifications shall, notwithstanding that his name has been entered in the register of shareholders as a shareholder, exercise the rights of a shareholder other than the right to sell his share.

(۲) کسی شخص کا نام جو ضمن (۱) کی مصرحہ
اہلیت نہ رکھتا ہو حصہ داروں کے رجسٹر میں بحیثیت
حصہ دار درج نہ کیا جائے گا اور نہ وہ کسی حصہ کی
بابتہ کوئی منافعہ پانے کا مستحق ہوگا۔ نہ بجز اس
حق کے کہ وہ اپنے حصہ کو بیچے حصہ دار کے کسی اور
حق کا کوئی شخص استعمال کر سکے گا جس میں مذکور اہلیتوں
میں سے کوئی اہلیت باقی نہ رہے باوجود اس کے
کہ اس کا نام حصہ داروں کے رجسٹر میں بہ حیثیت
حصہ دار درج ہو چکا ہو۔

(*Translation*)

Government to be a shareholder.

9. Notwithstanding the provisions of Section 8, the Government shall be a shareholder of the Bank and shall purchase shares at the value entered in the certificate thereof, the aggregate amount of which shall at all times be fifty-one percent of the total value of the shares issued by the Bank.

سرکار عالی کا حصہ دار ہونا ۔ | دفعہ ۹ ۔ سرکار عالی باوجود احکام دفعہ ۸ بنک کے حصہ دار ہوں گے۔ اور حصہ کی رقم کے لحاظ سے جو اس کے سرٹیفکیٹ میں لکھی جائے سرکار عالی حصص خریدیں گے جن کی مجموعی رقم ہمیشہ بنک کے جاری کردہ جملہ حصص کی مجموعی رقم کی اکاون فیصد ہوگی۔

Number of shares which a shareholder may purchase and his liability.

10. Subject to section 9, no shareholder shall own, jointly or severally, more than two hundred shares and the liability of every shareholder shall be limited to the amount of the shares purchased by him.

تعداد حصص جو حصہ دار خرید سکے گا اور حصہ دار کی ذمہ داری ۔ | دفعہ ۱۰ ۔ تابع دفعہ ۹ کوئی حصہ دار منفرداً یا مشترکاً دو سو سے زائد حصص کا مالک نہ ہو سکے گا اور ہر حصہ دار کی ذمہ داری اس کے خریدکردہ حصص کی رقم کی حد تک محدود ہوگی۔

Notice of towliat or trust ineffective.

11. No notice of such Towliat or trust as may render any person dealing with the Bank liable, as a mutawalli or trustee, shall be entered in any register or be receivable by the Bank, nor shall such notice deserve any consideration as far as it relates to the business of the Bank whether it is expressed, implied or constructive.

تولیت یا امانت کی اطلاع کا بے اثر ہونا ۔ | دفعہ ۱۱ ۔ تولیت یا ایسی امانت کی اطلاع جس سے کسی شخص پر جو بنک سے کوئی معاملت کر رہا ہو بہ حیثیت متولی یا امین کوئی ذمہ داری عائد ہوتی ہو بنک اپنے کسی رجسٹر میں درج نہ کرے گا۔ نہ وہ اس کو قبول کرے گا اور نہ ایسی اطلاع بنک کے کاروبار کی حد تک قابل لحاظ ہوگی عام اس سے

سے کہ وہ صریحی ہو یا معنوی یا تعبیری -

Inspection of register of shareholders.

12. (1) The register of shareholders shall be kept at the Head Office of the Bank and, except the period when it is closed under the provisions of this Act, shall, subject to such reasonable restrictions as the Bank may impose, be open during the business hours for inspection by a shareholder free of charge for at least two hours every day ;

حصہ داروں کے رجسٹر کا معائنہ - | دفعہ ۱۲ - (۱) -
حصہ داروں کا رجسٹر بنک کے صدر دفتر میں رکھا جائے گا اور وہ بجز اس زمانہ کے جب وہ قانون ہذا کے احکام کے مطابق بند کیا جائے اوقات کاروبار میں ایسے مناسب قیود کے ساتھ جن کو بنک عائد کرے کسی حصہ دار کے بلا معاوضہ معائنہ کے واسطے کم سے کم دو گھنٹے کے لئے روزانہ کھلا رکھا جائے گا -

(2) Where a copy of the register or any part thereof is required by a shareholder the same shall be furnished to him on prepayment, provided he pays the copying fee in advance, at the rate of six annas for every hundred words or a fraction thereof.

(۲) کسی حصہ دار کو رجسٹر کی یا اس کے کسی حصہ کی نقل درکار ہو تو وہ اس کو دی جائے گی بشرطیکہ وہ ہر سو الفاظ یا سو کے کسی جزو کی نقل کے لئے چھ آنے کے حساب سے پیشگی اجرت ادا کرے -

Shareholders' list to be forwarded to Government.

13. *[The Bank shall within two months from the date on which the annual accounts are closed forward to Government a list showing the name, address and occupation of, and the number of shares held by every shareholder of the Bank.]

حصہ داروں کی فہرست سرکار عالی کے پاس بھیجنا - | دفعہ ۱۳ عـه [بنک پر لازم ہوگا کہ سالانہ حسابات کے طے ہونے کی تاریخ سے دو ماہ کے اندر سرکار عالی

*Amended by Act No. V of 1354 Fasli.

عـه - ترمیم بموجب قانون نشان (۵) سنہ ۱۳۵۴ ف

Power to close the register.

14. *[The Bank shall be empowered to close the register of shareholders at any time or times for a maximum period not exceeding thirty days in a year.]

رجسٹر کو کھلا نہ رکھنے کا اختیار۔ | دفعہ ۱۴۔ *[بنک کو اختیار حاصل رہے گا کہ وہ حصہ داروں کے رجسٹر کو کسی وقت یا اوقات میں جس کی انتہائی میعاد سال میں تیس یوم سے زائد نہ ہوگی کھلا نہ رکھے۔]

CHAPTER IV.

MANAGEMENT.

باب ۴

انتظام۔

Board of Directors authorised to carry on the entire business of the Bank.

15. Except where in this Act the exercise of any power or the discharge of any work or business has been specifically entrusted to the general meeting, the general superintendence of all the affairs and business of the Bank shall be entrusted to a Board of Directors and the said Board shall exercise all such powers and do all such acts and things as may be exercised or done by the Bank.

بنک کے جملہ کاروبار کرنے کی مجاز مجلس نظما ہوگی۔ | دفعہ ۱۵۔ بجز اس کے کہ قانون ہذا میں کسی اختیار کے استعمال کو یا کسی کام یا امر کی انجام دہی کو خصوصیت سے جلسہ عام کے سپرد کیا گیا ہو بنک کے کل معاملات اور کاروبار کی عام نگرانی مجلس نظماء کے سپرد ہوگی اور مجلس مذکورہ کل اختیارات استعمال اور ایسے تمام کام اور امور انجام دے گی جنکو بنک استعمال کرسکتا یا انجام دے سکتا ہو۔

*Amended by Act No. of V 1354 Fasli.

* ترمیم بموجب قانون نشان (۵) ۱۳۵۴ف

(Translation)

BOARD OF DIRECTORS.

Constitution of the Board of Directors.

16. The Board of Directors shall consist of the following Directors, namely :—

(1) The President, who shall be nominated by the Government;

(2) a Managing Director, who shall be appointed by the Government for a period not exceeding five years on such terms as the Board of Directors may recommend. The Board of Directors shall have the power to extend the period of his service, the maximum period whereof shall not, at a time, exceed five years and such period shall, having regard to the case and the prevailing circumstances, be determined by the Board of Directors.

(3) three Directors who shall be nominated by the Government of whom one shall be an Officer of the Government in the Finance Department ;

مجلس نظماء

مجلس نظماء کی تشکیل ۔ دفعہ ۱۶ ۔ مجلس نظماء مندرجہ ذیل نظماء پر مشتمل ہوگی :۔

(۱) ۔ صدر نشین ۔ جس کو سرکار عالی نامزد کریں گے ۔

(۲) ۔ ناظم عاملہ ۔ جو سرکار عالی کی جانب سے ایسی مدت کے لئے جو پانچ سال سے زائد نہ ہو ان شرائط پر مقرر کیا جائے گا جن کی سفارش مجلس نظماء کرے ۔ اس کی مدت ملازمت میں توسیع مجلس نظماء کی اختیاری ہوگی جس کی بوقت واحد انتہائی مدت پانچ سال سے زائد نہ ہوگی اور اس مدت کا تعین صورت و حالات حاضرہ کے لحاظ سے مجلس نظماء کیا کرے گی ۔

(۳) تین نظماء ۔ جن کو سرکار عالی نامزد کریں گے ان میں کا ایک سررشتۂ فینانس سرکار عالی کا عہدہ دار ہوگا ۔

(*Translation*)

(4) three Directors who shall be elected by the shareholders but the Government as a shareholder shall not take part in their election;

(۴)۔ تین نظما۔ جن کا انتخاب حصہ دار کریں گے لیکن ان کے انتخاب میں سرکار عالی بہ طور حصہ دار کوئی حصہ نہ لیں گے۔

(5) such persons not exceeding two in number who have been elected by the Board of Directors at any time after the ordinary general meeting :

(۵)۔ ایسے اشخاص جن کی تعداد دو سے زائد نہ ہو اور جن کا انتخاب مجلس نظما نے معمولی جلسۂ عام کے بعد کسی وقت کیا ہو۔

Provided that the Board of Directors shall, in exercising this power, as far as possible, have regard for the representation of such interests as are not already represented on the Board of Directors and the industrial interests and the interests of the Hyderabad Land Mortgage Bank and the Co-operative Banks shall be the particular aim of the Board of Directors.

مگر شرط یہ ہے کہ مجلس نظما اس اختیار کو استعمال کرتے وقت حتی الوسع ایسے مفادات کی نمائندگی کو مدنظر رکھے گی جن کو مجلس نظما میں نمایندگی حاصل نہ ہو چکی ہو۔ اور صنعتی مفاد اور حیدرآباد زمین گروی بنک اور امداد باہمی کے بنکوں کے مفادات خاص طور پر مجلس نظما کے پیش نظر رہینگے۔

Power to dismiss the Board of Directors and to appoint another in its place.

17. If, in the opinion of the Government, the Bank fails to carry out any of the obligations which have been imposed on it under this Act, it may notify in the Jarida the dismissal of the Board of Directors in office and the entrusting of the general superintendence and management of the Bank to some other body

دفعہ ۱۷۔ سرکار عالی کی رائے میں بنک ان ذمہ داریوں میں سے کسی ذمہ داری کے پورا کرنے سے قاصر ہو جو قانون ہذا کے تحت اس پر عائد کی گئی ہیں تو سرکار عالی کو اختیار

مجلس نظما کو برطرف اور اس کے بجائے کسی اور کو مقرر کرنے کا اختیار۔

or person whom it may consider fit for this purpose. Such body or person as may be mentioned in the notification shall, from the date thereof, have power to do all acts and things which would be done or might be done or could be done by the Board of Directors under this Act.

CHAPTER V.

CONTRACTS.

Form of contracts.

18. (1) Contracts on behalf of the Bank shall be made in the following form :—

A contract which, between private persons, is by law required to be in writing and signed by the parties thereto, may be made in writing on behalf of the Bank signed by a person acting under its authority given expressly or impliedly, and may, in the like manner, be varied or revoked.

ہو گا کہ وہ برسر اقتدار مجلس نظما کی برطرفی کا اور بنک کے کاروبار کی عام نگرانی اور انتظام کو کسی اور جماعت یا شخص کے جس کو وہ اس غرض کے لئے مناسب خیال کریں سپرد کرنے کا اعلان جریدہ میں کریں۔ اس اعلان کی تاریخ سے اس جماعت یا شخص کو جس کا ذکر اعلان میں ہو ان تمام افعال اور امور کی انجام دہی کا اختیار حاصل ہو جائے گا جس کو قانون ہذا کے تحت مجلس نظما انجام دیتی یا دے سکتی تھی یا دے سکتی ہو۔

باب ۵

معاہدات۔

معاہدے کا طریقہ۔ | دفعہ ۱۸۔ (۱)۔ بنک کی جانب سے معاہدے بہ طریق ذیل ہوں گے۔

ایسا معاہدہ جس کا قانون کی رو سے خانگی اشخاص کے مابین تحریری اور فریقین معاہدے کے دستخط سے ہونا ضروری ہو بنک کی جانب سے تحریری اور ایسے شخص کی دستخط سے ہو سکے گا جو

قانون حیدرآباد اسٹیٹ بنک۔ نشان (۹) سنہ ۱۳۵۰ف

اس کے دئے ہوئے صریحی یا معنوی اختیار کے تحت عمل کر رہا ہو اور اس میں تبدیلی یا اس کی تنسیخ بھی اسی طریقہ سے ہو سکے گی۔

(2) The contracts made according to the provisions of this section shall be enforceable at law, and the Bank shall be bound by such contract and all the other parties thereto and their legal representatives shall be bound by it if the contract is such as to be binding on the legal representatives.

(۲)۔ معاہدے جو دفعۂ ہذا کے احکام کے مطابق ہوں گے قانوناً قابل نفاذ ہوں گے۔ اور بنک ایسے معاہدے کا پابند ہوگا نیز اُس کے پابند جملہ فریق مقابل اور ان کے قائم مقامان قانونی ہوں گے اگر معاہدہ ایسا ہو کہ قائم مقامان قانونی قانوناً اس کے پابند کئے جا سکتے ہوں۔

CHAPTER VI.

BUSINESS OF THE BANK.

باب ۶

کاروبار بنک۔

Business which the Bank may transact.

19. Subject to the restrictions laid down in schedule II to this Act, the business which the Bank may carry on and transact under this Act shall be the kinds of business and transactions specified in the said Schedule.

کاروبار بنک انجام دے گا۔

دفعہ ۱۹۔ تابع قیود ضمیمۂ دوم منسلکہ قانون ہذا جو کاروبار تحت قانون ہذا بنک انجام دے سکے گا۔ اور جاری رکھ سکے گا وہ ان تمام اقسام کے کاروبار اور ایسے معاملات ہوں گے جن کی صراحت ضمیمۂ مذکور میں ہے۔

(*Translation*)

20. The business of the Bank may be commenced from such time as the Board of Directors thinks fit, whether or not the whole of the capital has been received and whether only a part of the shares issued by it have been allotted.

Commencement of business.

21. The Bank may for providing suitable buildings to carry on the business of the Bank, and for the purpose of making arrangement for the residence for its officers and staff :

Pocuring premises for business.

(a) acquire any interest in immovable property, or

(b) sell, buy, resell, exchange, lease, furnish, repair, insure against fire or other risks or deal in any other way with the whole or part thereof in the interest of the Bank.

آغاز کاروبار ۔ | دفعہ ۲۰ ۔ بنک کے کاروبار کا آغاز اس وقت سے ہوسکے گا جس وقت سے کہ مجلس نظما اس کا آغاز مناسب خیال کرے عام اس سے کہ اس کا جاری کردہ سرمایہ تمام وکمال وصول ہوا ہو یا نہ ہوا ہو اور اس کے جاری کردہ حصص صرف جزوی نامزد ہوئے ہوں ۔

کاروبار کے لئے عمارات کی فراہمی ۔ | دفعہ ۲۱ ۔ بنک کا کاروبار چلانے اور اپنے عہدہ دار اور ملازمین کی رہائش کا انتظام کرنے کی غرض سے موزوں عمارات کی فراہمی کے لئے بنک کو اختیار ہوگا کہ وہ ۔

(الف) ۔ جائداد غیر منقولہ میں کوئی حق حاصل کرے ۔ یا

(ب) ۔ اس کو فروخت کرے ۔ خریدے ۔ دوبارہ فروخت کرے ۔ دوسری جائداد سے اس کا تبادلہ کرے ۔ اس کو کرایہ پر دے ۔ آراستہ کرے ۔ اس کی مرمت کرے ۔ آتش زدگی یا دیگر خطرات سے حفاظت کے خیال سے اس کا بیمہ کرائے یا بنک کے مفاد کے لئے اس کے جزو یا کل

22. (1) The Head Office of the Bank shall be in the City of Hyderabad.

Establishment of Head Office, branches and agencies.

دفعہ ۲۲۔ (۱) صدر دفتر شاخوں اور ایجنسیوں کا قیام۔ بنک کا صدر دفتر بلدۂ حیدرآباد میں رہے گا۔

(2) Subject to the provisions of this Act, the Bank may—

(۲)۔ تابع احکام قانون ہذا بنک کو اختیار ہوگا کہ وہ :۔

(a) establish its branches or agencies at such places, whether within or without H. E. H. the Nizam's Dominions as may seem expedient to it in the interest of the Bank, and

(الف)۔ بنک کے اغراض کے لئے ایسے مقامات پر اپنی شاخیں یا ایجنسیاں قائم کرے جہاں بنک کے مفاد کے لئے اس کو ایسا کرنا مناسب معلوم ہو عام اس سے کہ وہ مقامات ممالک محروسہ سرکار عالی میں واقع ہوں یا بیرون ممالک محروسہ سرکار عالی۔

(2) close any branch or agency established under this section.

(ب)۔ کسی شاخ یا ایجنسی کو جو دفعہ ہذا کے تحت قائم ہو بند کرے۔

23. (1) The Bank may after obtaining the sanction of the Government negotiate or correspond with any banking company, carrying on bussiness in H. E. H. the Nizam's Dominions and having a share capital for sale and

Power to take over business of any other Bank and to increase capital for that purpose.

دفعہ ۲۳۔ (۱)۔ کسی دوسرے بنک کے کاروبار حاصل اور اس غرض کے لئے سرمایہ میں اضافہ کرنے کا اختیار۔ بنک کو اختیار ہوگا کہ وہ بہ حصول منظوری سرکار عالی کسی بنکنگ کمپنی سے جو ممالک محروسہ

purchase; purchase the same, take over business thereof including the capital, assets and liabilities and pay the consideration for such purchase and taking over, either in cash or by the allotment of its shares, or may make the payment thereof partly in cash and partly in any other manner, and may, subject to the provisions of this Act, issue, for making provision for the capital so increased and for the shares which have been allotted for the payment of the purchase price, shares in such number as the bank may think fit and for that purpose increase its capital.

سرکار عالی میں کاروبار انجام دیتی ہو اور جس کا سرمایہ حصص پر مشتمل ہو اس کی بیع و شری کی نسبت گفت و شنید یا مراسلت کرے۔ اس کو خریدے اس کے کاروبار کو بہ شمولی سرمایہ۔ واصلات اور واجبات حاصل کرے اور ایسی خریدی اور حصول کا معاوضہ نقد یا اپنے حصص کی نامزدگی سے ادا کرے یا اس کی ادائی جزءً نقد اور جزءً کسی اور طریقہ پر کرے نیز احکام قانون ہذا کے تابع اس طرح اضافہ شدہ سرمایہ کی اور ان حصص کی تکمیل کے لئے جو خریدی کا معاوضہ ادا کرنے کے لئے نامزد کئے گئے ہوں اس تعداد میں حصص جاری کرے جو بنک کو مناسب معلوم ہو اور اس غرض کے لئے اپنے سرمایہ میں اضافہ کرے۔

(2) Any business so purchased shall be carried on by the Bank subject to the provisions of this Act.

(۲) اس طرح جو کاروبار خریدا جائے اسکو بنک احکام قانون ہذا کے تابع چلائے گا۔

Power of Bank to advance loans to Banks and Societies.

24. Notwithstaning the provisions of Schedule II, the Bank may, either alone or jointly with other persons, for averting the winding up of any banking company registered under the Hyderabad

بنکوں اور انجمنوں کو قرضہ دینے کا بنک کو اختیار۔

دفعہ ۲۴۔ ضمیمہ دوم کے احکام کے باوجود بنک کو اختیار ہوگا کہ وہ خود تنہا یا بہ شرکت

(*Translation*)

Companies Act No. IV of 1320 F. and having a share capital, or of the Hyderabad Land Mortgage Bank, or of any society registered under the Hyderabad Co-operative Credit Societies Act No. II of 1323 F. or under any other law in force in H. E. H. the Nizam's Dominions relating to the registration of such societies or when any such company or the Hyderabad Land Mortgage Bank or society is being wound up, for facilitating the same, advance loan to, or open a cash credit account in the name of the company or the Hyderabad Land-Mortgage Bank or Society or the liquidator thereof, for any period, upon the security of all or any of the assets of the company, the Hyderabad Land Mortgage Bank or the Society.

CHAPTER VII.

MISCELLANEOUS.

25. (1) The Board of Directors

اشخاص دیگر کسی بنکنگ کمپنی کو جس کی رجسٹری قانون کمپنی ممالک محروسہ سرکار عالی نشان (۴) ۱۳۲۰ف کے تحت ہوئی ہو اور جس کا سرمایہ حصص پر مشتمل ہو یا حیدرآباد زمین گروی بنک یا کسی انجمن کو جس کی رجسٹری قانون انجمن ہائے امداد قرضہ ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۲ بابتہ ۱۳۲۳ف کے تحت یا کسی اور قانون کے تحت ہوئی ہو جو ممالک محروسہ سرکار عالی میں ایسی انجمنوں کی رجسٹری کے تعلق سے نافذ ہو کاروبار کے بند کرنے سے بچانے کے لئے یا جب کوئی ایسی کمپنی۔ حیدرآباد زمین گروی بنک یا انجمن اپنا کاروبار بند کر رہی ہو تو اس میں سہولت پیدا کرنے کے لئے کمپنی۔ حیدرآباد زمین گروی بنک یا انجمن یا اس کے منصرم کو کسی مدت کے لئے کمپنی۔ حیدرآباد زمین گروی بنک یا انجمن کے جملہ یا اصلات یا ان میں سے کسی کی کفالت پر قرضہ دے یا ان کے نام سے نقدی ساکھ کا کھاتہ کھولے۔

باب

متفرق۔

ذیلی قواعد بنانے کا اختیار۔ | دفعہ ۲۵۔ (۱) مجلس نظما

ترمیم بموجب قانون نشان (۶۸) ۱۳۵۳ف

(*Translation*)

Power to make *[bye-laws.]

shall, with the approval of the Government, make *[bye-laws] consistent with the provisions of this Act and not in any way inconsistent therewith for the following matters :—

(a) determining the amount of money wich may be paid to customers without security in excess of the amount standing to his credit in his accounts ;

(b) prescribing the definite conditions subject to wich loan may be advanced to any Director, or officer of the Bank or to any relative of any Director or officer of the Bank, or to a company, business association or trader or any other person with which or with whom any Director or officer of the Bank or his relative is connected as a partner, shareholder, director, manager, servant or otherwise ;

*Amended by Act No. VI of 1353 F.

امور مندرجہ ذیل کے متعلق بہ حصول منظوری سرکار عالی ایسے [ذیلی قواعد] مدون کرے گی۔ جو قانون ہذا کے احکام کے مطابق اور ان سے کسی طرح مغائر نہ ہوں۔

(الف) - ایسی رقم کی مقدار کا تعین جو کھاتہ دار کو اس کے کھاتہ میں جمع رقم سے زائد بلا حصول کفالت دی جا سکے گی۔

(ب) - ایسے قطعی شرائط کا تعین جن کے تحت بنک کے کسی ناظم یا عہدہ دار کو یا بنک کے کسی ناظم یا عہدہ دار کے کسی عزیز کو یا ایسی کمپنی - کاروباری جماعت - تاجر یا دوسرے کسی شخص کو قرضہ دیا جا سکے گا جس سے یا جس کے ساتھ بنک کا کوئی ناظم یا عہدہ دار یا اس کا کوئی عزیز بہ حیثیت شریک - حصہ دار - ناظم - منتظم یا ملازم یا کسی اور طرح کوئی تعلق رکھتا ہو۔

[ترمیم بہ موجب قانون نشان (۶) سنہ ۱۳۵۳ ف]

(*Translation*)

The *[bye-laws] shall provide that no loan without security shall be made to any officer of the Bank without the express sanction of the Board of Directors.

[ذیلی قواعد] میں ایسی شرط لازماً قائم کیجائے گی کہ بنک کے کسی عہدہ دار کو بلا کفالت کوئی قرضہ مجلس نظماء کی صریح منظوری بغیر نہ دیا جائے گا۔

(c) the particulars to be contained in the annual balance sheet and the statement of profit and loss ;

(ج)۔ تفصیلات جو سالانہ وصول باقی اور تختہ نفع و نقصان میں درج ہوں گی۔

(d) any other matter relating to which this Act directs *[bye-laws] to be made.

(د)۔ کوئی اور امر جس کی نسبت قانون ہذا میں [ذیلی قواعد] مدوّن کرنے کی ہدایت ہو۔

(2) The Board of Directors may, with the approval of the Government, make *[bye-laws] consistent with the provisions of this Act and not in any way inconsistent therewith for all or any of the following matters :—

(۲)۔ مجلس نظماء امور مندرجہ ذیل یا ان میں سے کسی ایک کے متعلق بہ حصول منظوری سرکار عالی ایسے [ذیلی قواعد] مدون کرسکے گی جو قانون ہذا کے احکام کے مطابق اور ان سے کسی طرح مغائر نہ ہوں۔

(a) the compilation of the register of shareholders ;

(ا لف)۔ حصہ داروں کے رجسٹر کی ترتیب۔

(b) the distribution of business amongst the Directors and their remuneration ;

(ب)۔ نظماء کے مابین کام کی تقسیم اور ان کا معاوضہ۔

*Amended by Act No. VI of 1353 F.

* ترمیم بہ موجب قانون نشان (۶) ۱۳۵۳ف

(c) the delegation of any powers of the Board of Directors to a Committee of Directors ;

(ج) ۔ مجلس نظما کے کسی اختیار کو نظما کی کسی کمیٹی کے تفویض کرنا ۔

(d) the procedure to be followed by the Board of Directors or by a committee thereof ;

(د) ۔ مجلس نظما یا اس کی کسی کمیٹی کا ضابطہ

(e) the books and accounts to be kept at the head office of the Bank ;

(ھ) ۔ کتب اور حسابات جو بنک کے صدر دفتر میں رکھے جائیں گے ۔

(f) the renewal of share certificate lost, worn out or destroyed ;

(و) ۔ گم ۔ تلف یا بوسیدہ وثیقہ حصہ کی تجدید ۔

(g) the conduct and defence of legal proceedings and signing of pleadings ;

(ز) ۔ قانونی کارروائیوں میں پیروی یا جواب دہی اور پلیڈنگس پر دستخط ۔

(h) the constitution and management of pension, provident or other funds for the benefit of employees of the Bank ;

(ح) ۔ ملازمین بنک کے مفاد کے لئے وظائف پراویڈنٹ فنڈ یا کسی اور قسم کے فنڈ کا قیام اور اس کا انتظام ۔

(i) matters regarding which the Board of Directors is empowered to make *[bye-laws] under this Act ;

(ط) ۔ اُمور جن کی نسبت قانون ہذا کے تحت [ذیلی قواعد] کی تدوین مجلس نظما کی اختیاری ہو ۔

*Amended by Act No. VI of 1353 F.

* ترمیم بہ موجب قانون نشان (۶) سنہ ۱۳۵۳ف

*[(ii) the holding and conduct of elections under this Act including the manner in which votes may be exercised ;]

(j) the conduct of the business of the Bank in general.

26. The Bank shall notify from time to time the minimum rate at which it may advance or lend money upon the security of Government Promissory Notes.

Notification regarding rate at which advance or loan may be given on Government Promissory notes.

27. The provisions of the Hyderabad Companies Act No. IV of 1320 F. shall not apply to the Bank, and the Bank shall not be placed in liquidation until the Government so order and the liquidation shall be conducted in such manner as the Government may prescribe in the order of liquidation.

Liquidations of Bank.

*Added by Act No. V of 1354 Fasli.

[(طط)[۲]۔ قانون ہذا کے تحت انتخابات کا انتظام و انعقاد بہ شمول اس طریقے کے جس سے کہ آراء استعمال کئے جاسکیں گے۔]

(ی)۔ عام طور پر بنک کے کاروبار کی انجام دہی۔

پرامیسری نوٹ سرکار عالی پر پیشگی رقم یا قرضہ کی شرح کا اعلان۔

دفعہ ۲۶۔ بنک کو وقتاً فوقتاً اس اقل شرح کا اعلان کرنا ہوگا جس کے بہ موجب وہ سرکار عالی کے پرامیسری نوٹوں کی کفالت پر پیشگی رقم یا قرض دے سکیگا۔

بنک کی مسدودی۔

دفعہ ۲۷۔ بنک سے قانون کمپنی ممالک محروسہ سرکار عالی نشان ۴ بابتہ ۱۳۲۰ ف کے احکام متعلق نہ ہوں گے۔ اور بنک کا کاروبار اس وقت تک مسدود نہوگا جب تک کہ سرکار عالی ایسا حکم نہ دیں اور بنک کی مسدودی اس طریقہ کے مطابق عمل میں آئے گی جو سرکار عالی اس کی مسدودی کے حکم میں معین کریں۔

[۲] اضافہ بہ موجب قانون نشان (۵) ۱۳۵۴ ف

28. The provisions of Schedule I to this Act shall in respect of the matters mentioned therein, be deemed to be the regulations of the Bank.

Regulation of Bank.

SCHEDULE I.

REGULATIONS OF THE BANK.

(See Section 28).

1. Every person whose name is entered as a shareholder in the register of shareholders shall, free of charge, be entitled to receive a share certificate under the Common Seal of the Bank specifying the serial numbers of the share or shares purchased or acquired by him :

Share certificate.

Provided that where a share or shares are held jointly by more than one person, the Bank shall not be bound to issue more than one certificate ; the delivery of a certificate to one of the joint shareholders shall be deemed to be a delivery of certificate to all.

ضوابط بنک ۔ | دفعہ ۲۸ ۔ قانون ہذا کے منسلکہ ضمیمۂ اوّل کے احکام ان امور کی حد تک جن کا ذکر اس میں ہے بنک کے ضوابط متصور ہونگے۔

ضمیمۂ اوّل

بنک کے ضوابط۔

دیکھو دفعہ ۲۸

وثیقۂ حصہ ۔ | ف ۔ ہر شخص جس کا نام رجسٹر حصہ داران میں بہ حیثیت حصہ دار درج ہو۔ وثیقہ حصہ داری بلا معاوضہ پانے کا مستحق ہوگا جس پر بنک کی عام مہر ثبت ہوگی اور اس میں حصہ دار کے خریدے یا حاصل کئے ہوئے حصہ یا حصوں کے وہ نشان شمارہ درج ہوں گے جو اس حصہ یا حصوں کی شناخت کے لئے ہوں۔

مگر شرط یہ ہے کہ حصہ یا حصص ایک سے زیادہ اشخاص کے مابین مشترک ہوں تو بنک پر ایک سے زائد وثیقہ کی اجرائی لازم نہ ہوگی مشترک حصہ داروں میں سے کسی ایک کو

وثیقہ کی حوالگی جملہ شرکا کو وثیقہ کی حوالگی متصور ہوگی۔

LIEN ON SHARES FOR DUES.

حصص پر واجبات کی کفالت

2. The Bank shall have a lien on all shares standing in the name of a shareholder in his individual capacity in in the register of shareholders, for all monies payable by him or from his estate to the Bank. Such lien of the Bank on a share shall extend to all dividends payable on such share.

Bank's lien on shares.

حصص پر بنک کا حق کفالت۔ | ف ۲۔ ایسی جملہ رقوم کی بابت جو کسی حصہ دار یا اس کی جائداد سے بنک کو وصول طلب ہوں بنک کو ان کل حصص پر کفالت حاصل رہے گی جو اس حصہ دار کے نام انفرادی حیثیت سے حصہ داروں کے رجسٹر میں درج ہوں۔ کسی حصہ پر بنک کا یہ حق کفالت اس حصہ کی بابت ادا شدنی جملہ منافعہ پر حاوی ہوگا۔

3. The Bank may in such manner as it thinks fit, sell a share on which it has a lien, but no share shall be so sold until a sum out of the sum in respect of which the lien has arisen, has become payable, and until the expiry of fourteen days after notice in writing of the amount in respect of which the lien has arisen has been given to the person in whose name such share has been registered in the register of shareholders and such amount as has then become payable has been demanded.

Power of sale in case of default.

بہ صورت عدم تسلیل فروخت کا اختیار۔ | ف ۳۔ بنک اس حصہ کو جس پر اس کو کفالت حاصل ہو اس طریقہ پر فروخت کر سکے گا جو اس کو مناسب معلوم ہو۔ لیکن کوئی حصہ اس طرح اس وقت تک فروخت نہ کیا جاسکے گا جب تک کہ اس رقم میں سے جس کے تعلق سے کفالت حاصل ہوئی ہو۔ کوئی رقم واجب الادا نہ ہو چکی ہو۔ نیز اس شخص کو

4. The proceeds of sale shall be applied in payment of such part of the amount as is due and in respect of which the lien existed, and the balance of the sale-proceeds shall, subject to the fact that a like lien which had arisen on such share prior to the sale has become due or not, be paid to the person entitled to the share sold on the date of the sale. The purchaser shall be registered as the holder of the share. He shall not be bound to satisfy himself as to the application of the sale proceeds, nor any right of the purchaser in respect of such share be prejudiced by any irregularity in the sale thereof or invalidity of proceedings with respect to the sale.

Disposal of proceeds of sale.

جس کے نام پر حصّہ داروں کے رجسٹر میں وہ حصہ درج ہو یا ایسے شخص کو جو حصہ کے مالک کے فوت یا دیوالیہ ہو جانے کی وجہ سے اس حصہ کا مستحق ہو بذریعہ تحریر اس مقدار سے مطلع کئے ہوئے جسکے تعلق سے کفالت حاصل ہوئی ہو اور اس رقم کا مطالبہ کئے ہوئے جو اس وقت وصول طلب ہو چودہ روز نہ گذر گئے ہوں۔

زرِ ثمن کا مصرف۔ ۴۔ زرِ ثمن کو اس رقم کی جس کی نسبت کفالت حاصل رہی ہو ایسے جزو کی ادائی میں لیا جائے گا جو واجب الوصول ہو اور مابقی زرِ ثمن اس امر کے تابع کہ اسی نوعیت کی کفالت کے تعلق سے جو حصہ کے فروخت ہونے سے قبل اس حصہ پر ایسی رقم کی بابت عائد تھی ابھی وصول طلب ہوئی ہے یا نہیں اس شخص کو ادا کی جائے گی جو فروخت شدہ حصہ کا اس کے فروخت ہونے کی تاریخ پر مستحق تھا۔ اور خریدار کا نام حصہ داروں کے رجسٹر میں حصہ کے مالک کی حیثیت سے درج ہوگا۔ زرِ ثمن کے مصرف کی نسبت اطمینان کرنے کا لزوم خریدار پر نہ ہوگا۔ اور نہ حصہ کے فروخت میں کسی بے ضابطگی سے یا اس کے فروخت کے تعلق سے کسی کارروائی کے

ناجائز ہونے سے خریدار کا اس حصہ کی بابت کوئی حق متاثر ہوگا۔

TRANSFER OF SHARES.

حصص کی منتقلی

Transfer of share.

5. The instrument of transfer of any share in the Bank shall be executed both by the transferor and transferee, and the transferor shall be deemed to be the holder of the share until the name of the transferee is entered in the register of shareholders in place of his name.

حصہ کی منتقلی۔ | **ف۵** ۔ بنک کے کسی حصہ کی بابت دستاویز منتقلی کی تکمیل منتقل کنندہ اور منتقل الیہ دونوں کو کرنی ہوگی اور منتقل کنندہ اس وقت تک حصہ کا مالک متصور ہوگا جب تک کہ حصہ داروں کے رجسٹر میں منتقل الیہ کا نام اس کے نام کے بجائے درج نہ ہوجائے۔

Form of instrument of transfer.

6. A share in the Bank shall be transferred by an instrument in the following form or by any other instrument in the form ordinarily in force which the Bank may approve :—

دستاویز منتقلی کا نمونہ۔ | **ف۶** ۔ مندرجہ ذیل نمونہ کی دستاویز کے ذریعہ یا کسی دوسرے عام طور پر رائج نمونہ کی دستاویز کے ذریعہ جس کو بنک قبول کرے بنک کے حصہ کی منتقلی عمل میں آئے گی:۔

I, A. B, transferor, inhabitant of ..... in consideration of the sum of rupees.....

میں زید باشندہ (.....) منتقل کنندہ بعوض مبلغ (.....) کے جو مجھ کو بکر باشندہ (.....) سے جس کو آئندہ منتقل الیہ سے موسوم

(Translation)

received by me from C. D. ..... inhabitant of ..... hereinafter called the transferee do hereby transfer to the transferee the share / shares bearing identification serial number/numbers in Hyderabad State Bank. In future the transferee, his representatives, heirs, executors and administrators and his assigns shall be the owner of share/shares subjects to the conditions on which I myself was the owner of share/shares and I, the transferee, do hereby declare that I have purchased the said share/ shares subject to the aforesaid conditions.

We, the parties to this agreement set our hand this..... day of .....

Signature of Transferor .....

Signature of Witness.....

Signature of Transferee.....

Signature of Witness.....

کیا گیا ہے وصول ہوئے ہیں ذریعہ ہذا حیدرآباد اسٹیٹ بنک کا حصہ جس کے حصص جن کے نشان شمارہ ہے منتقل الیہ کے حق میں منتقل کرتا ہوں آئندہ ہمیں اس حصہ کا مالک منتقل الیہ اس کے قائم مقام ورثا۔ اوصیا۔ مہتمان ترکہ نیز اس کے منتقل الیہ ان شرائط کے بہ موجب ہوں گے جن کے بہ موجب خود میں اس حصہ کا مالک تھا اور میں منتقل الیہ ذریعہ ہذا اقرار کرتا ہوں کہ میں نے حصہ مذکور کو مذکور الصدر شرائط پر خریدا ہے۔

بتاریخ .....ماہ ..... سنہ ہم تکمیل کنندگان دستاویز ہذا نے اس پر دستخط ثبت کئے۔

دستخط منتقل کنندہ _____

دستخط منتقل الیہ _____

دستخط گواہ _____

دستخط گواہ _____

دستاویز منتقلی کے ساتھ دستاویز منتقلی کے ساتھ منتقل حفیظہ پیش کرنے کا لزوم۔

شدنی حصہ یا حصوں کا وثیقہ نیز ایسی شہادت پیش ہوگی جو بنک منتقل کنندہ کے حق انتقال کی نسبت اطمینان کرنے کے لئے بہ طور مناسب طلب کرے۔

Share certificate to be produced along with instrument of transfer.

7. The instrument of transfer shall be accompanied by the certificate of share or shares to be transferred and such evidence as the Bank may reasonably require to satisfy itself as to the transferor's right to transfer.

حصص کی منتقلی کو قبول کرنے سے بنک انکار کر سکے گا۔

ف ۸ - (۱) - حصہ کی منتقلی کو قبول اور اور منتقلی کا عمل حصہ داروں کے رجسٹر میں کرنے سے بنک انکار کر سکے گا۔ اگر :-

Bank may refuse to accept transfer of shares.

8. (1) The Bank may refuse to accept transfer of share and to effect the transfer in the register of shareholders if,—

(a) the transfer is in favour of a person not approved by the Bank, or

(الف) - منتقلی ایسے شخص کے نام ہو جسے بنک پسند نہ کرتا ہو - یا

(b) the Bank has a lien on the share to be transferred, or

(ب) بنک کو منتقل شدنی حصہ پر کوئی کفالت حاصل ہو - یا

(c) the transferee is a minor or is such person as has been declared by a competent court to be of unsound mind, or

(ج) - منتقل الیہ نابالغ ہو یا ایسا شخص ہو جس کو عدالت مجاز نے فاتر العقل قرار دیا ہو - یا

(d) the transferee is a firm or a business concern, or

(د) - منتقل الیہ کوٹھی شراکتی یا کاروباری جماعت ہو - یا

(e) the fee for effecting the transfer is not paid, which shall not exceed two rupees, or

(ھ) - منتقلی کا عمل کرنے کا معاوضہ ادا نہ ہوا ہو جو دو روپیہ سے زائد نہ ہوگا - یا

(f) The instrument of transfer is not accompanied by the share certificate or such evidence as is required by the Bank under regulation 7.

(ف) دستاویز منتقلی کے ساتھ وثیقہ حصہ یا وہ شہادت پیش نہ ہو جو فقرہ (۷) کے تحت بنک نے طلب کی ہو۔

(2) The Bank may keep the transfer pending during the period in which under section 14 *[omitted] it does not keep open the register of shareholders.

(۲)۔ بنک اس مدت کے دوران میں منتقلی کا عمل ملتوی رکھ سکے گا۔ جس میں اس نے دفعہ ۱۴ کے تحت حصہ داروں کے رجسٹر کو [خدف] کھلا نہ رکھا ہو۔

9. (1) In respect of the share of a deceased sole owner the Bank shall only recognise the right of a person,

Representatives of deceased shareholders whom Bank will recognise.

متوفی حصہ دار کے قائم مقام جن کو بنک تسلیم کرے گا۔

ف ۹ (۱)۔ ایسے حصہ کی بابت جس کا مالک منفرد شخص متوفی ہو بنک صرف ایسے شخص کا حق تسلیم کرے گا:۔

(a) who is the executor or administrator of the deceased owner of the share, or

(الف)۔ جو حصہ کے متوفی مالک کا وصی یا مہتمم ترکہ ہو۔ یا

(b) who has obtained a succession certificate or letters of administration in accordance with the laws in force in H. E. H. the Nizam's Dominions, relating to the deceased owner in respect of the share, or

(ب)۔ جس نے ممالک محروسہ سرکار عالی میں نافذ قوانین کے مطابق حصہ کی نسبت متوفی مالک کے تعلق سے صداقت نامہ وراثت یا اہتمام ترکہ حاصل کیا ہو۔ یا

*Omitted by Act No. V of 1354 F.

سے ترمیم بموجب قانون نشان (۵) سنہ ۱۳۵۴ف

(c) in whose favour an instrument of transfer is duly executed by the deceased owner of the share during his lifetime.

(ج) ۔ جس کے حق میں حصہ کے متوفی مالک نے اپنی حیات میں حسب ضابطہ دستاویز منتقلی کی تکمیل کی ہو ۔

(2) In case the share is registered in the names of more than one owner in the register of share-holders, the Bank shall in respect of such share only recognise —

(۲) ۔ حصہ داروں کے رجسٹر میں کسی حصہ کا اندراج ایک سے زیادہ مالکوں کے نام پر ہو تو ایسے حصہ کی بابت بنک صرف :۔

(a) the right of the survivors or of the owners, or

(الف) ۔ مالکوں میں سے زندہ رہنے والے یا زندہ رہنے والوں کے حق کو تسلیم کرے گا ۔ یا

(b) the right of the executor or administrator only of the last suriviving owner on his death, or

(ب) ۔ مالکوں میں سے صرف اس شخص کے وصی یا اہتمام ترکہ کے حق کو تسلیم کرے گا جو سب کے آخر میں زندہ رہا ہو ۔ یا

(c) the right of any person who has obtained a succession certificate or letters of administration in accordance with the laws in force in H. E. H. the Nizam's Dominions in respect of the last survivor's interest in the share, or

(ج) ۔ اس شخص کے حق کو تسلیم کرے گا جس نے حصہ میں آخری زندہ رہنے والے مالک کے حق کے تعلق سے ممالک محروسہ سرکار عالی میں نافذ قوانین کے مطابق صداقت نامہ وراثت یا اہتمام ترکہ حاصل کیا ہو ۔ یا

(d) the right of a person in whose favour an instrument of transfer of the share has been duly executed by the last survivor during his lifetime.

But the Board of Directors shall have the power at its own discretion to dispense with the production of a succession certificate, letters of administration or any other legal document of title of a like nature subject to the execution of an indemnity bond or on the fulfilment of any other condition of safeguard provided the value of share as shown in the certificate does not exceed rupees one thousand.

10. (1) Any person becoming entitled to a share on the death or insolvency of a shareholder or in consequence of his transferring the share during his lifetime shall, upon producing evidence required by the Bank have the right, subject to the conditions laid down in regulation 8, either to be registered in the register of shareholders as a shareholder in respect of the share or transfer the share in the same way as the deceased or insolvent person would have transferred.

Rights of person becoming entitled to share on death or insolvency of shareholder.

(د) ۔ اس شخص کے حق کو تسلیم کرے گا جس کے حق میں آخری زندہ رہنے والے نے اپنی حیات میں حسب ضابطہ دستاویز منتقلی کی تکمیل کی ہو۔

لیکن مجلس نظما مجاز ہو گی کہ بہ صوابدید خود ابراء نامہ کی یا کسی اور حفاظتی شرط کی تکمیل کے تابع صداقت نامۂ وراثت یا اہتمام ترکہ یا اسی قسم کی کسی دوسری قانونی دستاویز کی حقیت کے پیش کرنے کے لزوم سے دستبردار ہو جائے بہ شرطے کہ حصص کی وہ رقم جو ان کے وثائق میں درج ہو ایک ہزار روپے سے زائد نہ ہو۔

اس شخص کے حقوق جس کو حصہ کے مالک کی وفات یا دیوالیہ قرار پانے سے حصہ کا حق حاصل ہوتا ہو۔

ف۱۰ ۔ (۱) ۔ کوئی شخص جو کسی حصہ کے مالک کی وفات یا اس کے دیوالیہ قرار پانے یا اس کے اپنے حین حیات حصہ کو اس پر منتقل کر دینے سے کسی حصہ کا مستحق قرار پاتا ہو بنک کا مطلوبہ ثبوت بہم پہونچانے پر فقرہ ۸ کے مندرجہ شرائط کے تابع مستحق ہوگا کہ وہ اس حصہ کے تعلق سے

4. The Chief Committee shall be a body corporate and shall have power to acquire property, enter into contracts, institute, defend and conduct suits and other legal proceedings and to do all things, necessary for the purposes of this Act.

جماعت اعلیٰ کی حیثیت۔ | **دفعہ ۴**۔ ہر جماعت اعلیٰ کی حیثیت بجائے خود ایک جماعت متحدہ کی ہوگی اور اس کو جائداد حاصل اور معاہدات کرنے مقدمات اور دیگر قانونی کارروائی رجوع اور ان میں جوابدہی اور پیروی کرنے اور جملہ ایسے امور انجام دینے کا اختیار ہوگا جو قانون ہذا کے اغراض کے لئے ضروری ہوں۔

5. (1) The Chief Committee may

جماعت اعلیٰ کا سرمایہ۔ | **دفعہ ۵**۔ (۱)۔ جماعت اعلیٰ مجاز ہوگی کہ عوام سے اپنے سرمایہ کے لئے چندہ

(*Translation*)

Funds of Chief Committee.

collect subscriptions from the public for its funds or adopt any other measures for raising the same, and credit the amount to an account to be opened for the purpose in the Central Treasury or in any Government treasury situated at or near the headquarters of the Chief Committee.

(2) The Chief Committee may open an account in any Bank recognised or approved by the Government for the purposes of this Act.

Budget of Chief Committee

6. (1) The Hyderabad Municipality, for the discharge of the functions of its Chief committee, and any District or Local Board for the discharge of its functions or those of its sub-comittee, which devolve on such Board or committee as Chief Committee, shall, allocate in their respective budgets such sum for the budget of the Chief Committee, out of the funds deposited in the Central Treasury or any Government treasury in accordance with the provisions of section 5 or in any bank referred to in sub-section (2) of section 5, and if necessary out of their provision, as is required to run the institutions under the control of the Chief Committee and to pay the salaries of officers and staff.

جمع کرے یا اس کی فراہمی کے لئے کوئی اور تدابیر اختیار کرے اور اس کو خزانۂ عامرہ سرکار عالی میں یا سرکار عالی کے اس خزانہ میں جو اس کے مستقر پر یا اس کے مستقر سے قریب تر ہو ایسے کھاتہ میں جمع کرائے جو اس غرض کے لئے خزانہ میں رکھا جائے گا۔

(۲)۔ جماعت اعلیٰ مجاز ہوگی کہ ایسے بنک میں کھاتہ رکھے جو اغراض قانون ہذا کے لئے سرکار عالی کا مسلمہ یا منظورہ ہو۔

جماعت اعلیٰ کا موازنہ۔

دفعہ ۶۔ (۱) مجلس بلدیہ حیدرآباد اپنی جماعت اعلیٰ کے اور مجلس ضلع یا لوکل بورڈ اپنے یا اپنی ذیلی کمیٹی کے ان فرائض کی ادائی کے لئے جو بحیثیت جماعت اعلیٰ اس پر عائد ہوتے ہوں اپنے اپنے موازنوں کی ترتیب کے وقت اس رقم سے جو دفعہ ۵ کے منشاء کے لحاظ سے خزانۂ عامرہ یا سرکار عالی کے کسی خزانہ یا بنک متذکرہ دفعہ ۵ ضمن (۲) میں جمع ہو اور بصورت ضرورت اپنی گنجایش سے جماعت اعلیٰ کے موازنہ میں ایسی رقم شریک کرے گی جو جماعت اعلیٰ کے زیر انتظام

(2) The sum allocated for the budget of the Chief Committee by the Hyderabad Municipality or any District or Local Board out of its provision shall be transferred to the account of the Chief Committee opened under section 5.

7. (1) The Chief Committee may establish institutions in suitable places for the maintenance, residence and physical exercise of beggars and for their technical and primary education and uplift or may, for the purposes of this Act, recognise, give aid to, or impose any restrictions on or close down, any institution established by the public. An institution which is recognised or aided or on which any restrictions are imposed by the Chief Committee for the purposes of this Act, shall be deemed to be under the control of the Chief Committee.

Powers of Chief Committee and establishment of institutions for beggars.

ادارہ کے چلانے اور عہدہ داروں اور عملہ کی تنخواہوں کے لئے ضروری ہو۔

(۲)۔ مجلس بلدیہ حیدرآباد یا مجلس ضلع یا مجلس لوکل فنڈ اپنی گنجایش سے جماعت اعلیٰ کے موازنہ میں جو رقم شریک کرے گی وہ جماعت اعلیٰ کے اس کھاتہ میں منتقل ہوگی جو دفعہ ۵ کے تحت رکھا جائے گا۔

جماعت اعلیٰ کا اختیار اور پیشہ ور گداگروں کے ادارہ کا قیام۔

دفعہ ۷۔ (۱)۔ جماعت اعلیٰ مجاز ہوگی کہ پیشہ ور گداگر کی پرورش۔ رہایش اور جسمانی ورزش اور اس کی فنی اور ابتدائی تعلیم اور اصلاح کے لئے مناسب مقامات پر ادارے قائم کرے یا عوام کے قائم کردہ کسی ادارہ کو قانون ہذا کے اغراض کے لئے تسلیم کرے۔ اس کی مدد کرے یا اس پر کوئی قید عائد کرے یا اس کو بند کردے۔ ایسا ادارہ جس کو جماعت اعلیٰ اغراض قانون ہذا کے لئے تسلیم کرے۔ یا جس کی وہ مدد کرے۔ یا جس پر کوئی قید عائد کرے۔

یہ تصور ہوگا کہ وہ جماعت اعلیٰ کے زیر نگرانی ہے۔

(2) On the commencement of this Act the Government shall require the Chief Committee to establish and report to Government within four months from the date of the order, at least one such institution each for males and females as is referred to in sub-section (1).

(۲) - قانون ہذا کے نفاذ کے بعد حکومت اعلیٰ کو سرکار عالی حکم دیں گے کہ وہ حکم کی تاریخ سے چار ماہ کے اندر کم سے کم ایک مردانہ اور ایک زنانہ ایسا ادارہ جس کا ذکر ضمن (۱) میں ہے قائم کرے اور اُن کے قیام کی اطلاع سرکار عالی کو دے۔

Control of management of institution.

8. (1) The Chief Committee shall conduct the entire management of the institution established by it and control to the extent allowed by rules made by the Government in this behalf, the institutions which have, for the purposes of this Act, been recognised or aided by it or upon which it has imposed restrictions.

ادارے کے انتظام کی نگرانی۔ دفعہ ۸ - (۱) - جماعت اعلیٰ ایسے ادارہ کا کل انتظام کرے گی جسے اس نے قائم کیا ہو اور ایسے ادارہ پر جسے اس نے اغراض قانون ہذا کے لئے تسلیم کیا ہو جس کی وہ امداد کرتی ہو یا جس پر اس نے کوئی قید عائد کی ہو اس قدر اور اس حد تک نگرانی رکھے گی جس قدر اور جس حد تک کہ وہ اُن قواعد کی رو سے رکھ سکتی ہو جو سرکار عالی اس بارے میں وضع کریں۔

(2) The Chief Committee for the muncipal limits of Hyderabad, shall, for the management and control referred to in sub-section (1), be deemed to be Subordinate to the Hyderabad Municipality and where the Chief Committee is a sub-committee nominated by a District

(۲) - جماعت اعلیٰ حدود بلدیہ حیدرآباد بہ تعلق انتظام و نگرانی متذکرہ ضمن (۱) مجلس بلدیہ حیدرآباد کی ماتحت اور جماعت اعلیٰ

or Local Fund Board, shall be deemed to be subordinate to such District or Local Fund Board.

کسی مجلس صفائی یا مجلس لوکلفنڈ کی نامزد کردہ کمیٹی ہو تو اس مجلس ضلع یا مجلس لوکلفنڈ کی ماتحت تصور ہوگی جس نے اس کو نامزد کیا ہو۔

Appointment of officials and maintenance of registers in institutions and making entries therein.

9. (1) There shall be appointed in every institution referred to in sub-section (1) of section 7 such number of officials as the Chief Committee may deem necessary and their duties and powers shall be such as may be prescribed in a general meeting of the Chief Committee.

ادارہ میں کارکنوں کا تقرر اور کتابچوں کا قیام اور ان کی خانہ پوری۔

دفعہ ۹۔ (۱) ہر ادارہ میں جس کا ذکر دفعہ ۷ کی ضمن (۱) میں ہے اتنے کارکن مقرر ہوں گے جن کی ضرورت جماعت اعلیٰ قرار دے اور ان کے فرائض اور اختیارات وہ ہوں گے جو جماعت اعلیٰ کے اجلاس عام سے مقرر کئے جائیں۔

(2) In every institution entries shall be made in the registers which shall be maintained under the provisions of this Act or by order of the Chief Committee.

(۲)۔ ہر ادارہ میں ایسے کتابچوں کی خانہ پری لازماً ہوا کرے گی جن کا قانون ہذا کے احکام کے پیش نظر رکھنا ضروری ہو یا جن کے رکھنے کا حکم جماعت اعلیٰ دے۔

Provision to be made in institution.

10. There shall be made provision in every institution established by the Chief Committee for the following matters :—

امور جن کا ادارہ میں انتظام لازمی ہوگا۔

دفعہ ۱۰۔ ہر ادارہ میں جو جماعت اعلیٰ کا قائم کردہ ہو حسب ذیل امور کا انتظام کیا جائیگا

(a) lodging and boarding ;

(الف)۔ رہائش اور خورد و نوش کا۔

(Translation)

(b) health and physical exercise;

and the Chief Committee may provide for the following matters :---

(a) training in arts and crafts ;

(b) training in cultivation and poultry ;

(c) establishment of factory ;

(d) primary education;

(e) education which may improve the morals and conduct in every day life.

Mode of securing admission to institution.

11. (1) Any beggar may present himself for admission to any institution under the management of the Chief Committee and the competent officer of the institution shall, after satisfying himself that he is a beggar, admit him to such institution or to an institution managed or controlled by the Chief Committee.

(2) Any beggar desirous of admission to an institution under sub-section (1) shall, before his admission, execute an agreement to the

(ب) - جسمانی صحت اور ورزش کا -

اور حسب ذیل امور کا انتظام جماعت اعلیٰ کر سکیگی -

(الف) - فنون اور دستکاری کی تعلیم کا -

(ب) - کاشتکاری - مرغبانی کی تعلیم کا -

(ج) - کارخانہ کے قیام کا -

(د) - ابتدائی تعلیم کا -

(ھ) - ایسی تعلیم کا جس سے اخلاق اور روزانہ زندگی کے اعمال کی اصلاح ہو -

ادارہ میں داخلہ حاصل کرنیکا طریقہ

دفعہ ۱۱ - (۱)

ہر پیشہ ور گداگر کسی ایسے ادارہ میں داخلہ کے لئے جو جماعت اعلیٰ کے زیر انتظام ہو اپنے کو پیش کر سکے گا - اور ادارہ کا عہدہ دار مجاز اس کو اپنے ادارہ میں یا جماعت اعلیٰ کے کسی زیر انتظام یا زیر نگرانی ادارہ میں اس کا اطمینان کرنے کے بعد داخل کرے گا کہ وہ پیشہ ور گداگر ہے -

(۲) - ہر پیشہ ور گداگر جو ضمن (۱) کے تحت داخلہ کا خواہاں ہو داخلہ سے قبل ایک اقرار نامہ

effect that he shall, without plea and pretext remain in the institution for a period of not less than two years, shall abide by the rules and regulations of the institution and shall comply with such general and special directions and orders as may be given at any time by the competent officer of the institution.

کی تکمیل کرے گا کہ وہ ادارہ میں ایسی مدت تک جو دو سال سے کم نہ ہوگی بہ پابندی احکام وقواعد بلا عذر وحیلہ رہے گا۔ اور ایسی عام اور خاص ہدایتوں اور احکام کی تعمیل کرے گا۔ جو ادارہ کا محب زعہدہ دار کسی وقت دے۔

(3) Such beggar may be transferred from one institution to another.

(۳)۔ پیشہ ور گداگر ایک ادارہ سے دوسرے ادارہ میں منتقل کیا جاسکے گا۔

Institution not to be quitted.

12. (1) Any beggar admitted to an institution under the control of the Chief Committee, and any beggar admitted to any such institution by order of a Court, shall not leave the institution within the period specified in his agreement or in the order of the Court, unless he has obtained a licence from the competent officer in accordance with the rules made by the Government in this behalf.

ادارہ کی سکونت ترک نہ کی جاسکیگی۔ | دفعہ ۱۲۔ (۱)۔ ہر پیشہ ور گداگر کسی ایسے ادارہ میں جو جماعت اعلیٰ کے زیر انتظام ہو۔ داخل ہو اور ایسا پیشہ ور گداگر جو عدالت کے حکم کی بناء پر کسی ادارہ میں داخل کیا گیا ہو۔ ادارہ کو اس مدت کے اندر نہ چھوڑ سکے گا جو اس کے اقرار نامہ میں یا عدالت کے حکم نامہ میں درج ہو۔ بجز اس کے کہ اس نے عہدہ دار مجاز سے ان قواعد کے مطابق اجازت نامہ حاصل کیا ہو جو سرکار عالی اس بارے میں وضع کریں۔

(2) Any beggar admitted to an institution by order of a Court, shall be produced before such Court by the competent officer of the institution concerned one week before the expiration of the period specified in the order, and the Court shall, if satisfied that such beggar has become capable of earning a living to meet his requirements, permit him to be discharged from the institution.

(3) when a beggar is produced before a Court under sub-section (2), if the Court is of opinion that he should remain in the institution for a further period, it may so order specifying such further period ; and a week before the expiration of such period the procedure laid down in sub-section (2) shall be followed and continued to be followed until the Court is of opinion that the beggar has become capable of earning a living to meet his requirements.

(۲) ۔ ایسے پیشہ ور گداگر کو جو عدالت کے حکم کی بنا پر کسی ادارہ میں داخل کیا گیا ہو متعلقہ ادارہ کے عہدہ دار مجاز کی جانب سے مدت مندرجہ حکمنامہ ختم ہونے سے ایک ہفتہ قبل متعلقہ عدالت کے روبرو پیش کیا جائے گا۔ اور عدالت اس امر کا اطمینان کرنے کے بعد کہ مذکور پیشہ ور گداگر اپنی ضروریات کے موافق کسب معاش کے قابل ہو گیا ہے ۔ اس کو ادارہ سے خارج کرنے کی اجازت دیگی۔

(۳) ۔ ضمن (۲) کے تحت پیشہ ور گداگر کے عدالت کے روبرو پیش ہونے پر عدالت کی رائے ہو کہ اس کو کسی مزید مدت کے لئے ادارہ میں رہنے کی ضرورت ہے تو عدالت بہ تعیین مدت ایسا حکم دے سکے گی ۔ ایسی مدت کے ختم ہونے سے ایک ہفتہ قبل عمل شدہ ضمن (۲) دُہرایا جائے گا۔ اور ایسا عمل اس وقت تک ہوتا رہے گا جب تک کہ عدالت کے نزدیک پیشہ ور گداگر اپنی ضروریات کے موافق کسب معاش کے قابل نہ ہو جائے۔

(*Translation*)

(4) Any beggar who joins by himself, or is admitted to, an institution by order of a Court may, before the expiration of the period specified in the agreement or in the order, be produced before such Court by the competent officer with the request that he may be allowed to leave the institution on the ground that he has become capable of earning a living to meet his requirements ; and the Court may, after making necessary enquiries from the competent officer as well as from the person so produced, make proper orders in respect of such person.

Arrest on leaving or escaping from institution.

13. (1) Any beggar who escapes from, or leaves an institution in contravention of the provisions of section 12, without obtaining the permission referred to in sub-section (1) of the said section, may be arrested by an officer or any police official who shall hold a panchnama, and hand him over, together with the panchnama to any police official present at the nearest police station.

(۴) کسی پیشہ ور گداگر کو جو ادارہ میں خود یا عدالت کے حکم کی بنا پر داخل ہو مدت مندرجہ اقرار نامہ یا حکم نامہ کے ختم ہونے سے قبل عہدہ دار مجاز عدالت کے سامنے اس غرض سے پیش کرسکے گا کہ اس کو اس بنا پر ادارہ چھوڑنے کی اجازت دی جائے کہ وہ اپنی ضروریات کے موافق کسب معاش کے قابل ہوگیا ہے اور عدالت عہدہ دار مجاز سے اور اس شخص سے جو اس طرح پیش کیا گیا ہو ضروری استفسارات کے بعد شخص مذکور کی نسبت مناسب احکام دے سکے گی۔

ادارہ کو چھوڑنے یا وہاں سے بھاگنے پر گرفتاری۔

دفعہ ۱۳۔ (۱) اس پیشہ ور گداگر کو جو دفعہ ۱۲ کے احکام کے خلاف بلا حصول اجازت نامہ متذکرہ ضمن (۱) دفعہ مذکور ادارہ سے بھاگ جائے یا اس کو چھوڑے عہدہ دار یا کوتوالی کا کوئی ملازم بہ ترتیب پنچنامہ گرفتار کرسکے گا۔ اور اس کو مع پنچنامہ کوتوالی کے قریب ترناکہ پر کوتوالی کے ایسے ملازم کے حوالے کرے گا جو اس وقت ناکہ میں موجود ہو۔

(2) The beggar, who is handed over to any police official under sub-section (1) together with the panchnama referred to in the said sub-section, shall be produced without unnecessary delay by a police official, not below the rank of a Head Constable, before the Court in whose jurisdiction the institution which such person left without permission, or escaped from, is situate. The Court shall, after satisfying itself that the arrested person left the institution without permission or escaped therefrom, deliver him to the institution.

(3) Any beggar, who in contravention of the provisions of section 12, or without obtaining the permission referred to in sub-section (1) of the said section, leaves or escapes from the institution more than two times, and any beggar, who has been permitted by the Court to leave the institution under sub-section (2) or (4) of seticon 12, after satisfying itself that he has become capable of earning a living to meet his requirements takes to begging again, he shall be liable to be punished with imprisonment for a term not exceeding six months.

(۲)۔ اس پیشہ ور گداگر کو جو ضمن (۱) کے بموجب کوتوالی کے کسی ملازم کے حوالہ کیا گیا ہو مع پنچنامہ متذکرہ ضمن مذکور کوتوالی کا ملازم جس کا درجہ جمعدار سے کم نہ ہو اس عدالت کے سامنے بلا تعویق غیر ضروری پیش کرے گا جس کے حدود میں وہ ادارہ واقع ہو جس کو شخص مذکور نے بلا اجازت نامہ چھوڑا یا جہاں سے وہ بھاگا۔ عدالت کو اطمینان ہو جائے کہ شخص گرفتار شدہ نے ادارہ کو بلا اجازت چھوڑا یا وہ وہاں سے بھاگا تو عدالت اس کو ادارے کے سپرد کرے گی۔

(۳)۔ پیشہ ور گداگر جو دفعہ ۱۲ کے احکام کے خلاف یا بلا حصول اجازت نامہ متذکرہ ضمن (۱) دفعۂ مذکور ادارے سے ۲ مرتبہ سے زائد مرتبہ بھاگے یا اس کو چھوڑے۔ نیز وہ پیشہ ور گداگر جس کو عدالت نے دفعہ ۱۲ کی ضمن (۳) یا (۴) کے تحت اس اطمینان کے بعد ادارہ چھوڑنے کی اجازت دی ہو کہ وہ اپنی ضروریات کے موافق کسب معاش کے قابل ہو گیا ہے پھر پیشہ

گداگری کرے سزائے قید کا مستوجب ہوگا جس کی میعاد چھ ماہ سے زائد نہ ہوگی۔

Civil suit not to be instituted.

14. No civil suit shall lie against any officer of an institution under the control of the Chief Committee, a member of the Chief Committee, a member of the Managing Committee, or any public servant for any act done by him under this Act, or for any act, done by him in good faith and which he believed he was authorised to do under this Act.

دیوانی دعویٰ دائر نہ ہوسکے گا۔ | دفعہ ۱۴۔ جماعت اعلیٰ کے زیر انتظام ادارے کے کسی عہدہ دار رکن جماعت اعلیٰ۔ رکن جماعت انتظامی یا کسی سرکاری ملازم کے مقابلے میں کسی ایسے فعل کی بنا پر جو اس نے قانون ہذا کے تحت کیا ہو یا کسی ایسے فعل کی بناء پر جو اس نے نیک نیتی سے یہ باور کر کے کیا ہو کہ وہ قانون ہذا کے تحت اس فعل کے کرنے کا مجاز تھا کوئی دیوانی دعویٰ دائر نہ ہوسکیگا۔

Appointment of officer.

15. The Chief Committee shall appoint an officer to carry out the purposes of this Act.

عہدہ دار کا تقرر۔ | دفعہ ۱۵۔ جماعت اعلیٰ قانون ہذا کے اغراض کی تکمیل کے لئے عہدہ دار مقرر کرے گی۔

Duties of officer and police official.

16. The officer and any police official who finds a person contravening the provisions of section 3, or with whom a complaint of such contravention is lodged in respect of such person, may require such person to refrain from such contravention, and to

عہدہ دار ملازم کوتوالی کا فرض۔ | دفعہ ۱۶۔ عہدہ دار نیز کوتوالی کا ہر ملازم ایسے شخص کو جسے وہ دفعہ ۳ کی خلاف ورزی کرتا ہوا پائے یا جس کی نسبت ایسی خلاف ورزی کی شکایت اس سے کی جائے

leave the place where he is found contraventing. If such order is not complied with, the authority making the order shall, after holding a panchnama, arrest the offender and hand him over together with the panchnama, to the police official present at the nearest police station.

حکم دے گا کہ وہ خلاف ورزی سے باز آئے اور اس مقام سے جہاں وہ خلاف ورزی کا مرتکب ہو رہا ہو چلا جائے۔ مذکور حکم کے مطابق عمل نہ ہو تو حکم دینے والا خاطی کو بہ ترتیب پنچنامہ گرفتار کرے گا۔ اور اس کو معہ پنچنامہ کوتوالی کے قریب ترتھانہ پر کوتوالی کے ایسے ملازم کے حوالہ کرے گا جو اس وقت تھانہ میں موجود ہو۔

Judicial proceedings against beggar.

17. (1) Any person who has been handed over to any police official under section 16, shall, together with the panchnama referred to in the said section, be produced before a Court on a charge of begging by any police official not below the rank of a Head Constable. The Court shall make necessary enquiries from the beggar. If the beggar promises not to contravene the provisions of section 3, the Court shall, after recording the promise, discharge him.

پیشہ ور گداگر کے مقابلہ میں عدالتی کارروائی۔

دفعہ ۱۷۔ (۱) اس شخص کو جو دفعہ ۱۶ کے بموجب کوتوالی کے کسی ملازم کے حوالے کیا گیا ہو پیشہ ور گداگر قرار دے کر معہ پنچنامہ متذکرہ دفعہ مذکور عدالت کے سامنے کوتوالی کا ملازم پیش کرے گا۔ جس کا درجہ جمعدار سے کم نہ ہو۔ عدالت پیشہ ور گداگر سے ضروری استفسار کرے گی۔ پیشہ ور گداگر دفعہ ۳ کی خلاف ورزی نہ کرنے کا وعدہ کرے تو عدالت وعدہ کو قلمبند کر کے اس کو رہا کرے گی۔

(2) If the person once discharged under sub-section (1) is again produced before a Court under the said sub-section, he shall not be discharged

(۲) وہ شخص جس کو ضمن (۱) کے بموجب ایک مرتبہ رہا کیا گیا ہو ضمن مذکور کے تحت دوبارہ عدالت

(Translation)

unless a respectable person stands surety for him that such person shall not take to begging or unless the Court is otherwise satisfied that he will abstain from begging.

کے سامنے پیش ہو تو عدالت اُس کو رہا نہ کرے گی۔ بجز اس کے کہ کوئی معتبر آدمی ضامن ہو کہ شخص مذکور پیشہ گداگری نہ کرے گا یا عدالت کو کسی اور طریقہ پر اطمینان ہو جائے کہ وہ شخص آیندہ پیشہ گداگری سے باز رہے گا۔

(3) If any beggar, against whom action has been taken under sub-section (2), is again produced before a Court under sub-section (2) or when a beggar who was produced before a Court, under sub-section (1), does not promise to abstain from begging, or there is none to stand surety for him or if he fails to satisfy the Court under sub-section (2), with regard to his future conduct, the Court shall cause such beggar to be admitted to an institution, under the control or management of the Chief Committee, for such period as may be deemed sufficient to render him capable of earning a living to meet his requirements.

(۳) ضمن (۲) کی نوبت گذرنے پر پیشہ ور گداگر پھر عدالت کے سامنے پیش ہو یا جب پیشہ ور گداگر جو ضمن (۱) کے بموجب پیش ہو پیشہ گداگری سے باز رہنے کا وعدہ نہ کرے یا ضمن (۲) کے مطابق اس کا کوئی ضامن نہ ہو یا وہ عدالت کو اپنے آیندہ طرز عمل کی نسبت مطمئن نہ کر سکے تو مذکور پیشہ ور گداگر کو عدالت ایسی مدت کے لئے جو اس کو اس کے ضروریات کے موافق کسب معاش کے قابل بنانے کے لئے کافی ہو کسی ادارہ میں جو جماعت اعلیٰ کے زیر انتظام یا زیر نگرانی ہو داخل کرائیگی۔

18. (1) The Government may nominate any person or persons individually or as a committee so that they may inspect from time to time, any institution under the control or

Nomination by Government for inspection and report.

دفعہ ۱۸۔ (۱) سرکار عالی ایک یا چند اشخاص کو منفرداً یا بطور کمیٹی اس غرض کے لئے نامزد کریں گے کہ وہ کسی

سرکار عالی معائنہ اور پیشی کیفیت کے لئے نامزد کریں گے۔

(*Translation*)

management of the Chief Committee, and submit a report to the Government at least every third month, through the Secretary to Government, Home Department, regarding the arrangements in such institution for boarding, upkeep of physique and exercise and other matters provided in the institution for beggars. In such report the inspecting persons shall also record such other matters together with their opinion thereon as they may deem necessary or proper to bring to the notice of the Government.

(2) On submission of a report referred to in sub-section (1), the Government may make necessary enquiries from the Chief Committee and may call for such record, as may appear to it necessary. The Chief Committee shall submit the required record and answer such queries within such time as may be fixed by the Government for this purpose, and shall send a copy of such answers to the Hyderabad Municipality in the municipal limits of Hyderabad, and if the Chief Committee is a sub-committee nominated by any District or Local Board, to the District or Local Board by which it has been nominated.

ادارہ کا جو جماعت اعلیٰ کے زیر انتظام یا نگرانی ہو وقتاً فوقتاً معائنہ کریں اور سرکار عالی کو کم سے کم ہر تیسرے مہینے معتمد عدالت و امور عامہ سرکار عالی کے توسط سے مذکور ادارے کے خورد و نوش و جسمانی صحت اور ورزش کے انتظام اور دوسرے ایسے امور کے انتظامات کی نسبت کیفیت دیں جو اس میں پیشہ ور گداگروں کے لئے کئے گئے ہوں۔ ایسی کیفیت میں معائنہ کرنے والے اشخاص دوسرے ایسے امور اور ان کی نسبت اپنی رائے بھی درج کریں گے جن کا سرکار عالی کے علم میں لانا ان کو ضروری یا مناسب معلوم ہو۔

(۲)۔ کیفیت متذکرۂ ضمن (۱) کے پیش ہونے پر سرکار عالی جماعت اعلیٰ سے ضروری استفسارات کر سکیں گے اور اس سے ایسا مواد طلب کر سکیں گے جو ان کو ضروری معلوم ہو۔ جماعت اعلیٰ سرکار عالی کا مطلوبہ مواد اور ان کے استفسارات کا جواب ایسی مدت کے اندر پیش کرے گی جو اس غرض کے لئے سرکار عالی مقرر کریں اور مذکور جواب کی نقل حدود بلدیہ حیدرآباد

(3) The Government shall, after the expiry of two weeks from the receipt of the record and answers forwarded by the Chief Committee, examine the same and also the opinion, if any, forwarded by the Municipality or Municipal or Local Board and, if deemed necessary, may issue suitable orders and instructions in respect of the institution under the management or control of the Chief Committee.

(۳) ۔ جماعت اعلیٰ کے مرسلہ مواد اور جواب کا اور مجلس بلدیہ یا مجلس صفائی یا مجلس لوکلفنڈ کوئی رائے روانہ کرے تو اس کا بھی معائنہ سرکار عالی جماعت اعلیٰ کے مرسلہ مواد اور جواب کے وصول ہونے سے دو ہفتہ بعد کریں گے۔ اور بصورت ضرورت مجلس اعلیٰ کے زیر انتظام یا نگرانی ادارے کے تعلق سے مناسب ہدایتیں اور احکام صادر کرسکیں گے۔

(4) The Chief Committee shall carry out the instructions and orders issued by the Government under sub-section (3), notwithstanding any direction or order to the contrary made by the Hyderabad Municipality or the Municipal or Local Board in that behalf.

(۴) ۔ ضمن (۳) کے تحت سرکار عالی کی صادر کردہ ہدایتوں اور احکام کے مطابق جماعت اعلیٰ باوجود اس کے عمل کرے گی کہ اس کو مجلس بلدیہ حیدرآباد یا مجلس صفائی یا مجلس لوکلفنڈ نے اس بارے میں کوئی اور ہدایت یا حکم دیا ہو۔

(*Translation*)

19. (1) The Government may, for carrying out the purposes of this Act, make rules after previous publication.

Power to make rules.

قواعد وضع کرنے کا اختیار۔ دفعہ ۱۹ - (۱) سرکار عالی مجاز ہوں گے کہ قانون ہذا کے اغراض کی تکمیل کے لئے قواعد وضع اور بہ مشتہری سابقہ ان کو نافذ کریں۔

(2) Without prejudice to the generality of the power conferred by sub-section (1), the Government shall, after previous publication make rules in respect of all the institutions providing for the lodging of beggars for the following matters :—

(۲) ۔ ضمن (۱) کے اختیار کی عمومیت کو متاثر کئے بغیر ان تمام اداروں کے تعلق سے جن میں پیشہ ور گداگردں کی رہائش کا انتظام ہو سرکار عالی حسب ذیل امور کی نسبت قواعد وضع کریں گے اور ان کو بہ مشتہری سابقہ نافذ کریں گے۔

(a) the procedures and conditions for recognising under section 7, an institution established by the public, for the purposes of this Act;

(۲ الف) ۔ عوام کے قائم کردہ ادارے کو دفعہ ۷ کے تحت اغراض قانون ہذا کے لئے تسلیم کرنے کا طریقہ اور اس کے شرائط۔

(b) the restrictions which may be imposed under section 7 on any institution established by the public and the manner of imposing the same;

(ب) ۔ قیود جو عوام کے قائم کردہ کسی ادارے پر دفعہ ۷ کے تحت عائد ہو سکیں گے۔ اور ان کے عائد کرنے کا طریقہ۔

(c) the management and supervision of institutions under the management or control of the Chief Committee and the manner of making such management and supervision effective ;

(ج) ۔ جماعت اعلیٰ کے زیر انتظام یا زیر نگرانی ادارے کے انتظام اور نگرانی کی نسبت اور ایسے اداروں کے انتظام اور نگرانی کو موثر بنانے کا طریقہ۔

(d) the circumstances under which an institution established by the public may be closed under section 7 ;

(د) ۔ حالات جن میں عوام کا قائم کردہ ادارہ دفعہ ۷ کے تحت بند کیا جاسکے گا۔

(e) the cases in which and the restrictions subject to which permission may be given as required by section 12, to the inmates of the institution under the management of the Chief Committee to leave the premises of the institution ;

(ھ) ۔ صورتیں جن میں اور وہ قیود جن کے تحت جماعت اعلیٰ کے زیر انتظام ادارے میں رہنے والوں کو دفعہ ۱۲ کے منشاء کے مطابق ادارے کے حدود سے باہر جانے کا اجازت نامہ دیا جاسکے گا۔

(f) the manner of ensuring that a beggar has become capable of earning a living to meet his requirements ;

(و) طریقہ اس امر کے اطمینان کرنیکا کہ پیشہ ور گداگر اپنی ضروریات کے موافق کسب معاش کے قابل ہوگیا۔

(g) powers that may be conferred on the officer ;

(ز) ۔ اختیارات جو عہدہ دار کو دئے جاسکیں گے۔

(h) the manner of calling for record and answers to the queries from the Chief Committee, for inspection by the Government; the manner

(ح) ۔ سرکار عالی کے معائنہ کے لئے جماعت اعلیٰ سے مواد اور استفسارات کے

of conveying Government orders under sub-section (3) of section 18 to the Chief Committee and of ensuring that such orders are being carried out; prescribing punishments in case such orders are not carried out satisfactorily;

(i) the manner of constituting the Managing Committee and its functions;

(j) the manner of examining the accounts and other registers of the Chief Committee and of the institution established by it;

(k) for transfering a beggar from one institution to another;

(3) the Government may also make rules providing for punishment for infringement of rules made under clauses (b), (c) and (d) of sub-section (2): Provided that such punishment shall not be imprisonment of any description or for any term and if the punishment be a fine, it shall in no case exceed one hundred rupees.

جواب طلب کرنے کا طریقہ۔ سرکار عالی کے احکام تحت دفعہ ۱۸ ضمن (۳) کو جماعت اعلیٰ تک پہنچانے اور اس امر کی نگرانی رکھنے کا طریقہ کہ سرکار عالی کے ایسے احکام کی تعمیل ہو رہی ہے۔ ایسے احکام کی تعمیل خاطر خواہ طریقہ پر نہ ہونے کی صورت میں تدارک۔

(ط) جماعت انتظامی کے قیام کا طریقہ اور اس کے فرائض۔

(ی)۔ جماعت اعلیٰ اور اس کے قایم کردہ ادارے کے حسابات اور دیگر کتابچوں کی تنقیح کا طریقہ۔

(ک)۔ پیشہ ور گداگر کو ایک ادارے سے دوسرے ادارے میں منتقل کرنے کی نسبت۔

(۳)۔ قواعد تحت ضمن (۲) فقرات (ب) و (ج) و (د) کی خلاف ورزی کا تدارک بھی بذریعہ قواعد سرکار عالی مقرر کرسکیں گے۔ بشرطیکہ وہ تدارک کسی قسم یا مدت کی قید پر مشتمل نہ ہو اور تدارک بشکل جرمانہ ہو تو اس کی مقدار کسی صورت میں ایک سو روپیہ سے زائد نہ ہو۔

THE NON-MULKI PROSTIUTES AND DANCING GIRLS ACT.

No. XXI of 1350 F.

CONTENTS.

Sections

Preamble:—

(1) Short title, commencement and extent.

(2) Definitions.

(3) Non-mulki prostitute or dancing girl not to reside without obtaining residence licence.

(4) Application for obtaining residence licence.

(5) Residence licence.

(6) Refusal to grant licence.

(7) Term of temporary residence licence and its cancellation.

(8) Effect of cancellation of licence.

(9) Permanent residence licence.

(10) Nature, trial and punishment of offences.

(11) Power to make rules.

قانون بیرونی زنان بازاری و طوائف

نشان (۲۱) سنہ ۱۳۵۰ف

دفعہ۔

تمہید۔

۱ مختصر نام۔ تاریخ نفاذ۔ وسعت مقامی۔

۲ تعریفات۔

۳ بیرونی زنِ بازاری یا طوائف بلا حصول اجازت نامہ سکونت مقیم نہ رہے گی۔

۴ حصول اجازت نامہ سکونت کی درخواست۔

۵ اجازت نامہ سکونت۔

۶ اجازت نامہ دینے سے انکار۔

۷ اجازت نامہ عارضی سکونت کی مدت اور اسکی تنسیخ۔

۸ اجازت نامہ کے منسوخ ہونے کا نتیجہ۔

۹ اجازت نامہ مستقل سکونت۔

۱۰ جرائم ان کی نوعیت سماعت اور سزا۔

۱۱ قواعد وضع کرنے کا اختیار۔

(Translation)

THE NON-MULKI PROSTITUTES AND DANCING GIRLS ACT.

No XXI of 1350 F.

(Received the assent of H. E. H. the Nizam on 21st Shaban 1360 H., corresponding to 9th Aban 1350 F.)

Preamble. Whereas it is expedient to enact a law relating to non-mulki prostitutes and dancing girls; It is hereby enacted as follows :—

Short title, commencement and extent. 1. This Act may be called "THE NON-MULKI PROSTITUTES AND DANCING GIRLS ACT" and it shall come into force in H.E.H. the Nizam's Dominions from the *date of its publication in the Jarida.

Definitions. 2. In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context,—

(a) "non-mulki prostitute" shall mean a prostitute whose continuous residence in H. E. H. the Nizam's Dominions has been for less than fifteen years;

*Published in the Jarida dated 24th Aban 1350 F.

قانون بیرونی زنانِ بازاری و طوائف

نشان (۲۱) سنہ ۱۳۵۰ف

(جو پیشگاہ اعلیحضرت مدظلہم العالی سے بتاریخ ۲۱ر شعبان المعظم سنہ ۱۳۶۰ھ مطابق ۹ر آبان سنہ ۱۳۵۰ف منظور ہوا۔)

تمہید۔ ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ بیرونی زنان بازاری و طوائف کے متعلق قانون نافذ کیا جائے لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے:—

مختصر نام۔ تاریخ نفاذ۔ وسعت مقامی۔ دفعہ ۱۔ یہ قانون بنام "قانون بیرونی زنان بازاری و طوائف" موسوم ہوسکے گا اور تاریخ اشاعت جریدہ سے ممالک محروسہ سرکار عالی میں نافذ ہوگا

تعریفات۔ دفعہ ۲۔ قانون ہذا میں بجز اس کے کہ مضمون یا سیاق عبارت اس کے خلاف ہو۔

(الف) "بیرونی زنانِ بازاری" سے ایسی عصمت فروش عورت مراد ہوگی جس کا ممالک محروسہ سرکار عالی میں مسلسل قیام پندرہ سال سے کم ہو۔

* جریدہ اعلامیہ مورخہ ۲۴ر آبان سنہ ۱۳۵۰ف میں شائع ہوا۔

(*Translation*)

(b) "non-mulki dancing girl" shall mean a woman whose continuous residence in H. E. H. the Nizam's Dominions has been for less than fifteen years and whose main occupation is dancing and singing whether she lives in prostitution or not ;

(ب) "بیرونی طوائف" سے ایسی عورت مراد ہوگی جس کا ممالک محروسہ سرکار عالی میں مسلسل قیام پندرہ سال سے کم ہو اور اس کا اصل پیشہ رقص و سرود ہو خواہ وہ عصمت فروشی کرتی ہو یا نہ کرتی ہو۔

(c) "temporary residence licence" shall mean a licence granted under this Act to a non-mulki prostitute or non-mulki dancing girl ;

(ج)۔ "اجازت نامہ عارضی سکونت" سے ایسا اجازت نامہ مراد ہوگا جو کسی بیرونی زن بازاری یا بیرونی طوائف کو قانون ہذا کے تحت دیا جائے۔

(d) "permanent residence licence" shall mean a licence granted under this Act to a non-mulki prostitute or a dancing girl ;

(د)۔ "اجازت نامہ مستقل سکونت" سے ایسا اجازت نامہ مراد ہوگا جو کسی بیرونی زن بازاری یا طوائف کو قانون ہذا کے تحت دیا جائے۔

(e) "licensee" shall mean a non-mulki prostitute or a non-mulki dancing girl to whom a residence licence has been granted under this Act.

(ھ)۔ "اجازت یافتہ" سے ایسی بیرونی زن بازاری یا بیرونی طوائف مراد ہوگی جس کو قانون ہذا کے تحت کوئی اجازت نامہ سکونت دیا گیا ہو۔

3. No Non-mulki prostitute or dancing girl not to reside without obtaining residence licence.

Non-mulki prostitute or dancing girl shall carry on her occupation, within the limits of the City of Hyderabad or of any district in H.E.H. the Nizam's Dominions, without obtaining a residence licence.

دفعہ ۳۔ کوئی بیرونی زن بازاری یا طوائف بلا حصول اجازت نامہ سکونت مقیم نہ رہے گی۔

بیرونی زن بازاری یا طوائف بلا حصول اجازت نامہ سکونت حدود بلدہ میں یا ممالک محروسہ کے کسی ضلع کے حدود میں اپنا پیشہ انجام نہ دے سکے گی۔

(*Translation*)

Application for obtaining residence licence.

4. Any non-mulki prostitute or a non-mulki dancing girl desiring to carry on or continue her occupation within the city of Hyderabad or any district in H.E.H. the Nizam's Dominions, shall, in case she arrives after the commencement of this Act, apply in writing within four days from the date of her arrival, and in case she had been residing there, within one month from the date of commencement of this Act, in the City of Hyderabad to the Commissioner of City Police, and in a district to the Superintendent of Police, for grant of a residence licence.

Residence licence.

5. (1) On an application being made under section 4, the Commissioner of City Police or the Superintendent of Police may, in his discretion and according to the circumstances, issue the residence licence applied for or refuse to grant it without assigning any reasons.

(2) The residence licence may, while specifying the house or locality, also require the licensee to reside in a particular house or locality.

حصول اجازت نامہ سکونت کی درخواست۔ دفعہ ۴۔ بلدہ میں یا ممالک محروسہ سرکار عالی کے کسی ضلع میں بیرونی زنِ بازاری یا بیرونی طوائف اپنا پیشہ اختیار کرنا یا جاری رکھنا چاہتی ہو اور وہ قانون ہذا کے نفاذ کے بعد وارد ہو تو اپنے ورود کی تاریخ سے چار دن کے اندر اور پہلے سے مقیم ہو تو تاریخ نفاذ قانون ہذا سے ایک ماہ کے اندر بلدہ کے لئے کوتوال بلدہ اور ضلع کے لئے مہتمم کوتوالی کے پاس اجازت نامہ سکونت دیئے جانے کے لئے تحریری درخواست پیش کرے گی۔

اجازت نامہ سکونت۔ دفعہ ۵۔ (۱) دفعہ ۴ کے تحت درخواست پیش ہونے پر کوتوال بلدہ یا مہتمم کوتوالی صورت حال کے لحاظ سے اپنے صوابدید کے مطابق مطلوبہ اجازت نامہ سکونت دے سکیگا یا اس کے دینے سے بلا اظہار وجوہ انکار کرسکیگا۔

(۲)۔ اجازت نامہ سکونت میں بہ تعین مکان یا محلہ حکم دیا جاسکے گا کہ اجازت یافتہ اس خاص مکان یا محلہ میں مقیم ہو۔

(*Translation*)

6. If a licence is refused, the applicant shall, within seven days from the date of refusal, remove herself from the local limits within which she has not been permitted to reside. In case of default the authority competent to grant licence shall take action against the applicant under sub-section (2) of section 8.

Refusal to grant licence.

7. (1) The term of licence granted under section 5 to a newly arrived non-mulki prostitute shall be one month and of a licence granted to a newly arrived dancing girl shall not exceed six months. But the licence may, from time to time, be renewed if the conduct of the licensee is not otherwise objectionable.

Term of temporary residence licence and its cancellation.

(2) Where the misconduct of a licensee is likely to disturb public peace and if there are sufficient reasons to suspect that a non-mulki dancing girl is indulging more in prostitution than in her main occupation, the

اجازت نامہ دینے سے انکار۔

دفعہ ۶۔ اجازت نامہ دینے سے انکار کیا جائے تو درخواست گذارہ پر لازم ہوگا کہ تاریخ انکار سے سات دن کے اندر ان حدود سے منتقل ہو جائے جن میں قیام کی اجازت دینے سے انکار کیا گیا ہو۔ خلاف ورزی کی صورت میں اجازت نامہ دینے کا مقتدر عہدہ دار درخواست گذارہ کے خلاف دفعہ ۸ ضمن (۲) کے تحت عمل کرے گا۔

اجازت نامہ عارضی سکونت کی مدت اور اس کی تنسیخ۔

دفعہ ۷۔ (۱) جو اجازت نامہ دفعہ ۵ کے تحت نو وارد بیرونی زن بازاری کو دیا جائے گا اس کی مدت ایک ماہ اور جو نو وارد بیرونی طوائف کو دیا جائے گا اس کی مدت چھ ماہ سے زائد نہ ہو سکے گی مگر اجازت یافتہ کی روش اور طرح پر قابل اعتراض نہ ہو تو اجازت نامہ کی وقتاً فوقتاً تجدید ہو سکے گی۔

(۲) اجازت یافتہ کی کسی بد اطواری سے امن عامہ میں خلل واقع ہونے کا اندیشہ ہو اور بیرونی طوائف کی صورت میں یہ شبہ کرنے کے کافی وجوہ ہوں کہ وہ

authority competent to grant licence, may, cancel the licence before the expiry of its term.

Effect of cancellation of licence.

8. (1) When a licence is cancelled or it expires under sub-section (2) of Section 7 or sub-section (3) of Section 9, the authority competent to grant licence shall direct the licensee to go out of its jurisdiction within a specified period which shall not be less than seven days.

(2) Where an order passed under sub-section (1) is not complied with within the specified period or when compliance therewith is refused, the authority competent to grant licence shall remove the defaulter in police custody from his jurisdiction. Where a woman is so removed, a report in respect of her removal shall be forwarded to the officer-in-charge of a police-station to whose jurisdiction she has been removed.

Permanent residence licence,

9. (1) Where a licensee, having obtained a temporary residence licence had resided continuously for one year, or, a non-mulki prostitute or a non-mulki dancing girl, who had resided in the City of Hyderabad or any district of H. E. H. the Nizam's Dominions for one year before the

وہ اپنے اصل پیشہ کے مقابلہ میں عصمت فروشی کی طرف زیادہ رجوع ہے تو اجازت نامہ دینے کا مقتدر عہدہ دار اجازت نامہ کو اس کی مدت کے ختم ہونے سے قبل منسوخ کرسکیگا۔

اجازت نامہ کے منسوخ ہونیکا نتیجہ۔

دفعہ ۸۔ (۱) اجازت نامہ دفعہ ۷ ضمن (۲) یا دفعہ ۹ ضمن ۳ کے تحت منسوخ کیا گیا یا ہوگیا ہو تو اجازت نامہ دینے کا مقتدر عہدہ دار اجازت یافتہ کو حکم دے گا کہ وہ معینہ مدت کے اندر جو سات دن سے کم نہ ہوگی اس کے حدود سے باہر چلی جائے۔

(۲) ضمن (۱) کے تحت حکم دیا گیا ہو اور معینہ مدت کے اندر تعمیل نہ کی جائے یا تعمیل سے انکار کیا جائے تو اجازت نامہ دینے کا مقتدر عہدہ دار قاصر عورت کو کوتوالی کی حراست میں اپنے حدود ارضی سے خارج کردے گا۔ کوئی عورت اس طرح خارج کی جائے تو اس کے اخراج کی اطلاع اس منتظم تھانہ کو دی جائے گی جس کے حدود میں وہ پہونچائی گئی ہو۔

اجازت نامہ مستقل سکونت۔

دفعہ ۹۔ (۱)۔ اجازت یافتہ بحصول اجازت نامہ عارضی سکونت ایک سال تک مسلسل مقیم رہی ہو یا ایسی بیرونی زنِ بازاری یا بیرونی طوائف جو قانون ہذا کے نفاذ سے ایک سال قبل بلدہ میں یا ممالک محروسہ کے کسی ضلع میں مقیم رہی ہو اور اس کی روش اور طرح

commencement of this Act and her conduct had not been otherwise objectionable, desires to reside permanently or continue her occupation the Commissioner of City Police in the City of Hyderabad, and in any district of H. E. H. the Nizam's Dominions, the Superintendent of Police, may, on her application in writing, grant her a permanent residencee licence.

(2) When a licensee under sub-section (1) leaves H.E.H. the Nizam's Dominions for a period of more than fifteen days, she shall, before her departure and immediately after her return, inform the authority competent to grant licence, of the dates of her departure and return.

(3) When a licensee under sub-section (1) does not furnish the requisite information in accordance with sub-section (2) or resides outside H. E. H. the Nizam's Dominions continously for six months, her permanent residence licence shall expire and such woman shall revert to her original status.

Nature, trial and punishment of offences.

10. (1) A non-mulki prostitute or a non-mulki dancing girl who carries on her occupation within the limits of the City of Hyderabad or any district of H. E. H. the Nizam's Dominions without obtaining a residence licence, shall be punishable with fine which may extend to two hundred rupees and in case she continues the same even after conviction, the authority competent to grant licence may take action against her under sub-section (2) of section 8.

پر قابل اعتراض نہ رہی ہو اور وہ مستقل سکونت اختیار کرنا یا اپنا پیشہ جاری رکھنا چاہتی ہو تو حدود بلدہ کے لئے کوتوال بلدہ اور ممالک محروسہ کے کسی ضلع کے لئے مہتمم کوتوالی اسکی تحریری درخواست پر اسکو اجازت نامہ مستقل سکونت دے سکے گا۔

(۲) ضمن (۱) کے تحت اجازت یافتہ پندرہ روز سے زائد مدت کیلئے ممالک محروسہ سے باہر جائے تو وہ اپنی روانگی سے قبل اور واپسی کے فوری بعد روانگی اور واپسی کی تاریخوں سے اجازت نامہ دینے کے مقتدر عہدہ دار کو مطلع کرے گی۔

(۳) ضمن (۱) کے تحت اجازت یافتہ ضمن (۲) کے تحت اطلاع نہ دے یا مسلسل چھ ماہ تک ممالک محروسہ سے باہر مقیم رہے تو اس کا اجازت نامہ مستقل سکونت منسوخ ہو جائیگا اور ایسی عورت کی ابتدائی حیثیت عود کر آئے گی۔

جرائم ان کی نوعیت سماعت اور سزا | دفعہ ۱۰ - (۱)

بیرونی زن بازاری یا بیرونی طوائف بلا حصول اجازت نامہ سکونت حدود بلدہ میں یا ممالک محروسہ کے کسی ضلع کے حدود میں اپنا پیشہ انجام دے تو اس کو جرمانہ کی سزا دی جاسکے گی جس کی مقدار دو سو روپیہ تک ہو سکے گی اور سزایابی کے بعد بھی وہ اپنا پیشہ جاری رکھے تو اجازت نامہ دینے کا مقتدر عہدہ دار اس کے خلاف دفعہ ۸ ضمن (۲) کے تحت عمل کرے گا۔

(*Translation*)

(2) An offence under this section shall be tried and punished by a Magistrate of the Second Class and be cognizable and bailable.

Power to make rules.

11. (1) The Government may make rules to carry out the purposes of this Act.

(2) The Government may, without prejudice to the generality of sub-section (1), make rules in regard to the following matters :

(a) a register for regulating the mode of living and movements of a licensee, its form and entries ;

(b) the charges on removal under sub-section (2) of section 8 and defrayal thereof ;

(c) forms of licences.

(3) the court shall, in accordance with section 3 of the Hyderabad Evidence Act, make presumptions as to the accuracy of the entries of the register mentioned in clause (a) of sub-section (2).

(۲) ۔ جرم تحت ہذا قابل سماعت و تجویز ناظم فوجداری درجہ دوم و قابل دست اندازی کوتوالی اور قابل ضمانت ہوگا۔

قواعد وضع کرنیکا اختیار ۔ دفعہ ۱۱ ۔ (۱) قانون ہذا کے اغراض کی تکمیل کے لئے سرکار عالی قواعد وضع کرسکیں گے۔

(۲) ضمن (۱) کی عمومیت کو متاثر کئے بغیر سرکار عالی حسب ذیل امور کے متعلق قواعد وضع کریں گے۔

(الف) ۔ اجازت یافتہ کے طریقہ زندگی و نقل و حرکت کے انضباط کے لئے کتابچہ اس کی ترکیب اور اس کے اندراجات ۔

(ب) اخراج تحت دفعہ ۸ ضمن (۲) کے مصارف اور ان کی پابجائی ۔

(ج) ۔ اجازت ناموں کے نمونے ۔

(۳) ۔ کتابچہ متذکرہ ضمن (۲) نقرہ (الف) کے اندراجات کی صحت کا قیاس حسب منشا دفعہ ۳ قانون شہادت ممالک محروسہ سرکار عالی عدالت کرے گی ۔

THE INSOLVENCY ACT

No. VIII of 1351 Fasli.

CONTENTS.

Section.

Preamble.

1. Short title, commencement & extent.

2. Definitions.

PART I

CONSTITUTION & POWERS OF COURT.

3. Jurisdiction.

4. Powers of Court to decide all questions relating to insolvency.

5. General powers of Court.

قانون دیوالیہ

نشان (۸) سنہ ۱۳۵۱ ف

دفعہ ۔

تمہید ۔

۱ مختصر نام و تاریخ نفاذ و وسعت مقامی ۔

۲ تعریفات ۔

حصہ اول

عدالت کی ترکیب اور اس کے اختیارات ۔

۳ اختیار سماعت ۔

۴ اختیارات عدالت دربارہ انفصال جملہ امور متعلق بہ دیوالیہ ۔

۵ عدالت کے عام اختیارات ۔

Translation)

PART II

PROCEEDINGS FROM ACTS OF INSOLVENCY TO DISCHARGE

ACTS OF INSOLVENCY.

6. Acts of insolvency.

PETITION.

7. Petition & order of adjudication.

8. Exemption of corporate bodies etc., from insolvency Proceedings.

9. Conditions on which creditor may petition.

10. When debtor may petition.

11. Court to which insolvency petition shall be presented.

قانون دیوالیہ نشانی (۸) سنہ ۱۳۵۱ف۔

حصہ دوم

کارروائی افعال دیوالیہ سے برأت تک

افعال دیوالیہ۔

۶ افعال دیوالیہ۔

درخواست۔

۷ درخواست اور حکم دیوالیہ۔

۸ دیوالیہ کارروائیوں سے جماعت ہائے سند یافتہ وغیرہ کا استثناء۔

۹ شرائط ادخال درخواست متجانب دائن۔

۱۰ مدیون کن صورتوں میں درخواست پیش کرسکتا ہے۔

۱۱ عدالت جس میں درخواست دیوالیہ پیش ہوگی۔

12. Verification of petition.	۱۲ تصدیق درخواست۔
13. Contents of petition.	۱۳ مضمون درخواست۔
14. Withdrawal of petitions.	۱۴ درخواست سے دستبرداری۔
15. Consolidation of petitions.	۱۵ درخواست کی یکجا سماعت۔
16. Power to change carriage of proceedings.	۱۶ کارروائی کا طریقہ بدلنے کا اختیار۔
17. Proceedings to continue on death of debtor.	۱۷ مدیون کے انتقال پر کارروائی کا سلسلہ جاری رہے گا۔
18. Application of the Hyderabad Code of Civil Procedure.	۱۸ مجموعہ ضابطہ دیوانی سرکار عالی کا اطلاق
19. Procedure on admission of petition.	۱۹ درخواست قبول ہونے کے بعد کارروائی
20. Appointment of interim receiver.	۲۰ عارضی منتظم کا تقرر۔

21. Interim proceedings against debtor.

۲۱ درمیانی کارروائی بمقابلہ مدیون -

22. Duties of debtor.

۲۲ مدیون کے فرائض -

23. Release of debtor.

۲۳ مدیون کی رہائی -

24. Procedure at hearing.

۲۴ ضابطہ بہ وقت سماعت -

25. Dismissal of petition.

۲۵ درخواست کا اخراج -

26. Award of compensation.

۲۶ حکم ادائی معاوضہ -

27. Order of adjudication.

۲۷ حکم قرار داد دیوالیہ -

28. Effect of order of adjudication.

۲۸ حکم قرارداد دیوالیہ کا اثر -

29. Stay of proceedings.

۲۹ التوائے کارروائی -

30. Publication of order of adjudication.

۳۰ حکم قرارداد دیوالیہ کی اشاعت -

PROCEEDINGS CONSEQUENT ON ORDER OF ADJUDICATION

کارروائی بعد صدور حکم قرارداد دیوالیہ۔

31. Protection order.

۳۱ حکم محافظت۔

32. Power to arrest after order of adjudication is made.

۳۲ حکم قرارداد دیوالیہ صادر ہونے کے بعد گرفتاری کا اختیار۔

33. Schedule of creditors.

۳۳ فہرست دائنین۔

34. Debts provable under this Act.

۳۴ دیون جو قانون ہذا کے تحت ثابت کئے جاسکتے ہیں۔

ANNULMENT OF ORDER OF ADJUDICATION

حکم قرارداد دیوالیہ کی تنسیخ۔

35. Power to annul adjudication.

۳۵ اختیار تنسیخ حکم دیوالیہ۔

36. Orders of adjudication made concurrently by different Courts.

۳۶ جب بوقت واحد مختلف عدالتوں میں احکام قرارداد دیوالیہ صادر ہوں۔

37. Proceedings on annulment of adjudication.

۳۷ کارروائی بعد تنسیخ حکم دیوالیہ۔

COMPOSITION AND SCHEMES OF ARRANGEMENT OF INSOLVENT'S AFFAIRS.

مصالحت و تدابیر انتظام معاملات دیوالیہ۔

38. Composition and schemes of arrangement of insolvent's affairs.

۳۸ تصفیہ باہمی اور تدابیر انتظام معاملات دیوالیہ۔

39. Order of approval.

۳۹ حکم منظوری۔

40. Power to re-adjudge debtor insolvent.

۴۰ مدیون کو مکرر دیوالیہ قرار دینے کا اختیار۔

ORDER OF DISCHARGE.

حکم برارت۔

41. Order of discharge.

۴۱ حکم برارت۔

42. Cases in which Court shall not grant absolute order of discharge.

۴۲ جن صورتوں میں عدالت قطعی حکم برارت عطا نہ کرے گی۔

43. Adjudication to be annuled on failure to apply for discharge.

۴۳ درخواست برارت پیش نہ ہو تو حکم دیوالیہ منسوخ کیا جائے گا۔

44. Effect of order of discharge.

۴۴ حکم برارت کا اثر۔

PART III.

حصہ سوم

ADMINISTRATION OF PROPERTY. METHOD OF PROOF OF DEBTS.

اہتمام جائداد۔
دین ثابت کرنیکا طریقہ۔

45. Debts payable at future time.

۴۵ دین جو زمانہ مستقبل میں ادا شدنی ہو۔

46. Mutual dealings & set-off.
۴۶ باہمی لین دین اور مجراواشت ۔

47. Securred creditors.
۴۷ محفوظہ دائنین ۔

48. Interest.
۴۸ سود ۔

49. Mode of proof.
۴۹ طریقۂ ثبوت ۔

50. Disallowance & reduction of entries in schedule.
۵۰ اندراجات کا فہرست سے اخراج اور اس کی تخفیف ۔

EFFECT OF INSOLVENCY ON ANTECEDENT TRANSACTIONS.
سابقہ معاملات پر دیوالیہ کا اثر ۔

51. Restriction of rights of criditor under execution of decree.
۵۱ دائن کے حقوق کا اجرائے ڈگری میں محدود ہونا ۔

52. Duties of Court executing decree as to property taken in execution.
۵۲ عدالت تعمیل کنندہ ڈگری کے فرائض دربارۂ جائداد مقروقہ ۔

53. Invalidity of transfer of property without consideration.
۵۳ جائداد کے بلا بدل انتقال کی ناجوازی ۔

54. Invalidity of preference in certain cases.
۵۴ بعض صورتوں میں ترجیح کی ناجوازی ۔

55. By whom petition for annulment may be made.
۵۵ درخواست تنسیخ کون پیش کرسکے گا ۔

56. Protection of bonafide transactions.
۵۶ نیک نیتی سے تکمیل پائے ہوئے معاملات کی محافظت ۔

SALE OF PROPERTY AND REALISATION OF MONEY.

جائداد کی بیع اور رقم کی وصولی۔

57. Appointment of receiver.
۵۷ منتظم کا تقرر۔

58. Power to appoint Official Recivers.
۵۸ سرکاری منتظم مقرر کرنے کا اختیار۔

59. Powers of Court if no receiver appointed.
۵۹ عدالت کے اختیارات جہاں کوئی منتظم مقرر نہ کیا جائے۔

60. Duties and powers of receiver.
۶۰ منتظم کے فرائض اور اختیارات۔

61. Power to obtain information regarding insolvent's property.
۶۱ جائداد دیوالیہ کے متعلق معلومات حاصل کرنے کا اختیار۔

62. Special provisions in regard to immovable property.
۶۲ خاص احکام نسبت جائداد غیر منقولہ۔

DISTRIBUTION OF PROPERTY.

تقسیم جائداد۔

63. Priority of debts.
۶۳ مقدم قرضے۔

64. Calculation of dividends.
۶۴ حصہ رسدی کا محاسبہ۔

65. Right of creditor who has not proved his debt before declaration of a dividend.
۶۵ ایسے دائن کا حق جس نے حصہ رسدی

کے اعلان کے قبل اپنا دین ثابت نہ کیا ہو۔

66. Declaration of final dividend. ۶۶ مختتم حصہ رسدی کا اعلان۔

67. No suit shall lie for dividend. ۶۷ حصہ رسدی کیلئے دعویٰ دائر نہ ہوسکے گا۔

68. Management of property by and allowance to insolvent. ۶۸ جائداد کا انتظام منجانب دیوالیہ اور دیوالیہ کا گزارہ۔

69. Right of insolvent to surplus. ۶۹ زر فاضل پر دیوالیہ کا حق۔

70. Committee of supervision. مجلس نگرانی۔

APPEAL AGAINST RECEIVER. مرافعہ بمقابلہ منتظم۔

71. Appeal against receiver. ۷۱ مرافعہ بمقابلہ منتظم۔

PART IV. حصہ چہارم۔

PENALTIES. سزائیں۔

72. Offences committed by debtors. ۷۲ جرائم جن کے مدیونان مرتکب ہوں

73. Procedure for offence under section 72.

۷۳ کارروائی متعلقہ جرم حسب دفعہ ۷۲۔

74. Discharge or composition not to bar criminal proceedings.

۷۴ براءت یا مصالحت کارروائی فوجداری کی مانع نہ ہوگی۔

75. Undischarged insolvent obtaining credit.

۷۵ غیر بری شدہ دیوالیہ کا قرض لینا۔

76. Disqualification of insolvent,

۷۶ دیوالیہ کی نا قابلیت۔

PART V.

حصہ پنجم

SUMMARY ADMINISTRATION.

سرسری اہتمام۔

77. Summary administration.

۷۷ سرسری اہتمام۔

PART VI.

حصہ ششم

APPEAL & REVISION.

مرافعہ اور نگرانی۔

78. Appeal & revision.

the insolvent is insufficient for this purpose, in which case they shall abate in equal proportions.

(3) Having retained such sums as may be necessary for the expenses of administration of insolvent's property and other incidental charges, all debts specified in sub-section (1) shall be discharged forthwith in so far as the property of the insolvent is sufficient to meet them.

(4) In the case of partners, the partnership property shall be applied in the first instance to the payment of the partnership debts, and the separate property of each partner shall be applied in the first instance to the payment of his separate debts. Where there is a surplus of the separate property of the partners, it shall be dealt with as part of the partnership property; and where there is a surplus of the partnership property, it shall be dealt with as separate property in proportion to the rights and—interests which each partner may have in such partnership property.

قانون دیوالیہ نشان مہ سنہ ۱۳۵۱ ف

اوران کی کامل ادائی کی جائے گی۔ سیجز اس کے کہ دیوالیہ کی جائداد اس غرض کے لئے ناکافی ہو۔ اس صورت میں وہ بہ تناسب تخفیف کئے جائیں گے۔

(۳)۔ ایسی رقمی گنجائش رکھ کر جو اہتمام جائداد دیوالیہ کے اخراجات و دیگر ضمنی اخراجات کے لئے ضروری ہو ایسے سب دیون جن کی تصریح ضمن (۱) میں کی گئی ہے جس حد تک دیوالیہ کی جائداد ان کی ادائی کے لئے کافی ہو سکے فوراً ادا کر دیئے جائیں گے۔

(۴)۔ شرکاء کی صورت میں جائداد شراکتی اولاً شراکتی دیون کی ادائی میں صرف کی جائیگی اور ہر ایک شریک کی علیحدہ علیحدہ جائداد اولاً اس کے علیحدہ دیون کی ادائی میں صرف کی جائیگی جب شرکاء کی علیحدہ جائداد بچ رہے تو اس کے متعلق جزو جائداد شراکتی کی طرح عمل ہوگا اور جب شراکتی جائداد بچ رہے تو اس کے متعلق اس مفاد اور حق کی مناسبت سے جو ہر ایک شریک کو ایسی شراکتی جائداد میں حاصل ہو علیحدہ جائداد

(*Translation*)

(5) Subject to the provisions of this Act, all debts entered in the schedule shall be paid rateably according to the amounts of such debts and without any preference.

(6) The surplus after payment of the aforesaid debts shall be applied to the payment of interest from the date on which the debtor is adjudged an insolvent at the rate of six per cent per annum on the debts entered in the schedule.

64. (1) In the calculation of dividends, the receiver shall retain in his hands assets sufficient to meet—

Calculation of dividends.

(a) debts provable under this Act, and appearing, from the insolvent's statements or otherwise, to be due to persons resident in places so distant that in the ordinary course of communication they have not had sufficient time to tender their proofs;

قانون دیوالیہ نشان ۱۳۵۱ف
کی طرح عمل ہوگا۔

(۵)۔ تابع احکام قانون ہذا کل دیون جو درج فہرست ہوئے ہوں ان کی مقدار کے تناسب سے بطور حصہ رسدی بلا ترجیح ادا کئے جائیں گے۔

(۶)۔ ان ادائیوں کے بعد جو رقم بچ رہے وہ سود کی ادائی میں صرف کی جائے گی جو مدیون دیوالیہ قرار دیئے جانے کی تاریخ سے بہ حساب چھ فیصد سالانہ ایسے دیون پر دلایا جائے گا جو درج فہرست ہوں۔

حصہ رسدی کا محاسبہ۔ | دفعہ ۶۴۔

(۱) حصہ رسدی کا حساب لگانے میں منتظم اپنے قبضہ میں اس قدر اثاثہ رکھے گا جو مندرجہ ذیل ادائی کے لئے کافی ہو:۔

(الف)۔ دیون جو قانون ہذا کے تحت ثابت کئے جاسکیں اور جو دیوالیہ کے بیانات سے یا اور طرح ایسے اشخاص کے یا شتی معلوم ہوں جو اس قدر مسافت پر رہتے ہوں کہ معمولی

سلسلہ آمد و رفت میں ان کو کافی وقت ثبوت پیش کرنے کے لئے نہ ملا ہو۔

(b) debts provable under this Act, and not yet determined ;

(ب)۔ دیون جو تحت قانون ہذا ثابت کئے جا سکیں اور زیر تصفیہ ہوں۔

(c) disputed debts or claims ;

(ج)۔ دیون یا مطالبے جو زیر اعتراض ہوں۔

(d) expenses necessary for the administration of the estate or otherwise.

(د)۔ اخراجات جو جائداد کے اہتمام کے لئے یا بصورت دیگر ضروری ہوں۔

(2) Subject to the provisions of sub-section (1), all money in the hand of the receiver shall be distributed as dividends.

(۲)۔ تابع احکام ضمن (۱) کل رقوم جو منتظم کے قبضہ میں ہوں بطور حصہ رسدی تقسیم کئے جائیں گے۔

Right of creditor who has not proved his debt before declaration of a dividend.

65. Any creditor who has not proved his debts before the declaration of any dividend or dividends, shall be entitled to be paid, out of any money for the time being in the hands of the receiver, any dividend or dividends, which he may have failed to receive before the payment from that money of any future dividend or dividends ; but he shall not be entitled to disturb

دفعہ ۶۵ ایسے دائن کا حق جس نے حصہ رسدی کے اعلان کے قبل اپنا دین ثابت نہ کیا ہو۔

ایسا دائن جس نے حصہ یا حصص رسدی کے اعلان کے پیشتر اپنا دین ثابت نہ کیا ہو اس رقم میں سے جو اس وقت منتظم کے قبضہ میں ہو ایسا حصہ یا حصص رسدی پانے

(*Translation*)

the distribution of any dividend made before his debt was proved by reason that he has not participated therein.

66. When the receiver has realised all the property of the insolvent or so much thereof as can, in the opinion of the Court, be realised without needlessly protracting the receivership, he shall declare a final dividend; but before so declaring he shall give notice in the manner prescribed to all persons who have shown themselves to be the creditors of the insolvent but have not proved their claims, that if they do not prove their claims within the time limited by such notice, he will declare a final dividend without regard to such claims. On the expiry of such time or if the Court, on application by any claimant grants him further time for establishing his claim, then on the expiry of such time, the property of the insolvent shall, without regard to the claims of other persons, be divided among the creditors entered in the schedule.

Declaration of final dividend.

کا مستحق ہوگا جس کو اس نے اس رقم کے کسی آئندہ حصہ یا حصص رسدی کی ادائی کے قبل حاصل نہ کیا ہو۔ مگر اس کو اس حصہ رسدی کے تقسیم میں جو اس کے دیون ثابت ہونے کے قبل عمل میں آیا ہو اس بنا پر خلل ڈالنے کا حق نہ ہوگا کہ وہ اس میں حصہ نہیں پایا ہے۔

مختتم حصہ رسدی کا اعلان۔ | **دفعہ ٦٦** ۔ جب منتظم دیوالیہ کی جملہ جائداد یا اس کے اس قدر جز کو زر نقد میں تبدیل کرے جو عدالت کی رائے میں خدمت منتظمی کو غیر ضروری طوالت دیئے بغیر وصول ہو سکتا ہو تو منتظم مختتم حصہ رسدی کا اعلان کرے گا۔ لیکن ایسا اعلان کرنے کے قبل وہ ان تمام اشخاص کو جنھوں نے اپنے آپ کو دیوالیہ کا دائن ظاہر کیا ہو مگر اپنے مطالبہ کا ثبوت پیش نہ کیا ہو مقررہ طریقہ کے مطابق اطلاع دے گا کہ اگر وہ اپنے مطالبات اس مدت معینہ کے اندر جو ایسی اطلاع میں درج ہو ثابت نہ کریں گے تو وہ بلا لحاظ دیون مذکور مختتم حصہ رسدی کا اعلان کر دے گا۔ مدت مذکورہ منقضی ہونے پر یا اگر عدالت کسی مطالبہ کنندہ کی درخواست پر اس کو اپنا مطالبہ

ثابت کرنے کے لئے مزید وقت دے تو اس کے منقضی ہونے پر دیوالیہ کی جائداد بلالحاظ مطالبات دیگر اشخاص۔ ایسے دائنین میں تقسیم کردی جائے گی جن کے نام فہرست میں درج ہوں۔

No suit shall lie for dividend.

67. No suit for a dividend shall lie against the receiver; but where the receiver refuses to pay any dividend, the Court may, on the application of any creditor who is entered in the schedule, order the receiver to pay it, and also to pay out of his own money interest thereon for the period for which the payment is withheld, and the costs of the application.

حصہ رسدی کے لئے دعوی دائر نہ ہوسکے گا۔

دفعہ ۶۷۔ حصہ رسدی کے مطالبہ کے لئے بمقابلہ منتظم نالش نہ ہوسکے گی لیکن جب منتظم کوئی حصہ رسدی ادا کرنے سے انکار کرے تو عدالت ایسے کسی دائن کی درخواست پر جس کا نام فہرست میں درج ہو منتظم کو حصہ مذکور نیز اس پر اس کی ذاتی رقم سے اس قدر مدت کا سود جس میں اس نے حصہ مذکور کی ادائیگی روک رکھی ہو اور خرچہ درخواست ادا کرنے کا حکم دے سکے گی۔

Management of property by and allowance to insolvent.

68. (1) The Court may appoint the insolvent himself to superintend the management of all the property of the insolvent or of any part thereof, or to carry on the trade (if any) of the insolvent for the benefit

جائداد کا انتظام منجانب دیوالیہ اور دیوالیہ کا گزارہ۔

دفعہ ۶۸۔ (۱) دیوالیہ کی کل یا جزو جائداد کے انتظام کی نگرانی کے لئے یا دیوالیہ کے کاروبار (اگر کوئی ہوں) دائنین

of the creditors, and in any other respect to aid in the administration of the property in such manner and on such terms as the Court may direct.

(2) The Court may from time to time, make such allowance as it may think just to the insolvent out of his property for the support of himself and his family, or in consideration of his services which he may have discharged by order of the Court, for the management of the property. The allowance may, at any time, be varied or determined by order of the Court.

69. After paying all debts of the creditors with interest as provided by this Act and the expenses of the proceedings taken thereunder, the insolvent shall be entitled to any surplus remaining over.

Right of insolvent to surplus.

70. (1) The Court may, if it

قانون دیوالیہ نشان ۱۳۵۱ف

کے مفاد کی غرض سے چلانے کے لئے اور
جائداد کے اہتمام میں دیگر طور پر مدد دینے کے
لئے عدالت ایسے طریقہ اور شرائط پر جن کی
وہ ہدایت دے شخص دیوالیہ کو مقرر کرسکے گی۔

(۲)۔ عدالت وقتاً فوقتاً دیوالیہ کو اس
کی جائداد میں سے اس کی اور اس کے اہل
وعیال کی پرورش کے لئے یا ان خدمات کے
معاوضہ میں جو اس نے انتظام جائداد کے سلسلہ
میں حکماً انجام دیے ہوں ایسا گزارہ روجوہ منصفانہ
خیال کرے دلاسکے گی۔ عدالت کے حکم سے ہر وقت
گزارہ تبدیل یا موقوف کیا جاسکے گا۔

زر فاضل پر دیوالیہ کا حق۔ | دفعہ ۶۹۔ احکام
قانون ہذا کے بموجب دائنین کے کل دیون معہ سود
اور ایسے اخراجات جو اس کارروائی کے تحت
عائد ہوئے ہوں ادا ہوجانے کے بعد اگر کوئی
رقم بچ رہے تو دیوالیہ وہ رقم پانے کا مستحق ہوگا

مجلس نگرانی۔ | دفعہ ۷۰۔ (۱) عدالت

Committee of supervision.

thinks fit, authorise the creditors who have proved their debts to appoint a committee of supervision for the purpose of superintending the administration of the insolvents property by the receiver.

(2) The creditors who have proved their debts or persons holding general powers-of-attorney from them, shall be appointed as members of a committee of supervision.

(3) The committee of supervision shall have such powers of control over the proceedings of the receiver as may be prescribed.

APPEAL AGAINST RECEIVER.

Appeal against receiver.

71. The insolvent or any creditor or any other person aggrieved by any act or decision of the receiver, may apply to the Court against such act or decision and the Court may confirm, reverse or modify the act, or decision or make such order as it thinks just :

اگر مناسب خیال کرے تو ان دائنین کو جنھوں نے اپنے دیون ثابت کر دیے ہوں مجاز کر سکے گی کہ وہ منتظم کے اہتمام پر نگرانی رکھنے کی غرض سے ایک مجلس نگرانی مقرر کریں۔

(۲) ایسی مجلس نگرانی کے وہ دائنین رکن ہو سکیں گے جنھوں نے اپنے دیون ثابت کر دیے ہوں یا ایسے اشخاص جو ان کے مختار عام ہوں۔

(۳) مجلس نگرانی کو منتظم کی کارروائیوں پر نگرانی رکھنے کے ایسے اختیارات حاصل ہوں گے جو مقرر کیے جائیں۔

مراقعہ بمقابلہ منتظم۔

مراقعہ بمقابلہ منتظم۔ | دفعہ ۷۱۔ دیوالیہ یا کوئی دائن یا کوئی اور شخص جو منتظم کے کسی فعل یا تجویز سے ناراض ہو عدالت میں اس فعل یا تجویز کی ناراضی سے درخواست پیش کر سکے گا اور عدالت اس فعل یا تجویز کی توثیق۔ تنسیخ یا ترمیم کر سکے گی یا جو حکم وہ قرین انصاف خیال کرے

(Translation)

Provided that no application under this section shall be entertained after the expiration of thirty days from the date of the act or decision.

PART IV.

PENALTIES.

72. If a debtor, whether before or after the mkaing of an order of adjudication;

Offences committed by bebtors.

(a) wilfully fails to perform the duties imposed on him by section 22 or to deliver up possession of any part of his property which is divisible among his creditors under this Act, and which is for the time being in his possession or under his control, to the Court or to any person authorised by the Court to take possession of it, or

قانون دیوالیہ نشان ۱۳۵۱ف

بجا آوری کر سکے گی۔

مگر شرط یہ ہے کہ کوئی درخواست جو ایسے فعل یا تجویز کی تاریخ سے تیس یوم گزر جانے کے بعد پیش کی جائے تحت دفعہ ہذا منظور نہ کی جا سکے گی۔

حصہ چہارم

سزائیں

جرائم جن کے مدیونان مرتکب ہوں۔ | دفعہ ۷۲

اگر کوئی مدیون خواہ قبل یا بعد صدور حکم قرار داد دیوالیہ

(الف) ۔ بالارادہ اُن فرائض کو جو حسب دفعہ (۲۲) اس پر عائد کئے گئے ہوں ادا کرنے یا اپنی جائداد کے کسی جزو کو جو حسب قانون ہذا اس کے دائنین میں قابل تقسیم ہو اور جو اس وقت اس کے قبضہ یا اختیار میں ہو عدالت یا کسی ایسے شخص کو جس کو عدالت نے اس کا قبضہ حاصل کرنے کا مجاز کیا ہو حوالہ کرنے سے قاصر رہے یا

قانون دیوالیہ نمبر ۸ سنہ ۱۳۵۱ ف ۔

(b) fraudulently with intent to conceal the state of his affairs or to defeat the objects of this Act,—

(ب) ۔ اپنے معاملات کی حالت کو مخفی یا قانون ہذا کے مقاصد کو زائل کرنے کے نیت سے فریباً

(1) destroys or otherwise wilfully prevents or withholds the production of any document relating to such of his affairs as are subject to investigation under this Act, or

(۱) ۔ کسی دستاویز کو جو اس کے ایسے معاملات سے متعلق ہو جو تحت قانون ہذا قابل تحقیقات ہوں تلف کردے یا کسی اور طرح عمداً اس کے پیش ہونے میں مانع ہو یا اس کو روک رکھے ۔ یا

(2) keeps, or causes to be kept false books of account, or

(۲) ۔ جھوٹا ہی کھاتہ رکھے یا رکھوائے ۔ یا

(3) makes false entries in or withholds any entry from or dishonestly alters or falsifies any document relating to such of his affairs as are subject to investigation, or

(۳) ۔ کسی دستاویز میں جو اس کے ایسے معاملات سے متعلق ہو جو زیر تحقیقات ہوں جھوٹے اندراجات کرے یا اس میں کوئی اندراج متروک کرے یا بدنیتی سے کوئی تغیر و تبدل کرے یا اس کو جھوٹی بنائے ۔ یا

(c) fraudulently with intent to diminish the sum to be divided among his creditors or to give an undue preference to any of his creditors,—

(ج) ۔ اس رقم کو جو اس کے دائنین میں تقسیم ہونی چاہیئے کم کرنے یا اپنے دائنین میں سے کسی کو بیجا ترجیح دینے کی نیت سے

(1) discharges or conceals any debt due to or from him, or

(2) makes away with, incumbers, mortgages or conceals any part of his property of any kind whatsoever, he shall, on conviction, be punished with imprisonment for a term which may extend to one year.

73. Where the Court is satisfied, after such preliminary inquiry, as it thinks necessary, that there is sufficient ground for inquiring into any offence referred to in section 72 and appearing to have been committed by the insolvent, it may record its finding to that effect and make a complaint of the offence in writing to a Magistrate of the first class having jurisdiction, and such Magistrate shall deal with such complaint under the Hyderabad Code of Criminal Procedure.

Procedure for offence under section 72.

فریباً

(۱)۔ کسی دین کو جو اس کو یا قصتی ہو یا وہ کسی کو باقی ہو خارج یا مخفی کرے۔ یا

(۲)۔ اپنی جائداد کے کسی جزو کو خواہ وہ کسی نوعیت کی ہو بے کر قرار ہو جائے یا زیر بار۔ رہن یا پوشیدہ کر دے تو بصورت اثبات جرم اس کو قید کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد ایک سال تک ہو سکے گی۔

دفعہ ۷۳۔ کارروائی متعلقہ جرم حسب دفعہ ۷۲۔
جب اس قدر ابتدائی تحقیقات کے بعد جو عدالت مناسب خیال کرے اس امر کا اطمینان ہو جائے کہ کسی جرم محولہ دفعہ ۷۲ کی جس کا تعلق دیوالیہ مرتکب ہونا معلوم ہوا ہو تحقیقات کی وجہ موجود ہے تو وہ اس بارہ میں اپنی تجویز قلمبند کرنے کے بعد ایک تحریری استغاثہ اس جرم کی بابت اس ناظم فوجداری درجہ اول کے پاس بھیج سکے گی جس کو اختیار سماعت حاصل ہو اور ناظم مذکور ایسے استغاثہ کے بارے میں بموجب مجموعہ

قانون دیوالیہ نشان مد ۱۳۵۱ف

خصائطیۂ فوجداری سرکار عالی کا رروائی عمل میں لائے گا ۔

Discharge or composition not to bar criminal proceedings.

74. Where an insolvent has been guilty of any of the offences referred to in section 72, a criminal proceeding against him shall not be barred by reason that he has obtained his discharge or that a proposal for composition or scheme of arrangement by him, has been accepted or approved.

برأت یا مصالحت کا رروائی فوجداری کی مانع نہ ہوگی ۔

دفعہ ۷۴ ۔ جب دیوالیہ جرائم محولہ دفعہ ۷۲ میں سے کسی جرم کا مرتکب ہوا ہو تو اس کا برات حاصل کرنا یا اس کی کسی تحریک مصالحت یا تدبیر انتظام کا قبول یا منظور کر لیا جانا اس کے مقابلہ میں کا رروائی فوجداری کا مانع نہ ہوگا ۔

Undischarged insolvent obtaining credit.

75. (1) An undischarged insolvent obtaining credit to the extent of fifty rupees or upwards from any person without informing him that he is an undischarged insolvent shall, on conviction by a Magistrate, be punished with imprisonment for a term which may extend to six months or with fine or with both.

غیر بری شدہ دیوالیہ کا قرض لینا ۔

دفعہ ۷۵ ۔ (۱) کوئی غیر بری شدہ دیوالیہ اگر کسی شخص سے اس کو یہ معلوم کرائے بغیر کہ وہ غیر بری شدہ دیوالیہ ہے پچاس روپیہ یا اس سے زائد قرض حاصل کرے تو ناظم فوجداری کے روبرو جرم ثابت ہونے پر اس کو قید کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد چھ ماہ تک ہو سکے گی یا جرمانہ کی یا دونوں سزائیں دی جائیں گی ۔

(2). Where the Court has reason to believe that an undischarged insolvent has committed the offence referred to in sub-section (1), the Court may, after such preliminary inquiry as may be necessary, send the case for trial to the nearest Magistrate of the first class, and may send the accused in custody or take sufficient security from the accused for appearing before such Magistrate ; and may bind over any person to appear and give evidence in the case.

تانون دیوالیہ نشان ۱۳۵۱ف

(۲) جب عدالت کو یہ باور کرنے کی وجہ ہو کہ کسی غیر بری شدہ دیوالیہ نے جرم مندرجہ ضمن (۱) کا ارتکاب کیا ہے تو عدالت اس قدر تحقیقات ابتدائی کے بعد جو ضروری ہو اس مقدمہ کو بغرض تجویز قریب ترین ناظم فوجداری درجۂ اول کے پاس ارسال کر سکے گی اور ملزم کو اس کے پاس زیر حراست روانہ کر سکے گی یا ناظم مذکور کے روبرو حاضر ہونے کے لئے ملزم سے کافی ضمانت اور اس مقدمہ میں شہادت دینے کے لئے کسی شخص سے مچلکہ حاضری لے سکے گی ۔

76. (1) Where a debtor is adjudged or re-adjudged insolvent under this Act, he shall, subject to the provisions of this Act, be disqualified from—

Disqualification of insolvent.

دیوالیہ کی ناقابلیت ۔ | دفعہ ۷۶ ۔ (۱)

جب کوئی مدیون تحت قانون ہذا دیوالیہ یا مکرر دیوالیہ قرار دیا جائے تو تابع احکام قانون ہذا وہ اس امر کا ناقابل قرار پائے گا

(a) being appointed or acting as a Magistrate ;

(الف) ۔ بہ حیثیت ناظم فوجداری مقرر یا کام انجام دے سکے ۔

(b) being elected to any office of any local authority to which election is made by votes, or holding or exercising any such office which carries no remuneration ;

(ب)۔ کسی مجلس مقامی کے ایسے عہدہ کے لئے جس کا انتخاب رائے شماری سے ہوتا ہو منتخب ہو سکے یا کسی ایسے عہدہ پر جو بلا صلہ ہو مقرر ہو کام انجام دے سکے۔ اور

(c) being elected, sitting or voting as member of any local authority.

(ج)۔ کسی مجلس مقامی کے رکن کی حیثیت سے مجلس مذکور میں منتخب ہو سکے۔ شرکت کر سکے یا رائے دے سکے۔

(2) The disqualifications imposed under this section shall be removed in the following cases—

(۲)۔ دفعہ ہذا کے تحت جو ناقابلیتیں عائد کی گئی ہیں حسب ذیل صورتوں میں رفع ہو جائیں گی:—

(a) if the order of adjudication is annulled under section 35, or

(الف)۔ اگر دفعہ ۳۵ کے بموجب حکم قرار داد دیوالیہ منسوخ کر دیا جائے۔ یا

(b) if an order of discharge, whether absolute or conditional is made in his favour, and he is granted a certificate that he was adjudged insolvent by misfortune and not by misconduct.

(ب)۔ اس کے حق میں حکم برأت خواہ قطعی یا مشروط صادر کیا جائے اور اس کو اس مضمون کا صداقت نامہ دیا جائے کہ بدقسمتی نہ کہ بدچلنی کی وجہ سے وہ دیوالیہ قرار

(*Translation*)

(3) The Court may at its descretion, grant or refuse such certificate, but an order of refusal shall be appealable.

PART V.

SUMMARY ADMINISTRATION.

77. When a petition is presented by or against a debtor and the Court is satisfied by affidavit or otherwise that the property of the debtor is not likely to exceed in value five hundred rupees, it may make an order that the debtor's estate be administered in a summary manner, and there-upon the provisions of this Act shall be subject to the following modifications :—

Summary Administration.

(1) unless the Court otherwise directs, no notice required to be published under this Act, shall be published in the Jarida ;

قانون دیوالیہ نشان ۱۳۵۱ف

(۳)- ایسا صداقت نامہ عطا کرنا یا نہ کرنا عدالت کی صوابدید پر منحصر ہوگا۔ لیکن حکم انکار کا مراقعہ ہو سکے گا۔

حصہ پنجم۔

سرسری اہتمام

سرسری اہتمام۔ | دفعہ ۷۷۔ جب کوئی درخواست مدیون پیش کرے یا مقابلہ مدیون پیش کی جائے اور عدالت حلف نامہ کی بناء پر یا اور طرح مطمئن ہو جائے کہ مدیون کی جائداد کی مالیت پانچسو روپیہ سے زیادہ ہونے کی توقع نہیں ہے تو وہ یہ حکم دے سکے گی کہ مدیون کی جائداد کا اہتمام سرسری طریقہ پر کیا جائے بنا بریں آں قانون ہذا کے احکام حسب ذیل ترمیمات کے تابع ہوں گے۔

(۱)۔ بجز اس کے کہ عدالت اس کے خلاف کوئی حکم دے کوئی اطلاع جو بموجب

قانون دیوالیہ نشانہ ۱۳۵۱ف

قانون ہذا لازمی طور پر قابل اشاعت ہو جریدہ میں شائع کرنا ضروری نہ ہوگا۔

(2) in case the petition presented by debtor is admitted, the property of the debtor shall vest in the Court as a receiver;

(۲) ۔ مدیون کی پیش کردہ درخواست قبول کرلی جانے کی صورت میں مدیون کی جائداد پر عدالت کو بحیثیت منتظم اختیار حاصل ہو جائے گا۔

(3) at the hearing of the petition, the Court shall inquire into the debts and assets of the debtor and determine the same by order in writing; but it shall not be necessary to frame a schedule;

(۳) ۔ عدالت بوقت سماعت درخواست مدیون کے دیون اور اثاثہ کی دریافت کریگی اور ان کا تعین بذریعہ حکم تحریری کرے گی لیکن دفعہ ۳۳ کے بموجب فہرست مرتب کی جانا ضروری نہ ہوگی۔

(4) the prcperty of the debtor shall be realised with all reasonable despatch, and thereafter, if practicable, distributed in a dividend;

(۴) ۔ مدیون کی جائداد بعجلت مناسب زر نقد میں تبدیل کرے گی اور اس کے بعد اگر ممکن ہو تو ایک ہی حصہ رسدی میں تقسیم کی جائے گی۔

(5) the debtor shall apply for discharge within six months from the date of the order of adjudication; and

(۵) ۔ مدیون کو تاریخ حکم قرار داد دیوالیہ سے چھ ماہ کے اندر برائت کے لئے

(6) such other modifications may be made in the prescribed manner, as may save the expense and simplify the procedure :

Provided that the Court may, at any time direct that the ordinary procedure provided for in this Act, shall be followed in regard to the debtor's estate, and thereafter this Act shall have effect accordingly.

PART VI.

APPEAL AND REVISION.

78. (1) The debtor, any creditor, the receiver or any other person may, aggrieved by a decision or order of a Court, appeal under section 11 of the Hyderabad Civil Courts Act, to the superior Court having appellate Jurisdiction.

Appeal and revision.

(2) There shall be a second appeal from every order or decision made in the first appeal.

(3) The High Court shall have the same powers of revision in relation

قانون دیوالیہ نشان ۱۳۵۱ف

درخواست پیش کرنا ضروری ہوگا۔ اور

(۶)۔ ایسے مزید ترمیمات مقررہ طریقہ پر کی جا سکیں گی جن سے اخراجات میں کفایت اور ضابطہ کارروائی میں سہولت ہو۔

مگر شرط یہ ہے کہ عدالت ہر وقت یہ حکم دے سکے گی کہ مدیون کی جائداد کے متعلق معمولی ضابطہ کارروائی پر عمل کیا جائے جو قانون ہذا میں مذکور ہے اور بعد ازاں قانون ہذا بحسب موثر ہوگا۔

حصہ ششم۔

مرافعہ اور نگرانی۔

مرافعہ اور نگرانی۔ دفعہ ۷۸۔ (۱) مدیون یا کوئی دائن یا منتظم یا کوئی دوسرا شخص عدالت کے کسی فیصلہ یا حکم کی ناراضی سے بموجب دفعہ (۱۱) قانون عدالت ہائے دیوانی سرکار عالی اس عدالت ماتحت میں جس کو مرافعہ کی سماعت کا اختیار حاصل ہو مرافعہ پیش کر سکے گا۔

(۲)۔ ہر حکم یا فیصلہ کا جو مرافعہ اولی میں صادر ہو مرافعہ ثانی ہو سکے گا۔

(۳)۔ عدالت اعالیہ کو کسی عدالت ماتحت

(*Translation*)

to any proceedings of a subordinate Court at any stage as are exercised under section 615 of the Hyderabad Code of Civil procedure.

کی کسی کارروائی کی نسبت خواہ وہ کسی نوبت پر ہو وہی اختیارات نگرانی حاصل ہوں گے جو دفعہ ۶۱۵ مجموعہ ضابطہ دیوانی سرکار عالی کی رو سے حاصل ہیں۔

(4) An appeal under this section to the High Court may be filed within ninety days and to the other Courts having appellate jurisdiction, within sixty days.

(۴) ۔ دفعہ ہذا کے تحت عدالت اعالیہ میں اندرون ۹۰ یوم اور دیگر عدالتوں میں جن کو سماعت مرافعہ کا اختیار حاصل ہو اندرون ۶۰ یوم مرافعہ پیش ہوگا۔

PART VII.

MISCELLANEOUS.

حصہ ہفتم

متفرقات

79. Subject to any rules made under this Act, the provisions of section 245 of the Hyderabad Code of Civil Procedure, shall, so far as may be, be applied to the costs of insolvency proceedings and the costs of detaining debtor in civil prison.

Costs.

خرچہ ۔ | دفعہ ۷۹ ۔ تابع ان قواعد کے جو تحت قانون ہذا مرتب کئے جائیں مقدمات دیوالیہ کے خرچہ اور اس بھتہ کے متعلق جو مدیون کے محبس دیوانی میں رکھنے کے لئے ادا کیا جائے مجموعۂ ضابطہ دیوانی سرکار عالی کے دفعہ ۲۴۵ کے احکام جہاں تک وہ متعلق ہو سکیں قابل پابندی ہوں گے

80. All Courts having jurisdiction

عدالتیں ایک دوسرے کی امداد کریں گی۔ | دفعہ ۸۰ ۔ تمام

(*Translation*)

Courts to be auxiliary to each other.

in insolvency proceedings and the officers of such Courts shall, severally act in aid of and be auxiliary to each other in matters of insolvency. An order of a Court seeking aid with a request to another Court, shall be sufficient to enable the latter court to exercise, in regard to the matter directed by the order, such jurisdiction as either of them could exercise in regard to such matter if such matter were within the local limits of its jurisdiction.

Limitation.

81. (1) The provisons of sections 5 and 12 of the Hyderabad Limitation Act, shall apply to appeals and applications filed under this Act, and a decision under section 4 of this Act shall be deemed to be a decree for the purposes of the said section 12.

(2) Where an order of adjudication has been annulled under this Act, in computing the period of limitation for any suit or application or an application for the execution of a decree (other than a suit or application in respect of which the leave of the Court was obtained under sub-

قانون دیوالیہ نشان ۱۳۵۱ف

عدالتیں جن کو مقدمات دیوالیہ کی سماعت کا اختیار ہو اور ایسے عدالتوں کے عہدہ دار امور متعلقہ دیوالیہ میں منفرداً ایک دوسرے کی مدد کریں گی اور ممد و معاون رہیں گے۔ ایک عدالت کا ایسا حکم جس کے ذریعہ وہ دوسری عدالت سے مدد کی خواستگار رہو اس کے کافی ہوگا کہ عدالت آخرالذکر اس امر کے متعلق جس کے بارے میں حکم مذکور میں ہدایت ہو ایسے اختیار کو استعمال کر سکے گی جس کو ان میں سے کوئی عدالت ایسے کسی امر میں استعمال کر سکتی اگر امر مذکور اس کے حدود ارضی کا ہوتا۔

میعاد سماعت۔ دفعہ ۸۱۔ (۱) قانون میعاد سماعت سرکار عالی کے دفعات ۵ و ۱۲ کے احکام ان مرافعوں اور درخواستوں سے متعلق ہوں گے جو تحت قانون ہذا پیش کئے جائیں اور مذکورہ ۵ دفعہ ۱۲ کے اغراض کے لئے وہ فیصلہ جو حسب دفعہ ۴ قانون ہذا صادر کیا جائے ڈگری متصور ہوگا۔

(۲) جب تحت قانون ہذا کوئی حکم ترارداد دیوالیہ منسوخ کیا گیا ہو تو (بجز اس مقدمہ یا درخواست کے جس کے لئے تحت دفعہ ۲۸ ضمن (۲) عدالت

section (2) of section 28), which could not be filed owing to the fact that an order of adjudication was made, the period from the date of the order of adjudication to the date of its annulment shall be excluded :

Provided that nothing in this section shall apply to a suit or application in respect of a debt provable but not proved under this Act.

Power to make rules.

82. (1) The High Court may, with the sanction of the Government, make rules for carrying out the provisions of this Act.

(2) In particular and without prejudice to the generality of the foregoing power, rules may be made for the following matters :—

(a) appointment and salary of receivers (other than Official Receivers), the audit of the accounts of receivers and the costs of audit;

(b) meetings of creditors,

قانونہ دیوالیہ نشان ۱۳۵۱ف۔
کی اجازت لی گئی ہو ہر ایسی نالش یا درخواست
اجرائی ڈگری کی میعاد شمار کرنے میں جو حکم قرارداد
دیوالیہ کے صدور کی وجہ سے رجوع نہ ہو سکے
وہ مدت خارج ہوگی جو حکم قرارداد دیوالیہ
کے صدور کی تاریخ اور اس کی تنسیخ کے درمیان
گزرے۔

مگر شرط یہ ہے کہ دفعہ ہذا کا کوئی مضمون اس
نالش یا درخواست سے متعلق نہ ہوگا جو ایسے
دین کے بارے میں ہو جو تحت قانون ہذا ثابت
کیا جا سکتا تھا مگر ثابت نہیں کیا گیا۔

قواعد وضع کرنے کا اختیار۔ | دفعہ ۸۲۔(۱)
بمنظوری سرکار عالی عدالت العالیہ مجاز ہوگی
کہ قانون ہذا کے احکام کو روبہ عمل لانے کے لئے
قواعد وضع کرے:۔

(۲)۔ اختیار مذکورہ صدر کی عمومیت کو
کو کسی طرح متاثر کئے بغیر خاص طور پر امور ذیل
کے متعلق قواعد وضع کئے جا سکیں گے:۔

(الف)۔ تقرر و مشاہرہ منتظمین (بجز منتظمین
سرکاری) و تنقیح حسابات منتظمین و اخراجات تنقیح۔

(ب)۔ جلسۂ دائنین۔

(c) procedure where the debtor is a firm,

(d) procedure in the case of summary administration of estate, and

(e) prescribed matters or matters which may be prescribed.

(3) The rules made under this section shall be published in the Jarida, and shall, on such publication, have the same effect as this Act.

Powers which may be delegated to Official Receivers.

83. The High Court, with the sanction of the Government may, from time to time, direct that in any matter in respect of which the Court has jurisdiction under this Act, the Official Receivers shall, subject to the direction of the Court, have all or any of the following powers:—

(a) to frame schedules and to admit or reject proofs of creditors;

(b) to make interim orders in cases of urgency;

(c) to hear and determine ex parte or unopposed applications.

(2) Any order made or act done by the Official Reciever in the excrcise of the aforesaid powers shall,

تانون دیوالیہ نشان ۱۳۵۱ف۔

(ج) ۔طریقہ کار روائی جب کہ مدیون کوئی شرکتی ہو۔

(د) ۔طریقہ کار روائی بصورت سرسری اہتمام جائداد اور

(ھ) ۔مقررہ امور یا ان امور سے متعلق جو مقرر کئے جاسکتے ہوں۔

(۳) ۔قواعد مرتبہ تحت دفعہ ہذا جریدہ میں شائع کئے جائیں گے اور بعد اشاعت قانون ہذا کا اثر رکھیں گے۔

دفعہ ۸۳۔ اختیارات جو سرکاری منتظمین کو دیئے جاسکتے ہیں۔ عدالت اعالیہ بمنظوری سرکار عالی وقتاً فوقتاً کسی امر سے متعلق جو بموجب قانون ہذا اس عدالت کے حلقہ اختیار سماعت میں ہو یہ ہدایت دے سکے گی کہ سرکاری منتظمین کو بمتابعت ہدایت عدالت تمام یا بعض اختیارات مندرجہ ذیل حاصل ہوں گے:۔

(الف) ۔فہرستیں مرتب کرنا اور دائنین کے ثبوت کو قبول یا اس سے انکار کرنا۔

(ب) ۔اشد ضروری صورتوں میں درمیانی احکام صادر کرنا۔

(ج) ۔یکطرفہ یا غیر نزاعی درخواستیں سماعت اور فیصل کرنا۔

(۲) ۔سرکاری منتظم کا کوئی حکم یا فعل جو وہ اختیارات مذکورہ بالا کے استعمال میں صادر کرے

subject to an appeal therefrom to the Court under section 71, be deemed the order or act of the Court.

84. Nothing in this Act shall affect any provision of the Debt Conciliation Act, No. I of 1349 F.

Savings.

85. (1) All sections of the Hyderabad Code of Civil Procedure, 1323 F, and all circulars and orders which are inconsistent with or a mere repetition of the provisions of this Act, are hereby repealed.

Repeal.

(2) where in any enactment or instrument in force at the date of the commencement of this Act, reference is made to Chapter XXIV of the Hyderabad Code of Civil Procedure, No. III of 1323 Fasli, or to any section of that chapter, such reference shall, so far as may be practicable, be deemed to be a reference to this Act or to the corresponding section thereof.

قانون دیوالیہ نشان ۱۳۵۱ف
یا انجام دے بشرطیکہ اس کا مراقعہ عدالت میں بموجب دفعہ
۷۱ کیا جائے عدالت کا حکم یا فعل متصور ہوگا۔

استثناء۔ | دفعہ ۸۴۔ قانون ہذا کا کوئی حکم
قانون مصالحت قرضہ نشان ۱ باتہ ۱۳۴۹ف کے
کسی حکم پر موثر نہ ہوگا۔

تنسیخ۔ | دفعہ ۸۵۔ (۱) مجموعہ ضابطہ
دیوانی سرکار عالی باتہ ۱۳۲۳ف کے کل دفعات
اور تمام گشتیات و احکام جو احکام قانون ہذا
کے نقیض یا محض ان کا اعادہ ہوں منسوخ کیے جاتے
ہیں۔

(۲) کسی قانون یا کسی دستاویز میں جو
نفاذ قانون ہذا کے وقت نافذ ہو کوئی
حوالہ باب ۲۴ مجموعہ ضابطہ دیوانی سرکار عالی
نشانہ ۳ باتہ ۱۳۲۳ف یا اس باب کی
کسی دفعہ کا ہو تو جہاں تک ممکن ہو سکے یہ
متصور ہوگا کہ وہ حوالہ قانون ہذا یا اس کے
ہم مضمون دفعہ کا ہے۔

(*Translation*)

THE SECURITIES CONTRACTS REGULATION ACT.

No. VII of 1353 Fasli.

Sections.

Preamble.

1. Short title, extent and commencement.

2. Definitions.

3. Procedure for recognition of stock exchange .

قانون
تنظیم معاہدات کفالت نامہ جات

نشان ۷ سنہ ۱۳۵۳ ف

دفعہ

۱ تمہید۔

۱ مختصر نام وسعت مقامی وتاریخ نفاذ۔

۲ تعریفات۔

۳ صرافکو مسلمہ قسمار دلانے کا طریقہ۔

4. Power to make rules.

5. Contracts in contravention of rules to be declared to be void.

قانون تنظیم معاہدات کفالت نامہ بحق نشان ۱۳۵۳ف

۴ ۔ قواعد بنانے کا اختیار ۔

۵ خلاف قواعد معاہدات کو کالعدم قرار دینا ۔

THE SECURITIES CONTRACTS REGULATION ACT.

No. VII of 1353 F.

(Received the assent of H. E. H. the Nizam through Firman dated 21st Zilhajjat-ul-haram 1362 Hijri) corresponding to 15th Bahman 1353 Fasli).

Preamble.

WHEREAS it is expedient to make provisions to regulate and have control over the sale and purchase of securities and other transactions and contracts pertaining thereto ; It is hereby enacted as follows :—

قانون

تنظیم معاہدات کفالت نامہ جات

۱۳۵۳ف

نشان ۷، بابتہ

(جو بیشگاہ اعلیحضرت ظل سبحانی سے بذریعہ

فرمان واجب الاذعان مرقومہ ۲۱ ذیحجہ الحرام ۱۳۶۲ف

مطابق ۱۵ بہمن ۱۳۵۳ف منظور ہوا)

تمہید۔ ہر گاہ قرین مصلحت ہے کہ کفالت نامہ جات کی بیع و شری اور ان کے تعلق سے دوسرے معاملات اور معاہدات کی تنظیم اور اس پر قابو حاصل کرنے کے لئے احکام مدون کئے جائیں۔ لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے :—

(Translation)

قانون تنظیم معاہدات کفالت نامہ جات نشان ۲۱ ف ۱۳۵۳

1. (1) This Act may be called the Securities Contracts Regulation Act.

Short title, extent and commencement.

دفعہ (۱) مختصر نام وسعت مقامی وتاریخ نفاذ۔ قانون ہذا بنام "قانون تنظیم معاہدات کفالت نامہ جات" موسوم ہوسکے گا۔

(2) The Government may enforce this Act in the City of Hyderabad and also at any other place in H. E. H. the Nizam's Dominions from such date as they may in their discretion notify in the Jarida for this purpose.

(۲) بلدہ نیز ممالک محروسہ سرکار عالی کے کسی اور مقام میں قانون ہذا کا نفاذ سرکار عالی ایسی تاریخ سے کرسکیں گے جس کا وہ اپنے صوابدید کے مطابق اس غرض سے جریدہ میں اعلان کریں۔

(3) The Securities Contracts Regulation No. XXI dated 3rd Thir, 1352 Fasli shall be deemed to have been repealed from the commencement of this Act.

(۳)۔ تاریخ نفاذ قانون ہذا سے دستور العمل تنظیم معاہدات کفالت نامہ جات نشان ۲۱ مورخہ ۱۳ تیر ۱۳۵۲ ف منسوخ متصور ہوگا۔

2. In this Act unless there is anything repugnant in the subject or context—

Definitions.

دفعہ ۲۔ تعریفات۔ بجز اس کے کہ مضمون یا سیاق

(*Translation*)

قانون تنظیم معاہدۂ کفالت نامہ جات فشان ۱۳۵۳ف

عبارت اس کے خلاف ہو قانون ہذا

میں

(1) "securities" include stocks, shares, bonds, debentures, debenture-stocks and other securities of a like nature.

(۱) "کفالت نامہ جات" میں سرمایہ حصص۔ حصص۔ تمسکات۔ کفالتی تمسکات۔ کفالتی تمسکات کے سرمایہ حصص اور اسی قسم کے دوسرے کفالت نامہ جات شامل ہوں گے۔

(2) "stock-exchange" means the society, association, or body of persons, whether incorporated or not, established for the purpose of assisting, regulating and controlling the sale and purchase of and dealing in or other transactions of stocks, shares, bonds, debentures, debenture-stocks and other securities of a like nature.

(۲) "صرافہ" سے وہ مجلس۔ انجمن یا جماعت اشخاص مراد ہوگی جو سرمایہ حصص۔ حصص۔ تمسکات۔ کفالتی تمسکات۔ کفالتی تمسکات کے سرمایہ حصص اور اسی قسم کے دوسرے کفالت نامہ جات کی بیع وشری اور ان سے متعلق لین دین یا دوسری معاملت میں معاونت۔ اس کی تنظیم اور اس پر قابو رکھنے کی غرض سے قائم ہوئی ہو خواہ وہ مجلس۔ انجمن یا جماعت شاملہ یا غیر شاملہ یافتہ۔

قانون تنظیم معاہدات کفالت نامہ جات زراں، ۱۳۵۳ ف

(Translation)

(3) "recognised stock-exchange" means the stock-exchange recognised by the Government under sub-section (2) of section 3.

(۳) "مسلمہ صرافہ" سے وہ صرافہ مراد ہوگا جس کو سرکار عالی نے تحت دفعہ ۳ ضمن (۲) مسلمہ قرار دیا ہو۔

(4) "ready delivery contract" means a contract for the sale and purchase of securities for performance of which no period is fixed and the performance of which is intended to be immediate or within a reasonable period.

(۴) "معاہدہ فوری حوالگی" سے مراد کفالت نامہ جات کی بیع و شری سے متعلق ایسا معاہدہ ہوگا جس کی تکمیل کے لئے کوئی مدت معین نہ ہو اور جس کی تکمیل فوری یا مناسب مدت کے اندر مقصود ہو۔

3. (1) A stock-exchange desirous of being recognised for the purposes of this Act shall make an application in writing to the Government for recognition of stock-exchange and shall submit along with it the rules for the assistance, regulation and control of and dealings in or other transactions of the sale and purchase of securities for the approval of the Government and shall also furnish such other information in this regard as the Government may require from it.

Procedure for recognition of stock-exchange.

دفعہ ۳۔ (۱) صرافہ کو مسلمہ قرار دلانے کا طریقہ۔ قانون ہذا کے اغراض کے لئے مسلمہ قرار پا جانے کے خواہشمند صرافہ پر لازم ہوگا کہ وہ مسلمہ صرافہ قرار دیے جانے کے لئے سرکار عالی کے پاس تحریری درخواست پیش کرے اور اس کے ساتھ کفالت نامہ جات کی بیع و شری اور ان سے متعلق لین دین یا دوسری معاملت میں معاونت

قانون تنظیم معاہدات کفالت نامدات نشان ۱۳۵۳ف

اس کی تنظیم اور اس پر قابو رکھنے کے تعلق سے قواعد سرکار عالی کی منظوری کے لئے پیش کرے نیز اس ضمن میں دوسرے ایسے معلومات بہم پہونچائے جن کی خواہش سرکار عالی اس سے کریں۔

(2) The Government may recognise a stock-exchange provided that the rules submitted by the stock-exchange under sub-section (1) have been published in the Jarida one month prior to the recognition thereof.

(۲)۔ سرکار عالی کسی صرافہ کو مسلمہ قرار دے سکیں گے بشرطیکہ ضمن (۱) کے تحت صرافہ کے پیش کردہ قواعد اس کے مسلمہ قرار دیئے جانے سے ایک ماہ قبل جریدہ میں شائع کئے جا چکے ہوں۔

(3) The Government may refuse to recognise a Stock-exchange or withdraw recognition of any stock-exchange. Thereupon it shall cease to be a recognised stock-exchange.

(۳)۔ سرکار عالی کسی صرافہ کو مسلمہ صرافہ قرار دینے سے انکار کر سکیں گے یا کسی مسلمہ صرافہ کو مسلمہ صرافہ سے خارج کر سکیں گے جس کے بعد وہ صرافہ مسلمہ باقی نہ رہے گا۔

4. (1) A stock-exchange, subject to the sanction of the Government, may make rules for the assistance

Power to make rules.

قواعد بنانے کا اختیار۔ (۱) صرافہ

regulation and control and dealings in or other transaction of the sale and purchase of securities.

(2) Without prejudice to the generality of sub-section (1), such rules may *inter alia*, relate to the following matters :—

(a) regulation of the stock exchange by a managing body and the constitution of such managing body ;

(b) the powers and duties of the managing body and the manner in which its business shall be transacted ;

(*Translation*)

(c) the fixing of a scale of charges ;

(d) the stage and manner of commencement, settlement and ceasing of interest ;

(e) the regulation of dealing by members for their own account.

(f) the settlement of mutual disputes of the members and the punishment of the defaulting member.

(3) The rules under sub-section (1) or (2) shall be published in the Jarida one month prior to their approval by the Government and again after the approval of the Government is obtained.

Contracts in contravention of rules to be void.

5. (1) Every contract for the sale or purchase of securities entered into after a date fixed by the Government for this purpose by a notification in the Jarida

قانون تنظیم معاہدات کفالت نامہ جات نشان ۱۳۵۳ف

(ج) ۔ مصارف کی شرح کا تعین۔

(د) سود کے آغاز ۔ اور ختم ہونے کی نوبت اور طریقہ۔

(ہ) ۔ اراکین کی کی ایسی معاملت کی تنظیم جو وہ بطور خود اور اپنے لئے کریں۔

(و) ۔ اراکین کے باہمی نزاعات کا تصفیہ اور خاطی رکن کی سزا۔

(۳) ضمن (۱) یا (۲) کے تحت قواعد سرکار عالی کی منظوری حاصل ہونے سے ایک ماہ قبل اور پھر سرکار عالی کی منظوری کے حصول کے بعد جریدہ میں شائع ہوں گے۔

خلاف قواعد معاہدات کو کالعدم قرار دینا۔

دفعہ ۵۔

(۱) ۔ کفالت نامہ جات کی بیع یا شرائی کا ہر معاہدہ کالعدم ہوگا۔ جو اس تاریخ کے بعد ہو جو سرکار عالی نے اس غرض کے لئے بذریعہ اعلان مندرجہ جریدہ معین کی ہو بجز اس کے کہ وہ دفعہ کے بموجب منظورہ قواعد کے تحت اور

shall be void unless the same is made subject to and in accordance with the rules approval under section 3; and every contract shall be void unless the same is made between members or through a member of a recognised stock-exchange.

(2) No Civil Court shall pass a decree in any suit for any commission, brokerage, fee, or reward in respect of any void contract.

(Translation)

THE BHAGELAS CONTRACTS ACT.

No. IX of 1353 Fasli.

Sections.

Preamble.

1. Short title, commencement and extent.

2. Repeal and saving.

3. Definitions.

4. Certain matters to be observed in execution of Bhagela contracts.

5. Rate of interest under Bhagela contract.

6. Agricultural labour contract shall become void and liability to labour extinguished on death of Bhagela or other executant.

قانون معاہدات بھگیلگان

نشان (۹) سنہ ۱۳۵۳ ف

دفعہ۔

۱ ۔ مختصر نام و تاریخ نفاذ و وسعت مقامی۔

۲ ۔ تنسیخ و استثناء ۔

۳ ۔ تعریفات ۔

۴ ۔ معاہدات بھگیلہ کی تکمیل میں بعض امور کی پابندی کا لزوم ۔

۵ ۔ معاہدہ بھگیلہ کے تحت سود کی شرح ۔

۶ ۔ بھگیلہ یا دیگر تکمیل کنندہ معاہدہ کے فوت ہونے پر زرعی مزدوری کا معاہدہ کالعدم اور مزدوری کرنے کی ذمہ داری ختم ہو جائے گی ۔

7. Bar of suit in respect of void Bhagela contract.

۷ ۔ کالعدم شدہ معاہدہ بھگیلہ کی نسبت دعوی کی ممانعت ۔

8. Bar of suits in respect of Bhagela contract except suits instituted for recovery of remuneration of work not performed without just cause.

۸ ۔ معاہدہ بھگیلہ کی نسبت دعاوی کی ممانعت بجز ان دعاوی کے جو اس کام کے معاوضہ کے وصول کے لئے دائر کئے جائیں جو بلا وجہ معقول انجام نہ دیا گیا ہو ۔

9. Procedure for enforcement of provisions of sections 2, 4 and 6.

۹ ۔ احکام دفعات ۳ و ۴ و ۶ کے نفاذ کا طریقہ ۔

10. Civil Courts not to have jurisdiction.

۱۰ ۔ عدالت دیوانی کا عدم اختیار سماعت ۔

11. Penalty for extracting labour on account of a terminated or void contract.

۱۱ ۔ ختم شدہ یا کالعدم شدہ معاہدہ کی بنا پر جبراً کام لینے کی سزا ۔

12. Penalty for making oral contract.

۱۲ ۔ زبانی معاہدہ کرنے کی سزا ۔

13. Exemption from Stamp Duty.

۱۳ ۔ رسوم اسٹامپ سے استثنا ۔

14. Appeal.

۱۴ ۔ مرافعہ ۔

15. Power to make rules.

۱۵ ۔ قواعد بنانے کا اختیار ۔

(Translation)

THE BHAGELAS CONTRACTS ACT.

No. IX of 1353 F.

(Received the assent of H.E.H. the Nizam through Firman dated 27th Moharrum ulharam, 1363 Hijri, corresponding to 21st Isfandar, 1353 Fasli).

Preamble.

WHEREAS it is expedient to re-enact the provisions relating to Bhagelas contracts; It is hereby enacted as follows :—

Short title commencement and extent.

1. This Act may be called the Bhagelas Contracts Act of 1353 F., and it shall come into force in the whole of H. E. H. the Nizam's Dominions from the date of its *publication in the Jarida.

*Published in the Jarida dated 12th Fawardi, 1353 F.

قانون

معاہدات بھگیلگان

نشان (۹) سنہ ۱۳۵۳ف

(جو پیشگاہ اعلیحضرت بندگان عالی سے بذریعہ فرمان واجب الاذعان مزینہ ۲۷ محرم الحرام ۱۳۶۳ھ مطابق ۲۱ اسفندار ۱۳۵۳ف منظور ہوا۔)

تمہید۔ ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ معاہدات بھگیلگان کے متعلق احکام از سر نو مدوّن کیے جائیں۔ لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے :۔

مختصر نام و تاریخ نفاذ و وسعت مقامی۔

دفعہ ۱۔ قانون ہذا بنام "قانون معاہدات بھگیلگان بابتہ سنہ ۱۳۵۳ف" موسوم ہو سکے گا اور تاریخ اشاعت جریدہ سے کل ممالک محروسہ

۔ جریدہ اعلامیہ مورخہ ۱۲ فروردی سنہ ۱۳۵۴ف میں شائع ہوا

(*Translation*)

2. The Bhagelas Contracts Regulation of 1345 F., shall be deemed to be repealed as from the commencement of this Act, but in respect of every such Bhagela contract as may be in force on the commencement of the Bhagelas Contracts Regulation of 1345 F., any of the following matters which has not occurred prior to that shall be deemed, after the expiry of one year from the said date, to have occurred:–

Repeal and saving.

(a) all the stipulated labour has been duly performed and every kind of obligation for the performance of labour or the supply of Bhagela has been discharged ;

(b) the advance, or principal and interest have been paid ;

(c) the debt and interest thereon have been settled.

3. In this Act unless there is anything repugnant in the subject or context :—

Definitions.

قانون معاہدات بھگیلگان ۔ نشان (۹) ۱۳۵۳ف

سرکار عالی میں نافذ ہوگا ۔

تنسیخ و استثنا ۔ | دفعہ ۲ ۔ تاریخ نفاذ قانون ہذا سے ضابطہ معاہدات بھگیلگان بابت ۱۳۴۵ف منسوخ متصور رہوگا لیکن ہر ایسے معاہدہ بھگیلہ کے متعلق جو تاریخ نفاذ ضابطہ معاہدات بھگیلگان بابت ۱۳۴۵ف پر نافذ العمل ہو امور ذیل میں سے کسی امر کی نسبت جو اس سے قبل وقوع میں نہ آچکا ہو تاریخ مذکور سے ایک سال کا عرصہ منقضی ہونے پر یہ تصور کیا جائے گا کہ وہ وقوع میں آچکا :—

(الف) ۔ جملہ کار ضروری جس کا معاہدہ کیا گیا تھا بطریق مناسب انجام پا چکا اور ضروری کی انجام دہی یا بھگیلہ کی فراہمی سے متعلق ہر قسم کی ذمہ داری سے سبکدوشی ہوچکی ۔

(ب) ۔ پیشگی یا زر اصل اور سود ادا ہوچکا ۔

(ج) ۔ قرضہ اور اس کا سود بے باق ہوچکا ۔

تعریفات ۔ | دفعہ ۳ ۔ قانون ہذا میں بجز اس کے کہ مضمون یا سیاق عبارت اس کے خلاف ہو :—

(1) " advance " means an advance in cash or in kind or partly in cash and partly in kind and includes any transaction which is held under this Act to be substantially an advance;

(۱) "پیشگی" سے پیشگی بہ شکل نقد یا جنس یا جزاً بہ شکل نقد اور جزاً بہ شکل جنس مراد ہوگی اور اس میں ہر وہ معاملہ داخل ہوگا جو قانون ہذا کے تحت فی نفسہ پیشگی قرار دیا جائے۔

(2) "executant" means a party to the Bhagela contract which undertakes that it, or some other person under its guardianship, shall work for wages ;

(۲) "تکمیل کنندہ معاہدہ" سے معاہدہ بھگیلہ کا وہ فریق مراد ہوگا جو اس امر کی ذمہ داری قبول کرے کہ وہ یا کوئی اور شخص جو اس کے زیر ولایت ہو مزدوری سے کام کرے گا۔

(3) "Bhagela" means a person who under the term of the Bhagela contract is responsible to work for wages ;

(۳) "بھگیلہ" سے وہ شخص مراد ہوگا جو حسب شرائط معاہدہ بھگیلہ مزدوری سے کام کرنے کا ذمہ دار ہو۔

(4) " Bhagela transaction " means a transaction, written or oral, or partly written and partly oral, wherein the consideration for the labour by any person is an "advance" made or to be made to any person, and the interest on such "advance" or a debt due by any person and the interest on such debt and it includes any settlement which is held under this Act to be such a transaction but it shall not include the following cases :-

(۴) "معاملہ بھگیلہ" سے ایسا تحریری یا زبانی یا جزاً تحریری اور جزاً زبانی معاملہ مراد ہوگا جس میں کسی شخص کے کار مزدوری کا بدل کوئی "پیشگی" ہو جو کسی شخص کو دی گئی ہو یا دی جانے والی ہو اور ایسی "پیشگی" کا سود یا کوئی قرضہ ہو جو کسی شخص کے ذمہ واجب الادا ہو اور ایسے قرضہ کا سود اور اس میں ہر وہ قرار داد داخل ہوگی

جو قانون ہذا کے تحت ایسا معاملہ قرار دیا جائے مگر حسب ذیل صورتیں اس میں داخل نہ ہوں گی:۔

(a) a transaction for the execution of work entered into by a skilled workman ;

(الف) ۔ کام کی انجام دہی کا معاملہ جو کسی فن دان کاریگر نے کیا ہو ۔

(b) a transaction for the performance of work, ultra vires of this Act ; or

(ب) ۔ قانون ہذا کی حدود نفاذ کے باہر کام کی انجام دہی کا معاملہ ۔ یا

(c) a transaction to supply a cart and cartman.

(ج) ۔ بنڈی اور بنڈی ران فراہم کرنے کا معاملہ ۔

(5) "labour" means the work of agricultural labour and includes domestic service and labour whether performed indoor or outdoor.

(۵) "کار مزدوری" سے زراعتی مزدوری کا کام مراد ہوگا اور اس میں گھریلو نوکری اور محنت بھی داخل ہوگی خواہ وہ اندرون خانہ لی جائے یا بیرون خانہ ۔

Certain matters to be observed in execution of Bhagela contracts.

4. (1) After the commencement of this Act, the following matters shall be observed at the time of execution of every Bhagela contract and in case of contravention such contract shall be deemed to be void :—

معاہدات بھگیلہ کی تکمیل میں بعض امور کی پابندی کا لزوم ۔

دفعہ ۴ ۔ (۱) قانون ہذا کے نفاذ کے بعد ہر معاہدہ بھگیلہ کی تکمیل کے وقت امور ذیل کی پابندی لازمی ہوگی اور بصورت خلاف ورزی ایسا معاہدہ کالعدم متصور ہوگا :۔

(a) All the terms of the contract entered into between the parties shall be recorded in a document and it shall be entered in a register in the office of the village Patwari within such period and on payment of such fee to the Patwari as the Government may prescribe by rules under this Act ;

(الف)۔ جملہ شرائط معاہدہ جو فریقین میں طے ہوئے ہوں ایک دستاویز میں قلم بند کئے جائیں گے اور اُس کو پٹواری موضع کے دفتر میں ایسی مدت کے اندر اور پٹواری کو اس قدر فیس ادا کر کے درج رجسٹر کرایا جائے گا جو سرکار عالی بذریعہ قواعد تحت قانون ہذا مقرر کریں۔

(b) The person making the advance or to whom the debt is due, shall deliver to the executant a certified copy of the document referred to in clause (a) at the time of execution of the document ;

(ب)۔ پیشگی دہندہ یا وہ شخص جس کو قرضہ ادا شدنی ہو دستاویز متذکرہ فقرہ (الف) کی ایک مصدقہ نقل تکمیل کنندہ معاہدہ کو بوقت تکمیل دستاویز حوالہ کرے گا۔

(c) The period expressed or implied during which the labour is to be performed shall not in any case exceed one year. But the parties may terminate the contract before the expiry of the period of one year by executing another document. A copy of the subsequent document shall also be delivered in accordance with the provisions of clause (b) ;

(ج)۔ مدت جس میں کار ضروری انجام پائے گا کسی صورت میں صریحاً یا معناً ایک سال سے زائد نہ ہوگی۔ مگر فریقین کو اختیار رہے گا کہ یک سالہ مدت کے اختتام سے قبل دوسری دستاویز تکمیل کر کے معاہدہ کو ختم کر دیں۔ ایسی دوسری دستاویز کی نقل بھی حسب احکام فقرہ (ب) حوالہ کی جائے گی۔

(d) the contract shall contain no condition as regards performance

(د)۔ معاہدہ میں بارہ سال سے کم عمر

(*Translation*)

of labour by a child under twelve years of age or for recovery from it of any advance or debt or interest which is the consideration or part of the consideration of the contract;

(e) it shall be specified in the contract that on the expiry of the period of performance of labour, all liability in respect of an advance, debt or interest, which is the consideration or part of the consideration of the contract shall be extinguished.

(2) Notwithstanding anything contained in the Hyderabad Stamp Act, of 1331 F, a deed of Bhagela contract and its certified copy shall be exempt from stamp duty.

(3) The instrument of Bhagela cantract which is void under sub-section (1) shall not be admitted to registration under the Hyderabad Registration of Documents Act of 1328 F.

5. The interest under a Bhagela contract shall not be recovered at a rate of simple interest exceeding six per cent per annum.

Rate of interest under Bhagela contract.

قانون معاہدات بھگیلگان۔ نشان (۹) سنہ ۱۳۵۳ف

طفل سے مزدوری کرانے یا اس سے کوئی پیشگی یا قرضہ یا سود جو معاہدہ کا بدل یا جزو بدل ہو وصول کرنے کے متعلق کوئی شرط درج نہ کی جائے گی۔

(ہ)۔ معاہدہ میں اس کی صراحت کیجائیگی کہ کار مزدوری کی انجام دہی کی مدت کے اختتام پر ایسی پیشگی یا قرضہ یا سود سے متعلق جو معاہدہ کا بدل یا جزو بدل ہو تمام ذمہ داری ختم ہو جائے گی۔

(۲)۔ قانون اسٹامپ سرکار عالی بابتہ سنہ ۱۳۳۱ف کے کسی حکم کے باوجود دستاویز معاہدہ بھگیلہ اور اس کی مصدقہ نقل رسوم اسٹامپ سے مستثنیٰ ہوگی۔

(۳)۔ ضمن (۱) کے تحت جو دستاویز معاہدہ بھگیلہ کالعدم ہو اس کو قانون رجسٹری دستاویزات ممالک محروسہ سرکار عالی بابتہ سنہ ۱۳۲۸ف کے تحت بغرض رجسٹری قبول نہیں کیا جائے گا۔

دفعہ ۵۔ معاہدہ بھگیلہ کے تحت سود کی شرح۔ معاہدہ بھگیلہ کے تحت سود فیصدی چھ روپیہ سالانہ سود سادہ سے زائد شرح سے وصول نہ کیا جا سکے گا۔

6. A Bhagela contract shall become void on the death of the Bhagela or of the executant even though it was executed under the Bhagela contract Regulation of 1345 F., and notwithstanding anything contained in the Bhagela Contract or in any other law, no liability for performance or non-performance of labour shall lie with the estate of the deceased or with any of his heirs nor shall any suit be instituted to satisfy such liability.

Agricultural labour contract shall become void, and liability to labour extinguished on death of Bhagela or other executant.

دفعہ ۶ ۔ بھگیلہ یا تکمیل کنندہ معاہدہ کے فوت ہو جانے پر معاہدہ بھگیلہ خواہ بھگیلہ یا دیگر تکمیل کنندہ معاہدہ کے فوت ہونے پر زرعی مزدوری کا معاہدہ کالعدم اور مزدوری کرنے کی ذمہ داری ختم ہو جائے گی ۔

وہ بموجب ضابطہ معاہدات بھگیلگان بابتہ ۱۳۴۵ف عمل میں آیا ہو کالعدم ہو جائے گا اور باوجود اس کے کہ معاہدہ بھگیلگی میں یا کسی اور قانون میں کوئی اور حکم ہو کار مزدوری کی انجام دہی کے لئے یا عدم انجام دہی کی بابتہ کوئی ذمہ داری متوفی کی جائداد یا اُس کے کسی وارث پر عائد نہ ہو سکے گی اور نہ ایسی ذمہ داری کی بابجائی کرانے کے لئے کوئی دعوی دائر کیا جا سکے گا ۔

7. Notwithstanding anything contained in the Hyderabad Contract Act of 1316 F. when a Bhagela contract is void under section 4 or otherwise, or becomes void under section 6, no suit shall lie for restoration of any advantage or compensation thereof received by the executant or, in particular, for the recovery of any advance, debt or interest which is the consideration or part of the consideration of the contract.

Bar of suit in respect of void Bhagela contract.

دفعہ ۷ ۔ باوجود اس کے کہ قانون معاہدہ ممالک محروسہ سرکار عالی بابتہ ۱۳۱۶ف میں کوئی اور حکم ہو جب کوئی معاہدہ بھگیلہ دفعہ ۴ کے تحت یا کسی اور طور پر کالعدم ہو یا دفعہ ۶ کے تحت کالعدم ہو جائے تو تکمیل کنندہ معاہدہ کو حاصل شدہ کسی فائدہ کی واپسی یا اس کے معاوضہ کے متعلق یا بالخصوص کسی پیشگی یا قرضہ یا سود کے وصول کے

کالعدم شدہ معاہدہ بھگیلگی کی نسبت دعوی کی ممانعت ۔

(*Translation*)

قانون معاہدات بھگیلگان ۔ نشان (۹) ۱۳۵۳ف

متعلق جو معاہدہ کا بدل یا جز و بدل ہو کوئی دعوی نہ ہو سکے گا ۔

8. (1) Except in the case referred to in this section, no suit shall lie against the executant of a Bhagle contract or any other person for non-performance of labour, or in respect of any advance, debt or interest which is the consideration or part of the consideration of the contract.

Bar of suits in respect of Bhagela contract except suits instituted for recovery of remuneration of work not performed without just cause.

دفعہ ۸ ۔ (۱) ۔ بجز اس صورت کے جس کا ذکر دفعہ ہذا میں کیا گیا ہے کوئی دعوی کسی معاہدہ بھگیلہ کے تکمیل کنندہ یا کسی اور شخص کے خلاف کار مزدوری کی عدم انجام دہی کے متعلق یا کسی پیشگی یا قرضہ یا سود کے متعلق جو معاہدہ کا بدل یا جز و بدل ہو دائر نہ ہو سکے گا ۔

معاہدہ بھگیلہ کی نسبت دعاوی کی ممانعت بجز ان دعاوی کے جو اس کام کے معاوضہ کے وصول کے لئے دائر کئے جائیں جو بلا وجہ معقول انجام نہ دیا گیا ہو ۔

(2) If during the period of valid Bhagela contract, the Bhagela without just cause withholds the stipulated labour, then, subject to the provisions contained in section 5, an application may be made against the executant within three months after the termination of the period of contract to the Tahsildar of the taluk in which the executant resides, for the recovery of the actual remuneration of the work so witheld or not performed, but on such application the Tahsildar shall not decree a sum exceeding the principal of the advance found to be due at that time together with simple interest at a rate not exceeding six per cent per annum. The decree passed by the Tahsildar shall, for all purposes, be deemed to be the decree of a competent Civil Court.

(۲) ۔ اگر کسی جائز معاہدہ بھگیلہ کی دوران مدت میں بھگیلہ بلا وجہ معقول معہودہ کار مزدوری بند کر دے تو بہ متابعت احکام مندرجہ دفعہ ۵ ۔ ایسے موقوف کردہ یا غیر انجام دادہ کام کا حقیقی معاوضہ وصول کرنے کے لئے مدت معاہدہ ختم ہونے کے بعد اندرون تین ماہ تکمیل کنندہ معاہدہ کے خلاف اُس تعلقہ کے تحصیلدار کے پاس جس میں کہ تکمیل کنندہ معاہدہ رہتا ہو درخواست پیش کی جا سکے گی لیکن ایسی درخواست پر تحصیلدار

9. If the provisions of section *[2], 4 or 6 are contravened, a Bhagela may apply for relief to the Tahsildar of the taluq in which he resides. If the Tahsildar, after giving a hearing to the parties, is satisfied that the contract has terminated under section *[2] or that it is void under section 4 or Section 6, he may pass an order accordingly and by such order the contract shall terminate.

Procedure for enforcement of provisions of Sections 2*, 4 and 6.

10. (1) No Civil Court shall have power to entertain a suit or proceeding in respect of a transaction for the disposal of which power

Civil Courts not to have jurisdiction.

*Substituted by Act No. XV of 1357 F.

قانون معاہدات بھگیلگان ۔ نشان (۹) ۱۳۵۳ف

اُس قدر رقم کی ڈکری صادر نہ کرے گا جو پیشگی کے زر اصل سے جو اس وقت واجب الادا برآمد ہو بشمول سود سادہ جس کی شرح چھ فیصد سالانہ سے زائد نہ ہو متجاوز نہ ہو۔ تحصیلدار کی صادر کردہ ڈکری تمام اغراض کے لئے عدالت دیوانی مجاز کی ڈکری متصور ہوگی ۔

احکام دفعات ۲ و ۴ و ۶ کے نفاذ کا طریقہ ۔

دفعہ ۹ ۔ اگر احکام دفعات [۲] ۔ ۴ یا ۶ کی خلاف ورزی کی جائے تو بھگیلہ اس تعلقہ کے تحصیلدار کے پاس جس میں کہ وہ رہتا ہو داد رسی کے لئے درخواست پیش کر سکے گا۔ اگر فریقین کے عذرات سماعت کرنے کے بعد تحصیلدار مطمئن ہو جائے کہ دفعہ [۲] کے تحت معاہدہ ختم ہو چکا ہے یا یہ کہ دفعہ ۴ یا دفعہ ۶ کے تحت کالعدم ہے تو وہ حسبہ حکم صادر کر سکے گا اور ایسے حکم سے معاہدہ ختم ہو جائے گا ۔

عدالت دیوانی کا عدم اختیار سماعت

دفعہ ۱۰ (۱) ۔ کسی عدالت دیوانی کو اختیار نہ ہوگا کہ کسی ایسے

ـ ترمیم بموجب قانون نشان (۱۵) ۱۳۵۶ف

vests in a Tahsildar under sections 8 and 9 of this Act and no act of a Tahsildar done in exercise of powers conferred by this Act shall be called in question in a Civil Court.

(2) If a case or proceeding is pending decision in any Civil Court at the commencement of this Act or is instituted after the commencement of this Act for the recovery of an advance or debt stated in the contract under section *[2], 4 or 6 and the defendant produces a certificate of the Tahsildar to the effect that an application in respect of the said transaction has been lodged before the Tahsildar under this Act, the Court shall adjourn and transfer the case or proceeding to the Tahsildar and the Tahsildar shall dispose of it in accordance with this Act.

* Amended by Act No. XV of 1357 F.

قانون معاہدات بھگیلگان۔ نشان (۹) ۱۳۵۳ف

معاملہ کے متعلق جس کے تصفیہ کا اختیار قانون ہذا کے دفعات ۸ و ۹ کے تحت تحصیلدار کو حاصل ہے کوئی دعوی یا کارروائی قبول کرے اور تحصیلدار کے کسی فعل کو جو قانون ہذا کے عطا کردہ اختیارات کے استعمال میں کیا گیا ہو عدالت دیوانی میں زیر بحث نہ لایا جاسکے گا۔

(۲)۔ اگر دفعہ [۲] یا ۴ یا ۶ کے تحت کسی پیشگی یا قرضہ مندرجہ معاہدہ کے وصول کے لئے کوئی مقدمہ یا کارروائی کسی عدالت دیوانی میں قانون ہذا کے نفاذ کے وقت زیر تصفیہ ہو یا قانون ہذا کے نفاذ کے بعد دائر کیا جائے اور مدعی علیہ تحصیلدار کا صداقت نامہ اس امر کے متعلق پیش کرے کہ معاملہ مذکور کی نسبت قانون ہذا کے تحت تحصیلدار کے پاس درخواست دائر ہو چکی ہے تو عدالت پر لازم ہوگا کہ مقدمہ یا کارروائی کو ملتوی کرکے تحصیلدار کے پاس منتقل کردے۔ اور تحصیلدار اس کا تصفیہ بہ متابعت قانون ہذا کرے گا۔

* ترمیم بموجب قانون نشان (۱۵) ۱۳۵۷ف

(3) If in the opinion of the Tahsildar, the transaction produced is not a Bhagela contract, he shall return the case to the Court and the Court shall decide it on merit.

(۳) ۔ اگر تحصیلدار کی رائے میں معاملہ پیش کردہ معاہدہ بھگیلہ نہ ہو تو اس پر لازم ہوگا کہ مقدمہ کو عدالت میں واپس کردے اور عدالت اُس کا تصفیہ بلحاظ روئداد کرے گی۔

11. If a Bhagela is forced to perform labour or to pay something in respect of a contract which has been terminated by order under section 9, he may apply to the Tahsildar who may, after making necessary enquiry and giving a hearing to the offender, punish him with fine which may extend to twenty five rupees which shall be recoverable as arrear of land revenue.

Penalty for extracting labour on account of terminated or void contract.

دفعہ ۱۱ ۔ اگر کسی بھگیلہ کو کار مزدوری ختم شدہ یا کالعدم شدہ معاہدہ کی بناء پر جبراً کام لینے کی سزا ۔

انجام دینے پر یا کسی ایسے معاہدہ کی نسبت جو دفعہ ۹ کے تحت یکما ختم کردیا گیا ہو کچھ ادا کرنے پر مجبور کیا جائے تو وہ تحصیلدار کے پاس درخواست پیش کرے گا جس کو اختیار ہوگا کہ مرتکب جرم کو ضروری تحقیقات اور اس کے عذرات کی سماعت کے بعد جرمانہ کی سزا دے جس کی مقدار پچیس روپیہ تک ہوسکے گی اور جو مثل بقایائے زر مالگزاری اراضی قابل وصول ہوگا ۔

12. If a village Patwari finds that an employer has not executed a contract with a Bhagela or his guardian under Section 4 and is taking work from the Bhagela without such contract, he shall give a notice to the said employer to execute a valid contract in writing within fifteen days.

Penalty for making oral contract.

دفعہ ۱۲ ۔ اگر پٹواری موضع کو معلوم ہو کہ کسی آجر نے کسی بھگیلہ یا اس کے ولی کے ساتھ حسب دفعہ ۴ معاہدہ نہیں کیا ہے اور بغیر ایسے معاہدہ کے بھگیلہ سے

زبانی معاہدہ کرنے کی سزا ۔

If the employer does not comply, the Patwari shall report to the Tahsildar who may after making necessary enquiry and giving a hearing to the employer, punish the employer, in case a contravention of this Act is proved, with fine which may extend to twenty five rupees which shall be recoverable as arrear of land revenue.

13. A contract made and every application filed by a Bhagela under this Act shall be exempt from stamp duty.

Exemption from stamp duty.

14. An appeal shall lie from every decision of a Tahsildar with the Second Taluqdar whose decision shall be final.

Appeal.

کام لے رہا ہے تو اس پر لازم ہوگا کہ آجر مذکور کو اطلاع دے کہ وہ پندرہ دن کے اندر جائز تحریری معاہدہ کی تکمیل کر لے۔ اگر آجر تعمیل نہ کرے تو پٹواری تحصیلدار کے پاس رپورٹ پیش کرے گا جس کو اختیار ہوگا کہ ضروری تحقیقات اور آجر کے عذرات کی سماعت کے بعد خلاف ورزی قانون ثابت ہونے پر آجر کو جرمانہ کی سزا دے جس کی مقدار پچیس روپیہ تک ہو سکے گی جو مثل بقایائے زر مالگزاری اراضی قابل وصول ہوگا۔

دفعہ ۱۳۔ رسوم اسٹامپ سے استثنا۔

قانون ہذا کے تحت مرتبہ معاہدہ اور بھگیلہ کی جانب سے پیش شدہ ہر درخواست رسوم اسٹامپ سے مستثنیٰ ہوگی۔

دفعہ ۱۴۔ مرافعہ۔

تحصیلدار کے ہر فیصلہ کی ناراضی سے دوم تعلقدار کے پاس مرافعہ ہو سکے گا۔ جس کا فیصلہ قطعی ہوگا

15. The Government may make rules to carry out the purposes of this Act.

Power to make rules.

قانون معاہدات بھگیلگان۔ نشان (۹) ۱۳۵۳ف

قواعد بنانے کا اختیار۔ | دفعہ ۱۵۔

سرکار عالی کو اختیار رہوگا کہ قانون ہذا کے اغراض کی تکمیل کے لئے قواعد مرتب کریں۔

(*Translation*)

THE FOREST ACT.

No. II of 1355 Fasli.

Sections.

Preamble.

CHAPTER I.

Preliminary.

1. Short title, commencement and extent.

2. Definitions.

CHAPTER II.

Reserved Forest.

3. Power to declare reserved forest.

قانون صحرا

نشان (۲) سنہ ۱۳۵۵ ف

دفعہ۔

تمہید۔

باب ۱

مراتب ابتدائی

۱۔ مختصر نام۔ تاریخ نفاذ و وسعت مقامی۔

۲۔ تعریفات

باب ۲

صحرائے محصورہ

۳۔ صحرائے محصورہ قرار دینے کا اختیار۔

(*Translation*)

4. Publication of notification.	۴ ۔ اشاعت اعلان ۔
5. Bar of forest rights.	۵ ۔ مسدودی حقوق صحرا ۔
6. Notification by Forest settlement officer.	۶ ۔ اعلان منجانب عہدہ دار بندوبست صحرا۔
7. Inquiry by Forest settlement officer.	۷ ۔ تحقیقات منجانب عہدہ دار بندوبست صحرا۔
8. Powers of Forest settlement officer.	۸ ۔ عہدہ دار بندوبست صحرا کے اختیارات ۔
9. Extinction of rights.	۹ ۔ حقوق کا ساقط ہونا ۔
10. Power to acquire land in respect of which right is claimed.	۱۰ ۔ اوس اراضی کو حاصل کرنے کا اختیار جس کی نسبت حق کا دعوی کیا جائے ۔
11. Order regarding claims to right of way, water-course, pasture or to forest produce.	۱۱ ۔ حق گذر۔ مجرائے آب ۔ چرائی یا پیداوار صحرا کے حقوق کے دعوے کی نسبت حکم ۔
12. Entries to be made by Forest Settlement Officer.	۱۲ ۔ اندراجات جو عہدہ دار بندوبست صحرا کرے گا ۔
13. Entries after admission of claim.	۱۳ ۔ دعوے کے منظوری کے بعد اندراجات ۔

14. Admitting exercise of rights.

۱۴ ۔ حقوق کے استعمال کی منظوری ۔

15. Commutation of rights.

۱۵ ۔ تبدیل حقوق ۔

16. Appeal from order passed under section 10 or 11.

۱۶ ۔ دفعہ ۱۰ یا ۱۱ کے تحت دیئے ہوئے حکم کا مرافعہ ۔

17. Forest Court.

۱۷ ۔ عدالت جنگلات ۔

18. Appointment of prosecutor.

۱۸ ۔ پیروکار کا تقرر ۔

19. Notification declaring reserved forest.

۱۹ ۔ صحرائے محصورہ قرار دینے کا اعلان ۔

20. Revising settlement under section 10 or 11.

۲۰ ۔ دفعہ ۱۰ یا ۱۱ کے تحت تصفیہ پر غور مکرر کرنا ۔

21. Rights not to accrue in reserved forest against these provisions.

۲۱ ۔ صحرائے محصورہ میں احکام ہذا کے خلاف حقوق حاصل نہ ہوں گے ۔

22. Rights continued under section 14 not to be alienated without sanction.

۲۲ ۔ حقوق جو دفعہ ۱۴ کے تحت جاری رکھے گئے ہوں بغیر منظوری منتقل نہ ہوسکیں گے ۔

23. Power to stop ways and water-courses of reseved forest.

۲۳ ۔ صحرائے محصورہ کے راستوں اور مجرائے آب کو موقوف کرنے کا اختیار ۔

24. Acts prohibited in reserved forests.

۲۴ ۔ افعال ممنوعہ اندرون صحرائے محصورہ ۔

25. Suspension of exercise of rights in reserved forest.

۲۵ ۔ صحرائے محصورہ میں استفادہ حقوق کا التوا ۔

26. Persons who shall assist Forest or Police officer.

۲۶ - اشخاص جو عہدہ دار صحرا یا کو توالی کو مدد دیں گے -

27. Power to declare forest no longer reserved.

۲۷ - اعلان کرنے کا اختیار کہ صحرائے محصورہ باقی نہیں ہے -

CHAPTER III.

باب ۳ -

Village Forests.

دیہی جنگلات -

28. Formation of village forests.

۲۸ - دیہی جنگلات کا قیام -

CHAPTER IV.

باب ۴

Protected Forests.

صحرائے محفوظہ -

29. Protected forests.

۲۹ - صحرائے محفوظہ -

30. Notification for reserving trees etc.

۳۰ - درختوں وغیرہ کو محفوظ کرنے کا اعلان -

31. Publication of translation of such notification in neighbourhood.

۳۱ - قرب وجوار میں ایسے اعلان کے ترجمہ کی اشاعت -

32. Power to make rules for protected forest.

۳۲ - صحرائے محفوظہ کے لئے قواعد مرتب کرنے

کا اختیار ۔

33. Penalty for contravention of notification under section 30 and of rules made under section 32.

۳۳ ۔ دفعہ ۳۰ کے تحت اعلان اور دفعہ ۳۲ کے تحت مرتبہ قواعد کی خلاف ورزی کی سزا

34. Notwithstanding provisions of this Chapter, action may be taken in certain cases.

۳۴ ۔ بعض صورتوں میں باب ہذا کے احکام کے باوجود عمل ہو سکے گا ۔

CHAPTER IV-A.

Protection of lands at the disposal of Government, not included in Reserved or Village Forests.

34-A. Power to make rules.

34-B. Suspension of rights in lands not included in reserved forest.

34-C. Penalty for contravention of orders passed under section 34-B.

CHAPTER V.

باب ۵

Control over Forests and Lands not being property of Government.

اون صحرا اور اراضیات پر نگرانی جو سرکار عالی کی ملک نہ ہوں۔

Protection of forests for special purposes.

۳۵ ۔ خاص اغراض کیلئے جنگلوں کی حفاظت ۔

36. Power to assume control of forest.

37. Part acquisition of forest in certain cases.

38. Conservation of forest on application of owners.

CHAPTER VI.

The forests over which the rights are jointly vested in the Government and other persons.

39. Management of forest over which rights are jointly vested in Government and other persons.

40. Persons appointed to act according to provisions of this Act to be deemed Forest officers.

41. Consequences of failure to perform services for which share in produce of Government forest is given.

۳۶ - صحرا کو نگرانی میں لینے کا اختیار -

۳۷ - بعض صورتوں میں صحرا جزاً حاصل کر لینا -

۳۸ - مالکوں کی درخواست پر صحرا کی حفاظت -

باب ۶

صحرا جن پر سرکار عالی اور دیگر اشخاص کو مشترکاً حقوق حاصل ہوں -

۳۹ - اون صحرا کا انتظام جن پر سرکار عالی اور دیگر اشخاص کو مشترکاً حقوق حاصل ہوں -

۴۰ - اشخاص جو قانون ہذا کے مطابق عمل کرنے کے لئے مقرر کئے جائیں عہدہ داران صحرا متصور ہوں گے -

۴۱ - اون خدمات کے بجا لانے سے قاصر رہنے کے نتائج جن کے لئے سرکاری صحرا کے پیداوار میں حصہ دیا جاتا ہو -

CHAPTER VII.

باب ۷

Levying duty on Timber and other forest-produce.

چوبینہ اور دیگر پیداوار صحرا پر محصول عائد کرنا۔

42. Power to levy duty on timber and other forest-produce.

۴۲۔ چوبینہ اور دیگر پیداوار صحرا پر محصول عائد کرنے کا اختیار۔

43. Purchase money or royalty not to be limited.

۴۳۔ زر ثمن یا حق شاہی محدود نہ ہوگا۔

CHAPTER VIII.

باب ۸

Control of timber and other forest produce in transit.

چوبینہ اور دیگر پیداوار صحرا پر اثنائے راہ میں نگرانی۔

44. Power to make rules for regulating transit of forest-produce.

۴۴۔ ارسال پیداوار صحرا کے انتظام کے متعلق قواعد مرتب کرنے کا اختیار۔

45. Penalty for breach of rules made under section 44.

۴۵۔ دفعہ ۴۴ کے تحت مرتبہ قواعد کے

خلاف ورزی کی سزاء ۔

46. Govtrnment and Forest officers not liable for loss to forest produce at depot.

۴۶ ۔ گودام میں پیداوار صحرا کے نقصان کے سرکار عالی اور عہدہ داران صحرا ذمہ دار نہ ہوں گے ۔

47. Seeking aid in case of accident at depot.

۴۷ ۔ گودام میں حادثہ واقع ہونے پر مدد لینا

CHAPTER IX.

باب ۹

Collection of drift or stranded timber.

بہتے ہوئے یا گرے پڑے ہوئے چوبینہ کو جمع کرنا ۔

48. Certain kinds of timber to be deemed property of Government until title proved and may be collected as such.

۴۸ ۔ حقیت ثابت ہونے تک بعض قسم کا چوبینہ سرکار عالی کی ملک متصور ہوگا اور اس حیثیت سے یکجا کیا جاسکے گا ۔

49. Notice to claimant of drift timber.

۴۹ ۔ بہتے ہوئے چوبینہ کے دعویدار کو اطلاع دینا ۔

50. Procedure on preferring claim to such timber.

۵۰ ۔ ایسے چوبینہ کے متعلق دعوی پیش ہونے پر

(*Translation*)

کارروائی ۔

51. Disposal of timber for which there is no claimant.

۵۱ ۔ اوس چوبینہ کا تصفیہ جس کا کوئی دعویدار نہ ہو ۔

52. Government and Government officers not liable for loss of timber.

۵۲ ۔ چوبینہ کے نقصان کے سرکار عالی اور عہدہ دار سرکاری ذمہ دار نہ ہوں گے ۔

53. Claimant to make payment before delivering timber.

۵۳ ۔ چوبینہ حوالہ کرنے کے قبل دعویدار رقم ادا کرے گا ۔

54. Power to make rules and prescribe penalties.

۵۴ ۔ قواعد مرتب کرنے اور سزائیں مقرر کرنے کا اختیار ۔

CHAPTER X.

باب ۱۰

Penalties and Procedure.

سزائیں اور ضابطہ ۔

55. Seizure of property liable to confiscation.

۵۵ ۔ قابل ضبطی جائداد کی ضبطی ۔

56. To release property seized under rection 55.

۵۶ ۔ دفعہ ۵۵ کے تحت ضبط شدہ جائداد واگذاشت کرنا ۔

57. Procedure on receipt of report.

۵۷ ۔ رپورٹ وصول ہونے کے بعد کارروائی ۔

(*Translation*)

58. Forest-produce, tools, etc., when liable to confiscation.

۵۸ - پیداوار صحرا، آلات وغیرہ کب قابل ضبطی ہوں گے۔

59. Disposal on conclusion of trial of forest offence, of forest produce in respect of which offence was committed.

۵۹ - جرم متعلقہ صحرائی تحقیقات کے ختم پر اوس پیداوار صحرا کا تصفیہ جس کے متعلق جرم کا ارتکاب کیا گیا ہو۔

60. Procedure when offender not known or cannot be found.

۶۰ - کارروائی جب ملزم معلوم نہ ہو یا نہ مل سکے۔

61. Procedure as to perishable articles seized under section 55.

۶۱ - جلد خراب ہو جانے والے اون اشیاء کے متعلق کارروائی جو دفعہ ۵۵ کے تحت ضبط کئے گئے ہوں۔

62. Appeal from order given under section 58, 59 or 60.

۶۲ - دفعہ ۵۸ - ۵۹ یا ۶۰ کے تحت دیئے ہوئے حکم کا مرافعہ۔

63. Property when to vest in Government.

۶۳ - جائداد کب سرکار عالی کی ملک ہوگی۔

64. Power to release property seized.

۶۴ - ضبط شدہ جائداد کو واگذاشت کرنے کا اختیار۔

65. Punishment for wrongful seizure.

۶۵ - ناجائز ضبطی کی سزا۔

66. Penalty for defacing and counterfeiting marks on trees and timber and for altering boundary marks.

۶۶ - درختوں اور چوبینہ کے نشانوں کو مٹانے اور اوزان کی تلبیس اور علامات

حدود کو بدلنے کی سزا۔

67. Power to arrest without warrant.

۶۷۔ بلا حکم نامہ گرفتاری گرفتار کرنے کا اختیار۔

68. Power to release on bond arrested person.

۶۸۔ گرفتار شدہ شخص کو مچلکہ حاضری پر رہا کرنے کا اختیار۔

69. Power to prevent commission of offence.

۶۹۔ ارتکاب جرم کے انسداد کا اختیار۔

70. Power to try offence summarily.

۷۰۔ جرم کی سرسری تحقیقات کا اختیار۔

71. Power to compound offences.

72. Presumption as to timber and forest-produce being Government property.

۷۲۔ چوبینہ اور پیداوار صحرا سرکار عالی کی ملک ہونے کے متعلق قیاس۔

CHAPTER XI.

باب ۱۱

Cattle trespass.

مداخلت مویشی۔

73. Impounding cattle.

۷۳۔ مویشی کا کٹ گھر میں داخل کرنا۔

74. Power to alter fines under Cattle Trespass Act.

۷۴۔ قانون جانوران چکاری کے تحت جرمانوں کو بدلنے کا اختیار۔

CHAPTER XII.

Forest Officers.

75. Government may invest any Forest officer with certain powers.

76. Forest officers to be deemed to be Government servants.

77. Indemnity for acts done in good faith.

78. Forest officers prohibited to trade.

CHAPTER XIII.

Bye-laws.

79. Additional power to make rules.

80. Penalty for breach of rules.

باب ۱۲

عہدہ داران صحرا۔

۷۵ ۔ سرکار عالی کسی عہدہ دار صحرا کو بعض اختیارات عطا کر سکیں گے ۔

۷۶ ۔ عہدہ داران صحرا سرکاری ملازم متصور ہوں گے ۔

۷۷ ۔ نیک نیتی سے کئے ہوئے افعال کی حفاظت ۔

۷۸ ۔ عہدہ داران صحرا کو تجارت کی ممانعت ۔

باب ۱۳

ضمنی قواعد۔

۷۹ ۔ قواعد مرتب کرنے کا مزید اختیار ۔

۸۰ ۔ قواعد کے خلاف ورزی کی سزا ۔

CHAPTER XIV.

Miscellaneous.

باب ۱۴

متفرق ۔

81. Recovery of amounts due to Government.

۸۱ ۔ رقوم کی وصولی جو سرکار عالی کو واجب الادا ہوں ۔

82. Lien on forest-produce for money.

۸۲ ۔ رقم کی ادائی تک پیداوار صحرا کو قبضہ میں رکھنا ۔

83. Land required under this Act to be deemed to be needed for public benefit under Land Acquisition Act.

۸۳ ۔ قانون ہذا کی رو سے جو اراضی مطلوب ہو اوس کے متعلق تصور ہوگا کہ وہ قانون حصول اراضی کی رو سے رفاہ عام کے لئے مطلوب ہے ۔

84. Recovery of amount due under agreement.

۸۴ ۔ اقرارنامے کے تحت واجب الادا رقم کی وصولی ۔

85. Repeal and saving.

۸۵ ۔ تنسیخ اور استثناء ۔

(*Translation*)

THE FOREST ACT.

No. II of 1355 F.

(*Received the assent of H. E. H. the Nizam on 4th Zilhejj tulharam 1364 Hijri, corresponding to 6th Dai, 1355 F.*)

Preamble

Whereas it is expedient to consolidate, amend and codify the provisions relating to forests in H. E. H. the Nizam's Dominions, the transit of forest produce and the duty leviable on timber and other forest produce; It is hereby enacted as follows :—

CHAPTER I.

Preliminary.

1. (1) This Act may be called the

قانون صحرا

نشان ۲ بابتہ ۱۳۵۵ف

(جو پیشگاہ اعلیحضرت بندگانعالی مدظلہم العالی سے بتاریخ ۴ ذیحجۃ الحرام ۱۳۶۴ھ مطابق ۶ دے ۱۳۵۵ف منظور فرمایا گیا)

تمہید - اہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ صحرائے ممالک محروسہ سرکار عالی کے متعلق نیز پیداوار صحرا کی ترسیل - چوبینہ پر عائد شدنی محصول اور دیگر پیداوار صحرا کے متعلق احکام کا اجتماع اور اُن کی ترمیم و تکمیل عمل میں آئے - لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے :-

باب ۱

مراتب ابتدائی -

مختصر نام - تاریخ نفاذ و وسعت مقامی - ۱ دفعہ - (۱) یہ قانون یہ بنام "قانون صحرا بابتہ ۱۳۵۵ف" موسوم ہوگا

(*Translation*)

Short title, commencement and extent.

Forest Act, 1355 F. and it shall come into force from the *date of its publication in the Jarida, in the whole of H. E. H. the Nizam's Dominions.

(2) The Government may, by notification in the Jarida, exempt any area from the operation of the whole or any portion of this Act and may, in like manner, cancel or vary such notification.

Definitions.

2. In this Act, unless there be anything repugnant in the subject or context,—

(1) "Forest Settlement Officer" means the officer appointed under section 4;

(2) "Forest officer" **[means such officer] as may be appointed by the Government or by any officer empowered by the Government or by any officer empowered by the Government in this behalf for all or any of the purposes of this Act or for performing the duties of a Forest officer in accordance with the provisions of this Act or rules made thereunder.

*Pulished in the Jarida dated 28th Aban, 1355 F.

**Substituted by Act No. VI of 1356 F.

قانون صحرا۔ نشان (۲) ۱۳۵۵ف

اور تاریخ اشاعت جریدہ سے کل ممالک محروسہ سرکار عالی میں نافذ ہوگا۔

(۲)۔ سرکار عالی کو اختیار رہوگا کہ بذریعہ اعلان مندرجہ جریدہ کسی رقبہ کو کل قانون ہذا یا اوس کے کسی حصہ کے اثر سے مستثنیٰ کریں اور اسی طرح اوس اعلان کو منسوخ یا اوس میں ترمیم کریں۔

تعریفات۔ دفعہ ۲۔ بجز اس کے کہ مضمون یا سیاق عبارت اس کے خلاف ہو قانون ہذا میں

(۱)۔ "عہدہ دار بندوبست صحرا" سے وہ عہدہ دار مراد ہے جس کا تقرر تحت دفعہ ۴ کیا گیا ہو۔

(۲)۔ "عہدہ دار صحرا" [سے مراد ایسا عہدہ دار ہے جس] کو سرکار عالی نے یا کسی عہدہ دار نے جسے سرکار عالی نے اس

۱۔ جریدہ اعلامیہ مورخہ ۲۸ ابہمن ۱۳۵۵ف میں شائع ہوا۔

۲۔ ترمیم بموجب قانون نشان (۶) ۱۳۵۶ف

بارے میں مجاز کیا ہو قانون ہذا کے جملہ اغراض یا کسی غرض کے لئے یا قانون ہذا یا قواعد مرتبہ تحت قانون ہذا کے احکام کے بموجب عہدہ دار صحرا کے فرائض انجام دینے کے لئے مقرر کیا ہو۔

(3) " tree " includes bamboo, stump, brushwood and rattan;

(۳) "درخت" میں بانس۔ ٹھوٹ۔ جھاڑی اور بید بھی داخل ہے۔

(4) " timber " includes trees which have been felled or have fallen and all wood whether cut up or fashioned or hollowed out or not ;

(۴) "چوبینہ" میں کٹے ہوئے یا گرے ہوئے درخت نیز تمام لکڑی داخل ہے خواہ وہ قطع۔ صاف یا مجوف کی گئی ہو یا نہ کی گئی ہو۔

(5) " forest-produce " includes the following things whether found in or brought from a forest or not :—

(۵) "پیداوار صحرا" میں حسب ذیل اشیاء ذیل ہیں خواہ صحرا میں پائے جائیں یا نہ پائے جائیں یا صحرا سے لائے جائیں یا نہ لائے جائیں:۔

*[(a) timber, charcoal, rubber, caoutchouc, catechu, wood oil, resin, natural varnish, bark, lac, mahua flower, mahua seeds, myrobalans, beedi leaves, rouse grass, rauwolfia serpentina, and]

*Substituted by Act No. XXIX of 1956.

(Translation)

(b) the following things when found in or brought from a forest:—

(i) trees, leaves, flowers, fruits and all parts and produce of trees not hereinbefore mentioned;

(ii) plants not being trees (including grass, creepers, reeds, and moss) and the produce and parts of such plants;

(iii) wild animals, skins, tusks, horns, bones, silk cocoons, honey, wax and other parts of animals, and

(iv) peat, surface soil, rock and minerals (including limestone, laterite, mineral oil and product of mine and quarry.

(6) "forest offence" means an offence punishable under this Act or the rules made thereunder.

(ب) - حسب ذیل اشیا، جب وہ صحرا میں پائے جائیں یا صحرا سے لائے جائیں:-

(آ) - درخت - پتے - پھول - میوے اور درخت کے وہ تمام اجزا، اور پیداوار جن کا ذکر قبل ازیں نہ کیا گیا ہو -

(۲) - پودے جو درخت نہ ہوں (بشمول گھانس - بیل - نرسل اور کنجال کے) اور ان پودوں کی پیداوار اور ان کے اجزاء -

(۳) - جنگلی جانور - کھال دانت - سینگ - ہڈیاں - ابریشم کا کویا - شہد - موم اور دیگر قسم کے اجزائے حیوانات - اور

(۴) - دلدلی کوئلہ - سطح کی زمین - چٹان اور معدنی اشیاء (بشمول چونے کے پتھر - سرخ آہن آلود پتھر - معدنی روغن اور معدن و پتھر کے کان کی پیداوار کے) -

(۶) - "جرم متعلقہ صحرا" سے

ایسا جرم مراد ہے جو قانون ہذا یا قواعد مرتبہ تحت قانون ہذا کی رو سے قابل سزا ہو۔

(7) "cattle" includes elephant, camel, ox, buffalo, horse, pony, colt, filly, mule, ass, pig, ram, goat, kid and sheep; and

(۷) "مویشی" میں ہاتھی - اونٹ بیل - بھینسا - گھوڑا - آختہ گھوڑا - ٹٹو - بچھیرا - خچر - گدھا - سور - مینڈھا - بکرا حلوان اور گوسفند داخل ہے - اور

(8) "river" includes stream, canal and other channels natural or artificial.

(۸) "دریا" میں ندی - نہر اور دیگر مجرائے آب جو قدرتی ہوں یا بنائے گئے ہوں داخل ہیں -

CHAPTER II.

باب ۲

Reserved Forest.

صحرائے محصورہ -

3. The Government may declare the land in respect of which forest rights vest in the Government or the land the whole or any part of the forest-produce of which the Government is entitled, as reserved forest in the manner hereinafter provided.

Power to declare reserved forest.

صحرائے محصورہ قرار دینے کا اختیار -

دفعہ ۳ - سرکار عالی کو اختیار ہوگا کہ ایسی اراضی کو جس کے متعلق سرکار عالی کو حقوق صحرا حاصل ہوں یا ایسی اراضی کو جس کے جملہ پیداوار صحرا یا اس کے کسی جزو کے سرکار عالی

4. (1) When it is decided to declare any land a reserved forest, the Government shall publish a notification in the Jarida-

Publication of notification.

مستحق ہوں بموجب طریقہ مندرجۂ ذیل صحرائے محصورہ قرار دیں۔

اشاعت اعلان - | دفعہ ۴ - (۱) جب کسی اراضی کو صحرائے محصورہ قرار دینا طے کیا جائے تو سرکار عالی جریدہ میں اعلان شائع کریں گے جس میں . .

(a) stating that it is proposed to declare such land a reserved forest;

(الف) - یہ ظاہر کیا جائے گا کہ اراضی مذکور کو صحرائے محصورہ قرار دینا تجویز کیا گیا ہے۔

(b) recording as nearly as possible, the situation specifying limits of such land; and

(ب) - جہاں تک ممکن ہو اراضی مذکور کا محل وقوع اور حدود درج کئے جائیں گے۔ اور

(c) appointing an officer (hereinafter called "the Forest Settlement Officer") to enquire into and determine the existence, nature and extent of the rights alleged to exist in favour of any person in respect of the land or forest-produce comprised within such limits and to settle the rights under the provisions of this Chapter.

(ج) - ایک عہدہ دار کا تقرر جو آئندہ "عہدہ دار بندوبست صحرا" کے نام سے موسوم ہوگا اس غرض سے کیا جائے گا کہ وہ اون حقوق کے وجود کی تحقیقات کرے اور اون کی نوعیت اور وسعت کا تعین کرے جن کا کسی شخص کو اوس اراضی یا پیداوار صحرا کے متعلق حاصل ہونا بیان کیا جائے جو مذکورہ حدود میں داخل ہو۔ اور بموجب احکام باب ہذا اون حقوق کا تصفیہ کرے۔

(2) Nothing in this section shall prevent the Government from appointing, for the purposes of this section, a Committee consisting of three or less than three officers of whom not more than one shall be an officer holding any office in the Forest Department to perform the duties of the Forest-Settlement Officer.

(۲) ۔ دفعۂ ہذا کا کوئی حکم اس امر کا مانع نہ ہوگا کہ سرکار عالی یا غراض دفعہ ہذا عہدہ دار بندوبست صحرا کے فرائض کی انجام دہی کے لئے ایک ایسی کمیٹی کا تقرر کریں جو تین یا اس سے کم عہدہ داروں پر مشتمل ہو جن میں ایک سے زائد ایسا عہدہ دار نہ ہوگا جو جنگلات میں کسی عہدہ پر مامور ہو ۔

Bar of forest-rights.

5. After the publication of the notification under section 4, no fresh right shall accrue in respect of the land described in the notification except by regular succession or under a grant or contract in writing made by or on behalf of the Government or the person in whom such right had vested at the time when the notification was published; and no fresh clearing of forest in such land for cultivation or for other purposes shall be made against such rules as may be made by the Government in this behalf.

مسدودی حقوق صحرا ۔ | دفعہ ۵ ۔ دفعہ ۴ کے تحت اعلان شائع ہونے کے بعد اراضی مندرجہ اعلان کی نسبت کوئی جدید حق حاصل نہ ہوگا بجز ایسے حق کے جو باضابطہ وراثت عطایا ایسے تحریری معاہدہ کی رو سے حاصل ہو جو سرکار عالی نے کیا ہو یا جو سرکار عالی یا اوس شخص کی جانب سے کیا گیا ہو جس کو اعلان شائع ہونے کے وقت مذکور حق حاصل تھا ۔ اور اون قواعد کے خلاف جو سرکار عالی اس بارے میں مقرر کریں مذکورہ اراضی کے جنگل کی کٹائی زراعت یا اور اغراض کے لئے جدید طور پر عمل میں نہ آسکے گی ۔

Notification by Forest settlement Officer.

6. When a notification is published under section 4, the Forest Settlement Officer shall cause to be published in Urdu and in the local vernacular in every

اعلان منجانب عہدہ دار بندوبست صحرا ۔ | دفعہ ۶ ۔ جب دفعہ ۴ کے بموجب اعلان شائع

town, village and at the headquarter of the taluqa in which any portion of the land described in the notification is situate, a proclamation—

کیا جائے تو عہدہ دار بندوبست صحرا پر لازم ہوگا کہ ایسے قصبہ۔ موضع اور تعلقہ کے مستقر میں جس میں اراضی مندرجہ اعلان کا کوئی حصہ واقع ہو اردو اور مقامی زبان میں اشتہار اشائع کرائے۔ جس میں

(a) specifying, as nearly as possible, the situation and limits of the land to be declared a reserved forest ;

(الف)۔ جہاں تک ممکن ہو صحیح طور پر اوس اراضی کے محل وقوع اور حدود کی صراحت کی جائے گی جس کو صحرائے محصورہ قرار دینا مقصود ہو۔

(b) explaining the consequences which, provided in the following sections, will ensue on declaring such forest as a reserved forest ; and

(ب)۔ دفعات مابعد میں مصرحہ وہ نتائج واضح کئے جائیں گے جو صحرائے مذکور کو صحرائے محصورہ قرار دینے سے مترتب ہوں گے۔ اور

(c) fixing a minimum period of four months from the date of the proclamation; and requiring every person having claim in respect of any right referred to in section 4 or section 5 to send to the Forest Settlement Officer within the said period, a written notice specifying the nature of the right claimed or to appear before him and state the nature of such right and if there be any claim of compensation in respect of such right, the amount, if any, and particulars thereof.

(ج)۔ تاریخ اشتہار سے اقلاً چار مہینے کی مدت مقرر کرکے حکم دیا جائے گا کہ ہر ایسے شخص پر جس کو دفعہ ۴ یا ۵ میں محولہ کسی حق کی نسبت دعوی ہو لازم ہوگا کہ مدت مذکور کے اندر عہدہ دار بندوبست صحرا کے پاس ایک تحریری اطلاع بھیجے جس میں اوس حق کی نوعیت درج ہو جس کی نسبت دعوی ہو یا اوس کے روبرو

حاضر ہوا ور بند کو رحق کی نوعیت اور اوس حق کی نسبت کسی معاوضہ کا دعوی ہو تو اوس کی مقدار (اگر کوئی ہو) اور تفصیلات بیان کرے۔

Inquiry by Forest Settlement Officer.

7. The Forest Settlement Officer shall record the statements made under section 6, and shall at some suitable place, inquire into the claims preferred under that section, and into the existence of the rights mentioned in section 4 or section 5 and not claimed under section 6 from Government records or the evidence of the person acquainted with the same.

تحقیقات منجانب عہدہ دار بندوبست صحرا۔

دفعہ ۷۔ عہدہ دار بندوبست صحرا اون بیانات کو قلم بند کرے گا جو دفعہ ۶ کے تحت پیش ہوں اور سرکاری کاغذات یا اوس شخص کی شہادت سے جو اس خصوص میں واقف ہو دفعہ مذکور کے تحت پیش کردہ دعاوی اور اون حقوق کے وجود کی نسبت جو دفعہ ۴ یا ۵ میں بیان کئے گئے ہیں اور جن کی نسبت دفعہ ۶ کے تحت دعوی نہ کیا گیا ہو کسی موزون مقام پر تحقیقات کرے گا۔

Powers of Forest Settlement Officer.

8. For the purposes of such inquiry, the Forest Settlement Officer shall have the following powers :—

عہدہ دار بندوبست صحرا کے اختیارات۔

دفعہ ۸۔ مذکورہ تحقیقات کے اغراض کے لئے عہدہ دار بندوبست صحرا کو حسب ذیل اختیارات حاصل ہوں گے:۔

(a) to enter, by himself, upon any land & survey, demarcate and make a map of the same or to authorise any officer for the said purposes ;

(الف) ۔ خود کسی اراضی میں داخل ہو کر اوس کی پیمایش اور حد بندی کرنا اور اراضی

(b) to exercise the powers of a Civil Court in the trial of cases.

9. Rights in respect of which claim has not been preferred under section 6 and the existence of which has not been proved in inquiry under section 7, shall be extinguished, unless before the publication of the notification under section 19, the person claiming such rights satisfies the Forest Settlement Officer that there was sufficient cause for not preferring his claim within the period fixed under section 6.

Extinction of rights.

10. (1) If a claim is preferred in respect of any land on the basis of any right, other than a right-of-way, a right-of-pasture, or a right to forest-produce or a water-course, the Forest Settlement Officer shall, by an order, admit or reject the claim in whole or in part; and where the claim is admitted or allowed in whole or in part, the Forest Settlement Officer shall—

Power to acquire land in respect of which right is claimed.

مذکورہ کا نقشہ مرتب کرنا یا مذکورہ اغراض کیلئے
کسی عہدہ دار کو مجاز کرنا ۔

(ب) ۔ مقدمات کی تحقیقات میں عدالت
دیوانی کے اختیارات استعمال کرنا ۔

حقوق کا ساقط ہونا ۔ | دفعہ ۹ ۔ وہ حقوق
جن کی نسبت دفعہ ۶ کے تحت دعوی پیش نہ
ہوا ہو اور جن کا وجود دفعہ ۷ کے تحت تحقیقات
میں ثابت نہ ہو ساقط ہو جائیں گے بجز اس کے
کہ دفعہ ۱۹ کے تحت اعلان شائع ہونے سے
پہلے وہ شخص جو حقوق مذکورہ کا دعویدار ہو عہدہ دار
بندوبست صحرا کو اس امر کا اطمینان دلائے کہ
دفعہ ۶ کے تحت مقررہ مدت کے اندر اپنا
دعوی پیش نہ کرنے کی کافی وجہ تھی ۔

اوس اراضی کو حاصل کرنے کا
اختیار جس کی نسبت حق کا
دعوی کیا جائے ۔ | دفعہ ۱۰ (۱) ۔
اگر کسی اراضی کی نسبت
بجز حق گذر ۔ چرائی
پیداوار صحرا یا مجرائے آب کے حق کے کسی اور
حق کی بناء پر دعوی کیا جائے تو عہدہ دار بندوبست

(*Translation*)

(a) exclude such land from the limits of the proposed reserved forest, or

(b) come to a settlement with the owner of such land whereby such owner shall surrender his rights ; or

(c) proceed to acquire such land in the manner provided by the Land Acquisition Act.

(2) For the purposes of acquiring such land—

(a) the Forest-Settlement-Officer shall be deemed to be a Taluqdar within the meaning of the Land Acquisition Act ;

قانون صحرا - نشان (۲) ۱۳۵۵ ف .

صحرا پر لازم ہوگا کہ بذریعہ حکم دعوے کو کلاً یا جزءً منظور کرے یا نامنظور کرے - اور جب دعوی کلاً یا جزءً تسلیم یا منظور کیا جائے تو عہدہ دار بندوبست صحرا :-

(الف) - اراضی مذکور کو مجوزہ صحرائے محصورہ کے حدود سے خارج کر دے گا - یا

(ب) - اراضی مذکور کے مالک سے ایسا تصفیہ کرے گا جس سے مالک مذکور اپنے حقوق سے دست بردار ہو جائے - یا

(ج) - اراضی مذکور کو قانون حصول اراضی کے مندرجہ طریقہ کے مطابق حاصل کرنے کی کارروائی کرے گا -

(۲) - اراضی مذکور کو حاصل کرنے کے اغراض کے لئے :

(الف) - عہدہ دار بندوبست صحرا حسب منشا قانون حصول اراضی تعلقدار سمجھا جائے گا -

(*Translation*)

(b) the claimant shall be deemed to be a person interested and appearing in pursuance of a notice referred to in section 7 of the said Act;

(ب) ۔ دعویدار ایسا شخص متصور ہوگا جس کو حق حاصل ہوا ور جو بہ تعمیل اطلاعنامہ محولہ دفعہ ۷ قانون مذکور حاضر ہوا ہو۔

(c) the provisions of the sections preceding section 7 of the said Act shall be deemed to have been complied with ; and the Taluqdar, with the consent of the claimant, or as provided by the said Act, the competent court, with the consent of the parties, may award compensation in land or in money or partly in land and partly in money.

(ج) ۔ یہ متصور ہوگا کہ قانون مذکور کی دفعہ ۷ کے ماسبق دفعات کے احکام کے مطابق عمل ہو چکا ہے ۔ اور تعلقدار برضامندی دعویدار یا از روے قانون مذکور عدالت مجاز برضامندی فریقین معاوضہ کو اراضی یا نقد رقم کی شکل میں یا جزؤاً اراضی اور جزؤاً نقد رقم کی شکل میں دلا سکے گی۔

حق گذر، مجرائے آب چرائی یا پیداوار صحرا کے حقوق کے دعوے کی نسبت حکم۔

دفعہ ۱۱

11. (1) When the claim is in respect of right to pasture or to forest produce, the Forest Settlement Officer shall, by an order, admit or reject the claim in whole or in part.

Order regarding claims to right of way, water-course, pasture or to forest-produce.

(۱) ۔ جب دعوئی چرائی یا پائیداوار صحرا کے حق کی نسبت ہو تو عہدہ دار بندوبست صحرا پر لازم ہوگا کہ بذریعہ حکم دعوے کو کلاً یا جزؤاً منظور کرے یا نامنظور کرے۔

(2) When a claim to any aforesaid right is admitted, if the right is

(۲) ۔ جب کسی حق مندرجہ بالا کی

for the beneficial enjoyment of any land or building, the Forest Settlement Officer shall record the designation and position of such land or building in respect of which such right is claimed. A copy of the order passed on every claim under this section shall be furnished to the claimant by the Forest Settlement Officer and another copy shall be given to the Forest Officer who attended the inquiry or if no Forest Officer has been appointed, the copy shall be forwarded to the Assistant Conservator of Forests.

نسبت دعوئی منظور کرلیا جائے اور حق مذکور کسی اراضی یا عمارت سے مستفید ہونے کے متعلق ہو تو عہدہ دار بندوبست صحرا اوس اراضی یا عمارت کا نام اور محل وقوع درج کرے گا جس کی نسبت حق مذکور کا دعوئی کیا جائے۔ ہر دعوے کے متعلق حسب دفعہ ہذا جو حکم دیا جائے اوس کی ایک نقل عہدہ دار بندوبست صحرا کی جانب سے دعوے دار کو دی جائے گی اور ایک اور نقل اوس عہدہ دار صحرا کو دی جائے گی جو بوقت تحقیقات حاضر رہے یا اگر کوئی عہدہ دار صحرا مقرر نہ ہو تو نقل مذکور مددگار ناظم صحرا کے پاس بھیج دی جائے گی۔

Entries to be made by Forest Settlement Officer.

12. When any order is passed under section 11, the Forest Settlement Officer, shall record, so far as may be practicable—

اندراجات جو عہدہ دار بندوبست صحرا کرے گا۔

دفعہ ۱۲۔ جب دفعہ ۱۱ کے تحت کوئی حکم دیا جائے تو عہدہ دار بندوبست صحرا جہاں تک ممکن ہو

(a) the name, father's name, caste, residence and occupation of the person claiming the right; and

(الف) ۔ اوس شخص کا نام مع ولدیت ۔ قوم ۔ سکونت اور پیشہ جس نے حق کی نسبت دعوئی کیا ہو درج کرے گا۔ اور

(b) the designation, survey-number, position and area of all such fields, and the designation and position of all buildings in respect of which the exercise of such right is claimed.

(ب) ۔ ایسے جملہ کھیتوں کے نام ۔ سروے نمبر ۔ محل وقوع ۔ رقبہ اور جملہ عمارتوں کے نام اور محل وقوع درج کرے گا جن کی نسبت حق مذکور کے استعمال کا دعویٰ کیا جائے ۔

Entries after admission of claim.

13. If the Forest Settlement Officer admits in whole or in part any claim under section 11, he shall record the extent to which the claim is admitted, specifying the number and description of the cattle which the claimant is from time to time entitled to graze in the forest, the season during which pasture is permitted, the quantity of timber and other forest-produce which the claimant is from time to time authorised to take, or receive, and such particulars as the circumstances may require.

دعوے کے منظوری کے بعد اندراجات ۔

دفعہ ۱۳ ۔ اگر عہدہ دار مذکور صحرا دفعہ ۱۱ کے تحت کسی دعوے کو کلاً یا جزءً منظور کرلے تو وہ جس حد تک دعویٰ منظور کیا گیا ہو اوس کا اندراج کرے گا اور اون مویشیوں کی تعداد اور اون کے اقسام کی صراحت کریگا جن کے صحرا میں چرائی کا دعویدار وقتاً فوقتاً مستحق ہو نیز موسم کا جس میں چرائی کی اجازت ہو چوبینہ اور دیگر پیداوار صحرا کے مقدار کا جس کو دعویدار وقتاً فوقتاً لینے یا حاصل کرنے کا مستحق ہو اور اون تفصیلات کا جو حالات کے لحاظ سے ضروری ہوں اندراج کرے گا۔

The said officer shall also record whether the timber or other forest-produce obtained by the exercise of the right claimed may be sold or bartered or not.

عہدہ دار مذکور اس امر کا بھی اندراج کرے گا کہ آیا چوبینہ یا دیگر پیداوار صحرا جو

14. (1) After making a record of the aforesaid matters the Forest Settlement Officer shall, and having regard to the maintenance of the forest in respect of which the claim is made, pass such orders as will ensure as for as possible, the continued exercise of the rights admitted.

Admitting exercise of rights.

اوس حق کے استعمال سے جس کی نسبت دعوئی کیا گیا ہو حاصل کئے جاتے ہیں قابل فروخت ہیں یا نہیں یا اون کا دیگر اشیا سے تبادلہ ہوسکتا ہے یا نہیں۔

حقوق کے استعمال کی منظوری۔ | دفعہ ۱۴۔ (۱) امور مندرجہ بالا کے اندراج کے بعد عہدہ دار بندوبست صحرا اوس صحرا کی حفاظت کو ملحوظ رکھتے ہوئے جس کی نسبت دعوئی کیا گیا ہو ایسے احکام صادر کرے گا جس سے حتی المقدور اون حقوق کا مسلسل استعمال جاری رہ سکے جو منظور کئے گئے ہوں۔

(2) For the said purpose the Forest Settlement Officer may,

(۲)۔ مذکورہ غرض کے لئے عہدہ دار بندوبست صحرا

(a) set out any other forest tract of sufficient extent and at a place suitable and record an order for the purposes of such claimants conferring the rights of pasture or to forest-produce to the extent admitted, upon the claimants;

(الف)۔ مذکور دعویداروں کے اغراض کے لئے کسی موزوں مقام پر کافی وسعت کے کسی اور قطعہ صحرا کو محفوظ کرسکے گا اور اوس حکم کا اندراج کرسکے گا جس کے ذریعہ منظورہ حد تک دعویداروں کو چرائی یا پیداوار صحرا کے حقوق عطا کئے جائینگے۔

(b) make such alteration in the

(ب)۔ مجوزہ صحرائے محصورہ کے

limits of the proposed reserved forest as to exclude forest-land of sufficient extent and at a suitable place, for the purposes of the claimants,

(c) record an order that rights of pasture or to forest-produce, to the extent admitted, within such portion of the proposed reserved forest and at such season as the Government may by rules prescribe in this behalf shall continue to the claimants.

15. If the Forest Settlement Officer finds it impossible having regard to the maintenance of the reserved-forest to make such settlement under section 14 as shall ensure the continued exercise of the said rights to the extent admitted, the said officer may, subject to such rules as the Government may make in this behalf, commute such rights by payment to the claimants a sum of money in lieu thereof or by grant of land, or in such other manner as he thinks fit.

Commutation of rights.

حدود میں ایسی تبدیلی کرسکے گا جس سے کسی موزوں مقام کی کافی وسعت کی اراضی صحرا دعویداروں کے اغراض کے لئے مذکور حدود سے خارج ہوجائے۔

(ج) ۔ حکم درج کرسکے گا کہ منظورہ حد تک مجوزہ صحرائے محصورہ کے اوس حصہ میں اور اوس موسم میں جو سرکار عالی اس بارے میں بذریعہ قواعد مقرر کریں دعویداروں کو چرائی یا پیداوار صحرا کے حقوق جاری رہیں گے۔

تبدیل حقوق۔ | دفعہ ۱۵ ۔ اگر عہدہ دار بندوبست صحرا کو یہ معلوم ہو کہ صحرائے محصورہ کی حفاظت کے پیش نظر دفعہ ۱۴ کے تحت ایسا تصفیہ کرنا ناممکن ہے جس سے منظورہ حد تک مذکورہ حقوق کا مسلسل استعمال جاری رہ سکے تو بتابعت اون قواعد کے جو سرکار عالی اس بارے میں مرتب کریں عہدہ دار مذکور مجاز ہوگا کہ دعویداروں کو اون کے حقوق کے معاوضہ میں رقم ادا یا اراضی عطا کرکے یا کسی اور طریقہ سے جو اوس کو مناسب معلوم ہو

(*Translation*)

16. Any person who has made a claim under this Act or any officer or any other person generally or specially empowered by the Government in this behalf, may prefer an appeal in writing from the order of the Forest Settlement Officer in the following manner:-

Appeal from order passed under section 10 or 11.

(a) within 60 days from the decision made by the Forest Settlement Officer under section 10, to a Forest Court established under section 17 and if such Court has not been established, to the Subedar. The decision made by such Court or the Subedar in appeal shall be final. But a revision may be preferred to the Government in the Revenue Department against the order of the Subedar. If the Forest Court or the Subedar decides that the claim or such part thereof as has been rejected is admissible, the Forest Settlement Officer shall proceed to deal with it in the same manner as if it had been admitted by himself.

حقوق مذکور بدل دے -

دفعہ ۱۰ یا ۱۱ کے تحت دیئے ہوئے حکم کا مرافعہ -

دفعہ ۱۶ - کوئی شخص جس نے قانون ہذا کے تحت دعوی پیش کیا ہو یا کوئی عہدہ دار یا کوئی اور شخص جسے سرکار عالی نے بالعموم یا خاص طور پر اس بارے میں اختیار دیا ہو عہدہ دار بندوبست صحرا کے حکم کے خلاف حسب طریقہ ذیل تحریری مرافعہ پیش کر سکے گا :-

(الف) - عہدہ دار بندوبست صحرا کے تحت دفعہ ۱۰ کئے ہوئے فیصلہ کے خلاف (۶۰) دن کے اندر بموجب دفعہ ۱۷ قائم کئے ہوئے عدالت جنگلات میں اور اگر مذکور عدالت قائم نہ ہوئی ہو تو صوبہ دار کے پاس - عدالت مذکور یا صوبہ دار بصیغہ مرافعہ جو فیصلہ صادر کرے وہ قطعی ہوگا - مگر صوبہ دار کے حکم کے خلاف محکمۂ سرکار صیغہ مالگزاری میں نگرانی پیش ہو سکے گی - اگر عدالت جنگلات یا صوبہ دار یہ فیصلہ کرے کہ دعوی یا اس کا وہ حصہ جو نامنظور کیا گیا ہے قابل منظوری ہے تو عہدہ دار

بندوبست صحرا اوس کی نسبت اوسی طرح کارروائی کرے گا کہ گویا وہ خود اوسی کا منظور ہے۔

(b) Within 90 days from the date of the order passed by the Forest Settlement Officer under section 11, to the Forest Court established under section 17 and if such Court has not been established, to the Subedar. The decision made by such Court or the Subedar in appeal shall be final. But a revision may be preferred to the Government in the Revenue Department against the order of a Subedar. In disposing of appeals such Court or the Subedar shall proceed in accordance with the provisions of section 21.

(ب) ۔ عہدہ دار بندوبست صحرا کے تحت دفعہ ۱۱ دیئے ہوئے حکم کے خلاف تاریخ حکم سے (۹۰) دن کے اندر بموجب دفعہ ۱۷ قائم کئے ہوئے عدالت جنگلات میں اور اگر مذکور عدالت قائم نہ ہوئی ہو تو صوبہ دار کے پاس۔ عدالت مذکور یا صوبہ دار بصیغہ مرافعہ جو فیصلہ صادر کرے وہ قطعی ہوگا مگر صوبہ دار کے حکم کے خلاف محکمہ سرکار صیغہ مالگزاری میں نگرانی پیش ہوسکے گی۔ مرافعوں کے تصفیہ میں عدالت مذکور یا صوبہ دار دفعہ ۲۱ کے احکام کے مطابق عمل کریں گے۔

17. The Government may, from time to time and as occasion arises, establish for the hearing of appeals a Forest Court which shall compose of the following officers:—

Forest Court.

عدالت جنگلات ۔ | دفعہ ۱۷ ۔ (۱) مرافعوں کی سماعت کے لئے وقتاً فوقتاً اور حسب ضرورت سرکار عالی عدالت جنگلات قائم کرسکیں گے جو حسب ذیل عہدہ داروں پر مشتمل ہوگی :۔

(a) the Sessions Judge in whose jurisdiction lies any portion of the land in respect of which the rights are in dispute;

(ا لف) ۔ ناظم صدر عدالت جس کے حدود ارضی میں اوس اراضی کا کوئی حصہ واقع ہو جس کے حقوق کی نسبت نزاع ہو۔

(b) the Taluqdar of the district or the Taluqdar of one of the districts in whose jurisdiction lies any portion of the land in respect whereof the rights are in dispute;

(ب) ۔ اوس ضلع کا تعلقدار یا اون اضلاع کے منجملہ کسی ایک ضلع کا تعلقدار جس کے حدود ارضی میں اوس اراضی کا کوئی حصہ واقع ہو جس کے حقوق کے بارے میں نزاع ہو۔

(c) the Forest officer specially selected by the Government and who is not below the rank of a Deputy Conservator of Forests.

(ج) ۔ عہدہ دار صحرا جس کو سرکار عالی خاص طور پر منتخب کریں اور جس کا درجہ نائب ناظم جنگلات سے کم نہ ہو۔

(2) The Sessions Judge shall be the presiding Judge of the said Court and shall prior to the hearing of the appeal make such orders as may be necessary. The Judges of the Court shall be appointed by name or as ex-officio.

(2) Any article imported or exported in contravention of the provisions of sub-section (1) may be seized by the customs officer who shall proceed with such seized article in accordance with the orders made under this Act. In the absence of any such order he shall act in accordance with the directions of an officer not below the rank of a Superintendent.

(۲) جب ضمن (۱) کے احکام کے خلاف
کوئی شئے درآمد یا برآمد کی جائے تو عہدہ
کروڑگیری اس کو ضبط کرسکے گا اور شئے
منضبطہ کے متعلق تحت قانون ہذا احکام
مقررہ کے مطابق عمل کرے گا۔ ایسے کسی
حکم کے نہ ہونے کی صورت میں ایسے افسر کی
ہدایت کے مطابق عمل کرے گا جس کا درجہ
مہتمم سے کم نہ ہو۔

(*Translation*)

(3) The Customs Commissioner or any officer subordinate to him to whom the Commissioner may delegate this power, may detain the following articles during import or export and forward them to the nearest police officer or to such other officer as may be appointed to take action in this behalf :

(3) - ناظم کروڑگیری یا اس کا کوئی ماتحت عہدہ دار جس کو ناظم یہ اختیار تفویض کرے مجاز ہوگا کہ اشیاء ذیل کو بوقت درآمد یا برآمد روک کر قریب ترین عہدہ دار کوتوالی یا ایسے عہدہ دار کے پاس جوابی کارروائی کے لئے مقرر ہو روانہ کرے۔

(a) writings, books, newspapers, documents and pictures the publication whereof is suspected to be punishable under sections 82 to 84 of the Asafia Penal Code ;

(الف) تحریرات - کتب - اخبارات دستاویزات - تصاویر جن کی نسبت شبہ ہو کہ اُن کی اشاعت تحت دفعہ ۸۲ تا ۸۴ تعزیرات آصفیہ قابل سزا ہے۔

(b) anything which is suspected to contain the articles referred to in clause (a) above.

(ب) - چیز جس میں اشیاء مذکورہ فقرہ (الف) ما فوق موجود ہونے کا شبہ ہو۔

Power of Customs Commissioner to determine places for disposal of cases.

اختیار ناظم کروڑگیری نسبت تعین مقامات فیصلہ۔

10. The Customs Commissioner may direct that cases with regard to goods of any particular person or particular village or description be disposed of at a place other than the appointed customs out-

دفعہ ۱۰۔ ناظم کروڑگیری حکم دے سکے گا کہ کسی خاص شخص یا کسی خاص موضع یا قسم کے مال کا فیصلہ بجائے

post or that any goods of such description be taken to the customs outpost by any route other than the prescribed route leading to the customs outpost.

11 (1) Every customs officer entrusted with the supevision of the import or export of goods may inspect any goods and in case of reasonable suspicion that any dutiable goods or prohibited articles lie hidden with any person, may search his person :

Power to inspect articles.

Provided that a female shall be searched by a female only.

(2) any box in possession of any person is locked and inspite of the requisition by the said officer the key is not delivered or the box is not opened

قانون کروڑگیری نشان ۲ سنہ ۱۳۵۶ف
مقررہ ناکہ کروڑگیری کے کسی اور
مقام پر کیا جائے۔ یا اس قسم کا کوئی
مال بجز مقررہ راستہ کے جو ناکہ
کروڑگیری کو جاتا ہو کسی دوسرے راستہ
سے ناکہ کروڑگیری کو لے جایا جائے۔

اختیار تفتیش اشیاء — دفعہ ۱۱

(۱) — ہر عہدہ دار کروڑگیری کو جس
سے درآمد یا برآمد مال کی نگرانی متعلق
ہو اختیار ہوگا کہ ہر مال کی تفتیش کرے
اور معقول شبہ پر کہ کسی شخص کے پاس
کوئی قابل محصول مال یا ممنوعہ شئے
پوشیدہ ہے اس شخص کی جامہ تلاشی
لے۔ مگر شرط یہ ہے کہ عورت کی
تلاشی عورت ہی کے ذریعہ لی جائیگی

(۲) — کوئی صندوق کسی شخص
کے قبضہ میں متقل ہو اور عہدہ دار
مذکور کے مطالبہ کے باوجود کنجی
پیش نہ کی جائے یا مناسب مہلت

(*Translation*)

even after allowing resonable opportunity, any customs officer, not below the rank of a Sub-Inspector, may break open such lock.

قانون کروڑگیری نشان ۲ سنہ ۱۳۶۵ ف

کے باوجود صندوق نہ کھولا جائے تو ایسا عہدہ دار کروڑگیری جس کا درجہ نائب امین سے کم نہ ہو ایسے تقفل کو توڑ سکے گا۔

12. A customs officer may weigh, count, measure and examine in detail any goods irrespective of the fact whether the goods are liable to duty by weight, by unit or advalorem.

Power to weigh goods.

دفعہ ۱۲

مال کو وزن کرنے کا اختیار۔

عہدہ دار کروڑگیری کو اختیار ہوگا کہ بلا لحاظ اس کے کہ مال کا محصول وزن عدد یا قیمت پر مقرر ہے۔ کسی مال کی وزن کشی۔ شمار۔ پیمائش اور تفصیلی تنقیح کرے۔

13. Subject to such orders as may be passed by the Government from time to time in this behalf, no person shall take any goods outside the place appointed for disposal of duty without obtaining a receipt for the duty paid in respect of dutiable goods and a certificate in respect of non-dutiable goods.

Powers to detain goods.

دفعہ ۱۳۔

مال روکنے کے اختیارات۔

اون احکام کے تابع جو اس بارے میں وقتاً فوقتاً سرکار عالی نافذ کریں کوئی شخص قابل محصول مال کے محصول کی ادائی کی رسید اور ناقابل محصول مال کا داخلہ حاصل کئے بغیر کسی مال کو مقام تصفیہ محصول سے باہر نہ لے جاسکے گا۔

(*Translation*)

14. (1) Every customs officer may, for the purpose of determining value, obtain sample from goods produced for determination of the duty in a quantity which has insignificant value and which does not adversely effect the goods itself.

Power to obtain sample.

(2) Samples taken from commodities of food or medicines shall be returned to the owner within seven days or at his option its actual price shall be paid to him ; but such samples shall not be obtained by a customs officer below the rank of a Sub-Inspector

15. For the purpose of investigation of any offence against this or for assessing duty on any goods the Customs Superintendent may, by a written order, call for and examine books of account or other papers pertaining to the trade of any merchant or company within H. E. H. the Nizam's Dominions.

Power of the Customs Superintendent with regard to inspection of account book.

قانون کروڑگیری نشان ۲ سنہ ۱۳۵۶ ف

اختیار حصول نمونہ ۔ | دفعہ ۱۴ ۔ (۱) ہر عہدہ دار کروڑگیری مجاز نہ ہوگا کہ کسی مال میں سے جو فیصلہ کے لئے لایا گیا ہو قیمت کی تحقیق کے لئے اوس مقدار میں نمونہ حاصل کرے جس کی قیمت ناقابل لحاظ ہو اور جس سے اصل مال کی حیثیت پر کوئی مضر اثر نہ پڑتا ہو ۔

(۲) اشیاء خوردنی یا ادویہ کا نمونہ لیا جائے تو وہ مالک کو سات یوم کے اندر واپس کر دیا جائے گا یا اس کی مرضی پر حقیقی قیمت ادا کر دی جائے گی لیکن ایسے نمونہ جات نائب امین سے کم درجہ کا عہدہ دار حاصل نہ کر سکے گا ۔

اختیار مہتمم کروڑگیری | دفعہ ۱۵ ۔ کسی جرم تحت
تسبت معائنہ بہی کھاتہ | قانون ہذا کی تحقیقات یا کسی مال کے فیصلہ کے لئے مہتمم کروڑگیری مجاز ہوگا کہ ممالک محروسہ سرکار عالی کے کسی تاجر یا کمپنی کے بہی کھاتہ یا دیگر کاغذات متعلقہ تجارت ذریعہ حکم تحریری طلب اور معائنہ کرے ۔

CHAPTER IV.

CUSTOMS DUTIES.

باب (۴)

محصولات کروڑگیری

16. Unless it is otherwise hereinafter provided, the following customs duties may be levied :

Customs Duties.

دفعہ ۱۶ - محصولات کروڑگیری - بجز اس کے کہ احکام مابعد کی رو سے کوئی اور حکم ہو حسب ذیل محصولات وصول کئے جاسکیں گے -

(1) Import duty shall be levied advalorem or by weight at the rate specified in Schedule A.

(۱) - محصول درآمد قیمت یا وزن پر اس شرح سے لیا جائے گا جس کی صراحت ضمیمہ الف میں کی گئی ہے -

(2) Export duty shall be levied advalorem or by weight at the rate specified in Schedule B.

(۲) محصول برآمد قیمت یا وزن پر اس شرح سے لیا جائے گا جس کی صراحت ضمیمہ ب میں کی گئی ہے -

17. (1) No customs duty shall be levied on the following articles :—

Articles not liable to duty.

دفعہ ۱۷ - (۱) کن اشیاء پر محصول نہ لیا جائیگا - مفصلہ ذیل اشیاء پر کوئی محصول کروڑگیری نہ لیا جائے گا :

(a) those specified as exempt from duty in Schedules A and B,

(الف) - جن کے محصول کے معافی کی صراحت ضمیمہ جات الف و ب میں کی گئی ہے -

(*Translation*)

*[(b) those declared to be exempt under section 7.]

(2) Customs duty shall not be levied on goods in transit within the meaning of Section **[39].

18. (1) No export or import duty shall be levied for the second time on goods which can be identified and on which import or export duty has been realized once ; provided their nature has not changed.

No export duty or re-import duty shall be levied on goods in respect of which import duty has been realized.

(2) Notwithstanding any change in nature, the Government may exempt any unidentifiable goods from the payment of duty for a second time.

19. If goods produced or articles manufactured in H. E. H. the Nizam's Dominions which have been exported therefrom free of duty, are reimported in a condition that is unaltered in nature and

Reimporting exported articles manufactured in H E. H. the Nizam's

*Amended by Act No. XIX of 1357 F.

**Substituted by Regulation No. LXIII of 1358 F.

قانون کروڑگیری - نشان (۲) سنہ ۱۳۵۶ ف

(ب) - جو تحت دفعہ ۷ قابل معافی قرار دی جائیں -

(۲) ایسے مال پر جو حسب منشاء دفعہ ۳۹ اثناء راہ میں ہو محصول نہ لیا جائے گا -

دفعہ ۱۸ - (۱) ایسے قابل شناخت مال پر جس پر ایک دفعہ محصول درآمد یا برآمد لیا جا چکا ہو مکرر محصول برآمد یا درآمد نہ لیا جائے گا -

محصول درآمد وصول ہونے کی صورت میں اس مال پر محصول برآمد یا مکرر محصول درآمد نہ لیا جائے گا -

بشرطیکہ اُس کی نوعیت تبدیل نہ ہوئی ہو -

(۲) سرکار عالی کو اختیار ہوگا کہ باوجود تبدیل نوعیت کسی ناقابل شناخت مال کو مکرر محصول کی ادائی سے مستثنیٰ قرار دیں -

دفعہ ۱۹ - علاقہ سرکار عالی کے مصنوعات جو بہ معافی محصول برآمد کئے گئے ہوں جب بلا تبدیل نوعیت قابل شناخت

برآمد شدہ مصنوعات ملک سرکار عالی کا باز درآمد ہونا -

سہ ترمیم بموجب قانون نشان (۱۹) سنہ ۱۳۵۷ ف مندرجہ جریدہ مورخہ ۱۶ مہر سنہ ۱۳۵۷ ف

*Substituted by Regulation No. LXIII of 1358 F.

Dominions. identifiable, no import duty shall be levied inspite of their being liable to duty..

عالت میں واپس درآمد کئے جائیں تو قابل محصول ہونے کے باوجود اُن پر محصول درآمد عائد نہ ہوگا۔

Imposition of duty for second time on repaired dutiable articles.

20. Article sent outside H. E. H. the Nizam's Dominions with the permission of the competent authority for the purpose of repairs and are reimported after repairs, shall be liable to duty to the extent of the cost of repairs and other expenses incurred.

درست شدہ قابل محصول اشیاء پر دوبارہ محصول لیا جانا۔

دفعہ ۲۰۔ جو اشیاء با جازت عہدہ دار مجاز بغرض درستی بیرون ملک سرکار عالی روانہ کی جائیں اور بعد درستی درآمد ہوں تو ایسے اشیاء پر محصول تا بحد مصارف درستی و اخراجات لاحقہ لیا جائے گا۔

Exception :–The Government may exempt the cost of repairs and other expenses incurred from duty to such extent as it may deem fit.

استثناء۔ سرکار عالی کو اختیار ہوگا کہ مصارف درستی و اخراجات لاحقہ کو جس حد تک مناسب تصور کریں ناقابل محصول قرار دیں۔

Mixing up of dutiable articles with nondutiable articles.

21. (1) When dutiable goods are inseparately mixed up with nondutiable goods, all the goods shall be liable to duty.

اختلاط اشیاء قابل محصول بہ اشیاء ناقابل محصول۔

دفعہ ۲۱۔ (۱) جب کسی قابل محصول مال میں کوئی ناقابل محصول مال اس طرح مخلوط ہو کہ اس کا علیحدہ کرنا ممکن نہ ہو تو جملہ مال قابل محصول ہوگا۔

(2) If any articles for which no rate of duty is fixed are mixed up with one or more inseparable articles chargeable with varying rates of duty, the duty on such goods shall be levied at the rate of rupees five percent.

22. For the purpose of obtaining permission for import or export of any goods whether liable to duty or not, the owner or holder thereof shall produce the invoice of such goods and attest the correctness of the entries of the invoice and if he is not satisfied with the correctness or such entries or any of them or if he is unable to make such entries he shall state the reasons therefor on the invoice.

Production of invoice.

23. For purposes of determining the duty the real value of any goods shall be :—

Assessment of value.

(۲) اگر کوئی مال ایسا ہو کہ جس کے لئے کوئی شرح محصول معین نہ ہو اور اوس میں ایک یا زیادہ اشیاء مخلوط ہوں جو علحدہ نہ ہوسکتی ہوں اور اُن کی شرح محصول مختلف ہو تو ایسے مال کا محصول فی صد پانچ روپیہ کے حساب سے وصول ہوگا ۔

بیجک کا پیش کرنا ۔ دفعہ ۲۲ ۔ کسی مال کے درآمد و برآمد کی اجازت حاصل کرنے کے واسطے مالک یا قابض پر لازم ہوگا کہ اوس مال کی بیجک پیش کرے خواہ وہ مال قابل محصول ہو یا ناقابل محصول ۔ اور بیجک کے اندراجات کے صحت کی تصدیق بہ ثبت دستخط کرے اور اگر اُن اندراجات کی یا اُن میں سے کسی کی صحت کا یقین نہ ہو یا وہ ایسے اندراجات کرنے کے قابل نہ ہو تو لازم ہوگا کہ اُس کے وجوہ کی صراحت بیجک پر کردے ۔

تیمت کی تشخیص ۔ دفعہ ۲۳ ۔ اغراض تعین محصول کے لئے کسی مال کی حقیقی قیمت :—

(*Translation*)

(a) the wholesale cash price, less trade discount for which goods of the like kind and description are sold, or are capable of being sold at the time and place of import or export as the case may be without any abatement or deduction whatsoever ;

(الف) ایسی نقد تھوک قیمت - پھر تادیع کرنے کے بعد ہوگی - جس پر کہ اُس قسم اور نوعیت کا مال درآمد یا برآمد کے وقت مقام درآمد یا برآمد میں جیسی کہ صورت ہو فروخت ہوتا یا ہو سکتا ہو اس کے علاوہ کوئی اور وضعات یا منہائی نہ کی جائے گی ۔

(b) when the wholesale cash price is not ascertainable, the cost price less trade discount at which goods of the like kind and description could be delivered to the purchaser at the place of import or export.

(ب) جب کسی مال کی نقد تھوک قیمت معلوم نہ ہو سکے تو پھر تادیع کرنے کے بعد ایسی قیمت ہوگی جس پر اُس قسم اور نوعیت کا مال مقام درآمد یا برآمد خریدار کے حوالے کیا جا سکتا ہو ۔

Explanation :—For the purposes of this section, in determining the real value of imported goods the amount of the duties payable on the import thereof shall be deductd from the cash price of the goods

توضیح - دفعہ ہذا کے اغراض کے لئے درآمد شدہ اشیاء کی حقیقی قیمت کا تعین کرنے میں مال کی نقد قیمت سے اُن محصولات کی رقم وضع کی جائے گی جو درآمد پر واجب الادا ہوں ۔

بلا اجازت مال کھول کر بیچنے یا پیشی کرنے کی ممانعت ۔

24. No person shall unpack any

دفعہ ۲۴ - کوئی شخص مجاز نہ ہوگا کہ بیچنے

Prohibition of producing invoice after unpacking goods without permission.

goods without the permission of the Customs officer prior to the production of the invoice nor shall the invoice be prepared after unpacking the goods without the written permission of the Customs officer.

25. No amendment shall be made in the invoice produced in the Customs Department except with the written permission of the competent officer.

Amendment of invoice.

26. No person shall be authorised to act in any customs cases in his capacity as an employee, gumashta or agent of any particular merchant or firm unless the owner has attested the invoice or such employee has been authorised in writing by the owner to attest the invoice. But in any case the owner shall send in his specimen signature and get his employee identified before the officer disposing customs cases.

Presence of any person on behalf of owner for disposal of customs cases.

پیش کرنے کے قبل بلا اجازت عہدہ دار کروڑ گیری کسی مال کو کھولے اور نہ بلا تحریری اجازت عہدہ دار کروڑگیری مال کھول کر بیجک مرتب کی جاسکے گی۔

بیجک میں ترمیم کرنا۔

دفعہ ۲۵۔ جو بیجک سررشتہ کروڑگیری میں پیش کی گئی ہو اس میں بلا تحریری اجازت عہدہ دار مجاز ترمیم نہ کی جاسکے گی۔

منجانب مالک کسی شخص کا تصفیہ محصول کے لئے حاضر ہونا۔

دفعہ ۲۶۔ کوئی شخص کسی خاص بیوپاری یا دوکان کے ملازم یا گماشتہ یا کارپرداز کے طور سے معاملات کروڑگیری میں کام انجام نہ دے سکے گا۔ بجز اس کے کہ مالک کی دستخط بیجک پر ہو۔ یا جب کہ وہ ملازم منجانب مالک تحریراً دستخط کرنے کا مجاز کیا گیا ہو لیکن ہر صورت میں لازم ہوگا کہ مالک اپنی دستخط کا نمونہ پیش کرکے ملازم کی شناخت عہدہ دار فیصلہ کنندہ کو کرادے۔

(*Translation*)

27. (1) No goods shall be exported or imported from any aerodrome, railway station or Imperial Post Office situate in H. E. H. the Nizam's Dominions unless they have been produced before the Competent customs officer and a receipt for the duty paid or a certificate of remission has been obtained.

Exportation and importation of goods by railway or post office.

(2) Parcels, bookposts or envelopes delivered by the Imperial Post Offices shall, within 24 hours of their delivery, be produced before the competent Customs officer for disposal and after paying the duty or causing the remission recorded, a receipt or certificate therefor shall be obtained.

(3) If goods are permitted to be taken into the limits of a railway station after passing the same through the railway Customs outpost, the invoice of such goods shall be produced before the competent Customs officer before taking the goods to the railway station and a receipt after paying the duty within the prescribed time or a remission certificate shall be obtained.

ریلوے یا پوسٹ آفس سے مال کی برآمد و درآمد۔

دفعہ ۲۷۔ (۱) کسی طیران گاہ ریلوے اسٹیشن ٹپہ خانہ سرکار عظمت مدار موقوعہ ممالک محروسہ سرکار عالی سے کوئی مال برآمد یا درآمد نہ کیا جائے گا تاوقتیکہ مجاز عہدہ دار کروڑگیری کے پاس اُس کو پیش کرکے ادائی محصول کی رسید یا عمل معافی کا داخلہ حاصل نہ کرلیا گیا ہو۔

(۲) ٹپہ خانہ عظمت مدار کے جو پارسل کمربند یا لفافے تقسیم ہوں وہ تقسیم سے ۲۴ گھنٹے کے اندر تصفیہ محصول کے واسطے مجاز عہدہ دار کروڑگیری کے پاس پیش کئے جائیں گے اور ان کا محصول ادا یا معافی کا عمل کرا کے رسید یا داخلہ حاصل کرلیا جائیگا۔

(۳) مال کو ریلوے ناکہ جات سے گزر کر ریلوے اسٹیشن کے حدود میں لے جانیکی اجازت دی گئی ہو تو ایسے مال کی بیجک مال کو ریلوے اسٹیشن پر لے جانے سے قبل مجاز عہدہ دار کروڑگیری کے پاس پیش کر دی جائے گی اور مدت مقررہ کے اندر اُس کا محصول ادا کرکے رسید یا معافی کا داخلہ حاصل کرلیا جائے گا۔

(*Translation*)

28. (1) When there is reason to believe that the value of goods entered in the invoice is not genuine or that duty should be charged on a higher value, the goods shall be detained and the owner directed that within two days or within such other reasonable period as may be applied for, he should put forth his pleas or submit records for determination of the value, after which either assessment shall be made according to the value determined or duty shall be levied on the real value in accordance with the provisions of section 23, or the Customs Superintendent may, after paying the value entered in the invoice, purchase such goods wholly or in part in favour of the Government. But goods valued at more than I.G. rupees three thousand shall not be so purchased except with the permission of the Customs Commissioner.

Purchase of goods for Government.

(2) The value of goods purchased under the provisions of sub-section (1) and such incidental expenses as may be incurred by the owner of the goods shall be paid.

خریدی مال بحق سرکار عالی۔ | دفعہ ۲۸۔ (۱)

جب مال کی اوسر قیمت کے متعلق جو بیجک میں درج ہو یا اور کرنے کی وجہ ہو کہ وہ اصلی نہیں ہے یا محصول اُس قیمت سے زیادہ پر عائد ہونا چاہیے تو مال کو روک لیا جائے گا۔ اور مالک کو ہدایت دی جائے گی کہ دو یوم یا کسی اور مناسب مدت کے اندر جس کی استدعا کی گئی ہو قیمت کی قرار داد کے لئے عذرات یا کاغذات پیش کرے۔ جس کے بعد یا تو مبینہ قیمت پر تصفیہ کیا جائے گا یا دفعہ (۲۳) کے بہ موجب حقیقی قیمت پر محصول وصول کیا جائے گا یا مہتمم اُس مال کو جزاً یا کلاً بیجک کی مندرجہ قیمت ادا کر کے بحق سرکار عالی خرید کر سکے گا۔ لیکن تین ہزار روپیہ سکہ کلدار سے زیادہ قیمت کا مال بلا اجازت ناظم کسٹمز گیری اس طرح نہ خریدا جا سکے گا۔

(۲) ضمن (۱) کے بہ موجب خریدے ہوئے مال کی قیمت اور ایسے لازمی اخراجات جو مال کے مالک کو لاحق ہوئے ہوں ادا کئے جائیں گے۔

(Translation)

(3) Unless the Customs Superintendent directs the sale in any other manner, the said goods shall be sold by public auction in the presence of the Purchasing officer by fixing a date and place therefor and after publishing it in a local newspaper or giving sufficient publicity in any other manner.

(4) From the sale proceeds of such goods shall be deducted the value of goods paid, the expenses incurred in the purchase and sale thereof and the customs duty and from the remainder a portion not exceeding one-half may, by order of the Customs Commissioner, be given to the officer on whose assessment the goods were purchased. The remaining amount shall be credited to the Government.

29. Every Customs officer shall after making an entry in the relevant register pass a receipt to the person making payment for the amount which he may realise in pursuance of this Act.

Receipt for duty and other amounts.

(۳) بجز اس کے کہ مہتمم کروڑگیری کسی اور طریقہ پر فروخت کا حکم دے مال مذکور کا نیلام بہ تقرر تاریخ و مقام کسی مقامی اخبار میں اشتہار دے کر یا اور طور پر کافی تشہیر کر کے بمواجہہ عہدہ دار خرید کنندہ کیا جائے گا۔

(۴) مال کے فروخت سے جو رقم وصول ہو اس میں سے مال کی قیمت جو ادا ہوئی ہو اور اخراجات جو مال کے خرید و فروخت میں عائد ہوئے ہوں اور محصول کروڑگیری منہا کرنے کے بعد جو بچ جائے اس کا ایک حصہ تا بحد نصف بہ حکم ناظم کروڑگیری اوس عہدہ دار کو دیا جا سکے گا۔ جس کے تشخیص سے مال خریدا گیا۔ مابقی رقم بحق سرکار عالی جمع ہوگی۔

دفعہ ۲۹۔ (۱) ہر عہدہ دار کروڑگیری پر لازم ہوگا کہ جو رقم وہ قانون ہذا کی رو سے وصول کرے اوس کو متعلقہ رجسٹر میں درج کر کے اوس کی رسید ادا کنندہ کو دے۔

محصول و دیگر رقوم کی رسید دی جائے گی۔

Refund of duty levied in excess and payment of duty short-levied.

30. (1) When any amount recoverable under this Act or the rules made thereunder has been short levied or erroneously refunded through inadvertance, error or collusion on the part of the Customs Officer or through mis-statement as to the value, description or quantity on the part of the owner, the demand for payment of the deficiency or repayment of the amount refunded may be made to the owner of the goods within six months from the date of assessment or refund and any goods of the owner pending with the Customs Department may be with-held until the said amount is realized ; provided that any goods of the value in excess of the demand shall not be detained.

(2) A claim for the refund in whole or in part of any duty or any other amount paid, on the ground that it was realised through inadvertance or error may be made within six months from the date of recovery.

قانون کسٹڈر گیری - نشان (۲) سنہ ۱۳۵۶ف

زائد محصول وصول کیا گیا ہو تو اس کا استرداد اور کمی کی صورت میں اس کا تکمیل۔

دفعہ ۳۰۔ (۱) جب عہدہ دار کسٹڈر گیری کی کسی سہو۔ غلطی یا سازش سے یا مال کی قیمت حیثیت یا مقدار کے نسبت مال کے مالک کی غلط بیانی کی وجہ سے کوئی رقم جو قانون ہذا یا تو اعد تحت قانون ہذا کی رو سے قابل وصول ہو کم وصول کی گئی ہو یا غلطی طور پر مسترد ہوئی ہو تو تاریخ فیصلہ یا استرداد سے (۶) مہینے کے اندر کمی کی تکمیل یا مسترد کی ہوئی رقم کی واپسی کا مطالبہ مال کے مالک سے کیا جا سکے گا۔ اور رقم مذکور کے وصول ہونے تک اس کا کوئی مال جو کسٹڈر گیری میں زیر تصفیہ ہو روکا جا سکے گا۔ مگر شرط یہ ہے کہ اوس مالیت سے زائد کا مال نہ روکا جائے گا جو مطالبہ پورا کرنے کے لئے کافی ہو۔

(۲) کسی ادا شدہ محصول یا کسی اور رقم کے کلاً یا جزاً واپسی کا اس بنا پر مطالبہ کہ وہ سہو یا غلطی سے وصول کی گئی تاریخ وصول سے چھ مہینے کے اندر ہو سکیگا۔

(*Translation*)

(3) When any duty has been paid so low as to amouut to an offence under any of the sections of this Act, nothing contained in this section shall bar any proceedings under the said section.

(۳) جب کوئی محصول اس طرح ادا کیا گیا ہو کہ وہ قانون ہذا کے کسی دفعہ کی رو سے جرم کی حد تک پہنچتا ہو تو تحت دفعہ مذکور کارروائی کے لئے دفعہ ہذا مانع نہ ہوگی۔

Return of dutiable goods.

31. When any identifiable goods on which import duty has been paid, is brought for exportation without a change in description, the competent officer shall permit its export subject to the rules made for the deduction of duty and the period of return. But no goods shall be permitted to be so exported without special order of the Government after one year from the date of its importation.

واپسی مال محصول۔ دفعہ ۳۱۔ جب کوئی قابل شناخت مال جس کا محصول درآمد ادا ہو چکا ہو بلا تبدیل نوعیت برآمد کرنے کے لئے لایا جائے تو عہدہ دار مجاز اُن قواعد کے تابع جو منہائی محصول اور مدت واپسی کے بارے میں وضع ہوں اس کے برآمد کرنے کی اجازت دے سکے گا۔ لیکن کسی مال کو اُس کے درآمد کی تاریخ سے ایک سال کے بعد سرکار عالی کے خاص حکم کے بغیر اس طرح برآمد کرنے کی اجازت نہ دی جا سکے گی۔

Collection of import and export duty and depcsit of goods in lieu of duty.

32. The Customs Inspector or Superintendent, may, on grounds of inability to pay the duty, retain in his custody a portion of the goods or any other goods, the value of which

وصول محصول درآمد و برآمد اور بمعاوضہ محصول مال کا امانت رکھنا۔ دفعہ ۳۲۔ امین یا مہتمم کسٹم ڈرگیری بوجہ ناقابلیت ادائی محصول بمعاوضہ محصول مال کا کوئی حصہ یا کوئی

(*Translation*)

shall be one and half times the amount of duty recoverable and may release the goods. But in no case shall the period allowed for the settlement of duty exceed fifteen days. On the expiry of the period the duty shall be recovered by taking action under section 81.

دوسرا مال اپنی تحویل میں رکھکر جس کی قیمت وصول طلب محصول سے ڈیوڑھی ہو مال کو واگذاشت کرسکے گا۔ لیکن کسی حال میں تصفیہ محصول کے لئے پندرہ یوم سے زائد مدت نہ دی جاسکے گی۔ مدت کے ختم پر حسب دفعہ ۸۱ عمل کرکے محصول وصول کیا جائے گا۔

Assessment of value of damaged goods.

33. If at the time of exmination of goods application is made stating that goods, which are lying in the customs outpost and have not been realised have sustained such a damage after their purchase as their value has become lower than that at which they were purchased or than that entered in the invoice, the Customs Superintendent or Inspector may assess the goods according to their existing condition :

تشخیص قیمت بوجہ خرابی مال۔ **دفعہ ۳۳**۔ مال کی تنقیح کے وقت درخواست پیش ہو کہ مال جو ناکہ کروڑگیری میں موجود اور واگذاشت نہیں ہوا ہے اُس کو خریدی کے بعد ایسا نقصان پہنچا ہے کہ اوس مال کی قیمت وہ باقی نہیں رہی جو اصل خریدی کی ہے یا جو بیجک میں درج ہے تو مہتمم یا امین کروڑگیری ایسے مال کا فیصلہ مال کی موجودہ حالت کے لحاظ سے کرسکے گا۔

Provided that no rebate shall be allowed on account of the damage in respect of goods on which duty is levied by weight.

مگر شرط یہ ہے کہ ایسے مال پر جس کا محصول بلحاظ وزن لیا جاتا ہو خرابی کی وجہ سے کوئی مجرائی نہ دی جاسکے گی۔

(Translation)

34. (1) When any duty or fine or any amount which is determined as recoverable under this Act or the rules made thereunder is not realised, it may be recovered as arrears of land revenue.

Recovery of duties and fines.

(2) When any duty or amount is recoverable from any person under this Act, such portion of goods lying in the Customs Department may be detained as may be sufficient for the realisation of such amount.

CHAPTER V.

FRONTIER.

35. Every Patel or Patwari of a village shall on demand, issue Istalbharti certificate free of cost.

Issue of Istalbharti certificate.

36. (1) Goods shall not be permitted to leave Customs limits until the duty has been paid and a receipt,

Export and import of goods by

محصول و جرمانہ کی وصولی کا طریقہ۔ دفعہ ۳۴۔ (۱) جب کوئی محصول یا جرمانہ یا کوئی رقم جو حسب قانون ہذا یا قواعد تحت قانون ہذا واجب الوصول قرار پائی ہو اور وصول نہ ہو تو وہ مثل بقایا، مالگزاری اراضی وصول کی جائیگی۔

(۲) تحت قانون ہذا جس شخص سے کوئی محصول یا رقم وصول طلب ہو اُس کے ایسے کسی مال میں سے جو کروڑگیری میں موجود ہو اس قدر مال روکا جا سکے گا جس سے وہ رقم وصول ہو سکے۔

۵

سرحدات

داخلہ استصلبھرتی کا دینا۔ دفعہ ۳۵۔ موضع کے پٹیل یا پٹواری پر لازم ہوگا کہ عند الطلب داخلہ استصلبھرتی بلا معاوضہ دے۔

ذریعۂ سڑک سرحد سے برآمد و درآمد مال۔ دفعہ ۳۶۔ (۱) کسی مال کو حدود کروڑگیری سے باہر جانے

road on the frontier.

or in the case of goods exempt from duty, an exemption certificate has been obtained.

(2) No goods shall be carried to or loaded on to a ferry direct unless such goods have first been cleared at the ferry.

CHAPTER VI.

CUSTOMS WAREHOUSES.

Appointment of warehouses.

37. Government may appoint bonded warehouses at suitable places in H.E.H. the Nizam's Dominions for the deposit of dutiable goods and may cancel such appointment.

CHAPTER VII.

PRESUMPTIONS.

Presumption in the case of the importer or exporter of goods not holding a re-

38. Every importer or exporter of goods shall obtain a receipt for the duty paid and shall keep it with the goods in the case of import till they enter his

کی اجازت نہ دی جائے گی تا وقتیکہ محصول ادا کر کے رسید یا اگر معافی کا مال ہو تو وثیقہ معافی حاصل نہ کیا گیا ہو۔

(۲) کوئی مال ندی کے گھاٹ پر راست روانہ نہ کیا جا سکے گا نہ کسی مرکب تری پر قبل فیصلہ بار کیا جا سکے گا۔ بجز اس کے کہ گھاٹ ہی پر ایسے مال کا فیصلہ ہوتا ہو۔

باب ۶

گودام امانتی

قیام گودام امانتی۔

دفعہ ۳۷۔ سرکار عالی کو اختیار ہوگا کہ ممالک محروسہ سرکار عالی میں مناسب مقامات پر تصفیہ شدنی مال کے محفوظ رکھنے کے لئے امانتی گودام قائم کریں یا اس کو برخاست کریں

باب ۷

قیاسات

درآمد یا برآمد کنندہ مال کے پاس رسید ادائی محصول نہ ہونے کی صورت میں قیاس

دفعہ ۳۸۔ ہر درآمد یا برآمد کنندہ پر

(Translation)

ceipt for the payment of duty.

premises or in the case of export till they have crossed the frontier. If no receipt is found with the goods or the goods or any part thereof do not correspond to the entries in the receipt, it shall be presumed that such goods or any part thereof which do not correspond to the entries in the receipt are imported or exported without payment of duty within the meaning of Section 50.

لازم ہوگا کہ ادائی محصول کی رسید حاصل کرے اور بصورت درآمد مذکور رسید کو اپنے احاطہ میں داخل ہونے تک اور بصورت برآمد سرحد پار ہونے تک مال کے ہمراہ رکھے ۔ اگر مال کے ہمراہ ایسی رسید نہ ہو یا کلاً یا جزاً اندراجات رسید سے مال کی مطابقت نہ ہو تو قیاس کیا جائے گا کہ ایسا کل مال یا جو حصہ رسید سے مطابقت نہیں رکھتا ۔ حسب منشا دفعہ (۵۰) بلا ادائی محصول درآمد یا برآمد کیا گیا ۔

Procedure when goods pass through different territories.

39. (1) Whenever any person transports any dutiable goods from one place to another in H. E. H. the Nizam's Dominions through foreign territory or from one place to another in foreign territory through H. E. H. the Nizam's Dominions, he shall obtain from the local Customs Officer of the area whence he exports the goods the Ali Dakhla or Azmat Dakhla, as the case may be, and shall present it before the

کارروائی جب مال مختلف علاقوں میں سے گذرے ۔

دفعہ ۳۹ (۱) اگر کوئی شخص کوئی مال قابل ادائی محصول علاقہ سرکار عالی سے بعبور علاقہ غیر علاقہ سرکار عالی میں یا علاقہ غیر سے بعبور علاقہ سرکار عالی علاقہ غیر میں لے جانا چاہے تو لازم ہوگا کہ جس سرحدی مقام سے وہ مال لے جانا چاہتا ہے اُس مقام کے عہدہ دار کروڑ گیری سے عالی داخلہ یا عظمت داخلہ جیسی صورت ہو حاصل

(*Translation*)

Customs Officer of the place to which the goods have been transported and after obtaining from him a certificate of the arrival of goods, shall present it before the Customs Officer of the frontier place from which the goods were exported. If such certificate is not produced it shall be presumed that the goods were imported or exported without payment of Customs Duty within the meaning of Section 50.

کرکے اس سرحدی مقام کے عہدہ دار کروڑگیری کے پاس پیش کرے جہاں مال لے گیا ہے اور جس مقام پر مال درآمد کیا گیا ہو وہاں کے عہدہ دار کروڑگیری سے مال کا رسیدی داخلہ حاصل کرکے اُس سرحدی مقام کے عہدہ دار کروڑگیری کے پاس داخل کرے جہاں سے مال برآمد کیا گیا تھا۔ ایسا داخلہ پیش نہ کئے جانے کی صورت میں حسب منشا دفعہ ۵۰ یہ قیاس کیا جائے گا کہ مال بلا ادائی محصول کروڑگیری برآمد یا درآمد کیا گیا۔

(2) It shall be the duty of the Custom Officer in such cases, to issue on demand, Ali Dakhla or Azmat Dakhla, as the case may be, on the arrival of goods in H.E.H. the Nizam's Dominions and when the goods leave the Dominions to pass a receipt in its place.

(۲) عہدہ دار کروڑگیری پر لازم ہوگا کہ ایسی صورتوں میں علاقہ سرکار عالی میں مال کے داخل ہونے پر عند المطالبہ عالی داخلہ یا عظمت داخلہ (جیسی کہ صورت ہو) اجرا کرے اور حدود سرکار عالی سے مال باہر جانے کے وقت داخلہ مذکور کے بدل میں رسید دیں۔

(3) The Customs Commissioner may, in his discretion, direct that the condition of obtaining an Ali Dakhla shall apply in case of transport of goods from any border village adjoining foreign territory to any other village in H. E. H. the Nizam's Dominions.

(۳) ناظم کروڑگیری مجاز ہوگا کہ علاقہ سرکار عالی کے ایسے سرحدی موضع سے جو علاقہ غیر سے متصل ہو سرکار عالی کے کسی دوسرے موضع میں مال کی منتقلی کو حسب صوابدید عالی داخلہ حاصل

کرنے کی شرط کا پابند کرے۔

Presumption when goods mentioned in the Istalbharti certificate are not exported.

40. Except when import or export is made by railway, post or air every exporter of goods shall obtain the Istalbharti certificate.

داخلہ استحلبھرتی کا مندرجہ مال برآمد نہ ہونے کی صورت میں قیاس

دفعہ ۴۰۔ بجز اس کے کہ درآمد یا برآمد بذریعہ ریلوے یا ٹپہ یا فضاء کی جائے ہر برآمد کنندہ مال کو لازم ہوگا کہ داخلہ استحلبھرتی حاصل کرے۔

If duty is not paid on any goods in respect of which an Istalbharti certificate is obtained it shall be presumed that such goods have been exported without payment of duty within the meaning of Section 50 except when the holder of such certificate gives a written notice to the competent Customs Officer within 2 weeks of the fact of his failure to export and satisfies him that he did not export the goods.

جس مال کے لئے داخلہ استحلبھرتی حاصل کیا جائے اور اس کا فیصلہ نہ ہو تو حسب منشاء دفعہ ۵۰ قیاس کیا جائے گا کہ وہ مال بلا ادائی محصول برآمد کیا گیا۔ بجز اس کے کہ داخلہ گرندہ دو ہفتہ کے اندر مجاز عہدہ دار کروڑگیری کو تحریری اطلاع اُن واقعات کی دے جن کی بناء پر مال برآمد نہیں کیا گیا۔ اور مطمئن کردے کہ اُس نے مال واقعتاً برآمد نہیں کیا۔

Seizure of goods.

41. (1) Every Customs Officer, where he has sufficient reason to believe that a transport vehicle or

گرفتاری مال۔

دفعہ ۴۱۔ (۱) ہر عہدہ دار کروڑگیری کو جب وہ بوجوہ معقول یہ باور

(Translation)

conveyance contains any goods, may detitain in transit or within the customs limits and examine the receipt for the duty paid or any other certificate in respect of the goods which are being imported and exported. If, during the examination or otherwise there is reason to believe that goods are being imported or exported without payment of the duty or that an offence under this Act has been committed in their import or export or that the provisions of the rules name under this Act have been contravened, such Officer may seize such goods and search the person of the owner or holder of the goods and produce the goods so seized as well as the owner or the holder without unnecessary delay before a Customs Officer not below the rank of a Customs Inspector. If an officer of such rank is not available, he may confiscate the goods and keep in safe custody in the nearest customs outpost or station and obtained a bond and security from the owner or holder.

کرتا ہو کہ کسی مرکب باربرداری یا سواری میں کوئی مال موجود ہے۔ اختیار ہوگا کہ اثناء راہ یا حدود کروڑگیری میں اوس کو روکے اور جو مال درآمد برآمد ہو رہا ہو اوس کے ادائی محصول کی رسید یا کسی اور داخلہ کی تنقیح کرے۔ تنقیح میں یا اور طور پر یہ باور کرنے کی وجہ پائی جائے کہ مال بلا ادائی محصول درآمد یا برآمد ہو رہا ہے یا اوس کے درآمد یا برآمد کرنے میں قانون ہذا کے تحت کسی جرم کا ارتکاب ہوا ہے یا قواعد تحت قانون ہذا کی خلاف ورزی ہوئی ہے تو وہ عہدہ دار مجاز ہوگا کہ اس مال کو گرفتار کرلے اور مالک یا قابض مال کی تلاشی لے ایسے گرفتار شدہ مال اور مالک یا قابض کو بلا تاخیر غیر ضروری ایسے عہدہ دار کروڑگیری کے روبرو پیش کردے جس کا درجہ ہیں سے کم نہ ہو اُس درجہ کا عہدہ دار موجود نہ ہو تو قریب ترین چوکی یا ناکہ کروڑگیری میں مال کو ضبط اور محفوظ رکھ کر مالک یا قابض سے مچلکہ اور ضمانت حاصل کرے۔

(Translation)

(2) Every employee of the Police, Revenue, Abkari and Fosest Departments and every village employee shall, at the request of any Customs Officer, render necessary assistance in carrying out the provisions of this Section.

(۲) ہر ملازم سررشتہ کوتوالی ۔ مالگزاری ۔ آبکاری اور جنگلات اور ہر ملازم دیہی کو لازم ہوگا کہ کسی عہدہ دار کروڑگیری کی درخواست پر دفعہ ہذا کی تعمیل کے لئے ضروری مدد کرے ۔

Reason for seizure to be given in writing.

42. When any goods are seized or any person is arrested under this Act, the person making such seizure or arrest shall record in writing the reasons for the detention of goods or arrest and deliver it to the person carrying the goods or to the person arrested and obtain a receipt therefor.

وجوہ گرفتاری سے تحریراً مطلع کرنا ۔ | دفعہ ۴۲

جب کسی مال یا شخص کو تحت قانون ہذا گرفتار کیا جائے تو گرفتار کنندہ پر لازم ہوگا کہ مال کے روکنے یا گرفتاری کے وجوہ قلمبند کرکے اُس کو آرندۂ مال یا شخص گرفتارشدہ کے حوالے کرے اور ایسی حوالگی کی رسید لے ۔

Arrest of any person on reasonable grounds.

43. (1) When a Cutoms Officer has sufficient reason to believe that any persons is importing or exporting goods without the payment of duty or that he has already imported or exported or that he has been guilty of an offence under this Act, such officer may arrest the aforesaid person and take him to the nearest Magistrate or to a Customs Officer not below the rank of an Inspector.

کسی شخص کو بوجوہ معقول گرفتار کرنا ۔ | دفعہ ۴۳ ۔

(۱) جب کسی عہدہ دار کروڑگیری کو باور کرنے کی معقول وجہ ہو کہ کوئی شخص بلا ادائی محصول مال درآمد یا برآمد کر رہا ہے یا درآمد یا برآمد کر چکا ہے یا اُس سے کوئی اور جرم تحت قانون ہذا سرزد ہوا ہے تو ایسا عہدہ دار مجاز ہوگا کہ شخص مذکور کو گرفتار کرکے

قریب ترناظم فوجداری یا ایسے عہدہ دار کروڑگیری کے روبرو پیش کرے جس کا درجہ امین سے کم نہ ہو۔

(2) The person so arrested shall forthwith be released if he furnishes reliable security, failing which he shall be taken to the nearest Magistrate within twenty four hours with reasons for arrest and search in writing.

(۲) اگر گرفتار شدہ شخص قابل اطمینان ضمانت دے تو فوراً رہا کردیا جائے گا۔ ورنہ گرفتاری سے چوبیس گھنٹے کے اندر مع تحریری وجوہ گرفتاری و تلاشی قریب ترناظم فوجداری کے پاس پیش کردیا جائے گا۔

(3) All the provisions relating to arrest contained in Chapter V of the Hyderabad Criminal Procedure Code shall apply when an arrest is made under this Act.

(۳) جب کوئی گرفتاری عمل میں لائی جائے تو جملہ احکام متعلق گرفتاری مندرجہ مجموعہ ضابطہ فوجداری کار عالی باب پنجم متعلق ہوں گے۔

Stolen dutiable articles, how dealt with.

44. Where any article liable to confiscation under this Act, is seized by any Police Officer in dishcarge of his duties, he shall carry the article to the Police Station or to the Criminal Court at which a complaint connected with theft or recovery of such article has been made

مسروقہ قابل محصول اشیاء کا تصفیہ۔ دفعہ ۴۴۔ کوئی عہدہ دار کو تو الی ایسی شئے جو تحت قانون ہذا قابل ضبطی ہو اپنے فرائض

or an enquiry connected with such theft or recovery is in progress and there detain such article until the dismissal of such complaint or the conclusion of such enquiry or of any necessary proceedings thence resulting.

In every such case, after the seizure of articles, the police officer shall forthwith give intimation of such seizure and detention to the nearest coustoms-house and immediately after the dismissal of the complaint or conclusion of the enquiry or proceedings he shall cause such things to be conveyed to, and deposited at, the nearest customs-house, so that necessary action may be taken in the matter according to law.

منصبی کے تحت گرفتار کرے تو وہ عہدہ دار اوس شئے کو کوتوالی کے تھانہ یا ایسی عدالت فوجداری کو لے جائے گا جس میں کہ اوس شئے کے سرقہ یا دلایانے سے متعلق شکایت پیش ہوئی ہو یا ایسے سرقہ یا دلایانے سے متعلق دریافت عمل میں لائی جارہی ہو اور وہاں ان اشیاء کو اُس وقت تک روک رکھے گا جب تک کہ ایسی شکایت کی کاروائی ختم یا ایسے دریافت کی یا جس کے نتیجہ کے طور پر جس کارروائی کی ضرورت لاحق ہوئی ہو اوس کی تکمیل نہ ہو جائے۔

ہر ایسی کارروائی میں بعد گرفتاری اشیاء عہدہ دار کوتوالی اشیاء کے ایسے گرفتاری اور روک رکھنے کی فوری اطلاع قریب ترین محصول خانہ کسٹڈیگیری کو دے گا اور بہ فور تصفیہ شکایت یا تکمیل دریافت

قانون کروڑگیری نشان (۲) سنہ ۱۳۵۶ف

یا کارروائی وہ ان اشیاء کو قریب ترین محصول خانہ کروڑگیری پر روانگی اور پہونچنے کا انتظام کرے گا تاکہ وہاں اون کے بابت حسب ضابطہ کارروائی کی جا سکے۔

Customs Officers to seek help of Police in search of goods.

45. If any Customs Officer not below the rank of an Inspector has sufficient reason to believe that any goods which are liable to be seized under this Act are kept or hidden at any place and the object of search is likely to be defeated before a search warrant is obtained from a Magistrate under Section 47, he may make a request in writing to the Police officer not below the rank of a Sub-Inspector for the search of the said place. Such police officer shall, in occordance with the provisions contained in the Hyderabad Criminal Procedure Code, search such place and if any goods liable to be seized are found, he shall send them on to the office of the Customs Superintendent and direct the offender to present himself before the Superintendent.

عہدہ داران کروڑگیری کی کوتوالی سے تلاشی مال کی [illegible]

دفعہ ۴۵۔ کسی عہدہ دار [illegible] کی [illegible] مین سے کم نہ ہو باور کرنے کی معقول وجہ ہو کہ کسی مقام میں کوئی مال جو تحت قانون ہذا لائق ضبطی ہے۔ رکھا ہوا یا پوشیدہ کیا گیا ہے اور حسب دفعہ ۴۷ ناظم فوجداری سے حکمنامہ تلاشی حاصل کرنے تک منشاء تلاشی کے فوت ہونے کا اندیشہ ہے تو وہ کسی عہدہ دار کوتوالی سے جس کا درجہ عہدہ دار منتظم تھانہ سے کم نہ ہو تحریری درخواست مقام مذکور کی تلاشی کے

لئے کرسکے گا۔ عہدہ دار کو توالی مذکور کو لازم ہوگا کہ بہ پابندی احکام مندرجہ مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی اوس مقام کی تلاشی لے اور جو اشیاء قابل ضبطی برآمد ہوں اُن کو مہتمم کروڑگیری کے دفتر پر روانہ کردے اور ملزم کو مہتمم کے اجلاس پر حاضر ہونے کی ہدایت کرے۔

عہدہ داران کروڑگیری کی کوتوالی سے شخصی تلاشی کی استمداد۔

دفعہ ۴۶۔ ہر عہدہ دار کوتوالی کسی عہدہ دار کروڑگیری کی تحریری درخواست پر جس کا درجہ نائب امین سے کم نہ ہو کسی شخص کی تلاشی لے سکے گا جس کی نسبت یہ باور کرنے کی معقول وجہ ہو کہ وہ قانون ہذا کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوا ہے۔ ایسی تلاشی میں اوس شخص کے

Customs officer to seek help of police to search person.

46. Every Police officer may, at the request in writing of any Customs officer not below the rank of a Customs Sub-Inspector, search any person who is reasonably believed to have contravened the provisions of this act. In the course of search if any articles are found in the posses-

sion of such person from which it appears that the provisions of this Act have been contravened, the Police officer shall present such articles before the Customs Superintendent or the nearest Magistrate, together with such person unless such person gives his correct address and furnishes security. If the search is confined to import or export of goods without payment of the duty and such goods are found, the Police officer shall not arrest such person.

پاس سے ایسی اشیاء برآمد ہوں جن سے قانون ہذا کی خلاف ورزی ظاہر ہوتی ہو تو عہدہ دار کوتوالی اون اشیاء کو مع اوس شخص کے مہتمم کروڑگیری یا قریب ترناظم فوجداری کے روبرو پیش کرے گا۔ بجز اس کے کہ شخص مذکور اپنا صحیح پتہ بتادے اور ضمانت دے۔ اگر تلاشی محض مال بلا ادائی محصول درآمد یا برآمد کرنے کی حد تک محدود ہو اور مال دستیاب ہو جائے تو عہدہ دار کوتوالی ایسے شخص کو گرفتار نہ کرے گا۔

Where the arrested person is brought before a Magistrate, the Magistrate may order that the said person be released on security or bond, which ever he may deem proper for presenting himself before the Customs Superintendent, failing which he be sent to the Customs Superintendent under arrest.

شخص گرفتار شدہ ناظم فوجداری کے روبرو پیش ہو تو ناظم فوجداری حکم دے سکے گا کہ شخص مذکور اجلاس مہتمم کروڑگیری پر حاضری کے لئے ضمانت یا مچلکہ پر جو اوس کی رائے میں مناسب معلوم ہو رہا کیا جائے ورنہ وہ زیر حراست مہتمم کروڑگیری

47. (1) In conformity with the provisions of the Hyderabad Criminal Procedure Code, any Magistrate may, on application by a Custom officer not below the rank of a Customs Inspector to the effect that dutiable goods have been brought or hidden without payment of the customs duty within the local jurisdiction of such Magistrate or that any person has in his possession any prohibited article or such document as may prove the holder to be guilty and that in case of delay it is likely to be destroyed, issue a search warrant to any Customs officer, not below the rank of a Sub-Inspector to search goods, prohibited articles or document.

Power to issue search warrant.

دفعہ ۴۷۔ (۱)۔ بہ پابندی احکام مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی ہر ناظم فوجداری کسی عہدہ دار کروڑگیری کی جس کا درجہ امین سے کم نہ ہو اس درخواست پر کہ مال قابل محصول اس ناظم کے حدود اراضی کے اندر بلا ادائی محصول لایا یا چھپایا گیا ہے یا کسی شخص کے قبضہ میں کوئی ممنوعہ شئے یا ایسی دستاویز موجود ہے جس سے خود قابض کا مرتکب جرم ہونا ثابت ہوتا ہے۔ اور بہ صورت تاخیر اس کے تلف ہونے کا اندیشہ ہے ایسے مال۔ ممنوعہ شئے یا دستاویز کی تلاشی کے لئے کسی عہدہ دار کروڑگیری کو جس کا درجہ نائب امین سے کم نہ ہو حکمنامہ تلاشی دے سکے گا۔

حکمنامہ تلاشی جاری کرنے کا اختیار۔

(2) The Customs officer to whom the search warrant is given under Sub-Section (1) shall, in confirmity the with provisions of the Hyderabad Criminal Procedure Code so far as may be applicable, search the place and after giving a receipt take into his possession the goods or prohibited article regarding which there is reason to believe that they have been illegally brought or hidden or take into his possession the document referred to in sub-section (1) and send the same to a Customs officer not below the rank of a Customs Inspector or keep them at the same place in his own custody until the offender is brought before the competent officer or may cause them to be kept in any safe place in some other manner.

(3) No Customs officer below the rank of a Customs Inspeptor and

(۲) عہدہ دار کروڑگیری جس کے نام حکم نامۂ تلاشی حسب ضمن (۱) دیا گیا ہو بہ پابندی احکام مندرجہ مجموعہ ضابطہ فوجداری سرکار عالی جہاں تک وہ متعلق ہو سکتے ہیں اوس مقام کی تلاشی لے گا اور مال یا ممنوعہ شئے کو جس کی نسبت باور کرنے کی وجہ ہو کہ وہ بطریق ناجائز لائی یا چھپائی گئی ہے یا دستاویز متذکرہ ضمن (۱) کو رسید دے کر اپنے قبضہ میں لے کر عہدہ دار کروڑگیری کے پاس جس کا درجہ امین سے کم نہ ہو بھیج دے گا یا اوسی مقام پر اوس وقت تک اپنی حفاظت میں رکھے گا جب تک ملزم عہدہ دار مجاز کے روبرو پیش کیا جاے یا کسی مقام محفوظہ میں اور طور پر رکھوا سکے گا۔

(۳) کوئی عہدہ دار کروڑگیری جس کا درجہ امین سے کم ہو اور کوئی ایسا

(Translation)

no officer at whose application the search warrant has been given shall have power to enquire into the case relating to goods taken into possession of on the basis of the search warrant.

عہدہ دار جس کی درخواست پر حکمنامہ تلاشی دیا گیا ہو کسی ایسے مال کے متعلق مقدمہ کی دریافت نہ کر سکے گا۔ جو اس حکمنامہ کی بنا پر حاصل کیا گیا ہو۔

48. Any Magistrate may issue a warrant of arrest with condition of release on furnishing security for the arrest of any person in respect of whom there is reason to believe that he has been guilty of an offence under this Act.

Power of Court regarding issue of warrant of arrest.

دفعہ ۴۸۔ اختیار عدالت نسبت اجرائی حکمنامہ گرفتاری۔ جس شخص کی نسبت یہ باور کرنے کی معقول وجہ ہو کہ وہ تحت قانون ہذا مرتکب جرم ہوا ہے کوئی ناظم فوجداری حکمنامہ گرفتاری بقید ضمانت جاری کر سکے گا۔

49. Any article seized under this Act shall vest in Government.

Seized goods to be deemed to vest in Government.

دفعہ ۴۹۔ منضبطہ مال ملک سرکار عالی متصور ہوگا۔ جو شئے تحت قانون ہذا ضبط کی جائے وہ سرکار عالی کی ملک ہو جائے گی۔

CHAPTER VIII.

OFFENCES.

باب ۸

جرائم۔

50. Where any goods, without

دفعہ ۵۰۔ بلا ادائی محصول درآمد یا برآمد کرنا۔ کوئی مال

(Translation)

Importing or Exporting without payment of duty.

payment of the duty, are carried beyond the limits of customs established by the Goverument for the levy of duty, except when permitted by any general or special order, they shall be regarded as goods imported or exported without payment of the duty.

51. (1) Where any person—

Penalty for importing or exporting goods without payment of duty.

(a) imports or exports, or

(b) attempts to import or export any dutiable goods without payment of the duty, such goods or any part thereof shall be liable to confiscation or the value thereof shall be liable to be recovered or in case the goods have not been seized, the offender may on the offence being proved, be punished with fine, not exceeding half of the assessed value of the goods.

بلا ادائی محصول ایسے حدود کروڑگیری سے گذرے جائے جو وصول محصول کے لئے منجانب سرکار عالی معین ہو تو کہا جائیگا کہ وہ مال بلا ادائی محصول درآمد یا برآمد کیا گیا - بجز اس کے کہ کسی عام یا خاص حکم کے ذریعہ سے اجازت دی گئی ہو-

بلا ادائی محصول کروڑگیری - مال برآمد یا درآمد کرنیکی سزا -

دفعہ ۵۱ (۱) جب کوئی شخص بلا ادائی محصول کوئی مال جس پر محصول کروڑگیری ادا ہونا چاہیئے :-

(الف) درآمد یا برآمد کرے - یا

(ب) درآمد یا برآمد کرنے کا اقدام کرے -

تو ایسا مال یا اوس کا کوئی جز قابل ضبطی ہوگا - یا اوس کی قیمت وصول کی جا سکے گی - یا بصورت عدم گرفتاری مال جرم ثابت ہونے پر مرتکب جرم کو جرمانہ کی سزا دی جا سکے گی جس کی مقدار اوس مال کے نصف قیمت مشخصہ سے زیادہ نہ ہوگی -

(*Translation*)

14. No weighing or measuring instrument shall be used in trade unless it has been verified or re-verified and stamped within the prescribed manner by an inspector.

Use of weights and measures not verified prohibited.

دفعہ ۱۴۔ غیر مصدقہ اوزان و پیمانہ جات کے استعمال کی ممانعت۔

کوئی آلہ وزن یا پیمانہ تجارت میں استعمال نہ ہوگا تاوقتیکہ ناظر نے مقررہ مدت کے اندر مقررہ طریقہ کے مطابق اوس کی تصحیح یا تصحیح مکرر کے بعد اوس پر ٹھپہ نہ لگایا ہو۔

15. No weighing or measuring instrument shall be sold or delivered unless it has been verified or re-verified and stamped within the prescribed period and in the prescribed manner by an inspector.

Sale and delivery of weights and measures not verified prohibited.

دفعہ ۱۵۔ ممانعت فروخت و حوالگی اوزان و پیمانہ جات غیر مصدقہ

کوئی آلہ وزن یا پیمانہ فروخت یا حوالہ نہ کیا جائے گا تاوقتیکہ ناظر نے مقررہ مدت کے اندر مقررہ طریقہ کے مطابق اس کی تصحیح یا تصحیح مکرر کے بعد اوس پر ٹھپہ نہ لگایا ہو۔

16. No person shall make, repair or sell any weighing or measuring instruments unless he has obtained from Government a licence for making, repairing or selling them.

Licence for making, repairing or selling weibgts and measures, etc.

دفعہ ۱۶۔ اوزان و پیمانہ جات وغیرہ کے بنانے درست کرنے یا فروخت کرنے کا اجازت نامہ۔

کوئی شخص مجاز نہ ہوگا کہ آلات وزن یا پیمانہ جات بنائے یا اون کو درست یا فروخت کرے بجز اسکے اُس نے بنانے۔ درست یا فروخت کرنے کا اجازت نامہ سرکار عالی

(*Translation*)

17. Government shall make proper arrangements for verifying and stamping weighing and measuring instruments in the City of Hyderabad, in District Headquarters and at such other places as they may think fit.

Provision of means of verification and stamping.

دفعہ ۱۷۔ سرکار عالی بلدہ حیدرآباد اور مستقر ہائے اضلاع اور دیگر مقامات میں جہاں وہ مناسب خیال کریں آلات وزن و پیمانہ جات کی تصحیح اور ان پر ٹھپہ لگانے کے لئے مناسب انتظام کریں گے۔

تصحیح و ٹھپہ لگانے کے ذرائع مہیا کرنا۔

18. (1) Government shall appoint a sufficient number of persons with prescribed qualifications for protection and custody of working standards and for the discharge of the duties of an inspector in accordance with the provision of this Act.

Appointment of inspector of weights and measures.

دفعہ ۱۸۔ (۱) تنقیحی معیار کی حفاظت اور تحویل نیز قانون ہذا کے احکام کے مطابق ناظر کے فرائض انجام دینے کے لئے کافی تعداد میں مقررہ قابلیت کے اشخاص کا تقرر سرکار عالی کریں گے۔

تقرر ناظر اوزان و پیمانہ۔

(2) Government may empower an officer to inspect the work of an inspector.

(۲) ۔ سرکار عالی کو اختیار ہوگا کہ کسی عہدہ دار کو ناظر کے کام کی تنقیح کا اختیار دیں۔

19. An inspector shall examine every weighing or measuring instrument which is brought to him for the purpose of verification. If he finds such weighing or measuring instrument up to the standard he shall stamp the same with verification stamp in the prescribed manner.

Verification and stamping by inspector.

دفعہ ۱۹۔ ناظر ہر آلۂ وزن یا پیمانہ کی جانچ کرے گا۔ جو اس کے پاس بغرض تصحیح لایا جائے۔ اور

تصدیق و مہر منجانب ناظر۔

(Translation)

قانون اوزان و پیمانہ جات۔ نشان (۱۴) باتہ ۱۳۵۶ف

معیار کے مطابق پانے پر مقررہ طریقہ سے اس پر تصحیح کا ٹھپہ لگائے گا۔

Power to inspect weights, etc., and to enter shops, etc., for that purpose.

20. (1) Every inspector empowered in writing in this behalf by Government may—

دفعہ ۲۰۔ اوزان وغیرہ کا معائنہ کرنے اور اس مقصد کے لئے دکانوں وغیرہ میں داخل ہونے کا اختیار

(۱)۔ ہر ناظر (جس کو سرکار عالی نے اس بارے میں تحریراً اختیار دیا ہو) مجاز ہوگا :—

(a) inspect at all reasonable times measures and weighing or measuring instruments, within the area under his charge, which are in the possession of any person or in any premises for use in trade and compare any such weighing or measuring instrument with a working standard or a weighing or measuring instrument prescribed for this purpose, and verify it ;

(الف)۔ مناسب اوقات میں اپنے زیر انتظام حدود کے اندر پیمانہ کی اور تولنے یا ناپنے کے آلہ وزن یا پیمانہ جات کی جو کسی شخص کے قبضہ میں یا کسی عمارت میں تجارتی مقاصد کے لئے بغرض استعمال موجود ہوں۔ تنقیح کرے نیز ایسے آلہ وزن یا پیمانہ کا کسی تنقیحی معیار کے ساتھ یا کسی آلہ وزن یا پیمانہ کے ساتھ جو اس مقصد کے لئے ہو مقابلہ کر کے تصحیح کرے۔

(b) seize and detain any weighing or measuring instrument which appears to have been or may be used, for the commission of an offence under this Act.

(ب)۔ کسی آلہ وزن یا پیمانہ کو جس کے متعلق یہ معلوم ہو کہ تحت قانون ہذا کسی

قانون اوزان و پیمانہ جات۔ نشان (۱۴) بابتہ ۱۳۵۶ف

(2) For the purpose of inspection or seizure, an inspector may enter, at all reasonable times, into any place where weighing or measuring instruments are used or kept for purpose of trade and inspect such weighing or measuring instruments.

(۲)۔ معائنہ یا قبضہ کرنے کی غرض سے ناظر مجاز ہوگا کہ ایسے مقام میں جہاں آلۂ وزن یا پیمانہ بغرض کاروبار تجارتی استعمال میں لایا جاتا ہو یا رکھا جاتا ہو مناسب اوقات میں داخل ہو کر اون کی تنقیح کرے۔

Differences how to be decided.

21. (1) In case of difference of opinion between an inspector and any person as to the meaning or interpretation of any rule made under this Act, or as to the manner of application, verification or stamping of any weighing or measuring instrument, the matter may be, by an application, referred for decision to any officer appointed by Government in this behalf.

تصفیہ اختلافات۔ | دفعہ ۲۱۔ (۱) ناظر اور کسی شخص کے درمیان کسی قاعدہ مرتبہ تحت قانون ہذا کے مفہوم یا تعبیر یا کسی آلۂ وزن یا پیمانہ کی تطبیق تصحیح یا اوس پر ٹھپہ لگانے کے طریقہ کے متعلق اختلاف پیدا ہو تو اوس کو بذریعہ درخواست ایسے عہدہ دار کے پاس بغرض تصفیہ پیش کیا جا سکے گا۔ جس کو سرکار عالی نے اُس بارے میں مقرر کیا ہو۔

(2) An appeal against any decision under sub-section (1) shall lie

(۲)۔ ضمن (۱) کے تحت جو

within thirty days, to Government or an officer appointed by them and such decision shall be final.

تالون اوزان و پیمانہ جات۔ نشان (۱۴) بابتہ ۱۳۵۶ف۔
تصفیہ کیا جائے اوس کی ناراضی سے تیس
دن کے اندر سرکار عالی کے پاس یا
اون کے مقرر کردہ عہدہ دار کے پاس
مرافعہ ہو سکے گا اور ایسا فیصلہ قطعی ہوگا۔

Power to levy fees.

22. Government may levy fees for verification, re-verification or stamping of any weighing or measuring instrument.

فیس مقرر کرنے کا اختیار۔ | دفعہ ۲۲۔
سرکار عالی کو اختیار رہوگا کہ آلہ وزن یا
پیمانہ کی جانچ یا تصحیح جدید یا ٹھپہ لگانے
کی بابت فیس مقرر کریں۔

Standard of accuracy of weights and measure.

23. A weighing or measuring instrument stamped by an inspector in the prescribed manner shall be deemed to be accurate until proved inaccurate and shall not be liable to be stamped again merely because it is used in any other area in addition to that in which it was originally stamped.

معیار صحت اوزان و پیمانہ جات۔ | دفعہ ۲۳۔
ایسا آلہ وزن یا پیمانہ جس پر بموجب طریقہ
مقررہ ناظر نے ٹھپہ لگایا ہو اوس وقت
تک صحیح متصور ہوگا جب تک کہ اس کا غلط
ہونا ثابت نہ کیا جائے اور محض اس وجہ سے
کہ ٹھپہ لگائے جانے کا لزوم نہ ہوگا
کہ ابتداً جس رقبہ میں ٹھپہ لگایا تھا
اوس کے علاوہ وہ کسی دوسرے رقبہ
میں استعمال کیا گیا ہے۔

(*Translation*)

24. A weighing or measuring instrument stamped in the prescribed manner shall be deemed, if produced in any Court by any Government servant having charge thereof under the direction of Government or by any person acting under the general or special direction of such Government servant, to be correct until its inaccuracy is proved

Presumption as to stamped weighing and measuring instruments.

CHAPTER IV.

OFFENCES AND PENALTIES.

25. Whoever fraudulently uses any weighing or measuring instrument, shall be punished with imprisonment for a term which may extend to three months or with fine which may extend to five hundred rupees or with both.

Penalty for fraudulent use of weighing or measuring instrument.

قانون اوزان وپیمانہ جات۔ نشان (مہر) ۱۳۵۶ف

دفعہ ۲۴۔ ٹھپہ لگائے ہوئے آلات وزن وپیمانہ جات کے متعلق قیاس۔

کوئی آلہ وزن یا پیمانہ جس پر بموجب طریقہ مقررہ ٹھپہ لگایا گیا ہو کوئی ملازم سرکار جس کی تحویل میں وہ حسب ہدایت سرکار عالی ہو یا کوئی ایسا شخص جو ملازم مذکور کی عام یا خاص ہدایت کے مطابق کسی عدالت میں پیش کرے تو یہ متصور رہوگا کہ ایسا آلہ وزن یا پیمانہ صحیح ہے۔ تاوقتیکہ اوس کا غلط ہونا اوس کے خلاف ثابت نہ کیا جائے۔

باب چہارم

جرائم اور اون کی سزا۔

دفعہ ۲۵۔ آلہ وزن یا پیمانہ کے فریب آمیز استعمال کی سزا۔

کوئی شخص فریب سے کسی آلۂ وزن یا پیمانہ کو استعمال کرے تو اوس کو قید کی سزا دی جائیگی جس کی میعاد تین ماہ تک ہو سکے گی یا

جرمانہ کی جس کی مقدار پانچ سو روپیہ تک ہو سکے گی یا دونوں سزائیں دی جائیں گی ۔

دفعہ ۲۶۔ جعلی یا ناقص آلہ وزن یا پیمانہ بنانے اور فروخت کرنے کی سزا۔

26. Whoever knowingly makes, sells or disposes of or causes to be made, sold or disposed of, any weighing or measuring instrument which is false or defective, shall be punished with rigorous imprisonment for a term which may extend to three months or with fine which may extend to five hundred rupees or with both.

Penalty for making and selling false or defective weighing or measuring instrument.

کوئی شخص جو کسی جعلی یا ناقص آلہ وزن یا پیمانہ جان بوجھ کر بنائے ۔ فروخت یا حوالہ کرے یا بنوائے فروخت کرائے یا حوالہ کروائے تو اوس کو قید یا مشقت کی سزا دی جائے گی جسکی میعاد تین ماہ تک ہو سکے گی یا جرمانہ کی جس کی مقدار پانچ سو روپیہ تک ہو سکے گی یا دونوں سزائیں دی جائیں گی ۔

دفعہ ۲۷۔ معیاری وزن یا پیمانہ کے سوائے کسی دوسرے وزن یا پیمانہ کے ذریعہ اشیاء فروخت کرنے کی سزا۔

27. Whoever sells any article by any weight or measure other than the prescribed standard weight or measure, shall be punished with fine which may extend to five hundred rupees.

Penalty for selling articles by weight or measure other than standard weights or measures.

کوئی شخص جو کسی شئے کو ایسے مقررہ معیاری آلہ وزن یا پیمانہ کے علاوہ کسی اور آلہ وزن یا پیمانہ سے فروخت کرے تو اوس کو جرمانہ کی سزا دی جائے گی

جس کی مقدار پانچ سو روپیہ تک ہو سکے گی۔

Penalty for possession and use of unauthorised weighing or measuring instrument.

28. Whoever uses or has in his possession for trade any weighing or measuring instrument not authorised in accordance with the provisions of this Act shall be punished with fine which may extend to five hundred rupees.

غیر مجاز آلہ وزن یا پیمانہ وغیرہ قبضہ میں رکھنے اور استعمال کرنے کی سزاء۔

دفعہ ۲۸۔ کوئی شخص جو تجارت کیلئے کسی ایسے آلہ وزن یا پیمانہ استعمال میں لائے یا قبضہ میں رکھے جو قانون ہذا کے احکام کے مطابق جائز نہ ہو تو اوس کو جرمانہ کی سزا دی جائے گی جس کی مقدار پانچ سو روپیہ تک ہو سکے گی۔

Explanation :—A weighing or measuring instrument, if found in a place where trade is carried on or articles are sold, purchased or delivered, the presumption shall be that such instrument is kept for use for the purpose of trade.

توضیح۔ ایسے آلہ وزن یا پیمانہ کی نسبت اگر کسی ایسے مقام پر پائے جائیں جہاں تجارت یا اشیاء کی خرید و فروخت ہوتی ہو یا اشیاء حوالہ کی جاتی ہوں یہ قیاس ہوگا کہ وہ تجارت کی غرض سے استعمال میں لانے کے لئے رکھے گئے ہیں۔

29. Whoever sells any article by

وزن یا پیمانہ میں کمی کرنے کی سزاء

دفعہ ۲۹۔ کوئی شخص جو کسی شئے کو وزن یا پیمانہ سے

قانون اوزان و پیمانہ جات فشان (۱۴) بابتہ ۱۳۵۶ف

weight or measure and delivers to the purchaser at a weight or measure less than that with which the sale should be made, shall be punished with fine which may extend to three hundred rupees.

Penalty for giving short weight or measure.

فروخت کرے اور خریدار کو اُس وزن یا پیمانہ سے جس کے مطابق فروخت عمل میں آنا ضروری ہو کم وزن یا پیمانہ دے اوس کو جرمانہ کی سزا دی جائے گی جس کی مقدار تین سو روپیہ تک ہو سکے گی۔

دفعہ ۳۰۔ غیر مصدقہ یا بغیر ٹھپہ لگائے ہوئے آلۂ وزن تولنے یا ناپنے کے آلۂ وغیرہ کے قبضہ کی سزا۔

30. Whoever has in his possession for trade any weighing or measuring instrument not verified and stamped under this Act, shall be punished with fine which may extend to two hundred rupees.

Penalty for possessing weights, weighing or measuring instruments not verified or stamped.

کوئی شخص جو تجارتی کاروبار کے لئے اپنے قبضہ میں کسی ایسے آلۂ وزن یا پیمانہ رکھے جس کی تحت قانون ہذا تصحیح نہ کی گئی ہو اور جس پر ٹھپہ نہ لگایا گیا ہو تو اوس کو جرمانہ کی سزا دی جائے گی جس کی مقدار دو سو روپیہ تک ہو سکے گی۔

دفعہ ۳۱۔ غیر مصدقہ اور بغیر ٹھپہ لگائے ہوئے آلۂ وزن اور پیمانہ کے فروخت یا حوالگی کی سزا۔

31. (1) Whoever sells or delivers any weighing or measuring instrument not verified and stamped in the prescribed manner; shall be punished with fine which may extend to one thousand rupees.

Penalty for sale or delivery of weight and measure not verified and stamped.

(۱)۔ کوئی شخص جو کسی آلۂ وزن یا پیمانہ کو جس کی بموجب طریقہ مقررہ تصحیح نہ کی گئی ہو اور جس پر ٹھپہ نہ لگایا

قانون اوزان وپیمانہ جات نشان (۱۴) باجہ ۱۳۵۶ف

(2) Whoever makes, or repairs any weighing or measuring instrument, shall be punished with fine which may extend to one thousand rupees.

(۲) ۔ کوئی شخص جو کسی آلۂ وزن یا پیمانہ کو بنائے یا درست کرے تو اوس کو جرمانہ کی سزا دی جائے گی جس کی مقدار ایک ہزار روپیہ تک ہوسکے گی ۔

Forgery of weiging and measuring instruments.

32. (1) Whoever forges or counterfeits any stamp used in accordance with the provisions of this Act, for the stamping of any weighing or measuring instrument or removes a stamp from any weighing or measuring instrument or inserts it into a weighing or measuring instrument or wilfully increases or diminishes a stamped weighing or measuring instrument or alters it in any other way, shall be punished with rigorous imprisonment for a term which may extend to six months or with fine or with both.

دفعہ ۳۲ ۔ آلات وزن وپیمانہ جات کی تلبیس ۔

(۱) ۔ کوئی شخص کسی ٹھپہ کو جو بموجب احکام قانون ہذا کسی آلہ وزن یا پیمانہ پر لگانے کی غرض سے استعمال کیا جاتا ہو تلبیس کرے اوس کو ڈھالے یا کسی آلہ وزن یا پیمانہ سے علیحدہ کرے یا لگائے یا قصداً کسی ٹھپہ لگائے ہوئے آلہ وزن یا پیمانہ کا وزن بڑھائے یا گھٹائے یا اور طرح سے اس میں تبدیلی کرے تو اوس کو قید بامشقت کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد چھ ماہ تک ہوسکے گی یا جرمانہ کی یا دونوں سزائیں

(2) Whoever knowingly uses, sells, utters, disposes of or has in his possession for sale, any weighing or measuring instrument which is forged or stamped with counterfeit stamp, or which is increased or diminished, shall be punished with imprisonment for a term which may extend to six months or with fine or with both.

قانون اوزان و پیمانہ جات نشان (۱۴) باتبر ۱۳۵۶ف

دی جائیں گی ۔

(۲) ۔ کوئی شخص جو کسی ایسے آلۂ وزن یا پیمانہ کو جو ملتبس ہو یا جس پر جعلی ٹھپہ لگا ہو یا جس کا وزن بڑھایا یا گھٹایا گیا ہو جان بوجھ کر استعمال میں لائے ۔ فروخت کرے یا اوس کو اصلی آلۂ وزن یا پیمانہ کے طور پر چلائے ۔ حوالہ کرے یا فروخت کی غرض سے اپنے قبضہ میں رکھے تو اوس کو قید کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد چھ ماہ تک ہو سکے گی یا جرمانہ کی یا دونوں سزائیں دی جائیں گی ۔

Penalty for neglect or refusal to produce weight for inspection.

33. Whoever neglects or refuses when demanded by an inspector to produce for inspection any weighing or measuring instrument in his possession or control for trade, or neglects or refuses to permit an inspector to examine the same or obstructs the entry of an inspector under section 20 or otherwise obstructs or hinders him in the performance of his duties, shall be punished with fine which may extend to five hundred rupees.

بغرض معائنہ وزن پیش کرنے میں غفلت یا انکار کرنے کی سزا ۔

دفعہ ۳۳ ۔ کوئی شخص جو ناظر کے مطالبہ پر کسی آلۂ وزن یا پیمانہ کو جو اوس کے قبضہ یا نگرانی میں ہوں تجارتی کاروبار کے لئے تنقیح کے لئے پیش کرنے میں یا تنقیح کی اجازت دینے سے غفلت یا انکار کرے یا دفعہ ۲۰ کے تحت ناظر کو کسی مقام میں داخل ہونے سے روکے یا کسی اور طرح سے اوس کے

34. For the recurrence of the foregoing offences, in cases where it is possible, the offender shall be liable to double the punishments provided for in this Act.

Recurrence of offences.

35. If an inspector knowingly stamps a weighing or measuring instrument in contravention of the provisions of this Act, or is guilty of a breach of any duty imposed on him under this Act, he shall be punished with imprisonment for a term which may extend to one year and also with fine.

Penalty for breach of duty by inspector.

قانون اوزان و پیمانہ جات نشان (۱۴) باتہ ۱۳۵۶ف۔

فرائض کی انجام دہی سے باز رکھے یا اوس میں مزاحم ہو تو اوس کو جرمانہ کی سزا دی جائے گی جس کی مقدار پانچ سو روپیہ تک ہو سکے گی۔

جرائم کی تکرار۔ | دفعہ ۳۴۔ جرائم متذکرہ صدر کی تکرار پر جن صورتوں میں ایسا کیا جا سکتا ہو مجرم معینہ سزاؤں کے المضاعف سزا کا مستوجب ہوگا۔

ناظر کے عدم ادائی فرائض کی سزا۔ | دفعہ ۳۵۔ کوئی ناظر احکام قانون ہذا کی خلاف ورزی میں جان بوجھ کر کسی آلہ وزن یا پیمانہ پر ٹھپہ لگائے یا کسی فرض کو جو اُس پر تحت قانون ہذا عائد ہوتا ہو ترک کرے تو اُس کو قید کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد ایک سال تک ہو سکے گی اور اوس پر جرمانہ بھی ہو سکے گا۔

CHAPTER V.

MISCELLANEOUS.

باب پنجم

متفرق

Protection to persons acting in good faith.

36. No suit, prosecution or other legal proceeding shall be instituted against any person for anything which is in good faith done or intended to be done under this Act.

دفعہ ۳۶ ۔ ایسے اشخاص کا تحفظ جو نیک نیتی سے کام کریں۔

کسی شخص کے کسی ایسے عمل کے خلاف جو بحکم قانون ہذا نیک نیتی سے کیا گیا ہو یا جس کے کرنے کا ارادہ ہو کوئی دعوی استغاثہ یا دیگر قانونی کارروائی نہ کی جا سکے گی۔

Cognizance of offiences.

37. No prosecution under this Act shall be instituted unless the sanction of the Taluqdar or any officer authorised by Government in this behalf has been obtained.

دفعہ ۳۷ ۔ جرائم کی سماعت ۔

کوئی استغاثہ تحت قانون ہذا پیش نہ کیا جا سکے گا بجز اس کے کہ اس کے متعلق تعلقدار کی یا کسی ایسے عہدہ دار کی جس کو سرکار عالی نے اس بارے

قانون اوزان و پیمانہ جات نشان (۱۴) ۱۳۵۶ف
میں مجاز کیا ہو منظوری نہ حاصل کرلی گئی ہو۔

38. The powers and duties of Government under this Act may be exercised and performed by an officer empowered by Government in this behalf by general or special order.

Delegation of powers.

دفعہ ۳۸۔ تفویض اختیارات۔ قانون ہذا کے تحت سرکار عالی کے فرائض اور اختیارات کوئی ایسا عہدہ دار انجام دے سکے گا اور استعمال کرسکیگا جس کو اس خصوص میں کسی خاص یا عام حکم کے ذریعہ سرکار عالی نے مجاز کیا ہو۔

39. Government may by notification in the Jarida, under such conditions and restrictions as they may think fit, exempt any class of persons, any commodity, trade, any class of trades or any class of weighing or measuring instruments used or intended to be used in trade, from all or any of the provisions of this Act.

Power to exempt persons, trade or weighing or measuring instruments.

دفعہ ۳۹۔ اشخاص تجارت یا آلۂ اوزان یا پیمانہ کو مستثنیٰ کرنے کا اختیار۔ سرکار عالی کو اختیار رہوگا کہ بذریعہ اعلان مندرجہ جریدہ مناسب شرائط اور قیود کے تحت جو کسی جماعت۔ مال۔ تجارت قسم تجارت یا کسی قسم کے آلۂ وزن و پیمانہ کو جو تجارت میں استعمال ہوتے ہوں یا تجارت میں استعمال کے لئے موجود ہوں قانون ہذا کے جملہ اثرات یا کسی اثر سے صراحتاً مستثنیٰ قرار دیں۔

CHAPTER VI.

RULES.

باب ششم

ترتیب قواعد۔

Power to make rules.

40. (1) Government may make rules for carrying into effect the purposes of this Act.

ترتیب قواعد کا اختیار۔ | دفعہ ۴۰۔

(۱) سرکار عالی قانون ہذا کی اغراض کی تکمیل کے لئے قواعد مرتب و نافذ کرسکیں گے۔

(2) Without prejudice to the generality of sub-section (1) Government may make rules for the following matters:—

(۲) ۔ ضمن (۱) کی عمومیت کو متاثر کئے بغیر سرکار عالی حسب ذیل امور کے متعلق قواعد مرتب و نافذ کرینگے۔

(a) the composition, weight, length, form and specifications of secondary standards and the manner in which they shall be made;

(الف) ۔ ثانوی عیار کی ترکیب وزن۔ طول۔ شکل اور خصوصیات اور وہ طریقہ جس کے مطابق وہ بنائے جائیں گے

(*Translation*)

(b) the procedure for the adjustment, verification, re-verification, or renewal of primary and secondary standards and the manner of affixing date on the secondary standards and the form of stamp ;

(ب) ۔ بنیادی معیار اور ثانوی معیار کی جانچ ۔ تصحیح ۔ تصحیح مکرر ۔ یا تجدید اور ثانوی معیار پر تاریخ ثبت کرنے کا طریقہ اور ٹھپہ کا نمونہ ۔

(c) the composition, weight, length, form, specifications and use of working standards, the manner in which such standards shall be stamped and its form and places at which and the manner in which such standards shall be kept ;

(ج) ۔ تنفیحی معیار کی ترکیب ۔ وزن ۔ طول ۔ شکل اور خصوصیات اور استعمال اور وہ طریقہ جس کے مطابق ایسے معیاروں پر ٹھپہ لگایا جائے گا اور اس کا نمونہ اور مقامات جہاں اور طریقہ جس کے مطابق ایسے معیاری اوزان رکھے جائیں گے ۔

(d) the procedure for verification or re-verification of and affixing date on the working standards and determination of the officer by whom and the place where they shall be verified or re-verified ;

(د) ۔ تنفیحی معیار کی تصحیح یا تصحیح مکرر و تاریخ ثبت کرنے کا طریقہ اور عہدہ دار جس کے ذریعہ اور جگہ ان کی تصحیح یا تصحیح مکرر کی جائے گی اور اس کا تعین ۔

(e) the number of weighing and measuring instruments to be kept for the purpose of adjustment and necessary particulars relating thereto and the procedure for their verification or re-verification ;

(ھ) ۔ تنقیح کی غرض سے آلات وزن اور پیمانہ جات کی تعداد جو رکھی جائیگی اور ان کے متعلق ضروری تفصیلات اور ان کی تصحیح یا تصحیح مکرر کا طریقہ ۔

(*Translation*)

(f) the composition, weight, length, form, specifications and manufacture of weighing and measuring instruments in use in any area ;

(و) ۔ آلۂ وزن اور پیمانہ کی جو کسی رقبہ میں زیر استعمال ہوں ترکیب وزن طول ۔ شکل ۔ خصوصیات اور ساخت ۔

(g) the verification, re-verification of and the manner of stamping weight and measure and weighing or measuring instruments in use in any area and its form and the prohibition of stamping where the weighing or measuring instrument as regards its nature, denomination, material or mode of manufacture appears to facilitate forgery and the period within which such weighing or measuring instruments shall be verified or re-verified ;

(ز) ۔ وزن و پیمانہ اور تولنے یا ناپنے کے آلات کی جو کسی رقبہ میں مستعمل ہوں تصحیح ۔ تصحیح مکرر ۔ اور اون پر ٹھپہ لگانے کا طریقہ اور اُس کا نمونہ نیز ٹھپہ لگانے کی ممانعت جب کہ آلۂ وزن یا پیمانہ بلحاظ نوعیت وزن مادہ یا طریقہ ساخت بظاہر ایسا ہو جس سے تلبیس میں آسانی پیدا ہو جائے اور ایسے آلۂ وزن اور پیمانہ کی تصحیح یا تصحیح مکرر عمل میں آنے کی مدت ۔

(h) circumstances and conditions under which and the manner in which stamp may be obliterated or defaced ;

(ح) ۔ حالات اور شرائط جس کے تحت ٹھپہ مٹایا یا بگاڑا جا سکتا ہو اور اوس کا طریقہ ۔

(i) the manner for testing the accuracy and efficiency of weighing or measuring instruments to be used ;

(ط) ۔ استعمال کیے جانے والے آلۂ وزن اور پیمانہ کی صحت اور درستی کی جانچ کے طریقے ۔

(Translation)

(j) the limits of error to be allowed on verification, and to be tolerated on re-verification in weighing or measuring instruments used or intended to be used generally in trade or in any particular trade ;

(ی) ۔ آلۂ وزن و پیمانہ میں جو عام طور پر تجارت میں یا کسی خاص تجارت میں استعمال کئے جاتے ہیں یا استعمال کے لئے مقصود ہوں ایسی غلطی کے حدود اور ادن کی مقدار جس کی اجازت تصحیح میں دی جاسکتی ہے اور جو تصحیح مکرر کے وقت نظر انداز کی جاسکتی ہے ۔

(k) fixation of fees to be charged for the verification, re-verification, adjustment, renewal and stamping of weighing or measuring instruments and recovery thereof ;

(ک) ۔ آلۂ وزن و پیمانہ جات کی تصحیح ۔ تصحیح مکرر ۔ تنقیح ۔ تجدید اور ٹھپہ لگانے کی بابت فیس کی مقدار کا تعین اور اوس کی وصولی ۔

(l) the seizure, custody and destruction of unauthorised weighing or measuring instruments ;

(ل) ۔ غیر مجاز آلۂ وزن و پیمانہ کی گرفتاری تحویل اور ادن کا اتلاف ۔

(m) determination of the qualifications, functions and duties in general of an inspector ;

(م) ۔ ناظر کی قابلیت اور اوس کے مفوضہ فرائض اور عام فرائض کا تعین ۔

(n) the conditions and fees for

(ن) ۔ آلۂ وزن و پیمانہ کے

(*Translation*)

granting licence to persons making, selling and repairing, weighing and measuring instruments.

(3) Government may punish any person for contravention of any rule with fine which may extend to five hundred rupees.

41. On the commencement of this Act or any part thereof in any area or areas the following Acts or sections of the Acts shall stand repealed in such area or areas :—

Repeal.

(1) The Weights and Measures Regulation 1283 F.

(2) The Weights and Measures Act 1310 F.

قانون اوزان و پیمانہ جات نشان (۴) ۱۳۵۶ ف

بنانے ۔ فروخت کرنے اور درست کرنے والوں کو اجازت نامہ دینے کے متعلق فیس اور شرائط ۔

(۳) ۔ سرکار عالی کو اختیار ہوگا کہ کسی قاعدہ کی خلاف ورزی کے لئے جرمانہ کی سزا دیں جس کی مقدار پانچ روپیہ تک ہو سکے گی ۔

تنسیخ قوانین احکام ۔ دفعہ ۴۱ ۔

قانون ہذا یا اُس کا کوئی جزو کسی رقبے یا رقبوں میں نافذ کئے جانے کی تاریخ سے حسب ذیل قوانین یا دفعات قوانین رقبہ یا رقبہ جات مذکور میں منسوخ ہوں گے ۔

(۱) ۔ دستور العمل اوزان و پیمانہ جات ۱۲۸۳ ف ۔

(۲) ۔ قانون اوزان و پیمانہ جات ۱۳۱۰ ف

(*Translation*)

(3) The Weights and Measures Act 1317 F.

(4) Clause (h) of sub-section (2) of section 5 of the Agricultural Markets Act.

(5) Section 83 of the Municipal Act.

قانون اوزان وپیمانہ جات نشان (۱۴) بابتہ ۱۳۵۶ ف

(۳) ۔ قانون اوزان و پیمانہ جات ۱۳۱۷ ف

(۴) ۔ دفعہ ۵ ضمن (۲) فقرہ (ح) قانون زراعتی مارکٹ ۔

(۵) ۔ دفعہ ۸۳ قانون مجلس صفائی ۔

SCHEDULE.

ضمیمہ

PART A

حصہ (الف)

SECTION 3 SUB-SECTION (1)

دفعہ ۳ ضمن (۱)

Standard Weights and Measures.

معیاری اوزان و پیمانہ جات

A Tola	=	180 grains	تولہ مساوی ۱۸۰ گرین کے
A Seer	=	80 tolas	سیر " ۸۰ تولہ کے
A Maund	=	40 seers	من " ۴۰ سیر کے
A Palla	=	3 maunds	پلہ " ۳ من کے
A Khandi	=	20 maunds	کھنڈی " ۲۰ من کے

Multiples of tola, seer, palla and khandi and submultiples of tola, seer, maund, palla and khandi namely 1/2, 1/4, 1/8, 1/16 and 1/32.

تولہ ۔ سیر ۔ پلہ اور کھنڈی کے اضعاف اور تولہ ۔ سیر ۔ من ۔ پلہ اور کھنڈی کے اضعاف ضمنی $\frac{1}{2}$ ۔ $\frac{1}{4}$ ۔ $\frac{1}{8}$ ۔

A Masha is equal to 1/12 of a tola

۱/۱۶ - ۱/۳۲ ماشہ مساوی ہے تولہ کے ۱/۱۲ کے -

A Chatak is equal to 1/16 of a seer.

چھٹانک مساوی ہے سیر ۱/۱۶ کے -

The grain is that unit of weight in vacuo which when multiplied by 1799. 84585 is equal to the weight of the iridio platinum cylinder in the custody of the Mint Master, the value of which is certified by the Standard Department of the British Board of Trade as 1799.84585 grains in vacuo.

گرین - خلائے بسیط میں وزن کی وہ یکائی ہے کہ جب اوس کو ۸۴۵۸۵ ۱۷۹۹ سے ضرب دیا جائے تو وہ مساوی ہوگا اریڈیو پلاٹینیم (.....) کے ٹکڑے کے وزن کے جو ناظم دارالضرب حیدرآباد کے تحویل میں ہے - اور جس کے وزن کی تصدیق برٹش بورڈ آف ٹریڈ کے اسٹانڈرڈ ڈپارٹمنٹ نے کی ہے کہ اس کا وزن خلائے بسیط میں مساوی ہے (۱۷۹۹-۸۴۵۸۵) گرین کے -

Explanation 1. In practice weights shall be certified in air.

توضیح نمبر (۱) - عملاً اوزان کی تصدیق ہوا میں کی جائے گی -

Explanation 2. Standard Indian Air is defined as follows :—

توضیح نمبر (۲) - ہندوستان کے معیاری ہوا کی تعریف حسب ذیل ہے -

(Translation)

Temperature : 85 deg. Fahr. 29.44 deg. Cent.

Pressure : A column of mercury at 0 deg. C. 29.8 inches or 756.919 mm.

Carbon-dioxide gas : 0.0006 in a unit volume of air.

Vapour tension : 0.75 inches = 19.05 mm.

Latitude at Calcutta : 22° 35' 6.6 ".

Height above M.S.L. : 22.6 feet.

1 litre of Standard Indian Air at Calcutta weighs 1.14917 grm.

قانون اوزان و پیمانہ جات (ہند) بابتہ ۱۳۵۶ ف

تپش :- ۸۵ فارن ہائیٹ -
۲۹٫۴۴ سنٹی گریڈ -

دباؤ :- صفر درجہ سنٹی گریڈ
پر ۲۹٫۸ - انچ یا ۷۵۶٫۹۱۹ ملی میٹر پارہ

کاربن ڈائی آکسائیڈ گیاس :- ہوا
کے اکائی حجم میں ۰۰۰۶٫۰ حجم -

تجارات آبی کا دباؤ :- ۰٫۷۵ انچ
۱۹٫۰۵ ملی میٹر -

کلکتہ کا عرض البلد :- ۲۲° ۳۵' ۶٫۰۶"

اوسط سمندری سطح سے

زیادہ بلندی :- ۲۲٫۶ فٹ

معیاری ہندوستانی ہوا کے ایک لیٹر کا
وزن کلکتہ میں - ۱٫۱۴۹۱۷ گرام -

(*Translation*)

Measures :—

Seer.

The Maund = 40 seers.

The Palla = 120 seers.

The submultiples of seer 1/2, 1/4, seer.

The Chatak = 1/16 seer.

The Adholi = 2 seers.

The Paili = 4 seers.

Multiples of paili of 2 seers.

IMPERIAL GALLON.

The Pint = 1/8 gallon.

Explanation 1. The seer is that measure of capacity occupied by one seer air-free distilled water in weight.

Explanation 2. The Imperial gallon is that measure of capacity which has been certified in accordance with the

پیمانہ جات

سیر۔

من مساوی ۴۰ سیر کے

پلہ " " ۱۲۰ " "

سیر کے اضعاف ضمنی $\frac{1}{2}$ - $\frac{1}{4}$

چھٹانک مساوی سیر کے $\frac{1}{16}$ کے۔

ادھولی مساوی ۲ سیر کے۔

پائلی مساوی ۴ سیر کے۔

پائلی دو سیر کے اضعاف۔

امپیریل گیلن

پائنٹ مساوی $\frac{1}{8}$ گیلن کے۔

توضیح نمبر (۱)، سیر وہ پیمانہ گنجائش ہے۔ جس میں ایک سیر پانی بحالت تکاثف انتہائے خلائے بسیط میں وزن کئے جانے پر آسکے۔

توضیح نمبر (۲)، امپیریل گیلن وہ پیمانہ گنجائش ہے جس کی تصدیق حسب

provisions laid down by Government and which is kept in the custody of the Mint Master.

Standard of Length—

The Yard—

The Inch = 1/36yard.

The Foot = 1/3 yards.

The Furlong = 220 yards.

The Mile = 1,760 yards.

Explanation. The yard is that unit of length which is equal to the certified yard kept in the custody of the Mint Master.

Area :—

The Square Yard, Square Foot, Square Inch, Cubic Foot, Cubic Yard, Cubic Inch and their sub-multiples.

قانون اوزان و پیمانہ جات (۱۴) ۱۳۵۶ف

احکام سرکار عالی کر دی گئی ہو اور جو ناظم دارالضرب سرکار عالی کے تحویل میں رکھا گیا ہے۔

معیار طول

گز

انچ مساوی ہے $\frac{1}{36}$ گز کے

فٹ " " $\frac{1}{3}$ " "

فرلانگ " ۲۲۰ " "

میل " ۱۷۶۰ " "

توضیح۔ گز طول کی وہ یکائی ہے جو مساوی ہے اس مصدقہ گز کے جو ناظم دارالضرب کی تحویل میں رکھا گیا ہے

رقبہ

مربع گز ۔ مربع فٹ ۔

مربع انچ ۔ کیوبک فٹ

کیوبک گز۔ کیوبک انچ اور

اُن کے اضعاف ضمنی :۔

The Gunta = 121 square yards.

گنٹہ مساوی ہے ۱۲۱ مربع گز کے

One Acre = 4,840 square yards.

ایکر مساوی ہے ۴۸۴۰ مربع گز کے

ضمیمہ

PART B.

حصۂ (ب)

Pound avoirdupois equal to 7,000 grains.

پونڈ اوردوپائی مساوی ہے ۷۰۰۰ گرین کے۔

16 ounces = 1 pound

۱۶ اونس مساوی ہے ایک پونڈ کے

16 drams = 1 ounce

۱۶ ڈرام مساوی ہے ایک اونس کے۔

1 stone = 14 pounds

ایک اسٹون مساوی ہے ۱۴ پونڈ کے۔

1 quarter = 28 pounds

ایک کوارٹر مساوی ہے ۲۸ پونڈ کے۔

(*Translation*)

one hundred weight = 112 pounds

1 ton = 2,240 pounds

The articles for which the weights of Part B may also be used are :—

Bales of Cotton, dresses, cloth, coal, coke, tin, zinc, steel and articles made of tin, zinc and steel, hides and skins.

ایک ہنڈرڈ ویٹ مساوی ہے ۱۱۲ پونڈ کے

ایک ٹن مساوی ہے ۲۲۴۰ پونڈ کے

اشیاء جن کے لئے فہرست (ب) کے اوزان بھی استعمال کئے جا سکتے ہیں -

روئی کے گٹھے - ملبوسات - کپڑا - کوئلہ - کوک - ٹن - جست - فولاد اور ٹین - جست اور فولاد کا بنا ہوا سامان -

کھال - چمڑے -

THE HYDERABAD FISHERIES ACT.

(No. XXIII of 1356 Fasli.)

Preamble.

Sections.

1. Short title, extent and commencement.

2. Definitions.

3. Destruction of fishes by explosive substances.

4. Destruction of fishes by poisoning water.

5. Rules for protection of fishes in selected waters.

قانون ماہی گیری ممالک محروسہ سرکار عالی

نشان (۲۳) سنہ ۱۳۵۶ ف

دفعہ

تمہید

۱ ۔ مختصر نام ۔ وسعت مقامی و تاریخ نفاذ ۔

۲ ۔ تعریفات ۔

۳ ۔ دھماکو اشیاء کے ذریعہ مچھلیوں کو مار ڈالنا ۔

۴ ۔ پانی کو زہر آلود کر کے مچھلی ہلاک کرنا ۔

۵ ۔ مختص پانی میں مچھلیوں کی حفاظت کے لئے قواعد ۔

(*Translation*)

6. Arrest without warrant.

7. Mode of recovery of rent, fees, or other monies.

8. Schedule.

دفعہ ۔

۶ بلا حکمنامہ گرفتاری ۔

۷ کرایہ فیس یا دیگر رقوم کی وصولی کا طریقہ ۔

ضمیمہ

THE HYDERABAD FISHERIES ACT.

(No. XXIII of 1356 Fasli)

(Received the assent of H.E.H. the Nizam on 5th Jamadi-ul-Awal 1366 H., corresponding to 29th Ardibehisht 1356 Fasli.)

Preamble. Whereas it is expedient to make provisions relating fisheries in H. E. H. the Nizam's Dominions;

It is hereby enacted as follows :—

Short title, extent and commencement. 1. This Act may be called the Fisheries Act and shall come into force in the whole of H. E. H. the Nizam's Dominions from the date of its *publication in the Jarida except the areas

*Published in the Gazette dated 14th Khurdad 1355 F.

قانون ماہی گیری
ممالک محروسہ سرکار عالی

نشان (۲۳) بابت ۱۳۵۶ف

(جو پیشگاہ اعلیحضرت مدظلہم العالی سے بتاریخ ۵ جمادی الاول ۱۳۶۶ھ مطابق ۲۹ اردی بہشت ۱۳۵۶ف منظور ہوا ہے)

تمہید۔ ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ ممالک محروسہ سرکار عالی میں ماہی گیری سے متعلق احکام مدون کئے جائیں۔ لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے :۔

مختصر نام و وسعت مقامی و تاریخ نفاذ۔

دفعہ ۱۔ قانون ہذا بنام قانون ماہی گیری موسوم ہو سکے گا اور تاریخ اشاعت* جریدہ سے کل ممالک محروسہ

*جریدہ اعلامیہ مورخہ ۱۴ خورداد ۱۳۵۶ف شائع ہوا

specified in the Schedule annexed to this Act and which the Government may from time to time, determine by notification in the Jarida.

2 In this Act unless there is anything repugnant in the subject or context—

Definitions.

(a) "fish" includes shell-fish and scale-fish;

(b) "fixed appliance" means net, cage, trap or any other similar contrivance for fishing whether fixed in the soil or erected in any other way;

(c) "private water" means water which is the exclusive property of any person or in which any person has for a particular period an exclusive right of fishery whether as owner, lessee or in any other capacity.

3 Any person who uses explosive

قانون ماہی گیری ۔ نشان (۲۳) سنہ ۱۳۵۶ ف

سرکار عالی میں نافذ ہوگا بجز ان رقبہ جات کے جن کی صراحت ضمیمہ ہذا میں کی گئی ہے اور جن کا تعین سرکار عالی بذریعہ اعلان مندرجہ جریدہ وقتاً فوقتاً کریں ۔

تعریفات ۔ | دفعہ ۲ ۔ قانون ہذا میں بجز اس کے کہ مضمون یا سیاق عبارت اسکے خلاف ہو ۔

(الف) "مچھلی" میں صدفی اور کھپرے والی مچھلی داخل ہے ۔

(ب) "آلۂ قائمہ" سے مراد جال پنجرا ۔ پھندا یا کوئی اور اسی قسم کی تدبیر ہے جو مچھلی پکڑنے میں استعمال کی جاتی ہے خواہ وہ زمین میں نصب ہو یا کسی اور طریقہ سے قائم کی گئی ہو ۔

(ج) "خانگی پانی" سے مراد وہ پانی ہے جو بلا شرکت غیرے کسی شخص کی ملک ہو یا جس میں کوئی شخص کسی خاص مدت کے لئے بحیثیت مالک ۔ اجارہ دار یا کسی اور حیثیت سے مچھلی پکڑنے کا بلا شرکت غیرے حقدار ہو ۔

دھماکو اشیاء کے ذریعہ مچھلیوں کو مار ڈالنا ۔ | دفعہ ۳ ۔ کوئی

substances with intent thereby to catch or destroy any fish that may be in water, shall be punished with imprisonment for a term which may extend to two months or with fine which may extend to two hunderd rupees.

Destruction of fishes by explosive substances.

شخص جو دھماکو اشیاء کو اس نیت سے استعمال کرے کہ پانی میں مچھلی کو جو اس کے اندر ہو پکڑے یا ہلاک کرے تو اس کو قید کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد دو ماہ تک ہو سکے گی یا جرمانہ کی جس کی مقدار دو سو روپیہ تک ہو سکے گی ۔

4. (1) If any person puts any poison, lime or noxious material into the water with intent thereby to catch or destroy any fish, he shall be punished with imprisonment for a term which may extend to two months, or with fine which may extend to two hundred rupees.

Destruction of fishes by poisoning water.

پانی کو زہر آلود کر کے مچھلی ہلاک کرنا ۔

دفعہ ۴ ۔ (۱) ۔ کوئی شخص اس نیت سے کہ کسی مچھلی کو پکڑے یا ہلاک کرے ۔ پانی میں کوئی زہر چونا یا ضرر رسان شئے ڈالے تو اس کو قید کی سزا دی جائے گی جس کی میعاد دو ماہ تک ہو سکے گی یا جرمانہ کی جس کی مقدار دو سو روپیہ تک ہو سکے گی ۔

(2) The Government may, by notification in the Jarida, suspend the operation of this section in any specified area and may in like manner modify or cancel any such notification.

(۲) ۔ سرکار عالی بذریعہ اعلان مندرجہ جریدہ کسی مصرحہ رقبہ میں دفعہ ہذا کے نفاذ کو ملتوی اور اسی طریقہ پر کسی ایسے اعلان کی ترمیم یا تنسیخ کر سکیں گے ۔

5. (1) The Government may make rules for the purposes mentioned in this section and may apply them wholly or partly to such waters, not being

Rules for protection of fishes in selected water.

مختص پانی میں مچھلیوں کی حفاظت کیلئے قواعد ۔

دفعہ ۵ ۔ (۱) ۔ سرکار عالی اُن اغراض کے لئے جن کا ذکر دفعہ ہذا میں کیا گیا ہے قواعد

private waters, as shall be notified in the Jarida.

مرتب کرسکیں گے اور اُن کو کلاً یا جزاً ایسے پانی سے جو خانگی پانی نہ ہو متعلق کرسکیں گے اور جس کی اشاعت بذریعہ اعلان مندرجہ جریدہ کی جائے گی ۔

(2) The Government may, by notification in the Jarida, apply the rules wholly or partly to any private water with the consent in writing of the owner thereof or of any person having for the time being exclusive rights of fishery therein.

(۲) سرکار عالی بذریعہ اعلان مندرجہ جریدہ قواعد کو کلاً یا جزاً کسی خانگی پانی سے اُس کے مالک یا ایسے شخص کی جو فی الوقت اُس میں مچھلی پکڑنے کا بلا شرکت غیرے حقدار ہو ۔ تحریری رضامندی سے متعلق کرسکیں گے ۔

(3) The rules may prohibit or regulate the following matters—

(۳) ۔ قواعد کے ذریعہ امور ذیل سے متعلق امتناع یا انضباط قائم کیا جاسکے گا ۔

(a) the fixed appliance and its use ;

(الف) ۔ آلۂ قائمہ اور اس کا استعمال ۔

(b) the construction of bunds ; and

(ب) تعمیر بند ۔ اور

(c) the dimensions and kinds of nets generally used for fishing or catching any particular kind of fish and the modes of using them.

(ج) اُن جالوں کے ناپ اور اقسام جو عام طور پر مچھلیوں یا کسی خاص مچھلی کے پکڑنے کیلئے استعمال کئے جاتے ہیں نیز اُن کا طریقہ استعمال ۔

(4) Thr rules may prohibit fishing in any specified water in any season or for a period not exceeding two years.

(۴) قواعد کے ذریعہ مختص پانی میں کسی موسم یا ایسی مدت کے لئے جو دو سال سے متجاوز نہ ہو مچھلی

(5) The rules may prohibit fishing in any specified water except where a lease or licence has been granted by the Government it shall be in accordance with the conditions specified in such lease or licence.

(۵) قواعد کے ذریعہ مختص پانی میں مچھلی پکڑنے کی ممانعت کی جاسکے گی بجز اس کے کہ سرکار عالی نے اجارہ یا اجازت نامہ عطا کیا ہو اور اُن شرائط کے مطابق جن کی ایسے اجارہ یا اجازت نامہ میں صراحت ہو۔

(6) The Government may, by rules made under this section direct that—

(۶) دفعہ ہذا کے تحت جو قواعد مرتب کیے جائیں گے اُن کے ذریعہ سرکار عالی حکم دے سکیں گے کہ

(a) a breach thereof shall be punishable with fine which may extend to one hundred rupees, and with further fine which may extend to ten rupees for every subsequent day during which the breach is proved to have been persisted in ;

(الف) خلاف ورزی کی صورت میں سزائے جرمانہ دی جائے گی جس کی مقدار سو روپیہ تک ہوسکے گی اور اس کے بعد بھی ایسی خلاف ورزی کا جاری رہنا ثابت ہو تو ہر یوم مابعد کے لئے مزید دس روپیہ تک جرمانہ ہوسکے گا۔

(b) any fixed appliances erected, or used in contravention of the provisions shall be forfeited, seized or removed;

(ب) ایسے آلات قائمہ کی جو خلاف احکام نصب یا استعمال کئے گئے ہوں قرقی ضبطی یا علیحدگی کی جائے گی۔

(c) any fish taken or killed by means of any fixed appliance or net shall be forfeited.

(ج) کسی آلۂ قائمہ یا جال کے ذریعہ پکڑی ہوئی یا ہلاک کی ہوئی مچھلی کی ضبطی کی جائے گی۔

(7) The rules made under this section shall come into force after previous publication.

6. (1) Any police officer not below the rank of Sub-Inspector, or any other person empowered by the Government in this behalf, either by name or by virtue of his office may, without an order from a Magistrate or without warrant arrest any person committing in his presence any offence mentioned in Section 4 or 5 or under the rules made under section 5 if he cannot ascertain the name and address of such person or if the said person declines to give his name and address, or if there are reasons to doubt the correctness of the name and address given.

Arrest without warrant.

(2) A person arrested under this section may be kept in custody until his correct name and address have been ascertained:

Provided that the person arrested shall not be kept in custody longer than may be necessary for bringing him before a Magistrate unless the Magistrate has ordered his detention.

7. The lease money, fees or other monies due to the Government on account of fishery leases and licences, shall be recovered as arrears of land revenue.

Mode of recovery of rent, fees or other monies.

(۷) قواعد مرتبہ تحت دفعہ ہذا کا نفاذ بعد مشتہری سابقہ ہوگا۔

بلا حکم نامہ گرفتاری۔ دفعہ ۶۔ (۱)۔ کوئی عہدیدار کوتوالی جس کا عہدہ سب انسپکٹر سے کم نہ ہو یا کوئی اور شخص جس کو سرکار عالی نے اس خصوص میں اُس کے نام سے یا بحیثیت عہدہ مجاز کیا ہو بلا حکم ناظم فوجداری یا حکم نامہ گرفتاری کسی ایسے شخص کو گرفتار کر سکے گا جو اس کے روبرو کسی جرم مندرجہ دفعہ ۴ یا ۵ یا تحت قواعد مرتبہ دفعہ ۵ کا ارتکاب کر رہا ہو اگر ایسے شخص کا نام اور پتہ اُس کو معلوم نہ ہو سکے یا شخص مذکور اپنا نام اور پتہ بتانے سے انکار کرے یا بتائے ہوئے نام اور پتہ کی صحت کے متعلق شبہ کے وجوہ موجود ہوں۔

(۲) گرفتار شدہ شخص تحت دفعہ ہذا اُس وقت تک حراست میں رکھا جا سکے گا جب تک کہ اُس کا صحیح نام و پتہ معلوم نہ ہو جائے۔

مگر شرط یہ ہے کہ گرفتار شدہ شخص اُس مدت سے زیادہ حراست میں نہ رکھا جائے گا جو اُس کو ناظم فوجداری کے سامنے پیش کرنے کیلئے ضروری ہو بجز اسکے کہ ناظم فوجداری اُسکی حراست کیلئے حکم دیا ہو۔

کرایہ فیس یا دیگر رقوم کی وصولی کا طریقہ۔ دفعہ ۷۔ رقوم اجارہ فیس یا دیگر رقوم جو ماہی گیری کے اجارہ اجازت نامجات سے متعلق سرکار عالی کو واجب الوصول مثل بقائے یا زر مالگزاری اراضی وصول کئے جائیں گے۔

SCHEDULE

(See Section 1)

1. The areas of Boath, Utnoor, Asifabad, Rajura, Sirpur, Yelandu, Borgam Pahad, Mulug, Pakhal, Mahadevpur, Kannad, Aurangabad, Devarkonda, Amrabad Taluqs and Paloncha and Jatapole Samasthans, in inhabited by the aboriginal tribes of Andh, Gond, Rajgond, Koylum, Racha Koya, Koladar, Koela Bhuti, Pardan, Cinchu Naikapode, Yerokal and Bhil shall be exempt from the operation of this Act.

ضمیمہ

(دیکھو دفعہ)

(۱) تعلقات بوتھ ۔ اٹنور ۔ آصف آباد راجورہ ۔ سرپور ۔ یلندو ۔ بورگم پہاڑ ۔ ملگ ۔ پاکھال ۔ مہادیو پور ۔ کنڑ ۔ اورنگ آباد دیورکنڈہ ۔ امرآباد و سمستان پالونچہ و جیٹپول کے ایسے رقبہ جات جہاں قدیم اقوام اندھ ۔ گونڈ ۔ راج گونڈ ۔ کولم ۔ کویا ۔ راچی کویا ۔ کولاور ۔ کویلہ بھوٹی ۔ پردھان بنجھو ۔ نیکپوڈ ۔ ایرکالا ۔ بھیل بستے ہیں قانون ہذا کے اثر سے مستثنیٰ رہیں گے ۔

THE IRRIGATION ACT.

No. XXIV of 1357 Fasli.

Sections.

Preamble.

PART I.

PRELIMINARY.

1. Short title, commencement and extent.
2. Repeal of previous orders.
3. Definitions.
4. Appointment of officers.

PART II.
THE CONSTRUCTION AND MAINTENANCE OF IRRIGATION WORKS.

5. Construction, control or maintenance of irrigation works.

قانون آبپاشی

نشان (۲۴) بابتہ ۱۳۵۷ف

دفعہ

تمہید۔

حصہ اوّل

مراتب ابتدائی

۱۔ مختصر نام۔ تاریخ نفاذ و وسعت مقامی

۲۔ تنسیخ احکام سابقہ۔

۳۔ تعریفات۔

۴۔ عہدہ داروں کا تقرر۔

حصہ دوم

تعمیر و نگہداشت کارہائے آبپاشی

۵۔ تعمیر نگرانی یا نگہداشت کارہائے آبپاشی۔

6. Notification in case of use of water for irrigation works.

۶ ۔ کارہائے آبپاشی کے لئے پانی کے استعمال کی صورت میں اعلان ۔

7. Powers of Irrigation officer regarding use of water.

۷ ۔ اختیارات عہدہ دار آبپاشی نسبت استعمال آب ۔

8. Entry for enquiry.

۸ ۔ تحقیقات کے لئے داخل ہونا ۔

9. Power to inspect and regulate supply of water.

۹ ۔ اختیار برائے معائنہ و تنظیم سربراہی آب ۔

10. Power to enter upon land for repairs and prevention of accidents.

۱۰ ۔ مرمت اور انسداد حادثات کے لئے اراضی میں داخل ہونے کا اختیار ۔

11. Issue of notice to occupier.

۱۱ ۔ قابض کے نام اطلاع نامہ کی اجرائی ۔

12. Canal crossings.

۱۲ ۔ نہروں پر راستے ۔

13. Construction of water-courses.

۱۳ ۔ پانی کی گذرگاہوں کی تعمیر ۔

14. Application for construction by Irrigation officer of new water-course.

۱۴ ۔ عہدہ دار آبپاشی کے ذریعہ جدید گذرگاہ آب تعمیر کرانے کی درخواست ۔

15. Alteration in water-course not to be effected without consent of Irrigation officer.

۱۵ ۔ بلا رضامندی عہدہ دار آبپاشی گذرگاہ آب میں تبدیلی نہیں کی جاسکتی ۔

16. Obligation of Pattedar and occupier receiving water from water-course.

۱۶ ۔ گذرگاہ آب سے پانی حاصل کرنے والے پٹہ دار و قابض کی ذمہ داری ۔

17. Fulfilment of obligations.

۱۷ - ذمہ داریوں کی تکمیل -

18. Settlement of disputes concerning water-course, as to mutual rights and liabilities of persons.

۱۸ - گذرگاہ آب کے متعلق اشخاص کے باہمی حقوق و ذمہ داریوں کی نسبت نزاعات کا تصفیہ -

PART III.

SUPPLY OF WATER.

حصّہ سوّم

سربراہی آب

19. Application for supply of water.

۱۹ - درخواست برائے سربراہی آب -

20. Power to stop supply of water.

۲۰ - سربراہی آب مسدود کرنے کا اختیار -

21. Duration of supply of water.

۲۱ - سربراہی آب کی مدت -

PART IV.

AWARD OF COMPENSATION.

حصّہ چہارم

تصفیہ معاوضہ

22. Compensation awardable for damage.

۲۲ - معاوضہ جو نقصان کی بابت دیا جاسکیگا -

23. Compensation of land used in construction of water-course when not payable.

۲۳ - گذرگاہ آب کی تعمیر میں استعمال شدہ اراضی کا معاوضہ کن صورتوں میں ادا نہ ہوگا -

24. Limitation of claims.

۲۴ - دعاوی کے لئے میعاد -

SUMMARY DECISIONS.

سرسری فیصلے

25. Compensation in case of damage.

۲۵ - اراضی وغیرہ میں داخلے سے نقصان

26. Compensation on account of interruption of supply of water.

27. Appeal of order passed under section 25 or 26.

28. Notice as to submission of claims for compensation.

29. Compensation when due.

کی صورت میں معاوضہ ۔

۲۶ ۔ سربراہی آب میں خلل کے باعث نقصان کا معاوضہ ۔

۲۷ ۔ حکم مصدرہ تحت دفعہ ۲۵ یا ۲۶ کا مرافعہ

۲۸ ۔ اطلاع برائے پیش سازی دعاوی برائے معاوضہ ۔

۲۹ ۔ معاوضہ کس وقت واجب الادا ہو جاتا ہے

PART V.

WATER TAX.

حصہ پنجم

محصول آب

30. Determination of rate of water-tax.

31. Liability when water is unlawfully used and occasional tax.

32. Liability when water runs to waste.

33. Taxes recoverable in addition to penalty.

34. Tax for percolation and leakage.

۳۰ ۔ تعین شرح محصول آب ۔

۳۱ ۔ ناجائز طور پر پانی استعمال کئے جانے کی صورت میں ذمہ داری اور موقتی محصول ۔

۳۲ ۔ پانی رائیگاں جانے کی صورت میں ذمہ داری ۔

۳۳ ۔ محصولات جرمانے کے علاوہ قابل وصول ہوں گے ۔

۳۴ ۔ پچر ورساؤ کے لئے محصول ۔

PART VI.

SUPPLYING LABOUR FOR EMERGENCY WORKS OF CANALS.

35. Procedure for obtaining labour for repair and works of construction urgently required.

36. Payment of wages.

حصہ ششم

نہروں کے فوری نوعیت کے کاموں کے لئے مزدوروں کی فراہمی

۳۵ - فوری مرمت و کارہائے تعمیر کے لئے مزدور حاصل کرنے کا طریقہ -

۳۶ - ادائی مزدوری -

PART VII.

SAFEGUARD OF IRRIGATION WORKS.

37. Limitations in respect of irrigation works.

38. Interference with canal or channel works.

39. Construction and repair of tanks, kuntas and bunds prohibited.

40. Obligations of owners in respect of works affecting canal safety.

41. Appeal against order issued under section 40.

42. Mining or quarrying by explosives prohibited.

حصہ ہفتم

کارہائے آبپاشی کا تحفظ

۳۷ - کارہائے آبپاشی کے متعلق قیود -

۳۸ - نہر یا نالوں کے کاموں میں مداخلت -

۳۹ - تالاب - گنٹے - اور بند کی تعمیر اور ترمیم کی ممانعت -

۴۰ - نہر کے تحفظ کو متاثر کرنے والے کاموں کے متعلق مالکوں کی ذمہ داری -

۴۱ - حکم مصدرہ تحت دفعہ ۴۰ کا مرافعہ -

۴۲ - دھماکو اشیاء کے ذریعہ معدن کنی یا کھدائی لگانے کی ممانعت -

43. Excavation of well adjoining irrigation work prohibited.

44. Operation of sluices etc. prohibited.

45. Plying of ferry boat prohibited.

46. Unlawful letting out of water from canal.

47. Patta of beds of tank.

48. Certain matters within boundaries of tanks or canals prohibited.

PART VIII.

PENALTIES AND PROCEDURE.

49. Damaging irrigation works.

50. Endangering stability of any irrigation work.

51. Removing obstruction and compensation for loss.

52. Power to remove and take into custody person obstructing.

53. Punishment for contravention of section 35.

54. Punishment for exercising powers under this Act for vexation.

۴۳ - آبپاشی کے کام کے قریب باؤلی کی کھدائی کی ممانعت -

۴۴ - توموں وغیرہ کے استعمال کی ممانعت -

۴۵ - مرکب تری چلانے کی ممانعت -

۴۶ - نہر سے ناجائز طور سے پانی کی اجرائی -

۴۷ - شکم ہائے تالاب کا پٹہ -

۴۸ - تالابوں یا نہروں کی حدود میں بعض امور کی ممانعت -

حصہ ہشتم

سزائیں اور ضابطہ

۴۹ - کارہائے آبپاشی کو نقصان پہنچانا -

۵۰ - کسی کار آبپاشی کے استحکام کو خطرہ میں ڈالنا -

۵۱ - مزاحمت دور کرنا اور نقصان کی تلافی -

۵۲ - مزاحمت کنندہ شخص کو نکال دینے اور اس کو تحویل میں لینے کا اختیار -

۵۳ - دفعہ ۳۵ کی خلاف ورزی کی سزا -

۵۴ - اختیارات مندرجہ قانون ہذا کو بغرض ایذارسانی استعمال کرنے کی سزا -

55. Appointment of special Magistrate.

56. Remedy against order made by Taluqdar.

57. Punishment under other laws not barred.

PART IX

WATENDAR PATWARIS AND IRRIGATION PATWARIS.

58. Notification regarding appointment of Irrigation Patwaris.

59. Performance of work until Irrigation Patwari assumes charge.

60. Compensation for water rights.

61. Appointment of Irrigation Patwaris.

PART X.

MISCELLANEOUS

62. Power of revision.

63. Power to summon witnesses and to record their statements.

64. Manner of serving notice.

65. Civil Courts not to have jurisdiction.

۵۵ ۔ ناظم خاص کا تقرر۔

۵۶ ۔ تعلقدار کے صادر کردہ حکم کے خلاف چارہ کار۔

۵۷ ۔ دیگر قوانین کے تحت سزا ممنوع نہیں ہے۔

حصہ نہم

وطن دار پٹواریان اور پٹواریان آبپاشی

۵۸ ۔ پٹواریاں آبپاشی کے تقرر کے متعلق اعلان۔

۵۹ ۔ پٹواری آبپاشی جائزہ حاصل کرنے تک کام کی انجام دہی۔

۶۰ ۔ حقوق اوطان کا معاوضہ۔

۶۱ ۔ پٹواریان آبپاشی کا تقرر۔

حصہ دہم

متفرق

۶۲ ۔ اختیار نگرانی۔

۶۳ ۔ گواہوں کو طلب کرنے اور اُن کا بیان قلمبند کرنے کا اختیار۔

۶۴ ۔ تعمیل اطلاع نامہ کا طریقہ۔

۶۵ ۔ عدالت ہائے دیوانی کو اختیار سماعت حاصل نہ ہوگا۔

66. Application of this Act on irrigation sources in non-khalsa area.

۶۶ ۔ ذرائع آبپاشی موقوعہ علاقہ غیر خالصہ پر قانون ہذا کا اطلاق ۔

PART XI.

RULES.

حصّہ یازدہم

قواعد

67. Power to make rules.

۶۷ ۔ قواعد بنانے کا اختیار ۔

—(:o:)—

THE IRRIGATION ACT.

No. XXIV of 1357 Fasli.

(Received the assent of H.E.H. the Nizam on 17th Ramzanul-Mubarak 1367 Hijri corresponding to 25th Shahrewar 1357 F.)

Whereas it is expedient to provide for the construction and maintenance of irrigation works; It is hereby enacted as follows:—

Preamble.

PART I.

Preliminary.

1. (1) This Act may be called the Irrigation Act, and it shall come into force in the whole of H.E.H. the Nizam's Dominions from the date of its *publication in the Jarida.

Short title, commencement and extent.

*Published in the Jarida dated 16th Mehar, 1357 F.

قانون آبپاشی

نشان (۲۴) ۱۳۵۷ف۔

(جو پیشگاہ اعلیحضرت مدظلہ العالی سے بتاریخ ۱۷ رمضان المبارک ۱۳۶۷ھ مطابق ۲۵ شہریور ۱۳۵۷ف منظور ہوا۔)

تمہید۔ ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ تعمیر و نگہداشت کارہائے آبپاشی کے متعلق احکام مدون کئے جائیں لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے:۔

حصہ اوّل

مراتب ابتدائی۔

مختصر نام۔ تاریخ نفاذ و وسعت مقامی۔

دفعہ (۱) قانون ہذا بنام "قانون آبپاشی" موسوم ہوسکے گا اور تاریخ اشاعت جریدہ سے کل ممالک محروسہ سرکار عالی میں نافذ ہوگا۔

۔ جریدہ اعلامیہ مورخہ ۱۶ مہر ۱۳۵۷ف میں شائع ہوا۔

(Translation)

(2) This Act shall apply to all new irrigation works, their ayacuts and to all other irrigation works of ayacuts of two thousand acres or more and their ayacuts :

(۲) یہ قانون ہذا جملہ جدید کارہائے آبپاشی اور ان کے ایاکٹوں اور دیگر تمام دو ہزار ایکر یا اس سے زائد ایاکٹ والے کارہائے آبپاشی اور ان کے ایاکٹوں سے متعلق ہوگا۔

Provided that notwithstanding the provisions contained in this Act, the Government may, by notification exclude any local area or irrigation work or class of irrigation works from the operation of the whole or any of the provisions of this Act, from the date as may be specified by the notification in the Jarida.

لیکن سرکار عالی کو اختیار ہوگا کہ باوجود احکام مندرجہ قانون ہذا بذریعہ اعلان کسی مقامی رقبہ یا کار آبپاشی یا قسم کارہائے آبپاشی کو تاریخ اعلان مندرجہ جریدہ سے قانون ہذا کے کسی حکم یا کل احکام کے اثر سے مستثنیٰ کریں۔

Repeal of previous orders—

2. All Acts, rules and orders, in so far as they are repetitions of or inconsistant with the provisions of this Act shall be deemed to be repealed from the date of commencement of this Act.

تنسیخ احکام سابقہ۔ | **دفعہ ۲**۔ تاریخ نفاذ قانون ہذا سے تمام قوانین۔ قواعد اور احکام جس حد تک ان سے قانون ہذا کے احکام کا اعانت ہوتا ہو یا اس کے مغائر ہوں منسوخ متصور ہونگے۔

Definitions.

3. In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context:—

تعریفات۔ | **دفعہ ۳**۔ قانون ہذا میں بجز اس کے کہ مضمون یا سیاق عبارت اس کے خلاف ہو

(a) " irrigation work " includes—

(الف) " کار آبپاشی " میں داخل ہیں :۔

(i) all kuntas, reservoirs tanks, anicuts, canals, their distributaries, channels and sluices constructed, maintained or controlled wholly or partly by or with the consent of the Government for the supply, conveyance or storage of water ;

(ii) all construction works, embankments, structures, supply and escape channels, connected with the aforesaid water reservoirs, tanks, anicuts, canals, and their distributaries, pipes and sluices and all roads constructed for the pupose of facilitating the construction or maintenance of the said water reservoirs, tanks, anicuts, canals, distributaries, and their channels, pipes and sluices;

(iii) all drainage works and flood embankments;

(iv) any part of a river, stream, lake, natural water reservoir or drainage channel, to which the Government may apply the provisions of section 6 or the water of which has

(۱) جملہ کنٹے ۔ خزائن آب ۔ تالاب ۔ انی کٹ ۔ نہریں ۔ ان کی شاخیں ۔ نالے اور تومیں جن کی تعمیر ۔ نگہداشت یا نگرانی کلاً یا جزاً سرکار عالی کی جانب سے یا سرکار عالی کی زمانمندی سے پانی کے سربراہ کرنے یا کسی اور مقام پر لیجانے یا ذخیرہ کرنے کے لئے کی جاتی ہو ۔

(۲) جملہ کارہائے تعمیر ۔ پشتے ۔ بند شیں سربراہی و اخراج آب کے نالے جو متذکرہ صدر خزائن آب ۔ تالابوں ۔ انی کٹوں ۔ نہروں اور اُن کی شاخوں ۔ نلوں ۔ اور تومیوں سے متعلق ہوں اور تمام سڑکیں جو متذکرۂ صدر خزائن آب ۔ تالابوں ۔ انی کٹوں ۔ نہروں اور ان کی شاخوں ۔ نلوں اور تومیوں کی تعمیر یا نگہداشت میں سہولت کے لئے بنائی گئی ہوں ۔

(۳) پن بہاؤ کے جملہ کام اور سیلابی پشتے ۔

(۴) دریا ۔ ندی ۔ جھیل ۔ قدرتی خزانہ آب یا پن بہاؤ کے نالہ کا کوئی حصہ جس سے سرکار عالی دفعہ ۶ کے احکام متعلق کریں یا جس کا پانی قبل

(Translation)

been used before the commencement of this Act for the purposes of any existing irrigation work;

(v) all lands appropriated by the Government for the purposes of water reservoirs, tanks, anicuts, canals and their distributaries, pipes and sluices and all buildings, machinary, fences, gates and other errections on such lands.

(b) "new irrigation work" means an irrigation work as defined in clause (a) and constructed or completed by the Government after 1st Azur 1314 F. and includes extensions to irrigation works made after that date.

(c) "water course" means any field channel or pipe not having capacity in excess of 3 cft. per second which is supplied with water from an irrigation work, but which is not maintained at the cost of the Government,

نفاذ قانون ہذا کسی موجودہ کار آبپاشی کے اغراض کے لئے استعمال کیا گیا ہو۔

(۵) جملہ اراضیات جن کو سرکار عالی نے خزائن آب۔ تالابوں۔ آبی کٹوں۔ نہروں اور ان کی شاخوں۔ نلوں۔ اور توموں کے اغراض کے لئے مختص کیا ہو اور جملہ آلہ۔ مشنری۔ باڑ دروازے اور دیگر عمارات جو ایسی اراضیات پر ہوں۔

(ب) "جدید کار آبپاشی" سے مراد ایسا کار آبپاشی ہے جس کی تعریف فقرہ (الف) میں کی گئی ہے اور جس کی تعمیر یا تکمیل منجانب سرکار عالی یکم آذر ۱۳۱۴ف کے بعد ہوئی ہو اور اس میں کار ہائے آبپاشی کی وہ توسیعات داخل ہیں جو اس تاریخ کے بعد کی گئی ہوں۔

(ج) "گزرگاہ آب" سے مراد زرعی نالہ یا نل ہے جس کی سمائی تین مکعب فٹ فی ثانیہ سے زائد نہ ہو اور جس میں کسی کار آبپاشی سے پانی سربراہ کیا جاتا ہو۔ لیکن جس کی نگہداشت بصرفہ سرکار عالی نہ ہوتی ہو۔ اور اس میں

and includes all subsidiary works belonging to such field channels but does not include the sluice or outlet through which water is supplied to such channel or pipe.

ایسے زرعی نالوں کے جملہ ذیلی کام بھی داخل ہیں لیکن تومہ یا وہ مقام جس میں سے ایسے نالے یا نل میں پانی سربراہ کیا جاتا ہے۔ داخل نہ ہوگا۔

(d) "drainage work" includes:—

(1) natural or artificial channels for the discharge of waste or surplus water, and all works connected with or auxiliary to such channels;

(د) "پن بہاؤ کے کام" میں داخل ہیں:۔

(۱) قدرتی یا مصنوعی نالے جن سے بیکار یا فاضل پانی خارج ہوتا ہو اور ایسے نالوں سے متعلقہ اور اعانتی تمام کام۔

(ii) escape channels of an irrigation work, dams, weirs, embankments, sluices and groins;

(۲) کسی کار آبپاشی۔ بندوں۔ چادروں پشتوں۔ توموں اور محرابوں کے اخراجی نالے۔

(iii) any work constructed or improved by the Government for the purpose of reclamation by means of improvment of the surrounding drainage; and

(۳) کوئی کام جو اطراف واکناف کے پن بہاؤ کی اصلاح کے ذریعہ زمینات کو کمر قابل کاشت بنانے کی غرض سے منجانب سرکار عالی تعمیر یا درست کیا گیا ہو۔ اور

(iv) all works for the protection of lands from inundations or erosion, constructed or maintained by the Government either wholly or in part;

(۴) تمام کام جن کی تعمیر یا نگہداشت اراضیات کو سیلاب یا کٹاؤ سے محفوظ رکھنے کے لئے منجانب سرکار عالی کلاً یا جزاً کی جائے۔

(e) "flood embankment" means an embankment constructed or maintained by the Government in connection with any system of irrigation or reclamation works for the protection of lands form inundation or which may be declared by the Government to be maintained in connection with any such system, and includes all groins, spurs, dams and other protective works done in connection with such embankments-

(ھ) "سیلابی پشتہ" سے ایسا پشتہ مراد ہے جس کی تعمیر یا نگہداشت منجانب سرکار عالی کسی نظام کارہائے آبپاشی یا بازیابی اراضیات کے سلسلے میں اراضیات کے سیلاب سے تحفظ کے لئے کی جائے یا جس کے متعلق سرکار عالی نے یہ قرار دیا ہو کہ ایسے کسی نظام کے سلسلے میں ان کی نگہداشت کی جاتی ہے۔ اور اس میں جملہ محرابیں اتصالی دیواریں۔ بند۔ اور دیگر تحفظی کام جو ایسے پشتوں کے ضمن میں انجام دیئے گئے ہوں شامل ہیں۔

(f) "above a canal" means all the area that cannot be supplied with water by gravity from the canal;

(و) "بالائے نہر" سے مراد وہ جملہ رقبہ ہے جسکی آبیاری نہر سے کشش ثقل کے لحاظ سے نہ ہوسکتی ہو۔

(g) "below a canal" means all the area that can be supplied with water by gravity from the canal;

(ز) "پائین نہر" سے مراد وہ جملہ رقبہ ہے جسکی آبیاری نہر سے کشش ثقل کے لحاظ سے ہوسکتی ہو۔

(h) "ayacut" means all the area irrigable under an irrigation work;

(ح) "ایاکٹ" سے مراد وہ تمام رقبہ ہے جو کسی کار آبپاشی کے تحت قابل سیرابی ہے۔

(i) "Subedar" means an officer higher in rank than the Taluqdar appointed or deputed by the Government, or any other person empowered by the Government, to exercise all or any of the powers of a Subedar under this Act;

(ط) "صوبہ دار" سے ایسا عہدہ دار مراد ہے جو رتبہ میں تعلقدار سے بالاتر ہو اور جس کی ماموری یا تعیناتی سرکار عالی کی جانب سے ہوئی ہو یا کوئی دیگر شخص جس کو سرکار عالی نے تحت

فقانون ہذا صوبہ دار کے جملہ اختیارات یا ان میں سے کسی اختیار کو استعمال کرنے کا مجاز کیا ہو۔

(j) "Taluqdar" means an officer appointed or deputed by the Government or any other person empowered by the Government to exercise all or any of the powers of a Taluqdar under this Act ;

(ی) "تعلقدار" سے ایسا عہدہ دار مراد ہے جس کی ماموری یا تعیناتی سرکار عالی کی جانب سے ہوئی ہو یا کوئی دیگر شخص جس کو سرکار عالی نے تحت قانون ہذا تعلقدار کے جملہ اختیارات یا ان میں سے کسی اختیار کو استعمال کرنے کا مجاز کیا ہو۔

(k) "Irrigation officer" means an officer of the Public Works Department or Revenue Department appointed or deputed by the Government to perform such of the functions of the Irrigation officer as may be prescribed under this Act ;

(ک) "عہدہ دار آبپاشی" سے مراد سررشتہ تعمیرات عامہ یا سررشتہ مال کا کوئی عہدہ دار ہے جس کو سرکار عالی عہدہ دار آبپاشی کے ایسے فرائض منصبی کی انجام دہی کے لئے جن کا تحت قانون ہذا تعین کیا گیا ہو متعین یا مامور کریں۔

(l) "prescribed" means prescribed by rules made under this Act.

(ل) "مقررہ" سے مراد مقررہ بموجب قواعد مرتبہ تحت قانون ہذا ہے۔

Appointment of officers.

4. The Government may declare by notification in the Jarida the officers or persons and the local limits within which they shall exercise

عہدہ داروں کا تقرر۔ دفعہ ۴۔ سرکار عالی ذریعہ اعلان مندرجہ جریدہ حکم دے سکیں گے کہ کون عہدہ دار یا اشخاص کن مقامی حدود کے اندر کلاً یا جزاً ان

(*Translation*)

or perform wholly or partly the powers and duties which are conferred or imposed on the Subedar, the Taluqdar or the Irrigation officer under this Act.

اختیارات وفرائض کو استعمال یا ادا کریں گے جو تحت قانون ہذا صوبہ دار۔ تعلقدار یا عہدہ دار آبپاشی کو عطا یا ان پر عائد کئے گئے ہیں۔

PART II.

THE CONSTRUCTION AND MAINTENANCE OF IRRIGATION WORKS.

حصّہ دوم

تعمیر و نگہداشت کارہائے آبپاشی۔

Construction, control or maintenance of irrigation works.

5. No person shall be authorised to construct, control or maintain wholly or partly an irrigation work, as defined in clause (a) of section 3, except the Government or with the sanction of the Government. The sanction shall be given subject to such conditions as the Government deems fit.

تعمیر نگرانی یا نگہداشت کارہائے آبپاشی۔

دفعہ ۵۔ بجز سرکار عالی کے یا سرکار عالی کی اجازت کے بغیر کوئی شخص مجاز نہ ہوگا کہ کسی کار آبپاشی کی جس کی تعریف دفعہ (۳) فقرہ (الف) میں کی گئی ہے تعمیر نگرانی یا نگہداشت کلّا یا جزّا کرے۔ اجازت ایسی شرائط کے تابع دی جاسکے گی جو سرکار عالی مناسب تصور کریں۔

Notification in case of use of water for irrigation works.

6. Whenever it appears expedient to the Government that the water of any river, stream or lake flowing in a natural course, or the still water of any other natural reservoir should be used by the Government for the purposes of any existing or projected

کارہائے آبپاشی کے لئے پانی کے استعمال کی صورت میں اعلان۔

دفعہ ۶۔ جب کبھی سرکار عالی کو قرین مصلحت معلوم ہو کہ کسی قدرتی راستہ سے گزرنے والے دریا یا ندی یا جھیل کے پانی کو یا کسی دیگر قدرتی خزانہ آب کے ساکن پانی کو کسی موجودہ یا مجوزہ کار آبپاشی

irrigation work, the Governmet may declare that such water shall be so used after a day specified in the notification not being fixed within a period of three months from the date thereof.

کے اغراض کے لئے سرکار عالی کی جانب سے استعمال کرنے کی ضرورت ہے تو سرکار عالی اعلان کرسکیں گے کہ ایسی تاریخ کے بعد جس کی صراحت اعلان میں کی گئی ہو اور جو تاریخ اعلان سے اندرون مدت ۳ ماہ مقرر نہ ہوگی ایسے پانی کو اس طرح استعمال کیا جائے گا۔

Powers of Irrigation officer regarding use of water.

7. At any time after the day specified in the notification, any Irrigation officer empowered in this behalf may, subject to the provision of section 11, enter on any land, remove any obstruction, close any channel and do any other work necessary for the use of the water for such purpose, and may take with him, or depute or employ, such subordinates or other persons as he deems fit.

اختیارات عہدہ دار آبپاشی نسبت استعمال آب۔

دفعہ ۷۔ تاریخ مندرجہ اعلان کے بعد کسی وقت کسی عہدہ دار آبپاشی کو جو اس خصوص میں مجاز کیا گیا ہو اختیار ہوگا کہ بہ پابندی احکام دفعہ ۱۱ کسی اراضی میں داخل ہو۔ کسی مزاحمت کو رفع کرے۔ کسی نالہ کو بند کرے اور کوئی اور کام انجام دے جو ایسی غرض کے لئے پانی کو استعمال کرنے کے لئے ضروری ہو نیز اس کو اختیار ہوگا کہ ایسے ماتحتین یا دیگر اشخاص کو اپنے ساتھ لے جائے یا متعین یا مامور کرے جن کو وہ مناسب سمجھے۔

Entry for enquiry.

8. Whenever it shall be necessary to make any enquiry or examination in connection with a projected

تحقیقات کے لئے داخل ہونا۔

دفعہ ۸۔ جب کبھی کسی مجوزہ کار آبپاشی سے متعلق یا کسی موجودہ

(*Translation*)

irrigation work, or with the maintenance of any existing irrigation work, any Irrigation officer empowered in this behalf, and any person acting under the general or special order of such Irrigation officer may —

(a) enter upon such land as he may think necessary for the said purpose ;

(b) exercise all powers and do all things in respect of such land as could be exercised or done if the Government had issued a notification under the Land Acquisition Act to the effect that land in that area will be needed for public benefit ;

(c) set up and maintain water gauges and do all works necessary for such enquiry and examination.

Power to inspect and regulate supply of water.

9. Any Irrigation officer authorised in this behalf and any person acting under his general or special order may enter upon any land, building or water-

کار آبپاشی کی نگہداشت کے سلسلہ میں کسی تحقیقات یا معائنہ کی ضرورت ہو تو کسی عہدہ دار آبپاشی کو جو اس خصوص میں مجاز کیا گیا ہو اور کسی ایسے شخص کو جو ایسے عہدہ دار آبپاشی کے عام یا خاص حکم کے تحت کام کر رہا ہو یہ اختیار ہوگا کہ :۔

(الف) ایسی اراضی میں داخل ہو جس کی غرض مذکور کے لئے اس کی رائے میں ضرورت ہو ۔

(ب) ایسی اراضی کے بارے میں وہ تمام اختیارات استعمال کرے اور وہ تمام امور انجام دے جو اس صورت میں استعمال کئے جاتے یا انجام دیئے جاتے جب کہ سرکار عالی نے قانون حصول اراضی کے تحت اس امر کا اعلان جاری کیا ہو کہ اس رقبہ میں رفاہ عام کے لئے اراضی درکار ہوگی ۔

(ج) آب پیما آلوں کی تنصیب و نگہداشت کرے نیز ایسے تمام کام انجام دے جو ایسی تحقیقات اور معائنہ کے لئے ضروری ہوں ۔

دفعہ ۹ ۔ کسی عہدہ دار آبپاشی کو جو اس خصوص میں مجاز کیا گیا ہو اختیار برائے معائنہ و تنظیم سرراہی آب ۔

course, for the purpose of inspecting and regulating the use of water, and measuring the land, irrigated thereby, or chargeable with a water tax, and for the proper regulation and maintenance of any irrigation work from which such water is supplied and also for doing other necessary work.

اور کسی شخص کو جو اس کے عام یا خاص حکم کے تحت کام کر رہا ہو اختیار ہوگا کہ صرف آب کی تنقیح تنظیم اور اس اراضی کی پیمائش کی غرض سے جو اس سے سیراب ہوتی ہو یا جس پر محصول آب عائد ہوتا ہو اور کسی کار آبپاشی کی جس سے ایسے پانی کی سربراہی ہوتی ہو مناسب تنظیم نگہداشت نیز دیگر ضروری کام انجام دینے کی غرض سے کسی اراضی عمارت یا گزرگاہ آب میں داخل ہو۔

Power to enter upon land for repairs and prevention of accidents.

10. In case of any accident being apprehended or happening to an irrigation work, any Irrigation officer authorised in this behalf, and any person acting under his general or special order, may, subject to the provisions contained in section 11, enter upon any land adjacent to the irrigation work and may acquire trees and other materials and execute all such works as may be necessary for the purpose of preventing such accident or compensating the damage done.

مرمت اور انسداد حادثات کے لئے اراضی میں داخل ہونیکا اختیار

دفعہ ۱۰۔ کسی کار آبپاشی میں کسی حادثہ کے وقوع کے اندیشہ یا اس کے واقع ہوجانیکی صورت میں کسی عہدہ دار آبپاشی کو جو اس خصوص میں مجاز کیا گیا ہو اور کسی شخص کو جو اس کے عام یا خاص حکم کے تحت کام کر رہا ہو اختیار ہوگا کہ بہ پابندی احکام دفعہ ۱۱ کار آبپاشی سے متصلہ اراضی میں داخل ہو اور درخت اور دیگر اشیاء حاصل کرے نیز جملہ ایسے کام انجام دے جو ایسے حادثہ کے انسداد کے لئے یا جو نقصان پہونچا ہو اس کی تلافی کے لئے ضروری ہوں۔

(*Translation*)

Issue of notice to occupier.

11. When an Irrigation officer or any other person acting under his general or special order in this behalf desires under the provisions of section 8, 9 or 10, to enter into any building or enclosed court or garden attached to a dwelling house into which the water does not flow from any irrigation work and which is not adjacent to a flood embankment, he shall previously give to the occupier of such building, court or garden, a written notice of such reasonable period as the importance of the case may require and shall also give sufficient time for the Parda-nashin lady to vacate the building, court or garden.

Canal crossings.

12. Suitable means of crossing canals and channels shall be provided at such places as the Government may think necessary for the reasonable convenience of the inhabitants of the adjacent land ; and suitable bridges or culverts and such other works shall be constructed to remove obstruction which may arise in the drainage of the land by any canal or channel.

قابض کے نام اطلاع نامہ کا اجرائی - | دفعہ ۱۱ -

جب کوئی عہدہ دار آبپاشی یا کوئی دوسرا شخص جو اس خصوص میں اس کے عام یا خاص حکم کے تحت کام کر رہا ہو حسب احکام دفعہ ۸ - ۹ یا ۱۰ کسی عمارت محصورہ صحن یا کسی سکونتی مکان کے ملحقہ باغ میں جس میں کسی کار آبپاشی سے پانی نہ پہونچتا ہو اور جو کسی سیلابی پشتے سے متصل نہ ہو داخل ہونا چاہے تو وہ قبل از قبل ایسی عمارت صحن یا باغ کے قابض کو ایسی مناسب مدت کی جو بلحاظ اہمیت کارروائی ضروری ہو تحریری اطلاع دے گا نیز پردہ نشین عورت کو عمارت صحن یا باغ سے تخلیہ کے لئے کافی مہلت دے گا ۔

نہروں پر راستے - | دفعہ ۱۲ - متصلہ اراضی کی آبادی کی واجبی سہولت کے مدنظر ایسے مقامات پر جہاں سرکار عالی ضروری خیال کریں ۔ نہروں اور نالوں کو عبور کرنے کے لئے موزوں راستے مہیا کئے جائیں گے ۔ اور اراضی کے پن بہاؤ میں کسی نہر یا نالے سے جو رکاوٹ پیدا ہو اس کے رفع کرنے کے لئے موزوں پل یا موریاں اور

13. (1) The Pattedars or occupiers of land shall construct water courses at their expenses under the directions of the Irrigation officers;

Construtions of water-courses.

اسی قسم کے دوسرے کام تعمیر کئے جائیں گے۔

پانی کی گذرگاہوں کی تعمیر۔ دفعہ ۱۳۔ (۱) پانی کی گزرگاہیں پٹہ دار یا قابضان اراضی اپنے صرفہ سے عہدہ داران آبپاشی کے زیر ہدایات تعمیر کریں گے۔

(2) the subject to rules made in this behalf, Irrigation officers may construct water-courses for the pattedar or the occupiers of land from the provision of the taccavi loans advanced for this purpose by the Revenue Department. Such expenses for construction shall be recovered from the pattedar or occupier of land, as the case may be, as an arrear of land-revenue.

(۲) بمتابعت ان قواعد کے جو اس خصوص میں مرتب کئے جائیں عہدہ داران آبپاشی کو اختیار ہوگا کہ پٹہ داروں یا قابضان اراضی کے لئے پانی کی گزرگاہیں ان قرضہ جات تقاوی کی گنجایش سے جو سررشتہ مال سے اس غرض کے لئے دئے جاتے ہیں تعمیر کریں ایسی تعمیر کے مصارف پٹہ دار یا قابض اراضی سے (جیسی کہ صورت ہو) مثل بقایائے زر مالگزاری وصول کئے جائیں گے۔

14. Any person desiring to use the water of any canal may apply in writing to the Irrigation officer three months in advance of the date of letting out water requesting him to construct or repair a water-

Application for construction by Irrigation officer of new water-course.

عہدہ دار آبپاشی کے ذریعہ جدید گذرگاہ آب تعمیر کرانے کی درخواست۔ دفعہ ۱۴۔ کوئی شخص جو کسی نہر کا پانی استعمال کرنا چاہتا ہو پانی چھوڑے جانے کی تاریخ سے تین ماہ قبل عہدہ دار آبپاشی کے پاس بدیں استدعا تحریری درخواست پیش کرسکے گا کہ گزرگاہ

course or field channel at the expenses of the applicant. When the Irrigation officer sanctions such application, the applicant, and when there is more than one person, the applicants shall be jointly and severally liable for payment of the cost of such works of construction.

آب یا زرعی نالے کی تعمیر یا درستی اس کے صرفہ سے کی جائے۔ جب عہدہ دار آبپاشی ایسی درخواست منظور کرے تو درخواست گذار اور ایک سے زائد اشخاص ہونے کی صورت میں درخواست گذاران ایسے کارہائے تعمیر کے اخراجات کی ادائی کے مشترکاً اور منفرداً ذمہ دار ہوں گے۔

Alteration in water course not to be effected without consent of Irrigation officer.

15. No alteration shall be effected in a water-course constructed, extended or repaired under the provisions of sections 13 and 14 without the written premission of the Irrigation officer.

بلا رضامندی عہدہ دار آبپاشی گزرگاہ آب میں تبدیلی نہیں کی جاسکتی۔

دفعہ ۱۵۔ عہدہ دار آبپاشی کی تحریری اجازت کے بغیر کسی گزرگاہ آب میں جس کی تعمیر توسیع یا درستی حسب احکام دفعات ۱۳ و ۱۴ عمل میں آئی ہو کوئی تبدیلی نہ ہو سکے گی۔

Obligation of Pattedar and occupier receiving water from water-course.

16. Every pattedar or occupier of land who receives water from a water-course shall be bound to maintain at his own expenses such water-course in a fit state as per the direction of the Irrigation officer.

گذرگاہ آب سے پانی حاصل کرنیوالے پٹہ دار و قابض کی ذمہ داری۔

دفعہ ۱۶۔ ہر پٹہ دار یا قابض اراضی جو کسی گزرگاہ آب سے پانی حاصل کرتا ہو اس امر کا پابند ہوگا کہ ایسے گزرگاہ آب کو ذاتی صرفہ سے حسب ہدایت عہدہ دار آبپاشی درست حالت میں رکھے۔

17. (1) If any pattedar or occupier of land who receives water from a water-course fails to fulfil any obligation imposed upon him by section 15, the Irrigation officer may give him notice to execute the necessary construction or repair within a period prescribed in the notice of not less than fifteen days from the date of service of the notice, and in the case of failure, may execute, the same on his behalf;

Fulfilment of obligations.

(2) the expenses incurred in any construction or repair under the preceding Sub-section (1) shall be recovered from the defaulter as an arrear of land revenue.

18. (1) Whenever a dispute arises between two or more persons in regard to their mutual rights or liablities in respect of the use, construction or maintenance of a water-course, or among joint owners of a water-course as to the

Settlement of disputes concerning water-course, as to mutual rights and liabilities of persons.

ذمہ داریوں کی تکمیل - دفعہ ۱۷ - (۱)

اگر کوئی پٹہ دار یا قابض اراضی جو گزرگاہ آب سے پانی حاصل کرتا ہو دفعہ ۱۶ کی عائد کردہ کسی ذمہ داری کی تکمیل سے قاصر رہے تو عہدہ دار آبپاشی کو اختیار ہوگا کہ پٹہ دار یا قابض مذکور کو اطلاع دے کہ ایسی مدت کے اندر جس کی صراحت اطلاع نامہ میں کی گئی ہو اور جو تاریخ تعمیل اطلاع نامہ سے پندرہ دن سے کم نہ ہوگی ضروری تعمیر یا مرمت انجام دے اور بصورت عدم تعمیل خود اس کی جانب اس کام کی تکمیل کرائے۔

(۲) تحت ضمن (۱) مندرجہ بالا جو اخراجات کسی تعمیر یا ترمیم کے لئے عائد ہوں خاطی سے مثل بقایائے زر مالگزاری وصول کئے جائیں گے۔

گزرگاہ آب کے متعلق اشخاص کے باہمی حقوق و ذمہ داریوں کی نسبت نزاعات کا تصفیہ - دفعہ ۱۸ - (۱) جب کبھی کسی گزرگاہ آب کے استعمال یا اس کی تعمیر یا نگہداشت کے متعلق دو یا دو سے زائد اشخاص کے مابین ان کے باہمی حقوق یا ذمہ داریوں

distribution of the expenses of construction or maintenance of such a watercourse, or as to the amounts severally contributed by them towards such expenses, or as to failure on the part of any owner to contribute his respective share of expenses, every person having any interest in the matter may apply in writing to the Irrigation officer stating the matter in dispute.

کے بارے میں یا کسی گزرگاہ آب کے مشترکہ مالکوں کے مابین ایسے گزرگاہ آب کی تعمیر یا نگہداشت کے اخراجات کی تقسیم کے بارے میں یا ان رقوم کے بارے میں جو انہوں نے فرداً فرداً اخراجات مذکور کی بابت ادا کی ہوں یا کسی مالک کے اس کے متعلقہ حصہ اخراجات ادا نہ کرنے کے بارے میں کوئی نزاع پیدا ہو تو ہر ایسا شخص جو اس معاملہ میں کوئی غرض رکھتا ہو بصراحت امر نزاعی عہدہ دار آبپاشی کے پاس تحریری درخواست پیش کر سکے گا ۔

(2) The Irrigation officer, on such application being submitted, shall make enquiry into the matter in the manner specified in the Land Revenue Act and give decision.

(۲) ایسی درخواست پیش ہونے پر عہدہ دار آبپاشی حسب طریقہ مصرحہ قانون مالگزاری اراضی اس معاملہ کی تحقیقات کر کے فیصلہ صادر کریگا ۔

(3) An appeal against the decision of the Irrigation officer may be filed within three months before a Taluqdar whose decision shall be final, unless a decree against it is issued by a Civil Court.

(۳) عہدہ دار آبپاشی کے فیصلہ کی ناراضی سے اندرون سہ ماہ تعلقدار کے پاس مرافعہ پیش ہو سکے گا ۔ جس کا فیصلہ قطعی ہوگا بجز اس کے کہ اس کے خلاف عدالت دیوانی سے ڈگری صادر ہو ۔

PART III.

SUPPLY OF WATER.

حصہ سوم

سربراہی آب۔

Application for supply of water.

19. (1) Every person desiring to receive water for lands, other than those classed as wet, from an irrigation work shall submit an application therefor to the Irrigation officer in the prescribed form.

درخواست برائے سربراہی آب۔ | دفعہ ۱۹۔ (۱) ہر شخص جو ان اراضیات کے سوائے جو تری میں قائم ہو چکے ہوں دیگر اراضیات کے لئے کسی کار آبپاشی سے پانی حاصل کرنا چاہتا ہو اس کے متعلق درخواست مقررہ نمونہ کے مطابق عہدہ دار آبپاشی کے پاس پیش کرے گا۔

(2) If the application be for supply of water for purpose other than those of irrigation, the Irrigation officer may give permission, subject to the prescribed conditions and restrictions.

(۲) اگر درخواست آبپاشی کے سوا دیگر اغراض کے لئے پانی سربراہ کئے جانے سے متعلق ہو تو عہدہ دار آبپاشی کو اختیار ہوگا کہ بمتابعت مقررہ شرائط و قیود اجازت دے۔

Power to stop supply of water.

20. The supply of water to any water-course or to any person entitled there to shall not be stopped except in the following cases :—

سربراہی آب مسدود کرنے کا اختیار۔ | دفعہ ۲۰۔ بہ استثنائے صورت ہائے ذیل کسی گزرگاہ آب یا کسی شخص مستحق کو پانی کی سربراہی مسدود نہ کی جائے گی۔

(a) in case and so long as it is necessary to stop supply for

(الف) اس صورت میں اور ایسی مدت

executing any work by the order of the authority ;

تک سربراہی کی مسدودی جو کسی کام کی بحکم عہدہ دار مجاز انجام دہی کے لئے ضروری ہو۔

(b) in case and so long as any water-course by which water is supplied is not maintained in such good condition as to stop the waste of water.

(ب) اس صورت میں اور ایسی مدت تک سربراہی کی مسدودی جب کہ کوئی گزرگاہ آب جس سے پانی سربراہ ہوتا ہو ایسی درست حالت میں نہ رکھی جائے جس سے پانی کے ضائع ہونے کو روکا جا سکے

(c) in case and so long as may be necessary to stop supply in order to fulfil in rotation the legitimate demands of other persons entitled thereto ;

(ج) اس صورت میں اور ایسی مدت تک سربراہی کی مسدودی جو دیگر مستحق اشخاص کے جائز مطالبات کی باری باری سے تکمیل کیلئے ضروری ہو۔

(d) in case and so long as may be necessary to stop supply in order to prevent the wastage or misuse of water;

(د) اس صورت میں اور ایسی مدت تک سربراہی کی مسدودی جو پانی کے ضائع ہونے یا بیجا استعمال کو روکنے کے لئے ضروری ہو۔

(e) in course of closure of canal of which notice shall be given in the prescribed manner;

(ھ) نہر بند رکھنے کے دوران میں جس کے متعلق اطلاع حسب طریقہ مقررہ دی جائے گی۔

(f) in case and so long as

(ف) اس صورت میں اور ایسی مدت تک

may be nccessary to stop the supply of water for a change in the source thereof by the Irrigation officer.

Duration of supply of water.

21. When canal water is supplied for one or more crops, the permission to use such water shall remain only until the maturity of such crop or crops and be deemed to apply only to such crop or crops.

PART IV.

AWARD OF COMPENSATION.

Compensation awardable for damage.

22. Compensation may be awarded if any damage is caused by the exercise of, or on account of, the powers conferred under this Act, provided the damage and its compensation can be ascertained. But compensation shall not be awarded for damage caused by the following reasons:—

سربراہی آب کی مسدودی جو عہدہ دار آبپاشی کی جانب سے ذریعہ سربراہی آب میں تبدیلی کے لئے ضروری ہو۔

سربراہی آب کی مدت۔ دفعہ ۲۱۔ جب ایک یا ایک سے زائد فصول کے لئے نہر کا پانی سربراہ کیا جائے تو ایسے پانی کے استعمال کی اجازت صرف ایسی فصل یا فصول کے تیار ہونے تک رہیگی اور صرف ایسی فصل یا فصول سے متعلق متصور ہوگی۔

حصہ چہارم

تعویض معاوضہ سے

معاوضہ جو نقصان کی بابت دیا جاسکے گا۔ دفعہ ۲۲۔ تحت قانون ہذا معطیہ اختیارات کے استعمال یا ان کے تعلق سے اگر کوئی نقصان پہونچے تو اس کا معاوضہ ادا کیا جاسکے گا۔ بشرطیکہ نقصان اور اس کے معاوضہ کا تعین ہوسکے لیکن وجوہ ذیل کی بناء پر جو نقصان ہوا ہو اس کا معاوضہ نہ دیا جائے گا۔

(a) deterioration of climate or soil;

(ب) جہاز رانی یا چوبینہ بہانے یا جانوروں کو پانی پلانے کے ذرائع کی مسدودی۔

(b) stoppage of navigation or the means of floating timber or of watering cattle;

(ج) کسی دریا یا ندی سے جو قدرتی گزرگاہ میں بہتی ہو یا کسی جھیل یا ٹھہرے ہوئے پانی کے قدرتی خزانہ میں سربراہی آب کی کمی یا مسدودی جو ایسے پانی کی کسی جدید کار آبپاشی کے اغراض کے لئے یا اور طور پر استعمال کئے جانے کی وجہ سے ہوئی ہو بجز اس کے کہ ایسے پانی کے استعمال کی نسبت کوئی حق ثابت کیا جائے۔ یا

(c) stoppage or diminution of the supply of water from any river or stream flowiug in a natural channel or in any lake or natural reservoir of still water for the purposes of a new irrigation work or otherwise unless a right in respect of use of such water is established; or

(د) کسی نالے میں بوجوہ ذیل روانی آب بند یا مسدود ہو جائے۔

(d) the flow of water in a channel is closed or stopped for the following causes:

(آ) کسی ایسی وجہ سے جو سرکار عالی کے اختیار سے باہر ہو۔

(i) any cause beyond the control of the Government;

(۲) نالوں کی مرمت۔ تبدیلی یا توسیع کے باعث۔

(ii) repair, alteration or extension to the channels;

(۳) کسی ایسی تدبیر کی وجہ سے جس کو کوئی عہدہ دار آبپاشی جو اس خصوص میں مجاز کیا گیا ہو

(iii) any measure considered necessary by the Irrigation officer

empowered in this behalf for regulating the flow of water in the channel repuired for the generation of hydro-electric power or for maintaining the course established by water required for irrigation.

برقی قوت کی تولید کی غرض سے نالے میں روانی آب کو منضبط کرنے یا آبپاشی کے لئے پانی کی قائم کردہ گزرگاہ کو برقرار رکھنے کی غرض سے ضروری سمجھے۔

Any person who suffers loss from stoppage or diminution of water supply due to any of the causes named in clause (d) shall be entitled to such reduction in the prescribed assessment payable by him as may be permitted by the Government.

وجوہ مندرجہ فقرہ (د) کے منجملہ کوئی شخص کسی وجہ سے سربراہی آب کی مسدودی یا کمی کے باعث نقصان اٹھائے تو وہ مقررہ دھارے میں جو اس کے ذمہ واجب الادا ہو اس قدر کمی کا مستحق ہوگا جس کی سرکار عالی اجازت دیں۔

Compensation of land used in construction of water-course when not payable.

23. If a water course is constructed in any survey number and the owner of such survey number is benefited by it, no compensation, notwithstanding any other thing contained in any law for the time being in force, shall be payable.

گذرگاہ آب کی تعمیر میں استعمال شدہ اراضی کا معاوضہ کن صورتوں میں ایصال نہ ہوگا۔

دفعہ ۲۳۔ اگر کسی سروے نمبر میں کوئی گذرگاہ آب تعمیر کیجائے اور ایسے سروے نمبر کے مالک کو اس سے فائدہ پہونچتا ہو تو ایسی تعمیر میں استعمال شدہ اراضی کا کوئی معاوضہ باوجود اس کے کہ کسی قانون نافذ الوقت میں کوئی اور حکم ہو واجب الادا نہ ہوگا۔

Limitation of claims.

24. No claim for compensation under this Act made after the expiration of a period of one year from the date when the alleged damage

دعاوی کے لئے میعاد۔

دفعہ ۲۴۔ قانون ہذا کے تحت معاوضہ کا کوئی دعویٰ جو معینہ

(*Translation*)

occured shall be entertained unless the Taluqdar is satisfied that the claimant had sufficient cause for not making the claim within such period.

SUMMARY DECISIONS

Compensation in case of damage caused by entry on land etc.

25. In every case of entry upon land or building under section 7, 8, 9 or 10, the Irrigation officer, or the person making the entry shall ascertain and record the damage caused by the entry or in the execution of any work, to any crop, tree, building or any other property, and within three months from the date of such entry, the Irrigation officer shall pay the compensation to the occupier of land or the owner of the property damaged.

نقصان واقع ہونے کی تاریخ سے ایک سال کی مدت گذر جانے کے بعد پیش کیا جائے قابل سماعت نہ ہوگا بجز اس کے کہ تعلقدار کو اس کا اطمینان ہو جائے کہ دعویدار کے لئے ایسی مدت کے اندر دعویٰ پیش نہ کرنے کی کافی وجہ تھی۔

سرسری فیصلے۔

اراضی وغیرہ میں داخلہ سے نقصان کی صورت میں معاوضہ۔

دفعہ ۲۵۔ تحت دفعات ۷۔۸۔۹ یا ۱۰ اراضی یا عمارت میں داخل ہونے کی ہر کارروائی میں عہدہ دار آبپاشی یا داخل ہونے والے شخص پر لازم ہوگا کہ داخلہ کے باعث یا کسی کام کی انجام دہی کے دوران میں کسی فصل۔ درخت عمارت یا کسی دیگر جائداد کو جو نقصان پہونچا ہو اس کا تعین اور اندراج کرے اور ایسے داخلہ کی تاریخ سے تین ماہ کے اندر عہدہ دار آبپاشی قابض اراضی کو یا جس جائداد کو نقصان پہونچا ہے اس کے مالک کو معاوضہ ادا کرے گا۔

If the compensation awarded is not accepted, the Irrigation officer shall forthwith send the case to the Taluqdar so that he may, after making enquiry as to the amount of compensation, decide it.

اگر تجویز کردہ معاوضہ قبول نہ کیا جائے تو عہدہ دار آبپاشی فوراً کارروائی کو تعلقدار کے پاس روانہ کرے گا تاکہ وہ مقدار کے متعلق تحقیقات کرکے تجویز کرے۔

26. If damage is caused to any occupier of land by interruption in the supply of water, or if any cause of action arises under section 22, the person aggrieved may present a petition for compensaion to the Taluqdar for the damage, who shall after consulting the Irrigation officer, award to the petitioner reasonable compensation for such damage.

Compensation on account of interruption of supply of water

سربراہی آب میں خلل کے باعث نقصان کا معاوضہ۔

دفعہ ۲۶۔ پانی کی سربراہی میں خلل واقع ہونے سے یا پانی کے چھوڑے جانے کے بارے میں کسی قابض اراضی کو نقصان پہونچے یا تحت دفعہ ۲۲ کوئی بنائے دعویٰ پیدا ہو تو شخص متضرر تعلقدار کے پاس نقصان کے معاوضہ کے لئے درخواست پیش کرسکے گا۔ اور تعلقدار عہدہ دار آبپاشی سے مشورہ کرنے کے بعد ایسے نقصان کی بابت درخواست گذار کو واجبی معاوضہ ادا کرنے کی تجویز کرے گا۔

27. An appeal from the decision of the Taluqdar under sections 25 and 26 shall lie to the Sudedar within three months and the decision of the Subedar shall be final.

Appeal of order passed under section 25 or 26.

حکم مصدرہ تحت دفعہ ۲۵ یا ۲۶ کا مرافعہ۔

دفعہ ۲۷۔ تحت دفعات ۲۵، ۲۶ جو تجویز تعلقدار صادر کرے اس کا مرافعہ تین ماہ کے اندر صوبہ دار کے پاس پیش ہوسکے گا اور صوبہ دار کا فیصلہ قطعی ہوگا۔

(*Translation*)

قانون آبپاشی۔ نشان (۲۴) سنہ ۱۳۵۷ ف

28. (1) As soon as possible after the issue of a notification under section 6, the Taluqdar shall cause a public notice to be published at proper places, stating that the Government intends to use the water as aforesaid, and that claims for compensation may be submitted before him

Notice as to submision of claims for compensation.

دفعہ ۲۸۔ (۱) تحت دفعہ ۶ اعلان جاری ہونے کے بعد جس قدر جلد ممکن ہو تعلقدار مناسب مقامات پر عام اطلاع شائع کرائے گا کہ سرکار عالی پانی کو حسب مراحت صدر استعمال کرنے کا قصد رکھتے ہیں۔ اور یہ کہ معاوضہ کے دعاوی تعلقدار کے پاس پیش کئے جاسکیں گے۔

اطلاع برائے پیش سازی دعاوی برائے معاوضہ۔

(2) A copy of sections 22 and 24 shall be annexed to every such notice.

(۲) ایسی ہر اطلاع کے ساتھ دفعات ۲۲ و ۲۴ کی ایک نقل منسلک کی جائے گی۔

29. (1) All sums of money held payable for the compensation assessed shall become due after six months from the final award ;

Compensation when due.

دفعہ ۲۹۔ (۱) جملہ رقوم جو مشخصہ معاوضہ کی بابت قابل ادا قرار پائیں قطعی تجویز کے (۶) ماہ بعد واجب الادا ہو جائیں گی۔

معاوضہ کس وقت واجب الادا ہو جاتا ہے۔

(2) simple interest at the rate of six per cent per annum shall be paid on the sum remaining unpaid after the period except when the amount of compensation could not be paid by reason of neglect or refusal of the applicant to apply for or receive the same.

(۲) اس مدت کے بعد جو رقم ادا نہ ہو اس پر سود سادہ بشرح ۶ فیصد سالانہ دیا جائے گا۔

بجز اس کے کہ درخواست گذار کی جانب سے رقم معاوضہ کے لئے درخواست پیش کرنے

یا رقم کو حاصل کرنے میں غفلت یا انکار کی وجہ سے رقم معاوضہ ادا نہ ہوسکی ہو۔

PART V.

WATER-TAX.

حصہ پنجم

محصول آب۔

Determination of rate of Water-Tax.

30. Tax shall be recovered on water supplied for irrigation or for any other purpose at such rates as shall from time to time be prescribed by the Government.

تعین شرح محصول آب۔ | **دفعہ ۳۰**۔ آبپاشی یا کسی اور غرض کے لئے جو پانی سربراہ کیا جائے گا اس پر ایسی شروح کے لحاظ سے جو منجانب سرکار علی وقتاً فوقتاً مقرر کی جائیں محصول وصول کیا جائیگا۔

Liability when water is un-lawfully used and occasional tax.

31. If water supplied through a water-course be unlawfully used, the person by whose act or neglect such use has occurred, or if such person cannot be identified, the person or all the persons on whose land water has flowed and such land is benefited therefrom, or the person or all the persons chargeable in respect of the water supplied through such water-course shall be liable, severally or jointly, as the case may be, for the payment of tax which may be prescribed for such use under the rules.

ناجائز طور پر پانی استعمال کئے جانے کی صورت میں ذمہ داری اور موقتی محصول۔ | **دفعہ ۳۱**۔ کسی گذرگاہ آب کے ذریعہ سربراہ شدہ پانی کو ناجائز طور پر استعمال کیا جائے تو وہ شخص جس کے فعل یا غفلت سے ایسا استعمال ہوا ہو یا اگر ایسے شخص کی شناخت نہ ہوسکتی ہو تو وہ شخص یا جملہ اشخاص جن کی اراضی پر سے پانی بہا ہو اور اس سے ایسی اراضی کو فائدہ پہونچا ہو یا وہ شخص یا جملہ اشخاص جن پر اس گذرگاہ آب کے ذریعہ سربراہ شدہ پانی

Liability when water runs to waste.

32. If water supplied through a water-course is wasted, the person through whose act or neglect water was wasted, or if such person after inquiry cannot be traced, the person or all the persons liable for the tax on water supplied through such water-course, shall be jointly or severally liable, as the case may be, for the payment of tax which shall be held payable in respect of the water in case it is wasted, under the rules. The Irrigation officer shall decide all questions pertaining to this section and section 31.

پانی رائیگاں جانے کی صورت میں ذمہ داری۔

دفعہ ۳۲۔ کسی گزرگاہ آب کے ذریعہ سربراہ شدہ پانی ضائع کیا جائے تو وہ شخص جس کے فعل یا غفلت سے پانی ضائع ہوا ہو یا اگر بعد دریافت اس شخص کا پتہ چل نہ سکے تو وہ شخص یا جملہ اشخاص جن پر اس گزرگاہ آب کے ذریعہ سربراہ شدہ پانی کا محصول عائد ہوسکتا ہو مشترکاً یا منفرداً (جیسی کہ صورت ہو) اس محصول کی ادائی کے ذمہ دار ہوں گے جو اس طرح پانی ضائع ہونے کی صورت میں تحت قواعد ادا طلب قرار دیا جائے۔ جملہ امور متعلقہ دفعہ ہذا و دفعہ ۳۱ کا تصفیہ عہدہ دار آبپاشی کریگا۔

Taxes recoverable in addition to penalty.

33. All taxes charged when water is unlawfully used or wasted shall be recoverable as an arrear of land revenue in addition to the penalty imposed on account of such use or waste.

محصولات جرمانہ کے علاوہ قابل وصول ہوں گے۔

دفعہ ۳۳۔ پانی کو ناجائز طور پر استعمال کرنے یا ضائع کرنے کی صورت میں عائد شدہ تمام محصولات اس جرمانے کے علاوہ جو ایسے استعمال یا ضائع کرنے کی

پاداش میں عائد کیا جائے مثل بقایائے زر مالگزاری قابل وصول ہوں گے۔

Tax for percolation and leakage.

34. If it shall appear to the Irrigation officer that any cultivated land within two hundred yards of any irrigation work received, by percolation or leakage from such irrigation work, any such advantage which would be received in case of direct supply of water or that any cultivated land, wherever situate, is supplied with water by surface flow or by a well sunk with fifty yards of any irrigation work from a percolation or leakage in the said irrigation work, he shall report it to the Taluqdar. The Taluqdar shall charge on such land a tax not exceeding that which would ordinarily have been charged when water is directly supplied to land similarly cultivated. In assessing such tax, the Taluqdar shall, subject to rules under this Act, take into consideration the expenditure necessarily incurred in carrying such water to the land.

پجر و رساؤ کے لئے محصول

دفعہ ۳۴۔ اگر عہدہ دار آبپاشی کو معلوم ہو کہ کسی مزروعہ اراضی کو جو کسی کار آبپاشی سے اندرون دو سو گز واقع ہو ایسے کار آبپاشی کی پجر یا رساؤ سے کوئی ایسا فائدہ پہنچا ہو جو راست پانی فراہم ہونے کی صورت میں پہونچتا یا کسی مزروعۂ اراضی کو جو کہیں بھی واقع ہو سطح زمین پر سے بہہ کر یا ایسی باؤلی سے جو کسی کار آبپاشی سے اندرون پچاس گز کھودی گئی ہو کار آبپاشی مذکور کی پجر یا رساؤ سے پانی سربراہ ہو تو عہدہ دار مذکور اس کی اطلاع تعلقدار کو دے گا۔ تعلقدار ایسی اراضی پر اس قدر محصول عائد کرے گا جو اس محصول سے زائد نہ ہوگا جو اسی قسم کی کاشت شدہ اراضی پر راست طور پر پانی سربراہ کئے جانے کی صورت میں معمولاً عائد ہوتا۔ ایسے محصول کی تشخیص کے وقت تعلقدار

بمتابعت قواعد تحت قانون ہذا اس صرفہ کا لحاظ رکھے گا جو ایسے پانی کو اراضی تک پہنچانے میں لازمی طور پر برداشت کیا گیا ہو۔

Explanation:—For the purposes of this Act, land charged with tax under this section shall be deemed to be land irrigated from an irrigation work.

توضیح ۔ باغراض قانون ہذا اراضی جس پر تحت دفعہ ہذا محصول عائد کیا گیا ہو کا آبپاشی سے سیراب شدہ اراضی متصور ہوگی۔

PART VI.

SUPPLYING LABOUR FOR EMERGENCY WORKS OF CANALS

حصہ ششم

نہروں کے فوری نوعیت کے کاموں کے لئے مزدوروں کی فراہمی۔

Procedure for obtaining labour for repair and works of construction urgently required.

35. (1) Whenever it appears to an Irrigation officer that unless improvement and repair is immediately done to an irrigation work it will suddenly cause serious loss to the public or that unless some clearance of a canal or other irrigation work which is necessary in order to maintain the established course of irrigation or drainage is immediately executed, serious public loss will occur,

فوری مرمت و کارہائے تعمیر کیلئے مزدور حاصل کرنے کا طریقہ ۔

دفعہ ۳۵ ۔ (۱) جب کبھی عہدہ دار آبپاشی کو یہ معلوم ہو کہ کسی کار آبپاشی کی فوری درستی و مرمت نہ کی جائے تو اس کی وجہ عوام کو ناگہانی طور پر شدید نقصان پہنچے گا یا کسی نہر یا دیگر کار آبپاشی کی فوری طور پر ایسی صفائی نہ کی جائے جو آبپاشی یا پن بہاؤ کے مقررہ راستہ کو قائم رکھنے کے لئے ضروری ہو تو عوام کو سخت

and that the labour necessary for the proper execution of such repair, clearance or other work cannot be obtained in the ordinary manner within the time necessary for execution of the same so as to prevent such loss, it shall be lawful for the said officer to require the Patel or Patels of the village or villages in the vicinity, to call upon all or any of the able bodied male persons who reside or occupy any land in or near the place where such work, repair or clearance has to be executed, to asisst in the execution of the same by their own labour, in accordance with the direction of the said officer or the person authorised in writing by him in this behalf;

